# DIRECTORATE OF EDUCATION
**Govt. of NCT, Delhi**

## SUPPORT MATERIAL
**(2022-2023)**

**Class : XI**

# POLITICAL SCIENCE
# (URDU MEDIUM)

Under the Guidance of

**Sh. Ashok Kumar**
Secretary (Education)

**Mr. Himanshu Gupta**
Director (Education)

**Dr. Rita Sharma**
Addl. DE (School & Exam.)

***Coordinators***

| Mr. Sanjay Subhas Kumar | Mrs. Sunita Dua | Dr. Raj Kumar | Mr. Krishan Kumar |
|---|---|---|---|
| DDE (Exam) | OSD (Exam) | OSD (Exam) | OSD (Exam) |

Production Team

**Anil Kumar Sharma**

Published at Delhi Bureau of Text Books , 25/2 Institutional Area, Pankha Road, New Delhi-110058 by **Rajesh Kumar,** Secretary, Delhi Bureau of Text Books and Printed by Arihant Offset, New Delhi-110043

ASHOK KUMAR
IAS

सचिव ( शिक्षा )
राष्ट्रीय राजधानी क्षेत्र
दिल्ली सरकार
पुराना सचिवालय, दिल्ली-110054
दूरभाष: 23890187 टेलीफैक्स : 23890119

सत्यमेव जयते

Secretary (Education)
Government of National Capital Territory of Delhi
Old Secretariat, Delhi-110054
Phone : 23890187, Telefax : 23890119
E-mail : secyedu@nic.in

## Message

Remembering the words of John Dewey, "Education is not preparation for life, education is life itself", I highly commend the sincere efforts of the officials and subject experts from Directorate of Education involved in the development of Support Material for classes IX to XII for the session 2022-23.

The Support Material is a comprehensive, yet concise learning support tool to strengthen the subject competencies of the students. I am sure that this will help our students in performing to the best of their abilities.

I am sure that the Heads of Schools and teachers will motivate the students to utilise this material and the students will make optimum use of this Support Material to enrich themselves.

I would like to congratulate the team of the Examination Branch along with all the Subject Experts for their incessant and diligent efforts in making this material so useful for students.

I extend my Best Wishes to all the students for success in their future endeavours.

**(Ashok Kumar)**

**HIMANSHU GUPTA, IAS**
Director, Education & Sports

सत्यमेव जयते

Directorate of Education
Govt. of NCT of Delhi
Room No. 12, Civil Lines
Near Vidhan Sabha,
Delhi-110054
Ph.: 011-23890172
E-mail : diredu@nic.in

## MESSAGE

"A good education is a foundation for a better future."

- Elizabeth Warren

Believing in this quote, Directorate of Education, GNCT of Delhi tries to fulfill its objective of providing quality education to all its students.

Keeping this aim in mind, every year support material is developed for the students of classes IX to XII. Our expert faculty members undertake the responsibility to review and update the Support Material incorporating the latest changes made by CBSE. This helps the students become familiar with the new approaches and methods, enabling them to become good at problem solving and critical thinking. This year too, I am positive that it will help our students to excel in academics.

The support material is the outcome of persistent and sincere efforts of our dedicated team of subject experts from the Directorate of Education. This Support Material has been especially prepared for the students. I believe its thoughtful and intelligent use will definitely lead to learning enhancement.

Lastly, I would like to applaud the entire team for their valuable contribution in making this Support Material so beneficial and practical for our students.

Best wishes to all the students for a bright future.

**(HIMANSHU GUPTA)**

**Dr. RITA SHARMA**
Additional Director of Education
(School/Exam)

सत्यमेव जयते

Govt. of NCT of Delhi
Directorate of Education
Old Secretariat, Delhi-110054
Ph.: 23890185

# संदेश

शिक्षा निदेशालय, दिल्ली सरकार का महत्वपूर्ण लक्ष्य अपने विद्यार्थियों का सर्वांगीण विकास करना है। इस उद्देश्य को ध्यान में रखते हुए शिक्षा निदेशालय ने अपने विद्यार्थियों को उच्च कोटि के शैक्षणिक मानकों के अनुरूप विद्यार्थियों के स्तरानुकूल सहायक सामग्री उपलब्ध कराने का प्रयास किया है। कोरोना काल के कठिनतम समय में भी शिक्षण अधिगम की प्रक्रिया को निर्बाध रूप से संचालित करने के लिए संबंधित समस्त अकादमिक समूहों और क्रियान्वित करने वाले शिक्षकों को हार्दिक बधाई देती हूँ।

प्रत्येक वर्ष की भाँति इस वर्ष भी कक्षा 9वीं से कक्षा 12वीं तक की सहायक सामग्रियों में सी.बी.एस.ई. के नवीनतम दिशा-निर्देशों के अनुसार पाठ्यक्रम में आवश्यक संशोधन किए गए हैं। साथ ही साथ मूल्यांकन से संबंधित आवश्यक निर्देश भी दिए गए हैं। इन सहायक सामग्रियों में कठिन से कठिन पाठ्य सामग्री को भी सरलतम रूप में प्रस्तुत किया गया है ताकि शिक्षा निदेशालय के विद्यार्थियों को इसका भरपूर लाभ मिल सके।

मुझे आशा है कि इन सहायक सामग्रियों के गहन और निरंतर अध्ययन के फलस्वरूप विद्यार्थियों में गुणात्मक शैक्षणिक संवर्धन का विस्तार उनके प्रदर्शनो में भी परिलक्षित होगा। इस उत्कृष्ट सहायक सामग्री को तैयार करने में शामिल सभी अधिकारियों तथा शिक्षकों को हार्दिक बधाई देती हूँ तथा सभी विद्यार्थियों को उनके उज्ज्वल भविष्य की शुभकामनाएं देती हूँ।

रीता शर्मा

(रीता शर्मा)

# भारत का संविधान

## उद्देशिका

हम, भारत के लोग, भारत को एक [1]**[संपूर्ण प्रभुत्व-संपन्न समाजवादी पंथनिरपेक्ष लोकतंत्रात्मक गणराज्य]** बनाने के लिए, तथा उसके समस्त नागरिकों को :

सामाजिक, आर्थिक और राजनैतिक **न्याय,**

विचार, अभिव्यक्ति, विश्वास, धर्म

और उपासना की **स्वतंत्रता,**

प्रतिष्ठा और अवसर की **समता**

प्राप्त कराने के लिए,

तथा उन **सब में**

व्यक्ति की गरिमा और [2]**[राष्ट्र की एकता और अखंडता]** सुनिश्चित करने वाली **बंधुता**

बढ़ाने के लिए

दृढ़संकल्प होकर **अपनी इस संविधान सभा में** आज तारीख 26 नवंबर, 1949 ई. को **एतद्द्वारा इस संविधान को अंगीकृत, अधिनियमित और आत्मार्पित करते हैं।**

---

1. संविधान (बयालीसवां संशोधन) अधिनियम, 1976 की धारा 2 द्वारा (3.1.1977 से) ''प्रभुत्व-संपन्न लोकतंत्रात्मक गणराज्य'' के स्थान पर प्रतिस्थापित।
2. संविधान (बयालीसवां संशोधन) अधिनियम, 1976 की धारा 2 द्वारा (3.1.1977 से) ''राष्ट्र की एकता'' के स्थान पर प्रतिस्थापित।

# भारत का संविधान

*भाग 4क*

# नागरिकों के मूल कर्तव्य

## अनुच्छेद 51 क

**मूल कर्तव्य** – भारत के प्रत्येक नागरिक का यह कर्तव्य होगा कि वह –

(क) संविधान का पालन करे और उसके आदर्शों, संस्थाओं, राष्ट्रध्वज और राष्ट्रगान का आदर करे;

(ख) स्वतंत्रता के लिए हमारे राष्ट्रीय आंदोलन को प्रेरित करने वाले उच्च आदर्शों को हृदय में संजोए रखे और उनका पालन करे;

(ग) भारत की संप्रभुता, एकता और अखंडता की रक्षा करे और उसे अक्षुण्ण बनाए रखे;

(घ) देश की रक्षा करे और आह्वान किए जाने पर राष्ट्र की सेवा करे;

(ङ) भारत के सभी लोगों में समरसता और समान भ्रातृत्व की भावना का निर्माण करे जो धर्म, भाषा और प्रदेश या वर्ग पर आधारित सभी भेदभावों से परे हो, ऐसी प्रथाओं का त्याग करे जो महिलाओं के सम्मान के विरुद्ध हों;

(च) हमारी सामासिक संस्कृति की गौरवशाली परंपरा का महत्त्व समझे और उसका परिरक्षण करे;

(छ) प्राकृतिक पर्यावरण की, जिसके अंतर्गत वन, झील, नदी और वन्य जीव हैं, रक्षा करे और उसका संवर्धन करे तथा प्राणिमात्र के प्रति दयाभाव रखे;

(ज) वैज्ञानिक दृष्टिकोण, मानववाद और ज्ञानार्जन तथा सुधार की भावना का विकास करे;

(झ) सार्वजनिक संपत्ति को सुरक्षित रखे और हिंसा से दूर रहे;

(ञ) व्यक्तिगत और सामूहिक गतिविधियों के सभी क्षेत्रों में उत्कर्ष की ओर बढ़ने का सतत् प्रयास करे, जिससे राष्ट्र निरंतर बढ़ते हुए प्रयत्न और उपलब्धि की नई ऊँचाइयों को छू सके; और

(ट) यदि माता-पिता या संरक्षक है, छह वर्ष से चौदह वर्ष तक की आयु वाले अपने, यथास्थिति, बालक या प्रतिपाल्य को शिक्षा के अवसर प्रदान करे।

# DIRECTORATE OF EDUCATION

## GOVT. of NCT, DELHI

# SUPPORT MATERIAL

## (2022-2023)

# POLITICAL SCIENCE

## (URDU MEDIUM)

## CLASS : XI

**For Free Distribution**

**PUBLISHED BY:**

**DELHI BUREAU OF TEXTBOOKS**

# فہرست

## آئین بحیثیت ایک زندہ دستاویز

### ہندوستانی آئین اور کام


1۔ آئین کیوں اور کیسے۔ آئین کا سیاسی فلسفہ

2۔ انتخاب اور نمائندگی

3۔ عاملہ

4۔ مجلس قانون ساز

5۔ عدلیہ

6۔ وفاقیت

7۔ مقامی حکومتیں


### سیاسی نظریہ


8۔ سیاسی نظریہ ایک تعارف

9۔ آزادی

10۔ مساوات

11۔ انصاف

12۔ حقوق


13۔ شہریت

14۔ قوم پرستی

15۔ سیکولرزم

مشقی پرچہ اور سابقہ پرچے

# آئین (ذہنی نقشہ-Mind Map)



# باب-1، حصہ-1
# آئین کیوں اور کیسے؟

## یاد رکھنے لائق نکات:

### آئین کیا ہے؟

1۔ آئین کسی ملک کے سیاسی نظام کا وہ بنیادی ڈھانچہ تیار کرتا ہے جس کے ذریعے اس کی عوام منظّم ہوتی ہے۔

2۔ آئین کسی ملک کی حکومت کے تینوں شعبوں (مقنّنہ، عاملہ اور عدلیہ) کا قیام کرتا ہے۔

3۔ آئین حکومت کے تینوں شعبوں کے اختیارات واضح کرتا ہے اور ساتھ ہی ان کے فرائض کی حدود طے کرتا ہے۔

4۔ آئین حکومت کے تینوں شعبوں کے ساتھ آپسی ربط اور ان کا عوام کے ساتھ تعلق کو واضح کرتا ہے۔

5۔ آئین، قوم اور نظام حکومت کا آئینہ ہے جیسے تمہید آئین کا آئینہ ہے۔

### آئین کی ضرورت:

1۔ انسان ایک سماجی جاندار ہے۔ سماج مختلف قسم کے طبقات، فرقوں سے بنتا ہے۔ ان طبقات اور فرقوں میں ربط اور تال میل قائم رکھنے میں آئین کا ہونا لازمی ہے۔

2۔ آئین عوام الناس میں آپسی یقین پیدا کرنے کے لیے بنیادی اصولوں کو مہیا کراتا ہے۔

3۔ سماج بہت وسیع ہے۔ اس میں آخری فیصلہ لینے کے اختیارات کس کے پاس ہوں گے؟ آئین طے کرتا ہے۔

4۔ آئین حکومت کی تشکیل کے اصول وضوابط اور اس کے اختیارات وحدود کو طے کرتا ہے۔

5۔ ایک منصفانہ سماج کے قیام کے لیے آئین کا ہونا لازمی ہے۔

### آئین ساز اسمبلی کی تشکیل

1۔ 1945 جولائی میں انگلینڈ میں نئی لیبر (پارٹی) حکومت اقتدار میں آئی۔ تب آئین ساز اسمبلی کا راستہ ہموار ہوا۔ وائسرائے لارڈ واویل نے اس کا اعلان کیا۔

2۔ کیبنٹ مشن کے منصوبے کے مطابق آئین ساز اسمبلی میں 389 ممبران تھے۔ ان میں سے 292 ممبران برطانوی ہندوستان کے گورنروں کی شکل میں، 4 ممبران چیف کمشنر کے صوبوں دہلی، اجمیر۔ مارواڑ، کرگ اور برطانوی بلوچستان سے اور 93 ممبران ہندستانی ریاستوں میں سے تھے۔

3۔ برطانوی حکومت کی ہر ریاست کو اس کی آبادی کے تناسب میں مجلس قانون ساز میں نشستیں دی جائیں گی۔ (10 لاکھ لوگوں پر ایک نشست)

4۔ ہر ایک ریاست کی نشستوں کو تین اہم فرقوں-مسلم، سکھ اور عام فرقہ میں ان کی آبادی کے تناسب سے تقسیم کیا گیا۔

5۔ 3/جون 1947 کو ماؤنٹ بیٹن کے منصوبے کے مطابق ہندوستان کی تقسیم کے بعد پاکستان کے نمائندے آئین ساز مجلس کے ممبر نہیں رہے۔ آئین ساز مجلس کے حقیقی ممبران کی تعداد 299 رہ گئی۔

## آئین ساز مجلس کا ڈھانچہ:

1۔ 9/دسمبر 1946 کو صبح گیارہ بجے دن پیر کو آئین ساز مجلس کا پہلا اجلاس ہوا۔

2۔ 9/دسمبر 1946 کو ڈاکٹر سچدانند سنہا کو کارگزار صدر منتخب کیا گیا اور 11/دسمبر 1946 کو ڈاکٹر راجندر پرساد کو آئین ساز مجلس کا مستقل صدر منتخب کیا گیا اور مسودہ ساز کمیٹی کے صدر کے طور پر بھیم راؤ امبیڈکر کو منتخب کیا گیا۔

3۔ 13 دسمبر 1946 کو پنڈت جواہر لعل نہرو نے آئینی مقصد کی تمہید پیش کی۔ اس تمہید کو آئینی مجلس نے 22/دسمبر 1947 کو منظور کر لیا۔ آزاد ہندوستان کے آئین کی تمہید بھی ان ہی مقاصد پر مبنی ہے۔

4۔ ہندوستانی آئین میں 448 دفعات، 25 حصے اور 8 فہرستیں تھیں۔ ان کو بڑھا کر اب 12 کر دیا گیا ہے۔

5۔ آئین کو تیار کرنے میں 2 سال 11 مہینے اور 18 دن لگے۔ مختلف امور کے لیے ان کی 8 کمیٹیاں بنائی گئی تھیں۔ آئین ساز اسمبلی کی کل 166 میٹنگ ہوئیں۔

6۔ آئین 26/نومبر 1949 کو اپنایا گیا لیکن 26/جنوری 1950 کو قانونی طور پر نافذ کیا گیا۔

## آئین کے ماخذ:

(i) آئین کا 75% فیصد حصہ حکومت ہند قانون 1935 سے لیا گیا۔

(ii) 1928 میں فائز موتی لعل نہرو کمیٹی رپورٹ سے 10 بنیادی انسانی حقوق شامل کیے گئے۔

(iii) دیگر ممالک کے قانونی نظام سے بھی کچھ باتیں ہندوستانی آئین میں شامل کی گئیں ہیں۔

### برطانوی آئین

- (i) حکومت کا پارلیمانی نظام سب سے زیادہ ووٹ کی بنیاد پر جیت کا فیصلہ
- (ii) حکومت کا پارلیمانی نظریہ
- (iii) قانونی کی حکمرانی کا نظریہ
- (iv) لوک سبھا کے اسپیکر کا عہدہ اور رول قانون سازی کا طریقہ

### امریکہ کا آئین

- بنیادی حقوق کی فہرست۔آئین کی تمہید
- عدالتی نظر ثانی کا اختیار اور عدلیہ کی آزادی۔نائب صدر کا عہدہ

### آیرلینڈ کا آئین

- مملکت کی حکمت عملی کے ہدایتی اصول۔راجیہ سبھا میں نامزد ممبران کا بندوبست

### فرانس کا آئین

- آزادی، مساوات اور اخوت کا اصول

### کناڈا کا آئین

- ایک نیم وفاقی حکومت کا نظام (طاقتور مرکزی حکومت والا نظام)
- باقی ماندہ اختیارات کا اصول۔اس لیے ہندوستان کے آئین کو ادھار کا تھیلا کہا جاتا ہے ہندوستانی آئین کو پھولوں کا گل دستہ (Bouquet) بھی کہا جاتا ہے

### سوویت یونین کا آئین

- بنیادی فرائض

### آسٹریلیا کا آئین

- مشترکہ فہرست

آئین ہند کے بندوبست ہندوستان کے مخصوص حالات اور امیدوں کے مطابق ہیں


# باب-1، حصہ-2

# آئین کا سیاسی فلسفہ

## آئین کا سیاسی فلسفہ

- آئین کے فلسفہ سے مراد آئین کے بنیادی تصورات سے ہے مثلاً حقوق، شہریت، جمہوریت وغیرہ۔
- آئین میں مذکور اقدار جیسے مساوات، آزادی وغیرہ ہمیں آئین کا ادراک کراتے ہیں۔
- ہمارا آئین اس بات پر زور دیتا ہے کہ اس کے فلسفہ پر پُرامن اور جمہوری طریقے سے عمل کیا جائے۔ اور ان اقدار کو جن پر پالیسیاں بنی ہیں، ان اخلاقی بنیادی تصورات پر چل کر مقصد کو حاصل کریں۔
- آئین کا بہترین اختصار آئین کی تمہید میں موجود ہے۔

تمہید ہمارے آئین کی روح ہے



- جواہرلعل نہرو کے مطابق...... ہندوستانی آئین کی تعمیر رسمی، سماجی اور اونچ نیچ کے بندھنوں کو توڑنے اور آزادی، مساوات اور انصاف کے نئے دور میں داخل ہونے کے لیے ہوئی۔ یہ کمزور لوگوں کو ان کا واجب حق گروہ کی شکل میں حاصل کرنے کی طاقت دیتا ہے۔
- **آئین کی کچھ خصوصیات**

■ آزادی: آئین کی دفعہ 19 سے 22 میں آزادی سے متعلق نظم ہے۔اس کے مطابق ہندوستان کے سبھی شہریوں کو غور وخوض، خیالات کا اظہار، جلسے واجلاس کرنے کی آزادی ہے۔

■ سماجی انصاف: ہندوستان کے سبھی شہریوں کو سماجی، معاشی، سیاسی انصاف حاصل ہو۔مثلاً درج فہرست ذاتوں اور درج فہرست قبائل کے لیے ریزرویشن کا بندوبست۔

■ اقلیتوں کے حقوق کی عزت: اقلیتی طبقوں کو مذہبی اور فلاحی پروگراموں کے لیے ادارے قائم کرنے اور اپنی مرضی کے مطابق تعلیمی اداروں کو قائم کرنے کا بھی حق ہے۔

■ سیکولرازم: سیکولرازم کا مطلب ہے تمام مذاہب برابر ہیں۔ مذہب سے دوری بنائے رکھنا ہے۔ ہمارا آئین مذہب کی بنیاد پر فرق نہیں کرتا۔ ریاست مذہب میں اور مذہب ریاست میں دخل اندازی نہیں کرتا۔لیکن مذہب کے نام پر کسی شخص کے عزت نفس کو ٹھیس پہنچاتا ہے تو ریاست دخل اندازی کرتی ہے۔ ریاست کسی مذہبی تعلیمی ادارے کو معاشی مدد بھی دے سکتی ہے۔

■ حق رائے دہی: ملک کے سبھی بالغ شہریوں کو (18 سال) کو اپنے نمائندوں کے چناؤ میں حصہ لینے کا حق ہے۔ یہ حق بنا کسی بھید بھاؤ کے سبھی شہریوں کو حاصل ہے۔

■ وفاقیت: ہندوستانی آئین میں اختیارات کی لامرکزیت ہے۔اس میں دو حکومتوں کی بات کہی گئی ہے۔

(i) ایک مرکزی حکومت: پورے ملک کے لیے

(ii) دوسری ریاستی حکومت: ہر ریاست کے لیے اپنی حکومت

دو حکومتیں ہونے کے بعد زیادہ اختیارات مرکز کے پاس ہیں۔ ریاستوں کی ذمہ داریاں زیادہ ہیں۔

- ضابطہ کے حصول

  - آئین ہند سیاسی گفتگو میں یقین رکھتا ہے۔مجلس قانون ساز نااتفاقی اوراختلافات میں بھی ایک تخلیقی قدر کی شناخت کی خواہاں تھی۔
  - قانون ساز کسی بھی اہم مسئلہ پر فیصلہ اکثریت سے نہیں، اتفاق رائے سے لینا چاہتے تھے۔ وہ مصالحت کو اہمیت دیتے تھے۔(استادمحترم جماعت میں اکثریت اور اتفاق رائے کی وضاحت کریں گے )
  - مجلس قانون ساز نے جن باتوں سے انحراف نہیں کیا وہ ہمارے آئین کو اہم بتاتی ہیں۔


- آئین کی تنقید کے نکات

(i) بہت لمبا اور وسیع ہے۔448 آرٹیکل، 25 شیڈول

(ii) مغربی ممالک کے آئینوں سے اس کے آئین میں دکھائی دینے والی حدود

(iii) آئین کی تشکیل میں سبھی طبقات کے نمائندے موجود نہیں تھے۔

## آئین میں نظر آنے والی اہم حدود



# باب-1 حصّہ-3

# آئین بحیثیت ایک زندہ دستاویز

**یاد رکھنے لائق نکات:**

- آ ئین سماج کی خواہشات اورتمناؤں کا آ ئینہ ہوتا ہے۔یہ ایک تحریری دستاویز ہے جسے سماج کے نمائندے تیار کرتے ہیں۔آ ئین26/ نومبر 1949 کو بن کر تیار ہوا اور اسے26/ جنوری1950 کو لاگو کیا گیا۔
- آ ئین زندہ دستاویز ہے کیوں کہ
  - اس میں ترمیم کی جاسکتی ہے
  - یہ مستقل اور جامد نہیں ہے
  - وقت کی ضرورت کے مطابق اس میں ترمیم کی جاتی ہے۔
  - ترمیم کے پیچھے سیاسی سوچ اہم نہیں بلکہ وقت کی ضرورت اہم ہے۔
- آ ئین میں ترمیم
  - ترمیم کا عمل صرف پارلیمنٹ سے ہی شروع ہوتا ہے
  - ترمیم کا عمل دفعہ 368 میں
  - ترمیم کا مطلب یہ نہیں کہ آ ئین کا بنیادی ڈھانچہ بدلا جائے
  - ترمیم کے معاملے میں ہندوستانی آ ئین لچیلے پن اور سختی کا امتزاج
  - 1950 میں آ ئین کے عمل میں آنے سے اب تک 103 ترامیم ہوچکی ہیں۔اس کے لیے124 آ ئینی ترمیم بل آ ئے ہیں124 ویں آ ئینی ترمیم بل کے مطابق جنرل کٹیگری کے لوگوں کو معاشی کمزور لوگوں کو 10% رزرویشن دینے کا پلان ہے۔

- آئینی ترمیم بل کے معاملے میں صدر جمہوریہ کو دوبارہ غور وخوض کے لیے بھیجنے کا حق نہیں ہے۔

**ترمیم کرنے کے طریقے**

- مخصوص اکثریت اور نصف ریاستوں کی حمایت کے ذریعہ ترمیم
- پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں الگ الگ مخصوص اکثریت کی بنیاد پر آئین میں ترمیم
- پارلیمنٹ میں عام اکثریت کی بنیاد پر

**انتظام**

- صدر جمہوریہ کے چننے کا طریقہ
- مرکز اور ریاستوں کے قانونی اختیارات کی تقسیم
- پارلیمنٹ میں ریاستوں کی نمائندگی

**انتظام**

- نئی ریاستوں کی تشکیل
- ریاستوں کی حدود و ناموں میں بدلاؤ
- ریاستوں میں اعلیٰ ایوان (ودھان پریشد) کی تخلیق یا خاتمہ
- شہریت کا حصول اور خاتمہ
- عدلیہ کے دائرہ اختیار میں توسیع

## آئین میں اتنی ترمیم کیوں؟

ہمارا آئین دوسری جنگ عظیم کے بعد بنا تھا۔ اس وقت کے حالات میں یہ صحیح ڈھنگ سے کام کر رہا تھا۔ پر جب حالات میں بدلاؤ آتا گیا تو آئین کو زندہ آلہ کی شکل میں بنائے رکھنے کے لیے ترمیم کی گئی۔ لگ بھگ 103 سے زیادہ ترامیم ہمارے آئین میں وقت کی ضرورت کے مطابق جمہوریت کو صحیح ڈھنگ سے چلانے کے لیے کی گئیں۔

**آئین میں کی گئیں ترمیمات کا تین حصوں میں بٹوارہ**

- انتظامی نوعیت کی ترمیم
- آئین کی تشریح سے متعلق ترمیم
- سیاسی عام رضا مندی کے ذریعہ ترمیمات

- **متنازع ترمیمات**

وہ ترامیم جن کی وجہ سے تنازعہ ہوا38 ویں،39ویں اور42 ویں ترامیم مانی جاتی ہیں۔ یہ ہنگامی حالات میں ہوئی ترامیم اسی ذیل میں آتی ہیں۔مخالف پارلیمانی ممبر جیل میں تھےاور سرکار کولامحدود حقوق مل گئے تھے۔

- **آئین کے بنیادی ڈھانچہ کا اصول**

یہ اصول سپریم کورٹ نے کیشو نند بھارتی معاملے میں 1973 میں دیا تھا۔اس فیصلے نے آئین کی ترقی میں درج ذیل مدد دی۔

- ▪ آئین میں ترمیم کرنے کے اختیارات کی حد طے ہوئی
- ▪ یہ آئین کے مختلف حصوں کی ترمیم کی اجازت دیتا ہے پر حدود کے اندر
- ▪ آئین کے بنیادی ڈھانچہ کے خلاف جانے والی کسی بھی ترمیم کے بارے میں عدلیہ کا فیصلہ آخری ہوگا

- **آئین ایک زندہ دستاویز**

- ▪ آئین ایک زندہ دستاویز ہے۔
- ▪ ہندوستانی آئین کا وجود 69 سالوں سے ہے۔اس بیچ آئین کئی تناؤ سے گزرا ہے۔ ہندوستان میں اتنے بدلاؤ ہونے کے بعد بھی یہ آئین اپنی زندگی اور بدلتے ہوئے حالات کے مطابق صحیح ڈھنگ سے کام کررہا ہے۔
- ▪ حالات کے مطابق بدلاؤ لاتے ہوئے بھی نئی چنوتیوں کا کامیابی کے ساتھ مقابلہ کرتے ہوئے ہندوستان کا آئین کھرا اترتا ہے۔یہی اس کی زندگی کا ثبوت ہے۔
- ▪ حالات کے مطابق بدلنے پر آئین میں ترمیم کی جاسکتی ہیں جو کسی زندہ دستاویز میں ہی ممکن ہیں۔

# آئین ایک نمبر والے سوالات

1۔ آئین کی وہ کونسی بات تھی جو بغیر کسی بحث ومباحثہ کے قبول کر لی گئی تھی؟

(a) پارلیمانی نظام (b) عدلیہ کے اختیارات

(c) اختیارات کی لامرکزیت (d) عالمی حق بالغ رائے دہی

2۔ ہندوستانی آئین میں شہری کو کتنے بنیادی حقوق دیے گئے ہیں؟

(a) 4 (b) 6

(c) 7 (d) 8

3۔ آئین ساز اسمبلی کی تشکیل ہوئی۔

(a) کیبینیٹ مشن کے ممبران کے ذریعے

(b) 1935 میں تشکیل شدہ پراونس کی قانون ساز اسمبلیوں کے ممبران کے ذریعے۔

(c) ماؤنٹ بیٹن پلان کے ذریعے (d) کرپس مشن کے ذریعے

4۔ آئین ساز اسمبلی کی نوعیت تھی۔

(a) نمائندگی کی بنیاد پر (b) رضا کارانہ

(c) شخصیت پرستی (d) مندرجہ بالا کوئی نہیں

5۔ باقی ماندہ اختیارات کے نظریے کو لیا گیا ہے۔

(a) امریکی آئین سے (b) فرانس کے آئین سے

(c) سری لنکا کے آئین سے (d) کناڈا کے آئین سے

6۔قول:- ہندوستانی آئین کو ادھار لیا ہوا کہا جاتا ہے۔

وجہ:- ہندوستانی آئین میں کئی باتیں دیگر ممالک کے آئینوں سے لی گئی ہیں۔

(A) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں اور وجہ قول کی صحیح تشریح ہے۔

(B) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں مگر وجہ قول کی صحیح تشریح نہیں ہے۔

(C) قول غلط ہے اور وجہ صحیح ہے

(D) قول صحیح ہے اور وجہ غلط ہے

7۔قول:- آئین یہ طے کرتا ہے کہ آخری فیصلہ لینے کا اختیار کس کے پاس ہوگا۔

وجہ:- آئین اصول وضوابط اور قوانین کا مجموعہ ہوتا ہے

(A) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں اور وجہ قول کی صحیح تشریح ہے۔

(B) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں مگر وجہ قول کی صحیح تشریح نہیں ہے۔

(C) قول غلط ہے اور وجہ صحیح ہے

(D) قول صحیح ہے اور وجہ غلط ہے۔

8۔ آئین ساز اسمبلی کے صدر۔۔۔۔۔۔۔ تھے۔

9۔ ٹھوس آئین سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

10۔ آئین کے آخری مسودے پر کتنے ممبران نے دستخط کیے تھے؟

11۔ ہندوستان کے آئین میں موجودہ دور میں کتنے شیڈول ہیں؟

12۔ بنیادی حقوق کا نظریہ ہندوستان میں کس ملک کے آئین سے لیا گیا ہے؟

## خالی جگہوں کو بھریئے

13۔ کرپس مشن۔۔۔۔۔۔سال میں ہندوستان میں آیا تھا۔

14۔ سوویت یونین میں آئین سازی کا حق۔۔۔۔۔۔کو دیا گیا ہے۔

15۔ آئین ساز اسمبلی کا انتخاب۔۔۔۔۔کے ذریعے کیا گیا۔

16۔ آئین کے مقاصد کی تجویز۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔نے آئین ساز اسمبلی میں پیش کی تھی۔

17۔ ہندوستانی آئین۔۔۔۔۔۔۔۔۔کو قبول، لاگو اور اپنے پر نافذ کیا۔

## مندرجہ ذیل اقوال کو صحیح کر کے لکھیں۔

18۔ سماج کے افراد میں کم از کم تال میل اور ترقی کو یقینی بنانا آئین ساز اسمبلی کا کام ہے۔

19۔ بنیادی حقوق کا نظریہ برطانیہ سے لیا گیا۔

## مندرجہ ذیل اقوال کے سامنے صحیح یا غلط لکھیں۔

20۔ ہندوستانی آئین میں سب سے زیادہ حاصل ووٹ کی بنیاد پر جیت کا فیصلہ ہوتا ہے۔

21۔ قانون کی حکمرانی سے مراد ہے کہ سبھی افراد قانون کی نظر میں برابر ہیں اور قانون سبھی پر یکساں طور پر نافذ ہوگا۔

22۔ آئین ساز اسمبلی کا قیام ماؤنٹ بیٹن کی وجہ سے ہوا۔

23۔ آئین ساز اسمبلی نمائندگی کی بنیاد پر نہیں تھی۔

24۔ آئین کی تمہید سے کیا مراد ہے؟

25۔ کرپشن مشن نے ہندوستانی آئین سے متعلق کیا کہا تھا؟

26۔ ہمارا آئین کس کے تئیں پر عزم ہے؟

27۔ ہندوستان میں ریاست کو مذہب کے اندرونی معاملات میں دخل کی ضرورت کیوں ہے؟

28۔ کس ملک کے آئین کو آئین امن کہا جاتا ہے؟

29۔ آپسی مناہی کا کیا مطلب ہے؟

30۔ دفعہ 371A کیا ہے؟

31۔ کس نے 19ویں صدی کے شروعات میں ہی پریس پر پابندی کی مخالفت کی تھی؟

32۔ آئین ساز اسمبلی کے مستقل صدر کون تھے؟

33۔ ہندوستانی آئین کو بنانے میں کتنا وقت لگا تھا؟

34۔ فرانس کے آئین سے کون سی باتوں کو ہندوستانی آئین میں شامل کیا گیا تھا؟

35۔ مندرجہ ذیل کو کالم اے کو کال بی سے ملا یئے۔

| | کالم اے | | کالم بی |
|---|---|---|---|
| (A) | برطانیہ کا آئین | (i) | بنیادی حقوق |
| (B) | کناڈا کا آئین | (ii) | قانون کی حکمرانی |
| (C) | آئرلینڈ کا آئین | (iii) | باقی ماندہ اختیارات کا نظریہ |
| (D) | امریکہ کا آئین۔ | (iv) | ریاستی پالیسی کے رہنما اصول۔ |

## دو نمبر والے سوالات:-

1۔ آئین کیوں اہم ہوتا ہے؟

2۔ اگر آئین میں بنیادی اصولوں کی غیر موجودگی ہوتی ہے تو کیا ہوتا ہے؟

3۔ آئین کے دو اہم کام لکھیے۔

4۔ "آئین سماج کی اجتماعی بھلائی کرنے والا ذریعہ ہے" مندرجہ بالا قول کو جنوبی افریقہ اور انڈونیشیا کے تناظر میں سمجھائے۔

5۔ ہندوستانی آئین کی تنقیدوں کا ذکر کریں۔

6۔ درج فہرست ذاتوں اور درج فہرست قبائل کے مفادات کے تحفظ کے لئے آئین نے کیا کیا انتظامات کیے ہیں۔

7۔ ہندوستانی آئین کی حدود کیا ہیں؟

8۔ آئین ریاست پر کس طرح بندش لگاتا ہے؟

9۔ ہندوستانی شہریوں کے بنیادی فرائض لکھیے۔

10۔ آئین کے سیاسی فلسفہ سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

11۔ حق بالغ رائے دہی کیا ہے؟ یہ کس طرح ایک اہم ماحصل ہے؟

12۔ ہندوستانی آئین سازی میں کل کتنا وقت لگا اور اس کی کل کتنی نشستیں ہوئیں؟

13۔ آئین ساز اسمبلی کی مسودہ ساز کمیٹی کی تشکیل کو واضح کریں۔

## چار نمبر والے سوالات

1۔ آئین کچھ ایسے بنیادی اصولوں کا مجموعہ ہے جس کی بنیاد پر ریاست کی تشکیل اور حکومت چلائی جاتی ہے۔ آئین اس سوال کا بھی جواب دیتا ہے کہ وہ سماج میں اختیارات کی تقسیم کو بھی واضح کرتا ہے۔ آئین یہ طے کرتا ہے کہ قانون کون بنائے گا۔ قانون بنانے کا حق کس کے پاس ہوگا۔ آئین حکومت کے ذریعہ اپنے شہریوں پر لاگو کیے جانے والے قوانین کی حد بھی طے کرتا ہے۔ ایک مہذب سماج کے لئے آئین ضروری ہے۔ آئین کی مدد سے ہی کسی سماج کی ایک مجموعی اکائی کے طور پر پہچان ہوتی ہے۔ کچھ بنیادی اصول ونظریات پر متفق ہوکر ہم اپنی بنیادی سیاسی پہچان بناتے ہیں۔

1.1۔ آئین سے آپ کیا سمجھتے ہیں۔

1.2۔ آئین میں قانون بنانے کی قوت/اختیار کس کو دیا گیا ہے؟

1.3۔ کس کے ذریعہ سماج کو ایک مجموعی اکائی کے طور پر پہچان ملتی ہے۔

1.4۔ ہندوستان کا آئین کب بنا؟

2۔ ہندوستانی آئین سازی کے لیے بنایا گیا لائحہ عمل اور ممبران کے غور وخوص کی بنیاد میں چھپے اقدار میں ہی آئین ساز اسمبلی مقبول اقتدار کا نظریہ پوشیدہ ہے۔ جہاں نمائندگی کا دعویٰ کرنے والی سبھی اسمبلی کے لئے یہ لازم ہے کہ اس میں سبھی طبقات کی نمائندگی/شمولیت ہو۔ وہیں یہ بھی لازم ہے کہ وہ صرف اپنی پہچان یا فرقہ کی نمائندگی نہیں کر رہے ہوں۔ آئین ساز اسمبلی کے ممبران نے پورے ملک کے مفادات کو ذہن میں رکھ کر صلاح مشورہ کیا۔ آئین ساز اسمبلی کی اصل طاقت اس بات پر مضمر تھی کہ وہ عوامی بھلائی کو ذہن میں رکھ کر کام کر رہی تھی اور اس کے ممبران نے چرچا اور منطقی دلائل کی بنیاد پر بحث پر زور دیا۔ یہ مباحث فرانسیسی اور امریکی انقلابات کی طرح آئین سازی کی تاریخ کے سب سے اہم اور یادگار باب میں سے ہیں۔

2.1۔ آئین ساز اسمبلی کے کام کا طریقہ کیا تھا؟


2.2۔ کیا آپ مانتے ہیں کہ آئین ساز اسمبلی سبھی طبقات کی نمائندگی کر رہی تھی؟

2.3۔ آئین ساز اسمبلی کی مقبولیت کی بنیاد کیا تھی؟

2.4۔ آئین ساز اسمبلی میں اختلافات کو کس طرح حل کیا گیا؟

## پانچ نمبر والے سوال

1۔ درج ذیل کارٹون کو دھیان سے دیکھیے اور درج ذیل سوالات کے جوابات لکھیے۔



1.1 دو منھ والا شخص کون ہے؟

1.2 تصویر میں بائیں اور دائیں جانب بیٹھے لوگ کس نظریہ سے تعلق رکھتے ہیں؟

1.3 دونوں نظریات کے توازن کرنے کے لیے کیا فیصلہ کیا گیا ہے؟

## چھ نمبر والے سوالات

1۔ ایک مہذب سماج کی تعمیر میں آئین کا اہم مقام ہے تفصیل سے وضاحت کریں۔

2۔ ہندوستانی آئین ساز اسمبلی کا خاکہ کس برطانوی کیبینٹ کی کمیٹی کے ذریعے پیش کیا گیا تھا؟ اس پلان کو تفصیل سے بتائے۔

3۔ کونسی خصوصیات ہندوستانی آئین کو خاص بناتی ہیں؟ ایک کامیاب اور باا ثر آئین ٹھوس اور لچکداری کا انوکھا سنگم ہوتا ہے۔ اس ضمن میں ہندوستانی آئین کی اس کی وضاحت کریں۔

4۔ ہندوستانی آئین کی تمہید میں مذکورہ اصطلاحات کو سمجھائیے۔

(a) انصاف (b) آزادی

(c) مساوات (d) بھائی چارہ (e) سیکولرزم (f) سماجواد

5۔ ثابت کریں کہ ہندوستانی آئین ایک گلدستہ کی طرح ہے جس میں سبھی ممالک کے پھول ہیں۔

یا

"ہندوستانی آئین ادھار لیے گئے نظریات کا ٹوکرا ہے" سمجھائیے۔

## ایک نمبر والے سوالوں کے جواب

1۔ (D) عالمی حق بالغ رائے دہی۔

2۔ (B) 6

3۔ (B) 1935 میں تشکیل شدہ پروونس کی قانون ساز اسمبلیوں کے ممبران کے ذریعے۔

4۔ (A) نمائندگی کی بنیاد پر۔

5 (D) کناڈا کے آئین سے

6۔ (A) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں اور وجہ قول کی صحیح تشریح ہے۔

7۔ (B) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں اور وجہ قول کی صحیح تشریح نہیں ہے۔

8۔ ڈاکٹر راجندر پرساد

9۔ جس میں آسانی سے ترمیم نہ ہو سکے۔

10۔ 284 ممبران نے

11۔ 12 شیڈول

12۔ امریکہ

13۔ مارچ 1942 کو

14۔ کمیونسٹ پارٹی کو

15۔ بلواسطہ انتخابی نظام کے ذریعے

16۔ جواہر لال نہرو

17۔ 26 نومبر 1949

18۔ سماج کے افراد میں کم از کم تال میل اور ترقی کو یقینی بنانا آئین کا کام ہے

19۔ بنیادی حقوق کا نظریہ امریکہ سے لیا گیا ہے

20۔ صحیح

21۔ غلط

22۔ غلط

23۔ غلط

24۔ آئین کی تمہید میں آئین کی جمہوری اقدار کو شامل کیا گیا ہے

25۔ کرپس مشن نے یہ تجویز پیش کی تھی کہ ہندوستانی وفاق کا قیام آئین کے ذریعے ہوگا جس کو آئین ساز اسمبلی کے ذریعے تیار کیا جائے گا

26۔ ہمارا آئین جمہوری اقدار کے تئیں پر عزم ہے

27۔ مذہب سے متعلق رواج جیسے چھوا چھوت کی برائی کو ختم کرنے میں کسی کی عزت نفس کو ٹھیس نہ پہنچے اس کے لیے ریاست اور مذہب دونوں ایک دوسرے کے اندرونی معاملات سے دور رہیں گے

28۔ جاپان

29۔ مذہب اور ریاست ایک دوسرے کے اندرونی معاملات سے دور رہیں گے

30۔ دفعہ 371A میں ناگالینڈ کو خصوصی درجہ دیا گیا ہے

31۔ راجہ رام موہن رائے

32۔ ڈاکٹر راجندر پرساد

33۔ ہندوستانی آئین کو بنانے میں 2 سال 11 مہینے اور 18 دن لگے تھے اور اس کی 166 نشستیں ہوئی تھیں

34۔ فرانس کے آئین سے آزادی، مساوات اور بھائی چارہ جیسے نظریات کو اپنایا گیا تھا

35۔

| | کالم (A) | کالم (B) |
| --- | --- | --- |
| (A) | برطانیہ کا آئین | قانون کی حکمرانی |
| (B) | کناڈا کا آئین | باقی ماندہ اختیارات کا نظریہ |
| (C) | آئرلینڈ کا آئین | ریاستی پالیسی کے رہنما اصول |
| (D) | امریکہ کا آئین | بنیادی حقوق |

## دو نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ آئین سماج کے افراد میں ایک کم از کم تال میل اور یقینی بنانے میں اہم کردار ادا کرتا ہے اس لئے یہ ضروری ہے۔

2۔ اس کی عدم موجودگی میں سماج کا ہر ممبر اپنے آپ کو غیر محفوظ محسوس کرتا ہے کیونکہ اسے اس بات کا علم نہیں ہوتا کہ اسے سماج کے دوسرے ممبران کے ساتھ کیسا برتاؤ کرنا ہے۔ اس کی غیر موجودگی میں افراتفری کا عالم ہو جائے گا۔

3۔ (i) یہ بنیادی اصولوں کا مجموعہ ہوتا ہے۔ جس سے سماج میں ایک دوسرے میں تال میل اور یقین بحال ہوتا ہے۔

(ii) اسی سے پتہ چلتا ہے کہ سماج میں آخری فیصلہ لینے کا اختیار کس کے پاس ہوگا۔

4 (i) جنوبی افریقہ کا آئین حکومت کو غیر ذمہ داریاں سونپتا ہے۔ جیسے ماحول کا تحفظ کرنا اور نا انصافی پر مبنی تفریق کو ختم کرنا۔

(ii) انڈونیشیا میں حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ قومی تعلیمی نظام بنائے تا کہ غریب اور لاوارث بچوں کی دیکھ بھال ہو سکے۔

5 (i) تفصیلی آئین

(ii) ہندوستانی حالات کے مطابق نہیں

(iii) ادھار کا آئین

(iv) سب کی نمائندگی نہیں

6۔ (i) مناسب نمائندگی، ریزروشن پارلیمنٹ میں۔

(ii) سرکاری نوکریوں اور تعلیمی اداروں میں بھی ریزرویشن۔

7۔ قومی اتحاد کا نظریہ بنیاد میں.

(i) سماجی اور اقتصادی حقوق کو ریاستی پالیسی کے رہنما اصولوں میں ڈالا گیا ہے۔

(ii) جنسی انصاف کے معاملات اور کنبہ سے جڑے معاملوں پر مناسب دھیان نہیں دیا گیا ہے۔

8۔ آئین اصولوں کا مجموعہ ہے جس کی مدد سے ریاست کی حدود ہوتی ہیں۔ جس سے کسی طبقہ کے مفادات کا نقصان نہ ہو اور لوگوں کے حقوق کا ناجائز استعمال نہ ہو۔

9۔ (i) آئین پر عمل

(ii) قومی پرچم اور قومی ترانہ کا احترام

(iii) ملک کے اتحاد اور سالمیت کا تحفظ

(iv) ملک کی حفاظت

(v) ماحول کو صاف رکھنا

(vi) قومی ملکیت کی حفاظت۔

10۔ آزادی، مساوات، جمہوریت، انصاف اور قومی اتحاد کا مطالعہ ہی حقیقت میں آئینی فلسفہ کو واضح کرتا ہے۔

11۔ ہندوستان کے سبھی لوگ جو 18 سال کے ہو چکے ہیں انہیں ووٹ دینے کا حق ہے۔ عالمی حق بالغ رائے دہی اس وقت دیا گیا جب مغربی ممالک میں کام کاجی طبقہ اور عورتوں کو کو یہ حق نہیں دیا گیا تھا۔

12۔ 2 سال، 11 مہینے، 18 دن اور 166 اجلاس

13۔ 29اگست 1947 کوڈاکٹر بھیم راؤامبیڈکر کی صدارت میں سات ممبران پر مبنی کمیٹی کا قیام عمل میں آیا۔اس کمیٹی نے آئین کا مسودہ21فروری1948 کوآئین ساز اسمبلی کے صدر کو پیش کیا۔

## چار نمبر والے سوالات کے جواب

1۔ 1.1۔ آئین اصول وضوابط کا وہ مجموعہ ہے جس کے مطابق کسی ملک کا نظام چلایا جاتا ہے۔

1.2۔ آئین میں قانون بنانے کا کام مقنّنہ کو دیا گیا ہے۔

1.3۔ آئین کی وجہ سے سماج کو ایک مجموعی اکائی کے طور پر پہچان ملتی ہے۔

1.4۔ ہندوستان کا آئین 26نومبر 1949 کو بنا۔

2۔ 2.1۔ آئین ساز اسمبلی کے کام کاج کا طریقہ نہایت جمہوری تھا۔

2.2۔ ہاں آئین ساز اسمبلی تمام طبقات کی نمائندگی کر رہی تھی۔ کیونکہ اس میں طبقات فرقوں اور نظریات کے نمائندے شامل تھے۔

2.3۔ آئین ساز اسمبلی کی مقبولیت کی بنیاد یہ تھی کہ فلاح عامہ کے لیے کام کر رہی تھی اور پورے ملک کے مفاد کو دھیان میں رکھ کر آئین ساز اسمبلی نے اپنے کام کو آگے بڑھایا۔

2.4۔ آئین ساز اسمبلی میں آپسی اختلافات کو آخری بحث ومباحثہ کے ذریعے حل کیا گیا.

## پانچ نمبر والے سوالات کے جواب

کارٹون 1.1۔ پنڈت جواہر لعل نہرو۔

1.2۔ مغربی نظریات کے حامی اور ہندوستانی تہذیب کے حامی یعنی مشرقی لوگ۔

1.3۔ دونوں میں تال میل قائم کرنا۔

## چھ نمبر والے سوالوں کے جوابات

1۔ (i) مہذب سماج میں آزادی، مساوات، انصاف جیسی اقدار آئین میں عطا کی جاتی ہیں۔

(ii) آئین ہی سماج میں تال میل اور امداد باہمی کو یقینی بناتا ہے۔

2۔ (i) برطانوی مجلس وزراء کی کمیٹی۔ کیبنٹ مشن پلان۔

(ii) ممبران کا انتخاب۔ برطانوی علاقوں سے (292)+ دیسی ریاستوں سے(93)+ چیف کمشنروں سے (4)=389 ممبران

(ii) سبھی پروونسز سے تینوں مخصوص فرقوں یعنی مسلم سکھ اور اور عام میں بانٹا گیا ہے۔

(iv) پروونسز کی قانون ساز اسمبلیوں میں سبھی فرقوں کے ممبران نے اپنے نمائندے چنے۔

(v) ایسی ریاستوں کے نمائندے ان سے صلاح مشورہ کر کے منتخب ہوئے۔

3۔ ایسی آئینی خصوصیات جو ہندوستان کو خاص بناتی ہیں۔

(i) عوامی نمائندوں کے ذریعے بنایا گیا تحریری اور مکمل آئین۔

(ii) مکمل اقتدار اعلی، جمہوری، سماجوادی، سیکولر عوامی جمہوریہ کی تشکیل کرنے والا آئین۔

(iii) شہریوں کو بنیادی حقوق کے ساتھ ساتھ بنیادی فرائض کی بھی یاد دلاتا ہے۔

(iv) آزاد عدلیہ۔

(v) پارلیمانی نظام حکومت۔

(vi) ریاستی پالیسی کے رہنما اصول۔

ہندوستانی آئین ٹھوس اور لچکدار کا امتزاج ہے۔ نظریاتی طور پر ہندوستان کا آئین ٹھوس ہے۔ دفعہ 368 کے مطابق کچھ معاملات میں ترمیم کے لیے پارلیمنٹ کے ممبران کے دو تہائی اکثریت اور کم سے کم آدھی ریاستوں کی اسمبلیوں کی حمایت ضروری ہے (مخصوص اکثریت)

4۔ **انصاف:-** سماجی، اقتصادی اور سیاسی انصاف مہیا کرانا۔

**آزادی:-** اظہار خیال، عقیدہ، مذہب اور عبادت کی آزادی۔

**مساوات:-** حیثیت اور مواقع کی مساوات۔

**بھائی چارہ:-** ملک کے ہر شہری کے بیچ آپسی پیار کا جذبہ پیدا کرنا۔

**مذہبی رواداری:-** سبھی مذہبی خیالات والے شہریوں کو مذہب کو ماننے کی آزادی۔

**سماج وادی:-** حکومت کا مقصد زیادہ سے زیادہ فلاح عامہ، سماجی فلاح کے کام کرنا ہو۔

5۔ ہندوستانی آئین ایک گلدستہ کی مانند ہے اس گلدستہ میں مختلف ممالک کی آئینی خصوصیات پھولوں کی مانند شامل ہیں۔ مختلف ممالک کی اچھی باتوں کو آئین میں شامل کیا گیا ہے۔

یا

اصولوں کو اگر ٹوکرے کے روپ میں دیکھے تو ٹوکرے میں مختلف چیزیں ہوتی ہیں۔ اسی طرح ہندوستانی آئین کے ٹوکرے میں برطانیہ، امریکہ، آئرلینڈ، کناڈا، آسٹریلیا وغیرہ کی آئینی خصوصیات کا ذکر ملتا ہے۔ اسے ہم ادھار لی گئی اشیاء کے روپ میں دیکھتے ہیں۔ یہ مندرجہ ذیل بنیادوں پر دیکھی جاسکتی ہیں۔

1۔ ضروریات کے مطابق

2۔ حالات کے مطابق

3۔ امیدوں اور خواہشات کے مطابق۔

# انتخاب اور نمائندگی ۔(ذہنی نقشہ Mind Map)

## الیکشن کمیشن کے کام

1) آزاد اور غیر جانبدار انتخاب کروانا۔
2) ماڈل ضابطہ اخلاق کو جاری کرنا۔
3) سیاسی جماعتوں کا رجسٹریشن کرنا اور انہیں انتخابی نشان دینا۔
4) الیکشن کے دوران امیدواروں کے خرچ کی حد طے کرنا۔

## الیکشن کمیشن کی ساخت

1) ایک چیف الیکشن کمیشنر+ دو الیکشن کمیشنرز

↓

ان کا تقرر صدر کے ذریعے

↓

پارلیمنٹ کے ذریعے عہدے سے ہٹایا جاسکتا ہے۔

## انتخابی نظام

### تناسبی نظام

1) ووٹر پارٹی کو ووٹ دیتا ہے۔اور جغرافیائی خطہ بڑا ہوتا ہے۔
2) ایک انتخابی حلقہ سے ایک سے زیادہ ممبران کا انتخاب کیا جاسکتا ہے۔مثال:-اسرائیل اور نیدرلینڈز۔

### FPPS(زیادہ ووٹ حاصل کرنے والا منتخب)

1) ایک علاقے سے ایک ہی امیدوار کا انتخاب
2) ووٹر ایک ہی امیدوار کو ووٹ دیتا ہے۔
3) ملک چھوٹے چھوٹے انتخابی حلقوں میں تقسیم کیے جاتے ہیں۔مثال:۔ ہندوستان اور برطانیہ(U K)

# باب-3

# چناؤ اور نماندگی

## سبق کے اہم نکات:

| | |
|---|---|
| **نمائندہ** | چناؤ نظام کے ذریعےعوام جس شخص کا انتخاب کر کے پارلیمنٹ یا ودھان سبھا میں پہنچاتی ہے اس شخص کو عوام کا نمائندہ کہتے ہیں۔ |

**ہم نمائندہ منتخب کیوں کرتے ہیں۔** بڑی آبادی اور بڑے رقبے کی وجہ سے قانون بناتے وقت یا فیصلہ لیتے وقت سبھی شہری براہ راست حصہ نہیں لے سکتے اس لیے نمائندوں کا انتخاب کرتی ہے۔


**جمہوریت کے اقسام**

- براہ راست جمہوریت میں شہری روزمرہ کے فیصلوں اور حکومت چلانے میں سیدھے حصہ لیتے ہیں۔ ہاتھ اٹھا کر۔ مثلاً۔ قدیم یونان۔ گرام سبھا
- بلا واسطہ جمہوریت۔ عوام اپنے نمائندے منتخب کر کے حکومت کی کارکردگی میں حصہ لیتے ہیں۔ مثلاً۔ ہندوستان۔ برطانیہ

| | |
|---|---|
| **انتخاب** | عوام جس طریقے سے اپنے نمائندوں کو منتخب کرتی ہے اسے انتخاب کہتے ہیں۔ |

**انتخاب اور جمہوریت:۔** انتخاب اور جمہوریت دونوں ایک ہی سکّے کے دو پہلو ہیں۔ انتخاب کے بغیر جمہوریت نامکمل ہے اور جمہوریت کا انتخاب کے بغیر کوئی اہمیت نہیں ہے۔

**ہندوستان میں انتخابی نظام:۔** ہندوستان کے آئین میں انتخاب کرانے کے نظام کی وضاحت کی گئی ہے اس کے لیے الیکشن کمیشن کی تشکیل اور متالقہ اصولوں وضابطوں کی تفصیل بیان کی گئی ہے الیکشن کمیشن کا کام۔ انتخاب لڑنے کی اہلیت۔ ووٹر کی اہلیت۔ گنتی کا طریقہ کار بیان کیا گیا ہے۔




| | |
|---|---|
| **انتخابی کمیشن** | ہندوستانی آئین کے آرٹیکل 324 کے مطابق ہندوستان کا آزادلیکشن کمیشن ہوگا جس میں 3 ممبران ایک چیف الیکشن کمشنر اور دو الیکشن کمشنر ہونگے۔ ہندوستان کے پہلے الیکشن کمشنر جناب سوکمار سین تھے |

| | |
|---|---|
| **سب سے زیادہ ووٹوں سے کامیابی کا نظام :** | یہ نظام ہندوستان میں برطانیہ سے لیا گیا ہے اس میں پورے ملک کو چھوٹی چھوٹی جغرافیائی اکائیوں میں تقسیم کر دیا جاتا ہے جس کو انتخابی حلقہ کہتے ہیں ہر انتخابی حلقے سے ایک نمائندہ فاتح ہوتا ہے اس میں سب سے زیادہ ووٹ حاصل کرنے والا شخص ہی فاتح ہوتا ہے۔ |

**متناسب نمائندگی نظام:** اس نظام میں ہر ایک سیاسی پارٹی الیکشن سے پہلے اپنے نمائندوں کی ایک فہرست جاری کر دیتی ہے اور اپنے ہی نمائندوں کو اس فہرست سے منتخب کر لیتی ہے۔ جتنی سیٹوں کا ریزرویشن اسے دیا جاتا ہے چناؤ کے اس نظام کو متناسب نمائندگی نظام کہتے ہیں۔ اس نظام میں کسی سیاسی پارٹی کو اتنی ہی فیصد سیٹیں ملتی ہیں جتنے فیصد اسے ووٹ ملے ہیں۔ اس نظام میں ووٹر نمائندے کو نہیں بلکہ سیاسی جماعت کو ووٹ دیتا ہے۔ متناسب نمائندگی کا نظام دو طرح کا ہوتا ہے۔ جیسے اسرائیل اور نیدرلینڈ میں پورے ملک کو ایک انتخابی حلقہ مانا جاتا ہے اور ہر ایک پارٹی کو قومی الیکشن میں حاصل ہونے والے ووٹوں کے تناسب میں سیٹیں دی جاتی ہیں۔ دوسری قسم ارجنٹائنا اور پرتگال میں نافذ ہیں جہاں پورے ملک کو کثیر امیدواروں کے انتخابی حلقوں میں تقسیم کر دیا جاتا ہے۔

## ہندوستان میں سب سے زیادہ ووٹ حاصل کر جیت کے نظام کو کیوں اختیار کیا گیا

(1) یہ نظام آسان ہے

(2) چناؤ کے وقت رائے دہندگان کے پاس واضح انتخاب کا موقع ہوتا ہے

(3) یہ نظام ہندوستان جیسے بڑی آبادی والے ملک کے لیے موزوں ہیں


(4) رائے دہندگان امیدوار کو ذاتی طور پر جانتے ہیں۔ یہ موقع دوسرے نظام میں نہیں ہے

**انتخابی حلقوں کا ریزرویشن:** ہندوستانی آئین کے ذریعے پارلیمنٹ یا ریاستی اسمبلی میں تمام طبقوں کو مساوی نمائندگی دینے کی کوشش میں حلقوں کا ریزرویشن نظام کو اپنایا گیا ہے۔ اس نظام کے تحت سبھی طبقات کے ووٹر ووٹ دیتے ہیں۔ لیکن امیدوار صرف اسی سماجی معاشرہ سے ہوگا جس کے ریزرویشن کا نظام کیا گیا ہے۔ شروع میں یہ نظام صرف 10 سال کے لیے تھا۔ لیکن اب اسے بڑھا کر 2030 تک کر دیا گیا ہے۔ لوک سبھا کی 543 نشستوں میں سے 84 شیڈول ذات کے لیے اور 47 شیڈول ٹرائب کے لیے مخصوص ہیں۔ انتخابی حلقوں کا تحفظ سفارشات پر مبنی ہے۔ حد بندی کمیشن کی شفارش کی بنیاد پر کیا جاتا ہے۔ جس کی تشکیل صدر کرتا ہے۔

| | |
|---|---|
| **بالغ حق رائے دھندگی** | جمہوری انتخابات میں مذہب، ذات، جنس کی بنیاد پر بغیر تفریق کیے 18 سال کی عمر سے زیادہ ملک کے سبھی شہریوں کو ووٹ دینے کا حق ہے۔ |

| | |
|---|---|
| **خصوصی اکثریت** | حاضر اور ووٹ کرنے والے ممبروں کی دو تہائی اکثریت اور ایوان کی کل ممبروں کی عام اکثریت |

**انتخابی اصلاحات:۔** انتخاب کا کوئی بھی نظام ایسا نہیں جس میں کوئی خامی نہ ہو۔ ہر نظام میں کچھ نہ کچھ خامی ضرور ہوتی ہے جمہوری سماج کو اپنے الیکشن کو زیادہ سے زیادہ آزادانہ اور منصفانہ بنانے کی کوشش کرنی پڑتی ہے۔ اس کو انتخابی اصلاحات کہتے ہیں جیسے ہندوستان میں مجرم لوگوں کو الیکشن لڑنے پر پابندی عائد کی گئی ہے۔




## سوالات (ایک نمبر والے)

1۔ براہ راست جمہوریت سے کیا مراد ہے؟

2۔ بلواسطہ جمہوریت سے کیا مراد ہے؟

3۔ انتخاب کسے کہتے ہیں؟

4۔ رائے دہندگان سے کیا مراد ہے؟

5۔ ووٹر لسٹ کون تیار کرتا ہے؟

6۔ الیکشن آزاد اور منصفانہ کرانا......................کی ذمہ داری ہے

7۔ جب پانچ سال بعد چناؤ ہوتے ہیں اسے......................کہتے ہیں

8۔ 18 سال سے زیادہ کا ہر ایک شخص جب ووٹ کرتا ہے تو اسے..................کہتے ہیں

9۔ لوک سبھا یا ریاستی اسمبلی میں الیکشن لڑنے کی عمر کم سے کم......................ہوتی ہے

10۔ آرٹیکل (1)324 کے ذریعے ہندوستان..................قائم کیا گیا

مندرجہ ذیل جملوں کی صحیح یا غلط کی پہچان کیجیے۔

11۔ متناسب نمائندگی نظام کو کثیر جماعتی نظام بھی کہتے ہیں

12۔ انتخابی کالج کے نظام میں ایک ہی برادری کے لوگ اس امیدوار کو ووٹ دیتے ہیں جس کا امیدوار الیکشن میں کھڑا ہوتا ہے۔

13۔ الیکشن میں انتخابی حلقوں کی حد۔ حد بندی کمیشن طے کرتا ہے

14۔ ہندوستان میں الیکشن کمیشن کی تقرری وزیراعظم کرتا ہے؟

15۔ ہندوستان میں راجیہ سبھا کے چناؤ میں متناسب نمائندگی نظام کو اپنایا گیا ہے۔

## MCQ پر مبنی سوالات

16۔ ہندوستان میں براہ راست جمہوریت کی مثالیں ہیں

(a) دوھان سبھا (b) پارلیمنٹ (c) گرام سبھا (d) نگرنگم

17۔ مندرجہ ذیل میں کس ملک نے متناسب نمائندگی اختیار کی ہے

(a) ہندوستان (b) برطانیہ (c) امریکہ (d) اسرائیل

18۔ لوک سبھا میں کل کتنی نشستیں ریزرو ہیں

(a) 131 (b) 84 (c) 47 (d) 125

19۔ ووٹ ڈالنے کی عمر 21 سے کم کر کے 18 سال کب کی گئی

(a) 1984 (b) 1989 (c) 1991 (d) 1995

20۔ ہندوستان میں انتخابات لڑنے کی اہلیت کس بنیاد پر طے کی گئی

(a) عمر (b) آمدنی (c) جنس (d) تعلیم

21۔ ہندوستان میں کس انتخاب میں تناسبی نمائندگی کا نظام لاگو ہے؟

(a) لوک سبھا انتخاب (b) راجیہ سبھا انتخاب

(c) صوبائی اسمبلی انتخاب (d) مقام اداروں کا انتخاب

22۔ ہندوستان میں چیف الیکشن کمشنر کا تقرر کون کرتا ہے؟

(a) وزیراعظم (b) لوک سبھا

(c) راجیہ سبھا (d) صدر

23۔ ہندوستان میں آزاداور غیر جانبدار انتخاب کو کون یقینی بناتا ہے؟

(a) سپریم کورٹ (b) ہائی کورٹ

(c) الیکشن کمیشن (d) پارلیمنٹ

24۔ ووٹ کا حق ...................... ہے۔

(a) قانونی حق (b) بنیادی حق

(c) آئینی حق (d) مندرجہ بالا کوئی نہیں

25۔ انتخابی تنازعات کو کہاں چیلنج کیا جاسکتا ہے؟

(a) پارلیمنٹ (b) الیکشن کمیشن

(c) صدر (d) ہائی کورٹ

26۔ قول:- الیکشن کمشنر بغیر کسی دباؤ کے کام کرتا ہے۔

وجہ:- الیکشن کمشنر کو اس کے عہدے سے صرف پارلیمنٹ ہی برطرف کرسکتی ہے۔

(A) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں اور وجہ قول کی صحیح وضاحت ہے۔

(B) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں مگر وجہ قول کی صحیح وضاحت نہیں ہے۔

(C) قول صحیح ہے لیکن وجہ غلط ہے۔

(D) قول غلط ہے لیکن وجہ صحیح ہے۔

27:- قول:- ہندوستان کے لوگ اپنے وزیر اعظم کو سیدھے طور پر چنتے ہیں۔

وجہ:- ہندوستان کے وزیر اعظم کا تقرر ہندوستان کے صدر کے ذریعے کیا جاتا ہے۔

(A) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں اور وجہ قول کی صحیح وضاحت ہے۔

(B) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں مگر وجہ قول کی صحیح وضاحت نہیں ہے۔

(C) قول صحیح ہے لیکن وجہ غلط ہے۔

(D) قول غلط ہے لیکن وجہ صحیح ہے۔

## مندرجہ ذیل سوالات کے جواب 20 لفظوں میں دیجئے

1۔ ہندوستان کے سب سے پہلے الیکشن کمیشنر کون تھے؟

2۔ خصوصی اکثریت کا کیا مطلب ہے؟

3۔ سیاسی جماعتوں کو چناؤ نشان کون دیتا ہے؟

4۔ راجیہ سبھا چناؤ میں کون سا چناوی نظام اپنایا جاتا ہے؟

5۔ ہندوستان میں موجودہ چیف الیکشن کمشنر کون ہیں؟

6۔ بلاواسط اور بلواسطہ جمہوریت کے دو فرق بیان کریں۔

7۔ FPPS کے کیا معنی ہیں؟

8۔ تناسبی نمائندگی کسے کہتے ہیں؟

9۔ خفیہ بیلٹ نظام سے کیا مراد ہے؟

10۔ ریزرو انتخابی حلقہ سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

11۔ کسی انتخابی نظام کی کامیابی کے دو عناصر کون سے ہیں؟

12۔ حد بندی کمیشن سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ اس کی تشکیل کون کرتا ہے؟

13۔ ہندوستانی انتخابی نظام کی خامیاں لکھیے۔

## چار نمبر والے سوالات

1۔ سب سے زیادہ ووٹ پانے والے کی جیت اور تناسبی نمائندگی نظام میں چار فرق بتائیے۔

2۔ حق بالغ رائے دہی کی چار اہمیت بیان کریں۔

3۔ ہندوستانی الیکشن کمیشن کے چار کام بیان کریں۔

4۔ قدیم یونانی شہری ریاستوں میں رائج بلا واسطہ جمہوری نظام کو سمجھائیے۔


5۔ لوک سبھا اور صوبائی اسمبلی کے ممبر بننے کے لیے آئین میں کون کون سی اہلیتوں کا ذکر کیا گیا ہے۔

6۔ جمہوریت میں انتخاب کی اہمیت پر ایک نوٹ لکھیئے۔

7۔ علیحدہ انتخابی خطہ اور ریزور انتخابی حلقوں کے بیچ فرق واضح کریں۔

## پانچ نمبر والے سوال

1۔ مندرجہ ذیل کارٹون کو دھیان سے دیکھیے اور پوچھے گئے سوالات کے جواب دیں۔




(A) کارٹون میں ہاتھی کس مسئلہ کی جانب اشارہ کرتا نظر آ رہا ہے؟

(B) ہاتھی کی دم کو کھینچنا کس جانب اشارہ کر رہا ہے؟

(C) ہاتھی کی دم کھینچنے والے لیڈر کا نام لکھیے۔

(D) حق بالغ رائے دہی سے آپ کیا سمجھتے ہیں۔

## چھہ نمبر والے سوالات

1۔ ہندوستانی انتخابی نظام میں سدھار کی چھہ تجاویز بتائیے۔

2۔ ہندوستان میں چیف الیکشن کمیشنر کے انتخاب کے طریقہ کار کو سمجھاتے ہوئے اس کے مختلف کاموں کا ذکر کریں۔

3۔ ہندوستان میں انتخابی مراحل کو مفّصل بیان کریں۔

4۔ ہندوستان میں انتخابی نظام کی اہم خصوصیات پر روشنی ڈالئے۔

5۔ "انتخاب اور جمہوریت ایک ہی سکّہ کے دو پہلو ہیں"۔اس قول کو سمجھاتے ہوئے جمہوریت میں انتخاب کی اہمیت کو سمجھائیے۔

## جوابات

1۔ ایسے اقتدار کا نظام جس میں شہری حکومت کے فیصلوں میں سیدھے حصہ لیتے ہیں۔

2۔ ایسے اقتدار کا نظام جس میں شہری اپنے امیدوار کو منتخب کر کے بھیجتے ہیں اور وہ عوام کے نام پر فیصلے لیتے ہیں۔

3۔ عوام جس نظام کے ذریعے اپنے نمائندہ کو منتخب کرتے ہیں اسے چناؤ یا الیکشن کہتے ہیں۔

4۔ 18 سال سے زیادہ عمر کے شخص کو چناؤ میں ووٹ دینے کا حق ہے۔

5۔ الیکشن کمیشن

6۔ الیکشن کمیشن

7۔ عام چناؤ

8۔ بالغ حق رائے دہی

9۔ 25

10۔ الیکشن کمیشن

11۔ غلط

12۔ غلط

13۔ صحیح

14۔ غلط

15۔ صحیح

16۔ (C) گرام سبھا

17۔ (D) اسرائیل

18۔ (A) 131

19۔ (B) 1989

20۔ (A) عمر

21۔ (B) راجیہ سبھا انتخاب۔

22۔ (D) صدر۔

23۔ (C) ہندوستان کا الیکشن کمیشن۔

24۔ (C) آئینی حق۔

25۔ (D) ہائی کورٹ۔

26۔ (A) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں اور وجہ قول کی صحیح وضاحت ہے۔

27۔ (D) قول غلط اور وجہ صحیح ہے۔

## 20 الفاظ والے سوالات

1۔ سکمار سین

2۔ کل تعداد کی اکثریت اور حاضر الیکشن میں حصہ لینے والے ممبروں کی دو تہائی اکثریت

3۔ الیکشن کمیشن

4۔ متناسب نمائندگی

5۔ راجیو کمار

6۔ i۔ **بلاواسطہ جمہوریت:۔** میں عوام سیدھے طور پر حصہ لیتے ہیں جبکہ بالواسطہ جمہوریت میں عوام کے ذریعے منتخب نمائندے حصہ لیتے ہیں۔

ii۔ بلاواسطہ جمہوریت میں ہر شخص اپنے آپ کو حکومت مانتا ہے جب کہ بالواسطہ میں عوامی نمائندے اپنے آپ کو حکومت مانتے ہیں۔

7۔ اس انتخابی نظام کا مطلب ہے کہ امیدوار انتخابی مقابلے میں دیگر امیدواروں کے مقابلے میں سب سے آگے نکل جاتے ہیں اور منتخب قرار دیئے جاتے ہیں۔

8۔ اس انتخابی نظام میں کسی سیاسی جماعت کو اتنے فیصد ہی سیٹیں ملتی ہیں جتنے فیصلے اسے ووٹ حاصل ہوتے ہیں۔ اس کی دو اقسام ہوتی ہیں جیسے کہیں پورے ملک کو ایک ہی انتخابی حلقہ مانا جاتا ہے جیسے اسرائیل اور نیدرلینڈز اور کہیں پورے ملک کو کثیر ممبر انتخابی حلقہ میں بانٹ دیا جاتا ہے۔

9۔ بالواسطہ جمہوریت نظام میں نمائندوں کے انتخاب کروانے کا نظام خفیہ بیلٹ کے تحت ہوتا ہے۔ اس میں ووٹر کے علاوہ کسی کو پتہ نہیں ہوتا کہ کس کو ووٹ دیا گیا ہے۔

10۔ آئین میں یہ انتظام کیا گیا ہے کہ اقلیتوں یا نچلے طبقہ کے عوامی نمائندے بھی پارلیمنٹ میں پہنچ سکیں۔ ان کی موجودگی کو یقینی بنانے کے لیے حد بندی کمیشن وقتاً فوقتاً مخصوص طبقوں اور خواتین کے لیے سیٹیں ریزرو کر دیتا ہے۔ اسے ریزرو حلقہ کہا جاتا ہے۔

11۔ (i) آزادانہ انتخاب

(ii) غیر جانب دار شفاف انتخاب

12۔ ہندوستان میں الیکشن کمیشن کے ساتھ کام کرنے والا ادارہ جو انتخابی حلقوں کی حدود طے کرتی ہے اور ریزرو حلقوں کو طے کرتی ہے۔ حد بندی کمیشن کہلاتی ہے۔ اس کی تشکیل صدر کے ذریعے کی جاتی ہے۔

13۔ جواب کے لئے اہم نکات کو دیکھیں۔

## چار نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ فرق

| سب سے زیادہ ووٹ پانے والے کی جیت۔(FPPS) | تناسبی نمائندگی |
|---|---|
| (i) ملک کو چھوٹے چھوٹے انتخابی حلقوں میں بانٹ دیتے ہیں | (i) پورا ملک ایک انتخابی حلقہ ہوتا ہے۔ |
| (ii) ہر انتخابی حلقہ سے ایک ہی نمائندہ منتخب ہوتا ہے۔ | (ii) ایک سے زیادہ نمائندے منتخب ہوتے ہیں۔ |
| (iii) ووٹر امیدوار کو ووٹ دیتا ہے۔ | (iii) ووٹر پارٹی کو ووٹ دیتا ہے۔ |
| (iv) امیدوار کو ووٹر ذاتی طور پر جانتے ہیں۔ | (iv) اس میں ووٹر پارٹی کو خفیہ ووٹ سسٹم کے تحت ووٹ دیتے ہیں اس لیے امیدوار کو نہیں جانتے دے۔ |

2۔ (i) حق بالغ رائے دہی سے عوامی اقتدار اعلیٰ کا نظریہ نافذ ہوتا ہے۔

(ii) یہ جمہوری اقدار کے عین مطابق ہے۔

(iii) انفرادی ترقی کے لئے نہایت ضروری ہے۔

(iv) اس سے سیاسی بیداری آتی ہے۔

3۔ (i) ووٹرلسٹ تیار کرنا۔

(ii) انتخاب کی تاریخیں طے کرنا۔

(iii) انتخاب کروانا اور نگرانی رکھنا۔

(iv) انتخاب کے نتائج کا اعلان کرنا۔

4۔ شہری ریاست کے سبھی لوگ ایک کھلے علاقے میں جمع ہوتے اور اپنے نمائندے کو ہاتھ اٹھا کر منتخب کرتے اور روزمرہ کے سرکاری فیصلوں کے لئے ہاتھ اٹھا کر سیدھے طور پر عوام سے منظوری حاصل کرتے تھے اسے جمہوری نظام کہتے ہیں۔

5۔ (i) ہندوستان کا شہری ہو۔

(ii) 25 سال سے کم عمر نہ ہو.

(iii) کسی نفع بخش عہدے پر فائز نہ ہو۔

(iv) پاگل یا دیوالیہ نہ ہو۔

(v) مجرم صفت یا سزا یافتہ نہ ہو۔

6۔ جمہوریت میں انتخابات کی بہت اہمیت ہے انتخاب اور جمہوریت ایک سکّے کے دو پہلو ہیں۔ آج دنیا میں سو سے زیادہ ممالک میں جمہوریت ہے۔ جہاں جمہوریت ہے وہ عوامی نمائندے کو جیتنے کے لئے انتخابی نظام کو اپنایا جاتا ہے۔

7۔ علیحدہ انتخابی خطہ میں ایک مخصوص طبقہ کے امیدواروں کے انتخاب میں صرف اسی طبقہ کے لوگ ووٹ ڈال سکتے ہیں۔

**محفوظ (ریزرو) انتخابی حلقہ:-** میں سبھی ووٹرز سے ووٹ تو ڈالتے ہیں لیکن امیدوار اسی طبقہ کا ہوگا جس کے لیے وہ سیٹ ریزرو ہے۔

## پانچ نمبر والے سوال کا جواب

1۔ (A) پہلے انتخاب میں ناتجربہ کار اور بڑی تعداد میں ووٹرز کو کنٹرول کر کے کامیاب انتخاب کروانا۔

(B) غیر کنٹرول ووٹرز کو انتخاب میں ووٹنگ کے لیے تیار کرنے کی کوشش۔

(C) پنڈت جواہر لعل نہرو

(D) 18 سال کی عمر کے سبھی شہریوں کو بلا کسی تفریق کے ووٹ کا حق دینا۔

## چھ نمبر والے سوالوں کے جوابات

1۔ انتخابی اصطلاحات

(i) سب سے زیادہ ووٹ حاصل کرنے والے امیدوار کو جیتا ہوا قرار دینے والے سسٹم کی جگہ تناسبی نمائندگی کے نظام کو اپنانا۔

(ii) پارلیمنٹ اور اسمبلیوں میں 1/3 سیٹیں عورتوں کے لئے ریزرو کرنا۔

(iii) انتخابات میں دولت کے اثر کو کنٹرول کرنا۔

(iv) فوجداری مقدّمات والوں کی امیدواری کو رد کرنا۔

(v) انتخابی تشہیر میں ذات اور مذہب کے استعمال پر پابندی ہو۔

(vi) سیاسی جماعتوں میں شفافیت اور جمہوریت ہو۔

2۔ چیف الیکشن کمیشنر کی تقرری صدر کے ذریعہ ہوتی ہے۔ اس کی مدت چھ سال یا 65 سال کی عمر تک ہوتی ہے۔ تنخواہ سپریم کورٹ کے ججوں کے برابر ہوتی ہے۔

کام:- (i) ووٹر لسٹ تیار کرنا

(ii) انتخابی عمل کو طے کرنا۔

(iii) آزادانہ اور غیر جانبدارانہ انتخاب کروانا۔

(iv) قومی اور علاقائی (صوبائی) جماعتوں کو منظوری دینا.

(v) انتخابات پر نظر رکھنا۔

(vi) صدر۔ نائب صدر کا انتخاب کروانا۔

3۔ انتخابی مراحل:-

۔ (i) الیکشن کمیشن کے ذریعے الیکشن کا اعلان کرنا۔

۔ (ii) انتخابات کی تاریخ، فارم جمع کرنے اور نام واپس لینے کی تاریخ کا اعلان کرنا

۔ (iii) انتخابی تشہیر پر نظر رکھنا۔ طے شدہ تاریخ پر آزادانہ اور غیر جانبدارانہ انتخابات کرانا، ووٹوں کی گنتی کروانا اور نتائج کا اعلان کرنا۔ انتخابی عملہ کا تقرر کرنا اور پولنگ بوتھ بنوانا وغیرہ۔

4۔ انتخابی نظام کی خصوصیات

ہندوستان میں سب سے زیادہ ووٹ حاصل کرنے والے کی جیت نظام کو اپنانا اس کی خصوصیات مندرجہ ذیل ہیں۔

(i) یہ آسان ہے۔

(ii) اس میں نمائندے عوام کے تئیں جوابدہ ہوتے ہیں۔

(iii) ووٹر اور نمائندے کا سیدھا رابطہ ہوتا ہے۔

(iv) یہ نظام علاقائی نمائندہ جمہوریت کے نظریے پر مبنی ہے۔

(v) کم خرچیلا ہے۔

(vi) اس نظام سے قومی اتحاد کو مضبوطی ملتی ہے۔


5۔ جمہوریت میں انتخابات کی اہمیت:

(i) نمائندے الیکشن جیت کر حکومت میں عوامی حصہ داری کو یقینی بناتے ہیں۔

(ii) منتخب نمائندہ رائے عامہ کے مطابق کام کرتا ہے۔

(iii) اس نظام میں عوام میں خوداعتمادی کو فروغ حاصل ہوتا ہے۔

# عاملہ: Executive (ذہنی نقشہ Mind Map)



# باب-4
# مجلس عاملہ

## یاد رکھنے لائق نکات

1۔ مجلس عاملہ حکومت کا وہ عضو (حصّہ ) ہے جو مقنّنہ کے ذریعے منظور شدہ پالیسیوں اور قوانین کا نفاذ اور اس کی نگرانی کا کام کرتا ہے۔

### عاملہ کی قسمیں:

(i) پارلیمانی طرز حکومت

(ii) نیم صدارتی نظام

(iii) صدارتی نظام

2۔ عاملہ: عاملہ میں صرف صدر، وزیراعظم یا وزراء نہیں ہوتے بلکہ اس کے اندر پورا انتظامی ڈھانچہ (سول سروس کے ممبران ) بھی آتے ہیں۔

3۔ سیاسی عاملہ: میں حکومت کے ہیڈ اور اس کے وزراء کو شامل کیا جاتا ہے۔ یہ حکومت کی سبھی پالیسیوں کے جواب دہ ہوتے ہیں۔

4۔ مستقل عاملہ: میں جو لوگ روز روز کے انتظامیہ کے لیے ذمہ دار ہوتے ہیں کو شامل کیا جاتا ہے۔ یہ سول خدمت گار ہوتے ہیں۔

5۔ امریکہ میں صدارتی طرز حکومت: صدر ریاست اور حکومت دونوں کا سربراہ ہوتا ہے۔

6۔ کنیڈا میں پارلیمانی جمہوریت اور آئینی بادشاہت ہے جس میں مہارانی ریاست کی صدر اور وزیراعظم حکومت کا سربراہ ہوتا ہے۔

7۔ فرانس میں صدر اور وزیراعظم: نیم صدراتی طرز حکوت ہے۔ صدر وزیراعظم اور دوسرے وزراء کی تقرری کرتا ہے پر انہیں ہٹا نہیں سکتا کیوں کہ پارلیمنٹ کو جواب دہ ہوتے ہیں۔

8۔ جاپان میں پارلیمانی طرز حکومت ہے جس میں بادشاہ ملک کا اور وزیراعظم حکومت کا سربراہ ہوتا ہے۔

9۔ اٹلی میں پارلیمانی نظام ہے۔جس میں صدر ملک کا اور وزیراعظم حکومت کا سربراہ ہوتا ہے۔

10۔ روس میں ایک نیم صدارتی نظام ہے جس میں صدر ملک کا سربراہ ہوتا ہے اور صدر کے ذریعے مقرر وزیراعظم حکومت کا سربراہ ہوتا ہے۔

11۔ جرمنی میں ایک پارلیمانی نظام ہے جس میں صدر برائے نام سربراہ ہوتا ہے اور چانسلر حکوت کا سربراہ ہوتا ہے۔

12۔ صدارتی نظام میں صدر ریاست اور حکومت دونوں کا صدر ہوتا ہے اس لیے صدر زیادہ بااختیار ہوتا ہے مثلاً امریکہ اور برازیل

13۔ پارلیمانی نظام میں صدر یا بادشاہ رسمی یا برائے نام کا صدر ہوتا ہے۔حقیقی اختیارات وزیراعظم اور مجلسِ وزرا کے پاس ہوتے ہیں۔جیسے ہندوستان اور برطانیہ۔اس نظام میں ملک کا سربراہ راجا/صدر ہوتا ہے اور سرکار کا سربراہ وزیراعظم ہوتا ہے۔

14۔ نیم صدارتی نظام میں صدر اور وزیراعظم دونوں ہوتے ہیں۔اس نظام میں صدر کو اہم اختیارات حاصل ہیں۔کبھی کبھی یہ دونوں ایک ہی سیاسی جماعت یا مخالف جماعتوں کے بھی ہوسکتے ہیں جن میں اختلاف ہوسکتا ہے۔مثلاً سری لنکا اور فرانس۔

15۔ ہندوستان میں پارلیمانی عاملہ: ہمارے آئین بنانے والے یہ چاہتے تھے کہ حکومت ایسی ہو جو عوام کی آرزؤں کے مطابق کام کرنے والی ہو۔ایسا صرف پارلیمانی عاملہ میں ممکن ہے۔

صدارتی عاملہ میں کیوں کہ صدر کے اختیارات پر زور دیتی ہے۔اس میں شخصی پوجا کا خطرہ بنا رہتا ہے۔آئین ساز ایک ایسی حکومت چاہتے تھے جس میں ایک بااختیار عاملہ تو ہو لیکن ساتھ ساتھ اس میں شخصی پوجا پر بھی روک لگے۔

16۔ پارلیمانی نظام: میں عاملہ عوام کو جواب دہ ہوتی ہے اور کنٹرول کرتی ہے۔اس لیے آئین میں قومی اور ریاستی دونوں ہی سطح پر پارلیمانی عاملہ کے نظام کو قبول کیا گیا۔

17۔ بھارت میں اس نظام میں صدر ہند میں ریاست کا برائے نام سربراہ ہوتا ہے۔وزیراعظم اور مجلس وزرا قومی سطح پر حکومت چلاتے ہیں۔ریاستی سطح پر گورنر، وزیراعلی اور مجلس وزرا مل کر عاملہ بناتے ہیں۔

18۔ برائے نام سربراہ عاملہ کے اختیارات صدر کو دیئے گئے ہیں لیکن مستقل طور سے وزیراعظم اور مجلس وزرا کے ذریعے صدر ان اختیارات کا استعمال کرتا ہے۔صدر پانچ سال کے لیے چنا جاتا ہے وہ بھی براہ راست طریقے سے۔وزرا اور ودھان سبھاؤں کے ممبران کرتے ہیں۔یہ انتخاب متناسب نمائندگی کے ذریعے کیا جاتا ہے۔

19۔ پارلیمنٹ،صدرکوویٹو کے ذریعے اس کے عہدے سے ہٹا سکتی ہے۔ویٹوصرف آئین کی مخالفت کرنے پر لگایا جاسکتا ہے

20۔ **صدر کی طاقتیں اور اختیارات:** برائے نام سربراہ: صدر کو ویسے تو بہت سی قانونی، عاملہ اور ایمرجنسی کے اختیارات حاصل ہیں لیکن اس سبھی طاقتوں کا استعمال وہ مجلس وزرا کی صلاح پر کرتا ہے۔

صدر کے قانونی اختیارات: آئینی طور سے صدر کو سبھی اہم مدّعوں اور مجلس وزرا کے کام کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کا حق حاصل ہے۔صدر کے خاص اختیارات حسب ذیل ہیں:

## صدر کے خصوصی اختیارات

(i) پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں دوبارہ غور کرنے کے لیے واپس بھیج سکتا ہے۔

(ii) ویٹو کی طاقت کا استعمال کر کے پارلیمنٹ کے ذریعے پاس کے گئے بل کو منظوری دینے میں دیری

(iii) پارلیمنٹ میں اکثریت حاصل نہ ہونے پر وزیراعظم کون بنے گا یہ فیصلہ لینے کا حق صدر کو حاصل ہے۔

- **آخر صدر کے عہدے کی کیا ضرورت ہے:** پارلیمانی نظام میں اکثریت نہ رہنے پر وزراء کی کونسل کو کبھی بھی ہٹایا جاسکتا ہے۔ایسے میں ایک ایسے قومی سربراہ کی ضرورت پڑتی ہے جس کی مدّت مستقل ہو۔ جو علامتی طور سے پورے ملک کی رہنمائی کر سکے۔

- **ہندوستان کا نائب صدر:** پانچ سال کے لیے منتخب ہوتا ہے۔جس طرح سے صدر جمہوریہ کو منتخب کیا جاتا ہے وہ راجیہ سبھا کا سربراہ ہوتا ہے۔صدر کے انتقال، استعفیٰ دینے، عہدے سے ہٹائے جانے یا کسی اور وجہ سے عہدہ خالی ہونے پر وہ صدر جمہوریہ کی جگہ کام کرتا ہے۔

- **وزیراعظم اور مجلس وزرا:**۔ وزیراعظم لوک سبھا میں اکثریت حاصل کرنے والی جماعت کا سربراہ ہوتا ہے جیسے ہی وہ اکثریت کھو دیتا ہے اسے اپنا عہدہ چھوڑنا ہوتا ہے۔

- **وزیراعظم مجلس وزرا کا سربراہ:** وہ یہ طے کرتا ہے کہ اس کی مجلس وزرا میں کون لوگ ہوں گے۔وزیراعظم ہی مختلف وزرا میں عہدے اور وزارتوں کی تقسیم کرتا ہے۔اسی وجہ سے وہ مجلس وزرا کا سربراہ ہوتا ہے۔

- **پارلیمنٹ کا ممبر ہونا ضروری:** وزیراعظم اور سبھی وزرا کے لیے پارلیمنٹ کا ممبر ہونا ضروری ہے۔ پارلیمنٹ کا ممبر ہوئے بنا اگر کوئی شخص وزیر یا وزیراعظم بن جاتا ہے تو اسے چھ مہینے کے اندر پارلیمنٹ (کسی بھی ایوان) کے ممبر کی شکل میں منتخب ہونا ضروری ہے۔

- **وزرا کی کونسل میں کتنے ممبران ہونے چاہئیں:** آئین کے 91ویں ترمیم کے ذریعہ یہ کہا گیا کہ وزرا کی کونسل کے ممبران لوک سبھا یا ریاستی ودھان سبھا کی کل تعداد کا 15 فی صد سے زیادہ نہیں ہونا چاہیے۔
- **وزرا کی کونسل لوک سبھا کو جواب دہ ہے:** اس کا مطلب ہے جو حکومت لوک سبھا میں اکثریت کھودیتی ہے اسے استعفٰی دینا پڑتا ہے۔ یہ اصول وزرا کی کونسل کی ایکتا کے اصول پر مبنی ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ کسی ایک وزیر کے خلاف کارروائی کی جائے تو پوری مجلس عاملہ کو استعفٰی دینا پڑتا ہے۔
- **وزیراعظم کا مقام مجلس وزرا میں سب سے اعلیٰ:** مجلس وزرا تبھی وجود میں آتی ہے جب وزیراعظم اپنے عہدے کا حلف لیتا ہے۔ وزیراعظم کی موت یا استعفٰی پوری مجلس وزرا کو تحلیل کردیتا ہے۔
- **حکومت وزیراعظم کے اردگرد گھومتی ہے:** وزیراعظم، مجلس وزرا، صدر اور پارلیمنٹ کے درمیان پل کا کام کرتا ہے۔ وہ وفاقی معاملات کے انتظامیہ اور قانون کے بارے میں صدر کو آگاہ کرتا ہے۔
- ہندوستان کو 1919 اور 1935 ایکٹ کے تحت پارلیمانی نظام چلانے کا کافی تجربہ حاصل ہو چکا تھا۔ آئین ہند نے پارلیمانی نظام کو اپنایا کیونکہ عاملہ ہی عوام کے تئیں جواب دہ ہوگی اور اس کے کنٹرول میں بھی رہے گی۔ اس لیے قومی اور ریاستی سطح پر اسے اپنایا گیا۔
- ہندوستان میں حکومت کے حقیقی اختیارات وزیراعظم کے پاس اور رسمی طور پر صدر حکومت کا سربراہ ہوتا ہے۔ صدر کا انتخاب منتخب ایم۔ایل۔اے اور پارلیمنٹ کے ممبران کے ذریعے متناسب نمائندگی، واحد قابل منتقلی ووٹ کے ذریعے 5 سال کے لیے کیا جاتا ہے۔ صدر جمہوریہ کے پاس وسیع تر عاملہ، مقنّنہ، عدلیہ اور ایمرجنسی اختیارات ہوتے ہیں۔ صدر کو کچھ امتیازی اختیارات بھی حاصل ہیں۔ صدر جمہوریہ کے ذریعے ریاستوں کے گورنر کی تقرری کی جاتی ہے۔ ہندوستان کا نائب صدر جمہوریہ راجیہ سبھا کا سربراہ ہوتا ہے۔
- وزیراعظم لوک سبھا میں اکثریتی جماعت کا لیڈر رہوتا ہے۔ اس کا تقرر صدر جمہوریہ کے ذریعے کیا جاتا ہے۔ ممبران کی تعداد کم ہونے پر اسے اپنے عہدے سے استعفٰی دینا پڑتا ہے۔ 1989 سے بہت سے ایسے مواقع آئے جب کسی بھی سیاسی جماعت کو مکمل اکثریت حاصل نہیں ہوئی تب مخلوط حکومت بنی۔ اس نظام میں وزیراعظم کو ثالث کا کردار ادا کرنا پڑتا ہے۔ ریاستوں میں بھی اسی قسم کی جمہوری عاملہ ہوتی ہے۔ وزیراعلیٰ ودھان سبھا میں اکثریتی جماعت کا لیڈر رہوتا ہے۔ ریاستی سطح پر بھی پارلیمانی نظام کے اصول نافذ ہوتے ہیں۔

- حکومت کے لیے سول سروس (شہری خدمات کا عملہ) کے عہدیداروں کی تقرری یونین پبلک سروس کمیشن کرتا ہے۔اسی طرح ریاستوں میں ریاستی پبلک سروس کمیشن ہے۔ یہ افسران ریاستی سطح پر افسر شاہی کی ریڑھ کی ہڈی ہوتے ہیں

- افسر شاہی وہ ذریعہ ہے جس کے توسط سے عوام کی فلاح و بہبود سے متعلق حکومت کی پالیسیاں لوگوں تک پہنچتی ہیں۔

**وزیر اعظم کے اختیارات کے ذرائع**

- الیکشن کے دوران اس کی شخصیت کا اثر
- میڈیا تک پہنچ
- لوک سبھا کی نمائندگی
- مجلس وزرا پر کنٹرول
- دوسرے ملکوں کے سفر کے دوران ایک لیڈر کی شخصیت
- انتظامیہ پر کنٹرول
- بین الاقوامی انجمنوں میں قومی لیڈر کا رول

- مخلوط حکومتوں کی وجہ سے وزیر اعظم کے اختیارات میں کافی تبدیلیاں آ گئی ہیں۔ 1989 سے ہندوستان میں مخلوط حکومتوں کا دور تھا۔ان میں سے کچھ حکومتیں تو لوک سبھا کی پوری مدت تک حکومت میں نہ رہ سکیں۔ ایسے میں وزیر اعظم کا عہدہ اتنا طاقتور نہیں رہا جتنا ایک پارٹی کی اکثریت والی جماعت میں ہوتا ہے۔

- **وزیر اعظم کے اختیارات میں آئی تبدیلیاں:**

(i) وزیر اعظم کے انتخاب میں صدر کی اہمیت بڑھی

(ii) سیاسی تال میل کے لیے صلاح و مشورہ

(iii) وزیر اعظم کے خاص حقوق پر پابندی

(iv) مختلف پارٹیوں کے ساتھ بات چیت اور سمجھوتوں کے بعد ہی پالیساں بنتی ہیں

- **ریاستوں میں عاملہ:**

■ ریاستوں میں ایک گورنر ہوتا ہے (مرکزی حکومت کی صلاح پر) صدر کے ذریعے منتخب ہوتا ہے

■ وزیر اعلیٰ ودھان سبھا میں اکثریتی جماعت کا لیڈر رہتا ہے

- باقی اصول وہی ہے جو مرکز میں پارلیمانی حکومت میں ہوتے ہیں۔

## مستقل عاملہ (نوکرشاہی)


عاملہ میں صدر، وزیراعظم، وزرا اور نوکرشاہی یا انتظامیہ کی ایک بڑی تعداد شامل ہوتی ہے۔ اسے شہری خدمات بھی کہتے ہیں

- نوکرشاہی میں حکومت کے مستقل افسران کی شکل میں کام کرنے والے قابل اور تعلیم یافتہ افسران پالیساں بناتے ہیں اور انہیں لاگو کرنے میں وزرا کی مدد کرتے ہیں۔
- ہندوستان میں ایک قابل انتظامیہ مشینری موجود ہے۔ لیکن یہ مشینری سیاسی اعتبار سے جواب دہ ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ جمہوریت میں حکومت آتی جاتی رہتی ہے۔ ایسے میں انتظامی مشینری کی ذمہ داری ہے کہ وہ نئی حکومتوں کو اپنی پالسیاں بنانے اور انہیں لاگو کرنے میں مدد کریں۔

## نوکرشاہی کے ممبران کا انتخاب

نوکرشاہی میں مرکزی سول سروس، صوبائی سروس، علاقائی حکومتوں کے افسران اور ٹکنالوجی اور انتظامی نوعیت کے افسران شامل ہوتے ہیں۔ ہندوستان میں سول سروس کے ممبران کی تقرری کی ذمہ داری یونین پبلک سروس کمیشن کو دی گئی ہے۔ ایسے ہی سول سروس کمیشن ریاستوں میں بھی بنائے گئے ہیں جنھیں ریاستی سول سروس کمیشن کہا جاتا ہے۔

- سول سروس کمیشن کے ممبران کی مدت مقرر ہوتی ہے۔ ان کو سپریم کورٹ کے ججوں کے ذریعے کی گئی جانچ کے بعد ہی ہٹایا جا سکتا ہے۔
- سول سروس کے ممبران کی تقرری ان کی قابلیت کے مطابق ہوتی ہے۔ آئین ہند نے پسماندہ طبقات کے ساتھ ساتھ سبھی طبقوں کو سرکاری نوکرشاہ بننے کا موقع دیا ہے۔ اس کے لیے آئین میں درج فہرست ذات اور درج فہرست قبائل کے لیے ریزرویشن کا انتظام اپنایا گیا ہے۔



- ہندوستانی انتظامی سروس (IAS) اور ہندوستانی پولیس سروس (IPS) کے امیدواروں کا انتخاب مرکزی سروس کمیشن کرتا ہے۔ کسی ضلع کا کلکٹر اس ضلع میں سرکار کا سب سے خاص افسر ہوتا ہے۔ یہ IAS سطح کا افسر ہوتا ہے اور وہ مرکزی حکومت کے ذریعے بنائی گئی شرطوں کے مطابق کام کرتا ہے۔ صرف مرکزی حکومت ہی ان کے خلاف انتظامی امور کی کارروائی کرسکتی ہے۔
- اس کے علاوہ صوبائی انتظامیہ میں صوبائی سروس کمیشن کے ذریعے منتخب افسران کا بھی رول ہوتا ہے
- نوکرشاہی وہ ذریعہ ہے جس کے ذریعہ حکومت عوامی بہبود کی پالسیاں عوام تک پہنچتی ہیں مگر عام آدمی سرکاری افسران تک پہنچنے سے ڈرتا ہے۔
- دوسری طرف حکومت کی دخل اندازی سے نوکرشاہی سیاسی افسران کے ہاتھ کا کھلونا بن جاتی ہے۔ آئین میں عوام کے لیے نوکرشاہی کے فرائض مقرر کرانے کے لیے آئین ہند میں آرٹیکل نہیں ہے۔
- مگر یہ امید کی جارہی ہے کہ معلومات کا حق جیسے اقدامات نوکرشاہی کو اور زیادہ ذمّہ دار اور حسّاس بنادیں گے۔

''پاکٹ ویٹو'': جب صدر کسی بل کی منظوری نہیں دیتا ہے اور آئین کی دفع 111 کے تحت دوبارہ غور کرنے کے لے بھی نہیں بھیجتا ہے۔ ایسی صورت میں وہ پاکٹ ویٹو کا استعمال کرتا ہے۔

# MCQ

1 صدارتی نظام حکومت میں صدر..............................ہوتا ہے۔

2 وزیراعظم کے عہدے کے لیے کم سے کم عمر..............................ہونی چاہیے۔

3 اجتماعی ذمہ داری کا اصول اس بات پر مبنی ہے کہ..............................

4 صدر کے عہدے سے ہٹانے کے عمل کو..............................کہتے ہیں۔

5 امریکہ میں کون سا نظام حکومت ہے؟

6 قول: آئین کے 91 ویں ترمیم کے ذریعے مجلس وزراء کے ممبران کی تعداد کو طے کیا گیا ہے۔
وجہ: مجلسِ وزراء کو کام کی سطح کی بنیاد پر تین سطحوں میں بانٹا گیا ہے۔

(A) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں لیکن وجہ قول کی صحیح تشریح ہے۔

(B) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں لیکن وجہ قول کی صحیح تشریح نہیں ہے۔

(C) قول غلط ہے اور وجہ صحیح ہے۔

(D) قول صحیح ہے اور وجہ غلط ہے

7۔ قول:- صدارتی عاملہ میں شخصیت پرستی کا خطرہ بنا رہتا ہے۔

وجہ:- صدارتی عاملہ میں ذمہ داری کے مقابلے استحکام پر زور دیا جاتا ہے۔

(A) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں لیکن وجہ قول کی صحیح تشریح ہے۔

(C) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں لیکن وجہ قول کی صحیح تشریح نہیں ہے۔

(C) قول غلط ہے اور وجہ صحیح ہے۔

(D) قول صحیح ہے اور وجہ غلط ہے

## ایک نمبر والے سوالات

8۔ عاملہ سے کیا مراد ہے؟

9۔ عاملہ میں کن لوگوں کو شامل کیا جاتا ہے؟

10۔ ہندوستان اور انگلینڈ کی عاملہ میں کیا فرق ہے؟

11۔ صدارتی عاملہ سے کیا مراد ہے؟

12۔ ہندوستان کے صدر کو حاصل ایک خودمختاری کی طاقت کی وضاحت کیجیے۔

13۔ عاملہ اور سیاسی عاملہ میں کوئی ایک فرق بتائیے۔

14۔ ''پاکٹ ویٹو کے اختیار'' سے کیا مراد ہے؟

15۔ اجتماعی ذمہ داری کے نظریے کو بیان کریں؟

16۔ گورنر کا تقرر..................کرتا ہے۔

17۔ کیا صدر کو اس کے عہدے سے ہٹایا جا سکتا ہے؟

18۔ مستقل عاملہ سے کیا مراد ہے؟

19۔ ہندوستان میں سول سروس کے ممبران کی تقرری کون کرتا ہے؟

20۔ ضلع کلکٹر کس سطح کا افسر ہوتا ہے؟

21۔ سول سروس میں قابلیت کے ساتھ سماج کے سبھی طبقوں کو یکساں مواقع حاصل ہیں۔اس کے لیے آئین کے انتظامات کو طے کیا ہے۔

22۔ لوک سبھی میں اکثریتی فرقہ کا لیڈر کیا کہلاتا ہے۔

23۔ مندرجہ ذیل اقتباس کو پڑھیں اور سوالوں کے جواب دیں۔

عاملہ حکومت کا وہ عضو ہے جو مقنّنہ کے ذریعے منظور شدہ پالیسیوں اور قوانین کو لاگو کرنے کی ذمہ دار ہے۔ عاملہ عام طور پر پالیسی بنانے میں حصہ لیتی ہے۔حکومت کے سربراہ اور ان کے وزراء کو سیاسی عاملہ کہتے ہیں۔اور وہ حکومت کے سبھی پالیسیوں کے لئے ذمہ دار ہوتے ہیں۔لیکن جو لوگ روز روز کے انتظامیہ کے لئے ذمہ دار ہوتے ہیں انھیں مستقل عاملہ کہتے ہیں۔

(i) سیاسی عاملہ کسے کہتے ہیں؟ (ii) مستقل عاملہ کسے کہتے ہیں؟

(iii) عاملہ کا خاص کام کیا ہے؟ (iv) سیاسی عاملہ کی ایک مثال دیجئے۔

24۔ صدر حکومت کا روایتی سربراہ ہوتا ہے۔اسے رسمی طور پر بہت سی انتظامی قانونی اور ہنگامی اختیارات حاصل ہیں۔ پارلیمانی حکومت میں صدر حقیقتاً ان اختیارات کا استعمال مجلس وزراء کی صلاح پر کرتا ہے۔ وزیراعظم اور مجلس وزراء کو لوک سبھا میں اکثریت حاصل ہوتی ہے۔اور حقیقتاً وہی منتظم اعلیٰ ہے زیادہ تر معاملات میں صدر کو مجلس وزراء کی صلاح لینی پڑتی ہے۔

(i) ہندوستانی پارلیمانی حکومت میں ریاست کا سربراہ کون ہوتا ہے؟

(ii) صدر کے اختیارات کا حقیقتاً استعمال کون کرتا ہے؟

(iii) لوک سبھا میں برسرِ اقتدار کا لیڈر کون ہوتا ہے؟

(iv) پارلیمانی عاملہ کی ایک خصوصیت کا ذکر کریں۔

## دو نمبر والے سوالات

1۔ عاملہ کتنی طرح کی ہوتی ہے؟ ان کے نام بتایئے۔

2۔ ''اجتماعی جوابدہی'' سے کیا مراد ہے؟

3۔ صدر کے ایمرجنسی اختیارات سے کیا مراد ہے؟

4۔ صدر ایک برائے نام سربراہ ہے؟ وضاحت کیجیے۔

5۔ ''وزرا ایک ساتھ تیرتے ہیں اور ایک ساتھ ڈوبتے ہیں''۔ اس قول کا کیا مطلب ہے؟

6۔ وزیر اعظم کے اختیارات اور ان کا استعمال موجودہ سیاسی حالت پر منحصر ہوتا ہے کیسے؟

7۔ ''گورنر مرکزی حکومت کے ایجنٹ کی شکل میں کام کرتا ہے'' کیسے؟

8۔ نوکر شاہی میں ایک قابل انتظامی مشینری موجود ہے۔ وضاحت کیجیے۔

9۔ ''سماج کے تمام فرقے کے لوگ نوکر شاہی کا حصہ بن سکیں۔'' اس مقصد کے تحت آئین میں کیا کہا گیا ہے؟

10۔ نوکر شاہی وہ ذریعہ ہے جس کے ذریعہ حکومت کی بھلائی والی پالسیاں عوام تک پہنچتی ہیں۔ کیا آپ اس قول سے متفق ہیں؟

## چار نمبر والے سوالات

1۔ مستقل عاملہ اور غیر مستقل عاملہ میں فرق واضح کیجیے۔

2۔ پارلیمانی عاملہ کی چار خوبیاں بیان کیجیے۔

3۔ صدارتی طرز حکوت میں صدر حکومت اور ریاست دونوں کا ہی سربراہ ہوتا ہے۔ کیسے؟

4۔ صدر کے دورانِ امن اختیارات کی وضاحت کیجیے۔

5۔ صدر جمہوریہ کے چار امتیازی اختیارات کو بیان کریں۔

6۔ وزیر اعظم کی تقرّری میں صدر اپنی مرضی نہیں چلا سکتا؟ کیوں؟

7۔ وزیراعظم، صدر، پارلیمنٹ کے درمیان پل کا کام کرتا ہے۔ وضاحت کیجیے۔

8۔ مخلوط حکومتوں کے دور کی وجہ سے وزیراعظم کے اختیارات پر کیا اثرات مرتب ہوتے ہیں؟

## پانچ نمبر والے سوالات

1۔ (A) آئین نے صدر جمہوریہ کو کوئی بھی حقیقی اختیار نہیں دیا ہے لیکن اس کے عہدے کو باعزّت اور باوقار بنایا ہے۔ آئین اسے نہ تو حقیقی عاملہ بنانا چاہتا ہے اور نہ ہی برائے نام کا سربراہ‘‘

مندرجہ ذیل سوالات کے جواب دیجیے۔

(i) ’’آئین میں صدر جمہوریہ کو حقیقی اختیارات نہیں دیئے گئے۔‘‘ کیوں؟

(ii) آئین صدر جمہوریہ کو کس طرح کا سربراہ بنانا چاہتا تھا؟

(iii) حقیقی اختیارات کس کو مہیّا کرائے گئے ہیں؟

(B)



(i) تصویر میں سب سے آگے کون نظر آ رہا ہے؟ اس کا سب سے آگے ہونے کا کیا مطلب ہے؟ 2

(ii) تصویر میں کوئی دو لیڈروں کو پہچان کر ان کے نام لکھیے۔ 1

(iii) وزیراعظم کے طاقتور ہونے کی کوئی دو وجہ بتائیے۔ 2

(C)




(i) اعتماد کے ووٹ سے کیا مراد ہے؟

(ii) اجتماعی جوابدہی سے کیا مراد ہے؟

(iii) ''اعتماد کا ووٹ حاصل کرنے کے بعد بھی وزیراعظم کی پریشانیاں ختم نہیں ہوتی''۔اس قول سے کیا مراد ہے۔

## چھ نمبر والے سوالات

1۔ صدر جمہوریہ ہند کی آئینی حیثیت اور کاموں کا تذکرہ کیجیے۔

2۔ کیا صدر مجلس وزرا کی صلاح ماننے کے لیے مجبور ہے؟ تین مناسب وجہ بتائیے۔

3۔ جب پارلیمنٹ میں کسی بھی پارٹی کو اکثریت نہیں ملتی تب وزیراعظم کس شخص کو بنایا جاتا ہے؟ ایسے میں وزیراعظم کے اختیارات پر کیا اثر پڑتا ہے؟

4۔ عام طور پر دیکھا گیا ہے کہ پارلیمانی نظام حکومت والے ملکوں میں وزیراعظم بہت طاقتور بن جاتا ہے۔ایسا کن وجوہات کی بنا پر ہوتا ہے؟

5۔ نوکرشاہی سے کیا مراد ہے؟ ایک جمہوری ملک میں اس کے کردار کو بیان کیجیے۔

6۔ ''مخلوط حکومت کے دور میں صدر کے امتیازی اختیارات بڑھ جاتے ہیں''۔اس قول کو مناسب جوازات کی مدد سے ثابت کریں۔

## MCQ والے سوالوں کے جوابات

1۔ حکومت اور ریاست دونوں کا سربراہ۔

2۔ 25۔

3۔ لوک سبھا میں سبھی ایک جٹ ہیں۔

4۔ تحریک مواخذہ۔

5 صدارتی۔

6۔ قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں مگر وجہ قول کی صحیح تشریح نہیں ہے۔

7۔ قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں مگر وجہ قول کی صحیح تشریح ہے۔

## ایک نمبر والے سوالات کے جوابات

8۔ حکومت کا وہ عضو جو قوانین کے نفاذ اور انتظام کی نگرانی کرتا ہے عاملہ کہلاتا ہے۔

9۔ صدر، وزیر اعظم، مجلس وزرا اور نوکرشاہی

10۔ ہندوستان میں صدر عوام کے ذریعے براہ راست منتخب کیا جاتا ہے جب کہ انگلینڈ کی ملکہ بادشاہت کے ذریعے ملک کی سربراہ ہوتی ہے

11۔ جہاں صدر عاملہ اور ودھان سبھا دونوں کا ہی سربراہ ہوتا ہے

12۔ آرٹیکل (1)74 صدر کو صلاح مشورہ دینے کے لیے مجلس وزرا ہوگی۔ جس کا سربراہ وزیر اعظم ہوگا۔ مگر صدر اپنے کاموں کے لیے ان کی صلاح کے مطابق کام کرنے کے لیے مجبور ہے۔

13۔ عاملہ میں وہ لوگ شامل ہوتے ہیں اور مقابلہ جاتی امتحان میں کامیابی حاصل کر کے آتے ہیں جبکہ الیکشن جیت پر وزیر بن جانے والے لوگ سیاسی عاملہ کہلاتے ہیں۔

14۔ جب صدر کسی بل کو منظوری نہیں دیتا اور بل کو دوبارہ غور کے لیے بھی نہیں بھیجتا تو یہ حالت پاکٹ ویٹو کہلاتی ہے۔

15۔ اگر ایک ووٹر کے خلاف عدم اعتماد کا بل پاس ہو جائے تو پوری مجلسِ وزراء کو استعفیٰ دینا پڑتا ہے۔

16۔ صدر جمہوریہ

17۔ غیر آئینی کاموں کے لیے

18۔ جو لوگ اپنی اہلیت اور قابلیت کی وجہ سے منتخب کیے جاتے ہیں اور ایک مقررہ وقت تک اپنے عہدے پر فائز رہتے ہیں۔

19۔ یونین پبلک سروس کمیشن

20۔ ہندوستانی انتظامیہ سروس

21۔ ریز رویشن کا انتظام

22۔ وزیر اعظم

23۔ 23.1۔ سیاسی عاملہ میں حکومت کے سربراہ اور اس کی مجلس وزراء کو شامل کیا جاتا ہے۔

23.2۔ مستقل عاملہ میں روزمرہ کے انتظام کے لئے ذمہ دار افسران شامل ہوتے ہیں۔

23.3۔ عاملہ کا خاص کام مقنّنہ کے ذریعے طے کردہ پالیسیوں اور قوانین کو لاگو کروانا ہوتا ہے۔

23.4۔ سیاسی عاملہ کی مثال وزیر اعظم اور اس کے وزیر ہیں۔

24۔ 24.1۔ ہندوستانی پارلیمانی نظام میں ریاست کا سربراہ صدر ہوتا ہے۔

24.2۔ وزیر اعظم اور مجلس وزراء۔

24.3۔ وزیر اعظم

24.4۔ ریاست کا سربراہ اور حکومت کا سربراہ دونوں الگ الگ ہوتے ہیں۔

## دو نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ عاملہ دو قسم کی ہوتی ہے۔

(i) پارلیمانی

(ii) صدارتی

2۔ وزیراعظم اور کابینہ لوک سبھا کے تئیں اجتماعی روپ سے جواب دہ ہیں۔اجتماعی جوابدہی پارلیمانی نظام کی خصوصیت ہے۔ اس کے تحت اگر ایک وزیر کے خلاف عدم اعتماد کا ووٹ منظور ہو جائے تو پوری کونسل کو مستعفی ہونا پڑے گا۔

3۔ اگر ملک میں مالی بحران آ جائے تو تمام اختیارات صدر کے پاس آ جاتے ہیں۔

4۔ کیوں کہ حقیقی اختیارات کا استعمال وزیراعظم اور مجلس وزرا کرتے ہیں۔

5۔ اگر ایک وزیر کسی سوال کا جواب نہ دے پائے تو وزیراعظم اسے استعفی طلب کرتا ہے۔اگر وہ استعفی نہ دے تو وزیراعظم خود اپنا استعفی دے دیتا ہے اور حکومت ختم ہو جاتی ہے۔

6۔ جب ایوان میں اکثریت حاصل ہوتی ہے تو وزیراعظم بہت طاقتور ہو جاتا ہے۔مگر اکثریت نہیں ہوتی تو اسے سبھی کام اکثریت دینے والی جماعتوں کے لیڈران سے صلاح کر کے کرنے پڑتے ہیں۔

7۔ کیوں کہ گورنر کی تقرری صدر کے ذریعہ ہوتی ہے۔اس لیے ریاست میں گورنر مرکزی حکومت کے ایجنٹ کی شکل میں کام کرتا ہے۔

8۔ ہندوستان میں سول سروس کے ممبران قابل، اور ماہر افسران ہوتے ہیں۔وہ اپنے مضمون میں ماہر ہوتے ہیں۔اس لیے پالسیوں کو بنانے اور لاگو کرنے میں وہ سیاست دانوں کی مدد کرتے ہیں۔

9۔ ہندوستان میں درج فہرست ذات اور درج فہرست قبائل کے لیے ریزرویشن کا انتظام کیا گیا ہے۔ بعد میں خواتین اور دیگر پسماندہ طبقات کو بھی ریزرویشن دیا گیا ہے۔

10۔ کیوں کہ سول سروس کے ممبران ماہر اور قابل ہوتے ہیں اور وہ سیاسی پالیساں بنانے اور انھیں لاگو رکھنے میں مدد کرتے ہیں۔

## چار نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ (i) غیر مستقل سیاسی عاملہ: 5 سال کے لیے منتخب ہوتی ہے۔وقت ختم ہونے سے پہلے ہٹائی بھی جاسکتی ہے۔اپنے کام میں ماہر نہیں ہوتے

(ii) مستقل عاملہ: ریٹائرمنٹ کی عمر تک اپنے عہدے پر فائز رہتے ہیں۔اپنے کاموں میں ماہر ہوتے ہیں۔سیاسی پالسیاں بنانے میں مدد کرتے ہیں۔

2۔ (i) حکومت میں سب سے اعلیٰ

(ii) ملک کا سربراہ صدر یا بادشاہ یا رانی

(iii) مقنّنہ میں اکثریت حاصل کرنے والی جماعت کا سربراہ وزیراعظم۔

(iv) مقنّنہ کے تئیں جواب دہ

3۔ صدارتی: ملک کا اعلیٰ، حکومت کا اعلیٰ، عوام کے ذریعے بلاواسطہ انتخاب کے ذریعے، مقنّنہ کو جواب دہ نہیں ہوتا

4۔ مقنّنہ، عاملہ، عدلیہ سے متعلق اختیارات تینوں فوجوں کا سربراہ۔

5۔ (i) ویٹو

(ii) ملی جلی حکومت کے وقت وزیراعظم کا انتخاب

6۔ کیوں کہ صرف لوک سبھا میں اکثریت حاصل کرنے والی جماعت کا لیڈر ہی وزیراعظم بنایا جاسکتا ہے۔مخلوط حکومت کے وقت بھی جس شخص کو ایوان میں اکثریت حاصل ہوتی ہے اسے ہی وزیراعظم بنایا جاسکتا ہے۔

7۔ وزیراعظم صدر کو صلاح دیتا ہے۔ایوان کی کارروائیوں سے آگاہ کراتا ہے اور ایوان کو صدر کا پیغام دیتا ہے۔

8۔ (i) سیاسی تال میل سے غور وخوض میں اضافہ ہوا ہے

(ii) پالیسیوں کو بنانے میں اپنی مرضی سے فیصلہ نہیں لے سکتا

(iii) پالیسیاں اور پروگرام اکیلے طے نہیں کرسکتا

(iv) بچولیے کا رول بن گئی ہے۔

## پانچ نمبر والے سوالات کے جوابات

(A) (i) کیوں کہ پارلیمانی طرز حکومت میں وزیراعظم کو حقیقی اختیارات دیے جاتے ہیں

(ii) مقتدر اور اعلیٰ

(iii) وزیراعظم

(B) (i) پنڈت جواہرلعل نہرو کیوں کہ وہ وزیراعظم ہے

(ii) پنڈت جواہرلعل نہرو، مولانا ابوالکلام آزاد

(iii) کیوں کہ وہ اکثریتی جماعت کا لیڈر رہوتا ہے۔وہ حقیقی اختیارات کا استعمال کرتا ہے۔

(C) (i) ایوان میں اکثریت

(ii) ایوان کو جواب دہ سبھی وزراء

(iii) کیوں کہ کوئی بھی شخص اگر پارٹی چھوڑ دے تو پھر سے وہی بحران آ جائے گا۔

## چھ نمبر والے سوالات

1۔ (i) حیثیت: ملک کا صدر، تینوں فوجوں کا صدر، اختیارات برائے نام

(ii) مقنّنہ، عاملہ، عدالتی، ایمرجنسی

2۔ (i) ہاں، کیوں کہ آئین میں ایسا آرٹیکل 74 کے مطابق

(ii) کیوں کہ صدر عوام کے ذریعے بالواسطہ طریقے سے منتخب ہوتا ہے

(iii) وزیراعظم اور مجلس وزرا حقیقی عاملہ

3۔ تب صدر اسی شخص کو وزیراعظم کے عہدے پر مقرر کرتا ہے جو ایوان میں اکثریت حاصل کر لیتا ہے۔ وزیراعظم کی خود مختاری کی طاقتیں کم ہو جاتی ہیں اور سوچ وچار زیادہ ہو جاتا ہے۔

4۔ مجلس وزرا پر کنٹرول، سرکاری افسران پر کنٹرول، لوک سبھا کا صدر، میڈیا تک پہنچ، انتخاب کے دوران اس کی شخصیت کا ابھار، عالمی انجمنوں کے دوران قومی لیڈر کی شخصیت، عالمی سفر کے دوران قومی لیڈر کی شخصیت

5۔ نوکر شاہی وزرا کی پالیسیوں کو بنانے اور انہیں لاگو کرنے میں مددگار، انتظامیہ، وزرا کے کنٹرول میں، انتظامیہ سیاسی طور پر جواب دہ، سیاسی طور پر چست، پالیسیوں پر سوچ وچار کرتے وقت کسی سیاسی نظریہ کی حمایت نہیں۔

6۔ مخلوط حکومت میں صدر کے امتیازی اختیارات بڑھ جاتے ہیں۔

(i) وزیراعظم کے انتخاب اس کی مرضی پر ہو جاتا ہے اگر کوئی بھی گروپ یا جماعت اکثریت حاصل نہ کر پائے۔

(ii) اس حالت میں وہ جس کو بہتر سمجھے اسے وزیراعظم کا حلف اٹھوا دیتا ہے اور اکثریت ثابت کرنے کا وقت دیتا ہے۔

# مقنّنہ (ذہنی نقشہ Mind Map)

### پارلیمنٹ کی ضرورت
- سیاسی سرگرمیوں کا مرکز۔
- نمائندہ جمہوریت کی بنیاد۔
- پالیسی بنانا۔
- بحث ومباحثہ کا کھلا اسٹیج۔
- جمہوری شرکت کی بنیاد۔

### دوایوانوں کی ضرورت
- سماج کے سبھی طبقوں کی نمائندگی۔
- دوسرے ایوان پر سنجیدہ غوروخوص ممکن۔
- جلدبازی میں فیصلہ نہیں۔

### لوک سبھا
- بلاواسطہ انتخاب۔
- جغرافیائی بنیاد پر نمائندگی۔
- ممبران کی مدت غیر یقینی۔
- غیر مستقل ایوان۔

### اختیارات
- قانون سازی
- آئینی ترامیم
- صدر اور نائب صدر کا انتخاب
- سوالات پوچھنا ،
- تجاویز پاس کرنا اور عدم اعتماد کی تجویز۔
- کمیٹیوں اور کمیشنوں کی تشکیل۔

### راجیہ سبھا
- بلواسطہ انتخاب
- صوبوں کی غیر یکساں نمائندگی
- ممبران کی مدت کار
- 6 سال

### اختیارات
- قانون سازی اور نظرِ ثانی
- آئینی ترامیم
- صدر اور نائب صدر کا انتخاب
- مجلس عاملہ پر کنٹرول
- صوبائی فہرست پر قانون بنانا۔

### بل
- سرکاری
- نجی
- غیر مالی بل
- عام بل
- آئینی ترامیم بل

### ایوان کو کنٹرول کرنے کے ذرائع
- بحث ومباحثہ
- قوانین کو پاس کرنا/ردّ کرنا
- مالی کنٹرول
- عدم اعتماد کا بل

# باب-5
# مجلسِ قانون ساز (مقننہ)

## یاد رکھنے لائق نکات:

- ### مجلس قانون ساز:

ہندوستان کی مرکزی مقنّنہ کا نام پارلیمنٹ ہے۔ جو صدر جمہوریہ اور دو ایوانوں جو راجیہ سبھا اور لوک سبھا کہلاتے ہیں سے بنتی ہے۔ ریاست کی مقنّنہ کو ودھان سبھا کہتے ہیں۔

1۔ جمہوری نظام میں مقنّنہ قانون بناتی ہے اور آئین میں ترمیم اور عاملہ پر کنٹرول کرتی ہے۔ ہندوستان میں پارلیمانی نظام حکومت کو اپنایا گیا ہے جو برطانوی نظام پر مبنی ہے۔

2۔ حکومت کے تین اعضاء — عاملہ، مقنّنہ اور عدلیہ۔ مجلس قانون ساز کا انتخاب عوام کے ذریعے ہوتا ہے اس لیے یہ عوام کا نمائندہ بن کر قانون سازی کا کام کرتی ہے۔ اس کی بحث، احتجاج، مظاہرہ، واک آؤٹ، اتفاق رائے، سروکار اور تعاون وغیرہ اسے سرگرم بنائے رکھتے ہیں۔

3۔ آئین کی دفعہ 76 کے مطابق ہندوستان کے پارلیمانی نظام میں دو ایوانوں کے ساتھ ساتھ صدر جمہوریہ کو بھی شامل کیا جاتا

4۔ دو ایوانی مقنّنہ کا پہلا فائدہ سماج کے سبھی طبقات اور ملک کے سبھی میدانوں کو مکمل نمائندگی دے سکیں۔ دوسرا فائدہ پارلیمنٹ کے ہر ایک فیصلے پر دوسرے ایوان میں دوباہ غور و خوض ہوتا ہے۔

5۔ ہندوستانی پارلیمنٹ کے ایوانِ بالا کو راجیہ سبھا کہا جاتا ہے۔ اس کے ممبروں کی کل تعداد 250 ہوتی ہے جس میں 12 ممبران صدر جمہوریہ کے ذریعے نامزد کیے جاتے ہیں اور 238 ممبران ریاستوں کی اسمبلیوں کے ذریعے بلاواسطہ انتخاب کے ذریعے منتخب ہوتے ہیں۔ راجیہ سبھا کے ممبران کا انتخاب 6 سال کے لیے کیا جاتا ہے۔ راجیہ سبھا ایک مستقل ایوان ہے۔ ہر دو سال کے بعد اس کے ایک تہائی ممبر سبکدوش ہوتے ہیں اور اتنے ہی منتخب کیے جاتے ہیں۔

6۔ امریکہ کے دوسرے ایوان (سینیٹ) میں ہر ایک ریاست کی مساوی نمائندگی ہے۔ ہندوستان میں زیادہ آبادی والی ریاست کو زیادہ اور کم آبادی والی ریاست کو کم نمائندگی حاصل ہے۔

7۔ راجیہ سبھا کا ممبر بننے کے لیے درکار اہلیتیں

(i) وہ ہندوستان کا شہری ہو

(ii) اس کی عمر کم ازکم 30 سال یا اس سے زیادہ ہو

(iii) ان کا انتخاب ایک ووٹ کے تناسب سے نمائندگی نظام کے تحت ہوتا ہے۔

8۔ 1951 کے عوام نمائندہ قانون کے مطابق راجیہ سبھا یا لوک سبھا کے امیدوار کا نام کسی نہ کسی پارلیمانی انتخابی حلقے میں درج ضرور ہو۔

راجیہ سبھا کے اختیارات اور کام:

(i) مالی اختیارات

(ii) مالی بل پر راجیہ 14 دن تک غور وخوض کر سکتی ہے

(iii) آئینی ترمیم سے متعلق اختیارات

(iv) انتظامی اختیارات: وزراء سے ان کے شعبے کے متعلق سوال راجیہ سبھا میں بھی پوچھے جا سکتے ہیں

(v) دیگر اختیارات: انتخاب، عہدے سے برطرفی، ہنگامی حالات کا اعلان، جج کو اس کے عہدے سے ہٹایا جانا وغیرہ پر دونوں ایوانوں کی اجازت ضروری ہے۔

9۔ لوک سبھا ہندوستان کے پارلیمانی نظام حکومت کا ایوانِ زیریں ہے۔ اس کے ممبران کی تعداد 550 ہوتی ہے۔ فی الحال اس میں 543 ممبران کے ساتھ ساتھ اینگلو انڈین فرقہ کے دو نامزد ممبران کا انتخاب براہ راست عوام کے ذریعے ہوتا ہے۔ اس کی مدّت پانچ سال کی ہوتی ہے۔ لیکن اسے وقت سے پہلے بھی تحلیل کیا جا سکتا ہے۔ اس لیے یہ ایک غیر مستقل ایوان ہے۔

10۔ ہندوستان میں پارلیمانی نظام حکومت ہونے کی وجہ سے لوک سبھا زیادہ طاقتور ہے کیونکہ اس کے ممبران کا انتخاب عوام کے ذریعے براہ راست کیا جاتا ہے۔ اسے عاملہ کو ہٹانے کا بھی اختیار حاصل ہے۔

## ■ پارلیمنٹ کے اہم کام

(i) قانون بنانا

(ii) عاملہ پر کنٹرول

(iii) مالی کام- بجٹ پاس کرنا

(iv) آئین میں ترمیم

(v) انتخاب سے متعلق کام

(vi) عدالتی کام

(vii) نمائندگی

(viii) بحث کا ذریعہ

(ix) خارجہ پالیسی پر کنٹرول

(x) قابل غور کام


11- **لوک سبھا کے مخصوص اختیارات**: - مالیاتی بل پیش کرنا، اس میں ترمیم کرنا یا نامنظور کرنا

i) مالیاتی بل پہلے لوک سبھا میں ہی پیش کیا جا سکتا ہے۔

ii) لوک سبھا ہی مالیاتی بل میں ترمیم یا نامنظور کر سکتی ہے۔

12- کابینہ (وزراء کی کونسل) صرف لوک سبھا کے تئیں جواب دہ ہے راجیہ سبھا کے تئیں نہیں۔

- **بل :- مجوزہ قانون کے خاکے کو بل کہتے ہیں۔**



## ■ قانون سازی کا عمل

(i) پہلا مرحلہ (کسی ایوان میں بل کا پیش کیا جانا — مالی بل پہلے لوک سبھا میں)

(ii) دوسرا مرحلہ (ایوان میں بل پر بحث)

(iii) مجلس کی رپورٹ پر بحث (ضرورت پڑنے پر بل پر سمیتی بنانا اور اس کی رپورٹ پر بحث)

(iv) تیسرا مرحلہ (بل پر ایوان میں رائے دہندگی ہوتی ہے)

(v) دوسرے ایوان میں عمل (پہلے ایوان میں پاس ہونے پر دوسرے ایوان میں وہی عمل دہرانا)

(vi) صدر جمہوریہ کی منظوری (عام بل کو صدر واپس کرسکتا ہے جبکہ مالیاتی بل صدر کی پہلے ہی رضامندی سے پیش ہوتا ہے)

## ■ پارلیمانی نگرانی کے آلات

(i) بحث ومباحثہ، وقفہ صفر، وقفہ سوال، تحریک التواء

(ii) قوانین کی منظوری یا نامنظوری

(iii) مالیاتی نگرانی

(iv) عدم اعتماد کی تحریک، تحریک مذمت

پارلیمانی کمیٹیاں:۔ مختلف قانون ساز مقاصد اور روز مرّہ کے کام کاج کے لیے کمیٹیوں کا قیام پارلیمانی کام کاج کا ایک ضروری پہلو ہے۔ یہ کمیٹیاں مختلف معاملوں پر غور وخوض کرتی ہیں اور انتظامی امور پر نظر رکھتی ہیں۔

### (A) مالیاتی کمیٹیاں:

(i) پبلک اکاؤنٹ کمیٹی:۔ حکومت ہند کے مختلف شعبوں میں خرچ ضابطہ کے مطابق ہوا یا نہیں۔

(ii) کمیٹی آن ایسٹیمیٹ:۔ خرچ میں کفایت کس طرح کی جاسکتی ہے۔

(iii) پبلک انڈرٹیکنگ کمیٹی:— سرکاری صنعتوں کی رپورٹ کی جانچ کرتی ہے کہ آیا صنعتوں کا کاروبار صحیح طریقے سے انجام دیا جارہا ہے یا نہیں۔

(B) شعبوں سے متعلق اسٹینڈنگ کمیٹیاں

یہ کمیٹیاں زراعت، کامرس، صنعت، وزارت داخلہ وغیرہ سے متعلق امور کا احاطہ کرتی ہیں۔

(C) دیگر کمیٹیاں:

(i) رولس کمیٹی

(ii) کمیٹی برائے مخصوص اختیارات

(iii) بزنس ایڈوائزری کمیٹی

(iv) کمیٹی آن گورنمنٹ ایشیورنس

(D) ایڈہاک کمیٹیاں

مخصوص معاملوں کی جانچ پڑتال کرنے اور رپورٹ دینے کے لیے وقتاً فوقتاً قائم کی جاتی ہیں۔ بوفورس سودے سے متعلق جوائنٹ کمیٹی۔

— ایسا بہت کم ہوتا ہے کہ ان کمیٹیوں کی تجاویز کو پارلیمنٹ رد کردے۔

- **پارلیمنٹ اپنے آپ کو کس طرح کنٹرول کرتی ہے**

— پارلیمنٹ کا بامعنی اور باضابطہ ہونا

— اجلاس کے صدر کا فیصلہ مقنّنہ کی کاروائی کے معاملے میں آخری اور قطعی ہوتا ہے

— انحراف مخالف قانون کے ذریعے 1985 میں 52 ویں ترمیم کی گئی۔ 91 ویں آئینی ترمیم کے ذریعے دوبارہ ترمیم کی گئی۔

❑ جس وقت پارلیمنٹ کا اجلاس ہو رہا ہو اور جماعت نے اپنے ممبر کو ایوان میں حاضر رہنے کی ہدایت دی ہو پھر بھی وہ شخص ایوان سے غیر حاضر رہتا ہے یا جماعت کی ہدایت کے برخلاف اپنے ووٹ کا استعمال کرتا ہے، اپنی مرضی سے رکنیت چھوڑ دیتا ہے تو اس عمل کو 'انحراف' (Defection) کہا جاتا ہے۔ اسپیکر اسے ایوان کی ممبرشپ کے لیے نااہل قرار دے سکتا ہے۔

❑ ہندوستانی وفاق میں 28 ریاستیں 8 مرکز کے زیرانتظام علاقے شامل ہیں جو مجموعی طور پر ہندوستان میں وفاقی حکومت کی تشکیل کرتے ہیں۔ دہلی کو قومی راجدھانی خطہ (NCT) کا درجہ دیا گیا ہے۔

❑ ہندوستان کی ہر ایک ریاست میں قانون ساز اسمبلی کا نظم یکساں نہیں ہے۔ کچھ ریاستوں میں ایک ایوانی اور کچھ ریاستوں میں دو ایوانی قانون ساز مجالس ہیں۔

- ریاستوں میں قانون سازی کا کام قانون ساز اسمبلیوں کو دیا گیا ہے:

(i) ایوان زیریں کو ودھان سبھا

(ii) ایوان بالا کو ودھان پریشد کہا جاتا ہے

- **دو ایوانی ریاستیں**:۔اتر پردیش، بہار، مہاراشٹر تلنگانہ کرناٹک اور آندھرا پردیش ہیں باقی سبھی ریاستیں ایک ایوانی ہیں۔

- **ودھان سبھا کے اختیارات**

— قانون سازی سے متعلق اختیارات

— مالیاتی اختیارات

— عاملہ سے متعلق اختیارات

— انتخابات سے متعلق امور

— آئینی ترمیم سے متعلق اختیارات

- **ودھان پریشد کے اختیارات**

— قانون سازی سے متعلق اختیارات

— مالیاتی اختیارات

— عاملہ سے متعلق اختیارات

- دونوں ایوان ریاستی قانون ساز مجلس کے لازمی اعضاء ہیں پھر بھی آئین نے ودھان سبھا کو زیادہ طاقتور اور بااثر حیثیت عطا کی ہے۔

## ایک نمبر والے سوالات (مقننہ)

1۔ گورنر کی تقرری کس کے ذریعے کی جاتی ہے؟

(a) وزیر اعظم (b) وزیر اعلی

(c) صدر (d) لوک سبھا

2۔ سیاسی عاملہ کی مدت کار ہوتی ہے۔

(a) طے شدہ (b) 4سال

(c) لوک سبھا میں اکثریت رہنے تک (d) مندرجہ بالا کوئی نہیں۔

3۔ ہندوستانی پارلیمنٹ کا ایوانِ بالا ہے۔

(a) لوک سبھا (b) راجیہ سبھا

(c) لوک سبھا اور راجیہ سبھا (d) کوئی نہیں۔

4۔ مالی بل کو راجیہ سبھا کے ذریعے روکا جاسکتا ہے

(a) 14دن (b) 18دن

(c) 20دن (d) مندرجہ بالا کوئی نہیں۔

5۔ امریکہ کے دوسرے ایوان کا نام ہے

(a) ایوان نمائندگان (b) سنیٹ

(c) کانگریس (d) راجیہ سبھا

6۔ قول:- ہندوستان میں زیادہ آبادی والے صوبوں کو زیادہ اور کم آبادی والے صوبوں کو کم نمائندگی دی گئی ہے۔

وجہ:- ہندوستان میں ہر صوبے کیلئے راجیہ سبھا میں یکساں سیٹوں کا نظام رائج ہے۔

(A) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں اور وجہ قول کی صحیح تشریح ہے۔

(B) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں اور وجہ قول کی صحیح تشریح نہیں ہے۔

(C) قول غلط اور وجہ صحیح ہے۔

(D) قول صحیح اور وجہ غلط ہے۔

7۔ قول:- پارلیمنٹ کی کمیٹیوں کو چھوٹی مقنّنہ کہا جاتا ہے۔

وجہ:- پارلیمانی کمیٹیاں بل پر پر مغز بحث اور غور و خوص کرتی ہیں۔

(A) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں اور وجہ قول کی صحیح تشریح ہے۔

(B) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں اور وجہ قول کی صحیح تشریح نہیں ہے۔

(C) قول غلط اور وجہ صحیح ہے۔

(D) قول صحیح اور وجہ غلط ہے۔

8۔ راجیہ سبھا کے ممبر بننے کے لیے کم سے کم عمر طے کی گئی ہے۔

9۔ کوئی بل مالی بل ہے یا نہیں اس کا فیصلہ کرنے کا حق ہے..................کو

10۔ ہندوستان میں مجلسِ وزراء۔۔۔۔۔۔۔۔۔کے تئیں جواب دہ ہیں۔

11۔ راجیہ سبھا میں......................ممبران کو نامزد کرنے کا حق صدر کو حاصل ہے۔

12۔ صدر جن ممبران کو نامزد کرتے ہیں وہ......................کے میدانوں کے ماہر ہوتے ہیں۔

13۔ ......................بل کو راجیہ سبھا غور و خوص کے لئے رکھ سکتی ہے۔

14۔ راجیہ سبھا......................کی نمائندگی کرتی ہے۔

15۔ اگر حکومت ہند کوئی نیا ٹیکس لگانا چاہے تو اسے......................کی منظوری لینی پڑتی ہے۔

16۔ راجیہ سبھا کے ممبران کی مدّت......................سال ہوتی ہے

17۔ لوک سبھا کے پہلے اسپیکر تھے۔

18۔ آئین کا52ویں ترمیم سے ........................متعلق تھی۔

19۔ ممبر کے ذریعے پیش کردہ بل ........................بل کہلاتا ہے۔

20۔ لوک سبھا اور راجیہ سبھا کے مشترکہ اجلاس کی صدارت........................کرتا ہے۔

21۔ آئین کے شیڈیول میں راجیہ سبھا کے ممبران کی تعداد........................ طے کی گئی ہے۔

## مندرجہ ذیل بیانات کے آگے صحیح یا غلط لکھیے

22۔ پارلیمنٹ میں راجیہ سبھا،لوک سبھا سے زیادہ بااختیار ہے

23۔ آئینی ترمیمی بل صرف لوک سبھا میں ہی پیش کیا جاسکتا ہے۔

24۔ مجلسِ وزراءلوک سبھا کے تئیں ذمہ دار ہوتی ہے

25۔ غیر سرکاری بل وہ ہیں جو پارلیمنٹ کے ممبران کے ذریعے پیش کیے جاتے ہیں۔

26۔ امریکہ کے دوسرے ایوان سینٹ میں بھی ریاستوں کو مساوی ممبر شپ حاصل ہوتی ہے۔

27۔ پبلک اکاؤنٹ کمیٹی یہ دیکھتی ہے کہ سرکاری پیداواری ادارے اور کاروبار باصلاحیت طور پر چل رہے ہیں یا نہیں۔

## مندرجہ ذیل اقوال کو صحیح کر کے لکھیں

28۔ راجیہ سبھا کے ممبران کی مدت چھ سال ہوتی ہے۔ ہر دو سال کے بعد کل ممبران کے دو تہائی ریٹائر منٹ لے لیتے ہیں۔

29۔ اگر آئینی ترمیمی بل دوسرے ایوان میں پاس نہیں ہوتا ہے تو مشترکہ اجلاس کو طلب کرنے کا انتظام آئین میں ہے۔

30۔ حکومت کے مختلف شعبوں کا خرچ اصولوں کے مطابق ہے یا نہیں یہ کام قومی کمیٹی کا ہے۔

31۔ مختلف قوانین اور روزمرّہ کے کام دیکھنے کے لئے پارلیمانی کمیٹیوں کی تشکیل کی جاتی ہے۔ یہ مختلف معاملات پر غور وخوص کرتی ہے۔ان کی تجاویز پر عمل کرنا پارلیمنٹ کے لیے ضروری ہوتا ہے۔

32۔ ہندوستانی وفاقی نظام میں ریاستی مجلس قانون ساز میں دو ایوانوں کا ہونا ضروری ہے۔

33۔ کوئی بھی ممبر اپنی جماعت کی ہدایات کے باوجود ایوان میں غیر حاضر ہو یا ووٹنگ نہ کرے یا اپنی مرضی سے ممبر شپ سے استعفیٰ دے دے تو اسے لوک سبھا کا کنٹرول کہا جاتا ہے۔

34۔ پارلیمنٹ کی کنہیں دو کمیٹیوں کے نام لکھیے۔

35۔ ہندوستانی پارلیمنٹ کا کونسا ایوان زیادہ طاقتور ہے۔

36۔ موجودہ دور میں کس صوبے میں دو ایوان مجلس قانون ساز ہے۔

37۔ پارلیمنٹ کے کون سے تین اجلاس ہوتے ہیں۔

38۔ پارلیمنٹ کا کوئی ایک عدلیہ سے متعلق کام بتائے۔

39۔ دو ایوانی مجلس قانون ساز کا کوئی ایک فائدہ بتائے۔

40۔ پارلیمانی کنٹرول کے کوئی دو ذرائعوں کا ذکر کریں۔

41۔ دفعہ 312 میں کیا انتظام کیا گیا ہے۔

42۔ کوئی ایک دلیل پیش کریں جس سے راجیہ سبھا کی افادیت اور اہمیت کا علم ہو۔

43۔ راجیہ سبھا اپنے پاس کسی عام بل کو کتنے وقت تک رکھ سکتی ہے۔

مندرجہ ذیل اقتباسات کو پڑھیے اور مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب دیجیے۔

44۔ مقنّنہ صرف قانون بنانے والا ادارہ نہیں ہے یہ سبھی جمہوری سرگرمیوں کا مرکز ہے۔ پارلیمنٹ کا اس کے تحت مخالفت، احتجاج، عام رائے اور امداد وغیرہ اسے زندگی بخشتے ہیں۔ دراصل حقیقت میں نمائندگی والی باصلاحیت اور بااثر مقنّنہ کے بغیر سچّی جمہوریت کا تصور بھی محال ہے۔ مقنّنہ عوامی نمائندوں کا عوام کے تئیں جواب دہ طے کرتی ہے۔

44.1۔ مقنّنہ کس طرح نمائندہ جمہوریت کی خاص بنیاد ہے؟

44.2۔ کیا آپ مانتے ہیں کہ ایک مضبوط مجلس وزراء کو بھی مقنّنہ میں اکثریت کی ضرورت ہوتی ہے۔ اگر ہاں تو کیوں؟

44.3۔ پارلیمانی کنٹرول کے کنہیں دو ذرائعوں کا ذکر کریں۔

44.4۔ ہندوستانی آئین میں دوایوانی مقنّنہ کو کیوں اپنایا گیا؟ کوئی ایک وجہ بتائے۔

45۔ بلوں پر غور وخوض عام طور پر پارلیمانی کمیٹیاں کرتی ہیں۔ کمیٹی کی سفارشوں کو پارلیمنٹ میں بھیج دیا جاتا ہے۔ ان کمیٹیوں میں سبھی پارلیمانی جماعتوں کی نمائندگی حاصل ہوتی ہے۔ اسی وجہ سے ان کمیٹیوں کو چھوٹی مقنّنہ بھی کہتے ہیں یہ قوانین کو بنانے کا دوسرا مرحلہ ہے۔ تیسرے اور آخری مرحلہ میں بل پر ووٹنگ ہوتی ہے۔ جب کوئی عام بل ایک ایوان میں پاس کر دیا جاتا ہے تو اسے دوسرے ایوان میں بھیج دیا جاتا ہے۔ دوسرا ایوان بھی اسی مراحل سے گزرتا ہے۔

45.1۔ پارلیمانی کمیٹیوں کو چھوٹی مقنّنہ کیوں کہتے ہیں؟

45.2۔ پارلیمانی کمیٹیوں میں کس ایوان کے ممبران ہوتے ہیں؟

45.3۔ پارلیمانی کمیٹیوں کی کیا اہمیت ہے؟

45.4۔ پارلیمانی کمیٹیوں نے مقنّنہ کے کاموں کو کافی حد تک کم کر دیا ہے کیا آپ اس قول سے متفق ہیں؟

## دو نمبر والے سوالات

1۔ دوایوانی مقنّنہ کی حمایت میں دو دلائل پیش کیجیے۔

2۔ ہندوستان کی ایسی چار ریاستوں کے نام بتایئے جہاں دوایوانی مجلسِ قانون ساز (مقنّنہ) ہے؟

3۔ راجیہ سبھا کی تشکیل کو واضح کیجیے۔

4۔ لوک سبھا کے دو مخصوص اختیارات کا تذکرہ کیجیے۔

5۔ مالیاتی بل اور غیر مالیاتی بل میں کیا فرق ہے؟

6۔ صحیح جوڑے بنایئے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| (a) | راجیہ سبھا میں نامزد ممبران | (i) | راجیہ سبھا |
| (b) | ایوانِ زیریں | (ii) | لوک سبھا |
| (c) | ایوان بالا | (iii) | 2 |
| (d) | لوک سبھا میں نامزد ممبران | (iv) | 12 |

7۔ دل بدل (انحراف) سے کیا مراد ہے؟

8۔ راجیہ سبھا کا ممبر بننے کے لیے دو اہلیتیں بتایئے۔

9۔ پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس کب بلایا جاتا ہے؟

10۔ راجیہ سبھا کے دو مخصوص اختیارات کا تذکرہ کیجیے۔

## چار نمبر والے سوالات

1۔ پارلیمنٹ کی اہمیت/ضرورت کو واضح کیجیے۔

2۔ لوک سبھا کے اختیارات اور کاموں کا تذکرہ کیجیے۔


3۔ لوک سبھا کا ممبر بننے کے لیے کیا اہلیتیں ہونی چاہئیں؟

4۔ راجیہ سبھا کے مخصوص اختیارات کی وضاحت کیجیے۔

5۔ ہندوستان میں قانون سازی کے کوئی چار مراحل بتائیے۔

## پانچ نمبر والے سوالات

1۔ ہندوستان کے نقشے کا بغور مطالعہ کیجیے اور دوایوانی مجلس قانون ساز (مقنّنہ) والی ریاستوں کے نام لکھیے۔



2۔ مندرجہ ذیل کارٹون کی بنیاد پر دیے گئے سوالات کے جواب دیجیے۔




(i) ایوان سے واک آؤٹ کرنا کیا یہ مناسب طریقہ ہے؟ واضح کیجیے۔ 2

(ii) سربراہ ممبران کو ایوان سے کس بنیاد پر کس بنیاد پر آؤٹ کر سکتے ہیں؟ 2

## چھ نمبر والے سوالات

1۔ لوک سبھا عاملہ کو راجیہ سبھا کے مقابلے میں زیادہ کارگر طریقے سے کنٹرول کر سکتی ہے۔ وجہ بتائیے۔

2۔ لوک سبھا عاملہ پر کارگر طریقے سے قابو رکھنے کی نہیں بلکہ عوامی جذبات اور عوام کی امیدوں کو ظاہر کرنے کا منچ ہے۔ کیا آپ اس سے متفق ہیں؟ وجہ بتائیے

3۔ پارلیمنٹ کے اہم کاموں کا تذکرہ کیجیے۔

## ایک نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ (C) صدر

2۔ (C) لوک سبھا میں اکثریت رہنے تک

3۔ (B) راجیہ سبھا

4۔ (A) 14 دن

5۔ (B) سینیٹ

6۔ (D) قول صحیح ہے اور وجہ غلط ہے

7۔ (A) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں اور وجہ قول کی صحیح تشریح ہے۔

8۔ 30 سال

9۔ لوک سبھا کا اسپیکر۔

10۔ لوک سبھا۔

11۔ 12

12۔ فن، ادب، سائنس اور سماجی خدمات۔

13۔ 14 دن۔

14۔ ہندوستان کے صوبوں کی۔

15۔ لوک سبھا

16۔ 6 سال

17۔ جی وی ماؤلنکر

18۔ دل بدل (انحراف)

19۔ غیر سرکاری بل

20۔ لوک سبھا کا اسپیکر

21۔ 10 ویں شیڈول

22۔ غلط

23۔ غلط

24۔ صحیح

25۔ صحیح

26۔ صحیح

27۔ غلط

28۔ صحیح

29۔ آئینی ترمیم کے لئے مشترکہ اجلاس کا انتظام نہیں ہے اسے عام بل کی طرح پاس ہوتا ہے۔

30۔ پبلک اکاونٹ کمیٹی

31۔ ان کی تجاویز پر عمل کرنا پارلیمنٹ کے لیے ضروری نہیں ہوتا ہے۔

32۔ دو ایوانوں کا ہونا ضروری نہیں ہے

33۔ اسے دل بدل کہا جاتا ہے۔

34۔ پبلک اکاؤنٹ کمیٹی اور تخمیہ کمیٹی

35۔ لوک سبھا۔

36۔ آندھرا پردیش، بہار، کرناٹک، مہاراشٹرا، تلنگانہ اور اتر پردیش (کوئی ایک۔)

37۔ بجٹ اجلاس، مانسون اجلاس اور موسم سرما اجلاس۔

38۔ صدر پر تحریک مواخذہ۔

39۔ بل پر دوبارہ غور وخوص۔

40۔ سوال کا گھنٹہ، عدم اعتماد کی تحریک۔

41۔ دفعہ 312 میں لکھا گیا ہے کہ ریاستی فہرست کے کسی موضوع پر اگر تبدیلی کرنی ہے تو راجیہ سبھا کی منظوری لینا ضروری ہے۔

42۔ یہ ایوان بل پر غور وخوض کرتے ہوئے صوبوں کی نمائندگی کرتا ہے۔

43۔ 6 مہینے۔

44.1۔ مقنّنہ سبھی سیاسی سرگرمیوں کا مرکز ہے اور احتجاج، عام رائے اور امداد جیسے مدعوں پر نمائندہ جمہوریت کی خاص بنیادیں ہیں۔

44.2۔ یہ صحیح ہے کیونکہ اگر مجلس وزراء کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک کو پاس کرتی ہے تو مجلس وزراء کو استعفی دینا پڑتا ہے۔

44.3۔ سوالات کا گھنٹہ، بجٹ کا کنٹرول اور عدم اعتماد کی تحریک

44.4۔ تا کہ سب مدعوں پر صحیح طرح غور وخوص ہو سکے اور کوئی بھی بل عجلت میں پاس نہ ہو۔

45.1۔ پارلیمانی کمیٹیوں کو چھوٹی پارلیمنٹ کہا جاتا ہے کیونکہ ان کمیٹیوں میں مخصوص موضوع سے متعلق ماہرین شامل ہوتے ہیں جو اس موضوع پر باریکیوں سے غور کرتے ہیں۔

45.2۔ پارلیمانی کمیٹیوں میں لوک سبھا اور راجیہ سبھا کے ممبران ہوتے ہیں۔

45.3۔ پارلیمانی کمیٹیوں کی اہمیت یہی ہے کہ اس میں سبھی پارلیمانی جماعتوں کے نمائندے ہوتے ہیں اور قانون بنانے کے لئے اس سے جڑے معاملات کا گہرائی سے مطالعہ کرتے ہیں۔

45.4۔ کیوں کہ پارلیمنٹ کے پاس وقت کی کمی ہوتی ہے اس لیے پارلیمانی کمیٹیوں نے مقنّنہ کے کاموں کو کافی کم کیا ہے۔

## دو نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ i) سماج کے سبھی طبقوں اور علاقوں کو مناسب نمائندگی حاصل ہو جاتی ہے۔

ii) دوسرا ایوان پہلے ایوان کے بوجھ کو کم کر دیتا ہے۔

2۔ جموں کشمیر، اتر پردیش، بہار، کرناٹک

3۔ راجیہ سبھا کے ممبروں کی کل تعداد 250 ہوتی ہے جس میں 12 ممبران صدر جمہوریہ کے ذریعے نامزد کیے جاتے ہیں اور 238 ممبران ریاستوں کے ذریعے بلاواسطہ انتخاب کے ذریعے منتخب ہوتے ہیں۔

4۔ i) مالیاتی بل پیش کرنا

ii) وزرا کی کونسل پر کنٹرول

5۔ آئین میں ترمیم کے لیے پیش ہونے والے بل یا عام بلوں کو غیر مالیاتی بل کہا جاتا ہے جبکہ مالیات سے متعلق بل مالیاتی بل کہا جاتا ہے مثلاً ٹیکسوں کا نفاذ، بجٹ وغیرہ۔

6۔ a) (iv

b) (ii

c) (i

d) (iii

7۔ جب کوئی ممبر اپنی مرضی سے جماعت کی ممبر شپ سے مستعفی ہو جائے اور دوسری جماعت کی رکنیت حاصل کر لے تو اسے دل بدل کہتے ہیں۔

8۔ (i) وہ ہندوستان کا شہری ہو

(ii) اس کی عمر کم سے کم 30 سال ہو

9۔ جب کسی بل پر دونوں ایوانوں میں اختلاف ہو۔

10۔ (i) راجیہ سبھا ریاست کے ماتحت آنے والے معاملوں پر قومی مفاد کے لیے پارلیمنٹ کو قانون بنانے کا حق دے سکتی ہے

(ii) راجیہ سبھا کسی بھی نئی خدمت کو جو پورے ہندوستان کے مفاد میں شروع کر سکتی ہے۔

## چار نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ (i) قانون سازی

(ii) بل پیش کرنا

(iii) سرکار پر قابو

(iv) آئین میں ترمیم

2۔ جواب کے لیے نصابی کتاب کا صفحہ نمبر 110 دیکھیے۔

3۔ (i) ہندوستان کا شہری

(ii) عمر 25 سال سے کم نہ ہو

(iii) پاگل اور دیوالیہ نہ ہو

(iv) کسی سودمند سرکاری عہدہ پر نہ ہو

4۔ جواب کے لیے نصابی کتاب کا صفحہ نمبر 110 دیکھیے۔

5۔ پہلا مرحلہ

دوسرا مرحلہ

تیسرا مرحلہ

صدر کی منظوری

## پانچ نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ (i) اتر پردیش (ii) بہار (iii) مہاراشٹر

(iv) تلنگانہ (v) کرناٹک (vi) آندھرا پردیش

2۔ (i) نہیں۔ کیوں کہ ایوان ایک ایسا منچ ہے جہاں پر بحث و مباحثہ صلاح و مشورے کی بنیاد پر مسائل کا حل تلاش کیا جاتا ہے۔

(ii) نظم و ضبط کی کمی کی بنیاد پر

(iii) طلبا جواب خود لکھیں

## چھ نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ (i) سوالات، توجّہ دلاؤ نوٹس کام روکو بل وغیرہ سے۔

(ii) عدم اعتماد کا بل

(iii) مجلس وزرا لوک سبھا کے تئیں جوابدہ

(iv) عوام کے ذریعہ منتخب نمائندے

(v) عوامی پسند ایوان

(vi) ممبران کی تعداد زیادہ

2۔ (i) عوام کے ذریعے منتخب نمائندے ہونے کی وجہ سے

(ii) عوامی بھلائی کے لیے قانون بنانا

(iii) عوامی امیدوں اور خواہشوں سے واقف ہونا

(iv) انتخابات کے ذریعے سے عوام کے تئیں جوابدہ ہونا (تبصرہ کیجیے)


3۔ (i) قانون بنانا

(ii) عاملہ پر کنٹرول

(iii) بحث و مباحثہ

(iv) مالیاتی کنٹرول اور عدم اعتماد بل وغیرہ

# عدلیہ۔(ذہنی نقشہ Mind Map)



# باب-6
# عدلیہ

## یاد رکھنے لائق نکات:

- عدلیہ سرکار کا ایک خاص اور تیسرا عضو ہے جو مختلف لوگوں، نجی اداروں اور سرکار کے آپسی تنازعوں کا حل نکالتا ہے اور قانونی طریقوں سے فیصلہ کرتا ہے۔ اس کا کام قانون کی حکمرانی اور اس کی عظمت کو قائم رکھنا ہے اس کے لیے یہ ضروری ہے کہ عدلیہ کسی بھی سیاسی دباؤ سے آزاد ہو کر آزادانہ فیصلے لے سکے۔

- **عدلیہ**: عدلیہ ملک کے جمہوری سیاسی ڈھانچہ کا ایک حصہ ہے۔ عدلیہ ملک کے آئین، جمہوری اقدار اور عوام کے تئیں جواب دہ ہے۔

- عدلیہ کا کردار یہ بھی ہے کہ قانون کی حکمرانی کی حفاظت اور قانون کی بالادستی متعین کرے۔

- 'قانون کی حکمرانی' سے مراد یہ ہے کہ قانون کی نظر میں سب مساوی ہیں۔

- عدلیہ کی آزادی:— عدلیہ ہر سیاسی دباؤ سے آزاد ہو

- مجلس قانون ساز (مقنّنہ) اور عاملہ عدلیہ کے کام میں کوئی ایسی رکاوٹ نہ ڈالے کہ عدلیہ انصاف قائم نہ کر سکے۔

- جج بغیر کسی خوف یا بھید بھاؤ (امتیاز) کے اپنا کام انجام دے سکیں۔

- جج کی حیثیت سے تقرری کے لیے ایک شخص کو وکالت کا تجربہ یا قانون کا ماہر ہونا چاہیے۔ ججوں کی تقرری 65 سال کی عمر تک کے لیے کی جاتی ہے۔ وہ ریٹائر (سبکدوش) ہونے تک اپنے عہدے پر قائم رہتے ہیں۔ صرف غیر معمولی حالات میں ججوں کو یا کسی ایک جج کو برخاست کیا جا سکتا ہے۔

- مالیاتی طور پر عدلیہ نہ تو عاملہ اور نہ ہی مقنّنہ پر منحصر ہے۔


## ججوں کی تقرری

- وزراء کی کونسل، گورنر وزیر اعلیٰ اور ہندوستان کے چیف جسٹس عدالتی تقرریوں پر اثر انداز ہوتے ہیں۔

- چیف جسٹس کی تقرری میں یہ رواج بھی ہے کہ عدالت عظمٰی کے سب سے اعلیٰ جج کو اس عہدے پر مقرر کیا جاتا ہے لیکن اس رواج کو دوبار توڑا بھی گیا ہے۔

- سپریم کورٹ اور ہائی کورٹ کے دوسرے ججوں کا تقرّر صدر جمہوریہ ہند، چیف جسٹس (CJI) کے مشورہ سے کرتا ہے۔ اس طرح عدلیہ کی آزادی اور طاقت یا اختیارات کا توازن برقرار رہتا ہے۔

## ہندوستانی عدلیہ کا ڈھانچہ




- ہندوستان کے عدالتی نظام میں سب سے اوپر سپریم کورٹ اور سب سے نیچے ماتحت عدالتیں ہیں۔

## سپریم کورٹ کا دائرہ اختیار

- **بنیادی دائرہ اختیار:** مرکز اور ریاستوں کے درمیان جھگڑوں کا نپٹارا
- **رٹ:** بنیادی حقوق کی حفاظت، صدر جمہوریہ، نائب صدر جمہوریہ کے انتخاب سے متعلق تنازعات
- **اپیلی:** دیوانی، فوجداری اور آئینی سوالوں سے جڑے ماتحت عدالتوں کے مقدموں پر اپیل سننا
- **صلاح کاری:** مفاد عامہ کے معاملوں اور قانون کے مسئلوں پر وزیر اعظم کو صلاح دینا
- **مخصوص اختیارات:** کسی ہندوستانی عدالت کے دیئے گئے فیصلے پر اسپیشل لیو پٹیشن کے تحت اپیل پر سنوائی

## عدالتی مستعدی

- ہندوستان میں عدالتی مستعدی کا اہم ذریعہ مفاد عامہ کا مقدمہ (PIL) اور سماجی چارہ جوئی کا مقدمہ (SAL) ہے۔

- عدالتی مستعدی کا مثبت پہلو:— 80-1979 کے بعد مفاد عامہ کی رِٹ اور عدالتی مستعدی کے ذریعے عدلیہ نے ایسے معاملات میں دلچسپی دکھائی جہاں سماج کے کچھ طبقوں کے لوگ (اپیل کنندگان) آسانی سے عدالتوں سے رجوع نہیں

کر پاتے تھے۔اس مقصد کی تکمیل کے لیے عدالت نے عوامی خدمت کا جذبہ رکھنے والے شہریوں، رضا کار تنظیموں اور وکیلوں کو اجازت دی کہ وہ سماج کے ضرورت منداور محروم لوگوں کی طرف سے رِٹ (مقدمات) دائر کر سکتے ہیں۔

- ❑ عدالتی مستعدی نے عدالتی نظام کو زیادہ جمہوری اور عاملہ کو جواب دہ بنا دیا۔
- ❑ اس نے انتخابی عمل کو زیادہ آزادانہ اور منصفانہ بنانے کی کوشش کی ہے۔
- ❑ عدالت نے الیکشن لڑنے والے امیدواروں کو حلف نامہ جاری کرنے کا حکم دیا کہ وہ اپنی املاک اور آمدنی کے ساتھ ساتھ اپنی تعلیمی اہلیت بھی ظاہر کریں تاکہ عوام ان معلومات کی بنیاد پر ہی ان کا انتخاب کر سکیں۔

## ● عدالتی مستعدی کے منفی پہلو

- ❑ عدالتوں پر کام کا بوجھ بڑھ گیا۔
- ❑ عدالتی مستعدی کی وجہ سے عاملہ، قانون ساز مجلس (مقنّنہ) اور عدلیہ کے کاموں کے درمیان فرق کرنا مشکل ہو گیا ہے۔ مثال کے طور پر فضائی یا صوتی آلودگی کو کم کرنا، بدعنوانی کے معاملات کی جانچ کرنا یا انتخابی اصلاحات لانا وغیرہ معاملات مقنّنہ کی نگرانی میں عاملہ کو ہی انجام دینے چاہئیں۔
- ❑ حکومت کا ہر عضو دوسرے عضو کے اختیارات کا احترام کرے۔عدالتی مستعدی نے اس جمہوری اصول کو تنازعات سے دوچار کر دیا ہے۔

## ● عدالتی نظر ثانی کا حق

- ❑ عدالتی نظر ثانی کا مطلب ہے کہ سپریم کورٹ کسی بھی قانون کی آئینی حقیقت کی جانچ کر سکتا ہے۔اگر وہ قانون آئین کی دفعات کے مطابق نہیں ہے تو وہ اسے غیر آئینی قرار دے سکتا ہے۔
- ❑ وفاقی رشتوں کے (مرکز اور ریاستوں کے مابین) معاملات میں بھی سپریم کورٹ نظر ثانی کے اختیار کا استعمال کر سکتی ہے۔
- ❑ عدلیہ مقنّنہ کے ذریعے پاس کیے گیے قانون اور آئین کی تشریح کرتی ہے۔آئین کو مؤثر طور پر تحفظ فراہم کرتی ہے۔
- ❑ شہریوں کے حقوق کے تحّفظ کے لیے آئین عدلیہ کو رِٹ جاری کرنے کا حق دیتا ہے۔
- ❑ مفاد عامہ کی اپیلوں پر غور کرنے کے عمل نے شہریوں کے حقوق کی حفاظت کے لیے عدلیہ کے اختیارات میں اضافہ کر دیا ہے۔
- ❑ رِٹ جاری کرنے اور عدالتی نظر ثانی کے اختیارات سپریم کورٹ کو اور طاقت ور بنا دیتے ہیں۔

- ## عدلیہ اور پارلیمنٹ

- آئین ہند میں حکومت کے ہر عضو کے کام کا دائرہ مخصوص اور واضح ہے۔ اختیارات کی اس قدر واضح تقسیم کے باوجود عاملہ اور عدلیہ، پارلیمنٹ کے درمیان تنازعات ہندوستانی سیاست کا ایک مستقل عنوان بن چکے ہیں۔
- جائیداد کا حق
- پارلیمنٹ کے آئین کی ترمیم کے اختیار سے متعلق
- اس کے ذریعہ بنیادی حقوق کو محدود نہیں کیا جاسکتا
- نوکریوں میں ریزرویشن سے متعلق قانون

- ## 1973 میں سپریم کورٹ کے فیصلے

- آئین کا ایک بنیادی ڈھانچہ ہے اور پارلیمنٹ بھی اس بنیادی ڈھانچہ کی خلاف ورزی نہیں کرسکتی۔ آئین میں ترمیم کے ذریعے بھی اس بنیادی ڈھانچے کو تبدیل نہیں کیا جاسکتا۔
- حق جائیداد کے معاملے میں عدالت نے کہا کہ وہ بنیادی ڈھانچہ کا حصہ نہیں ہے لہٰذا اس کو مناسب طریقے سے کم کیا جاسکتا ہے۔
- عدالت نے یہ حق اپنے لیے محفوظ رکھا کہ آئین کے بنیادی ڈھانچہ سے متعلق مختلف معاملات وہ خود طے کرے گی۔ یہ اس بات کی بہترین مثال ہے کہ عدلیہ آئین کی تشریح کرتی ہے۔
- پارلیمنٹ اور عدالتوں کے بیچ اختلافات کے موضوع بنے رہتے ہیں۔ آئین یہ انتظام کرتا ہے کہ ججوں کے برتاؤ پر پارلیمنٹ میں بحث نہیں کی جاسکتی لیکن کئی موقعوں پر عدالت کے برتاؤ پر انگلی اٹھائی گئی ہے۔ اسی طرح عدالت نے بھی کئی موقعوں پر مقنّنہ پر تنقید کی ہے۔

- جمہوریت میں سرکار کے ایک عضو کا دوسرے عضو کے لیے احترام بے حد ضروری ہے۔

## ایک نمبر والے سوالات

1۔ کون سی عدالت کے فیصلے کے خلاف سپریم کورٹ میں اپیل نہیں کی جا سکتی ہے؟

(a) ہائی کورٹ (b) ضلع کی عدالت

(c) فوجی عدالت (d) مندرجہ بالا کوئی نہیں

2۔ مفاد عامہ کی رٹ کس ملک کے ذریعہ اپنے آئین میں شامل کی گئی ہے؟

(a) امریکہ (b) جنوبی افریقہ

(c) ہندوستان (d) جاپان

3۔ ہندوستان کا چیف جسٹس کب تک اپنے عہدے پر بنا رہ سکتا ہے؟

(a) 60 سال (b) 62 سال

(c) 65 سال (d) 70 سال

4۔ عدالت کے اپیل کے حق کا ذکر ملتا ہے آئین کی دفعہ.............................. میں

(a) 134 (b) 224

(c) 226 (d) 27

5۔ مندرجہ ذیل میں سے کون سی اہلیت سپریم کورٹ کے جج کے لیے ضروری نہیں ہے۔

(a) وہ ہندوستان کا شہری ہو

(b) وہ لوک سبھا کی نظر میں باعزت جج ہو

(c) وہ سپریم کورٹ میں کم سے کم 10 سال تک وکالت کر چکا ہو

(d) وہ ہائی کورٹ میں کم سے کم پانچ سال تک جج رہ چکا ہو

6۔ اپیل کی سب سے بڑی عدالت ہے۔

(a) سپریم کورٹ (b) ہائی کورٹ

(c) ضلع کورٹ (d) سیشن کورٹ

7۔ ججوں کی تنخواہیں اور بھتے ہندوستانی حکومت کے............................ فنڈ سے دیے جاتے ہیں۔

8۔ ہائی کورٹس اور سپریم کورٹ کے ججوں کو انفرادی تنقید............................ سے فراہم کیا گیا ہے۔

9۔ سپریم کورٹ کے ججوں کا تقرّر............................ کرتا ہے۔

10۔ سپریم کورٹ کے قیام کا ذکر آئین کی دفعہ ............................ میں کیا گیا ہے۔

11۔ ہندوستانی سپریم کورٹ............................ میں واقع ہے۔

## مندرجہ ذیل سوالات کے صحیح یا غلط لکھیں

12۔ ہندوستان کے چیف جسٹس کا تقرر سینئرریٹی کی بنیاد پر ہوتا ہے۔

13۔ عدالتی نظر ثانی کا اوّلین ذکر امریکہ میں ملتا ہے۔

14۔ سپریم کورٹ کے مشوروں پر عمل کرنا صدر کے لیے ضروری ہے۔

15۔ عدالتی نظر ثانی کا سب سے پہلا تحریری ثبوت برطانیہ کے آئین میں ملتا ہے۔

16۔ سپریم کورٹ کے فیصلوں پر عمل سبھی عدالتوں کے لیے لازمی ہے۔

17۔ ہندوستانی آئین مربوط عدالتی نظام کے قیام کو لاگو کرتا ہے۔

## مندرجہ ذیل اقوال کو صحیح کر کے لکھیے

18۔ ہائی کورٹ کے فیصلے ہندوستانی سرزمین پر سبھی عدالتوں کے لیے لازمی ہیں۔

19۔ سپریم کورٹ کے ابتدائی اختیارات سے مراد ہے دیوانی، فوجداری معاملات سے جڑے ماتحت عدالتوں کے فیصلوں پر اپیل سننا۔

20۔ ہندوستان میں مربوط عدالتی نظام کو اپنایا نہیں گیا ہے۔

## مختصر جواب والے سوالات

21۔ سپریم کورٹ کے اپیل کی سماعت کے حق سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

22۔ قانون کی حکمرانی سے کیا مراد ہے؟

23۔ سپریم کورٹ اور ہائی کورٹ کے ججوں کو ان کے عہدوں سے کس بنیاد پر ہٹایا جاسکتا ہے؟

24۔ سپریم کورٹ کے صلاح سے متعلق اختیار کا ذکر کریں۔

25۔ ''کورٹ آف ریکارڈ'' سے کیا مراد ہے؟

26۔ عدالتی نظر ثانی کی وضاحت کریں۔

27۔ عدالتی مستعدی کس طرح عدالتوں کو زیادہ فعال اور متحرک بنا رہی ہے۔؟

28۔ مفادِ عامہ کی رٹ سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

29۔ ہندوستان میں کل کتنے ہائی کورٹس ہیں؟

30۔ ہندوستان کے چیف جسٹس کی تنخواہ کتنی ہے؟

31۔ ہندوستان میں موجودہ وقت میں سپریم کورٹ کے ججوں کی تعداد کتنی ہے؟

32۔ ہندوستان میں چیف جسٹس کو کس طرح اس کے عہدے سے برطرف کیا جاسکتا ہے؟

مندرجہ ذیل اقتباس کو پڑھیں اور مندرجہ ذیل سوالات کے جواب دیں

33۔ عدالتی مستعدی کا ہمارے سیاسی نظام پر بہت اثر پڑا ہے۔اس سے نہ صرف لوگوں بلکہ مختلف گروپوں کو بھی عدالت جانے کا موقع ملا۔اس نے عدالتی نظام کو جمہوری بنانا اور عاملہ کو جواب دہ بننے پر مجبور کیا ہے۔انتخابی سسٹم بھی کہیں زیادہ آزاد اور غیر جانبدار ہوا ہے۔عدالتوں نے انتخاب لڑنے والے امیدواروں کو اپنی جائیداد، آمدنی، تعلیمی لیاقت کے بارے میں حلف نامہ دینے کا حکم دیا تاکہ عوام کو صحیح معلومات کی بنیاد پر اپنے نمائندے چننے کا موقع حاصل ہوسکے۔

33.1۔ عدالتی مستعدی نے انصاف کے نظام کو کس طرح جمہوری بنایا ہے؟

33.2۔ عدالتی مستعدی کا سیاسی نظام پر کس طرح اثر پڑا ہے؟

33.3۔ کیا عدالتی مستعدی نے سیاسی نظام کو زیادہ جواب دہ بنایا ہے؟

33.4۔ عدالتی مستعدی کی کوئی ایک مثال پیش کریں۔

34۔ بنیادی حقوق کے خلاف ورزی پر کوئی بھی شخص انصاف پانے کے لیے سیدھے سپریم کورٹ جا سکتا ہے۔ سپریم کورٹ اپنے مخصوص حکم رٹ کے طور پر دے سکتا ہے۔ ہائی کورٹ بھی رٹ جاری کر سکتی ہے لیکن جس شخص کی بنیادی حقوق کی خلاف ورزی ہوئی ہوتی ہے اس کے پاس یہ راستہ ہے کہ وہ چاہے تو ہائی کورٹ یا سپریم کورٹ جا سکتا ہے۔ اس کے ذریعے عدلیہ ،عاملہ کو کچھ کرنے یا نہ کرنے کا حکم دے سکتی ہے۔

34.1۔ کیا کوئی شخص انصاف حاصل کرنے کے لیے سیدھے سپریم کورٹ جا سکتا ہے؟

34.2۔ کنہیں دو رٹوں کے نام بتائے۔

34.3۔ سپریم کورٹ کے اختیارات کا ذکر آئین کی کن دفعات میں کیا گیا ہے؟

34.4۔ رٹ جاری کرنے کے اختیارات نے فرد کے بنیادی حقوق کو عدلیہ کے ذریعے تحفظ عطا کیا ہے۔ کیا آپ اس بات سے متفق ہیں؟

## دو نمبر والے سوالات

1۔ مفاد عامہ رٹ کب اور کس کے ذریعہ شروع کی گئی؟

2۔ مفاد عامہ رٹ میں کیا بدلاؤ کیا گیا؟

3۔ مفاد عامہ کے مقدموں سے رٹ سے کس کو فائدہ پہنچتا ہے؟

4۔ عدالتی نظر ثانی کا کیا مطلب ہے؟

5۔ سپریم کورٹ کو اپنے ہی فیصلے بدلنے کی اجازت کیوں دی جاتی ہے؟

6۔ عدلیہ آرٹیکل 32 کا استعمال کیوں اور کس طرح کرتی ہے؟

7۔ آرٹیکل 226 کے تحت رٹ جاری کرنے کا حق کس کا ہے اور کیسے؟

8۔ کون سے دو اختیارات سپریم کورٹ کو طاقتور بنا دیتے ہیں؟

9۔ قانون کی حکومت کا کیا مطلب ہے؟

10۔ قانونی نظر ثانی اور رٹ میں کیا فرق ہے؟

## چار نمبر والے سوالات

1۔ سپریم کورٹ (عدالت عظمیٰ) کے ذریعہ جاری رٹ کو بیان کیجیے۔

2۔ صلاح دینے کا اختیار سے سرکار کو کیا فائدہ ہے؟

3۔ سپریم کورٹ کے ججوں کو عہدے سے برطرف کرنے کے طریقے کو بیان کیجیے۔

4۔ مشترکہ ذمہ داری کے اصول سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

5۔ اپیلی اختیار کی وضاحت کیجیے۔

## پانچ نمبر والے سوالات

1۔ یہ بات ضرور یاد رہے کہ غریبوں کے مسائل ایسے لوگوں کے مسائل سے خوبیوں کی بنا پر الگ ہیں جن پر اب تک عدالتوں کی توجہ رہی ہے۔ غریبوں کے تئیں انصاف الگ نظریہ اپنانے کی ضرورت ہے۔ اگر ہم غریبوں کے معاملات میں آنکھ بند کر کے انصاف کرنے کا کوئی بہتر طریقہ اپناتے ہیں تو وہ کبھی بھی وہ اپنے بنیادی حقوق کا استعمال نہیں کر سکیں گے۔
(نیائے مورتی بھگوتی...... بندھوا مکتی مورچہ بنام بھارت سرکار 1984)

(i) مندرجہ بالا قول کس کا ہے؟

(ii) مقدمے کا نام کیا تھا؟

(iii) نیائے مورتی کس کے بارے میں لکھ رہے ہیں؟

(iv) سبھی لوگ بنیادی حقوق کا استعمال کس طرح کر سکتے ہیں؟

2۔




(i) مندرجہ بالا تصویر میں عدلیہ کس معاملے میں مداخلت کر رہی ہے؟ 1

(ii) عدلیہ کی مداخلت سے کیا مراد ہے؟ 2

(iii) مداخلت کرتے ہوئے عدلیہ نے کیا فیصلہ لیا؟ 2

3۔ آپ ایک منصف (جج) ہیں

شہریوں کا ایک گروہ مفاد عامہ رٹ کے ذریعہ سے عدالت جا کر درخواست کرتا ہے کہ وہ شہر کی نگر پالیکا کے افسران کو جھگی جھونپڑیاں ہٹانے اور شہر کو خوبصورت بنانے کا کام کرنے کا حکم جاری کرے۔ تاکہ شہر میں سرمایہ کاری کرنے والے کو اپنی طرف مائل کرے۔ ان کی دلیل ہے کہ ایسا کرنا مفاد عامہ کے لیے ہے۔ جھگی بستی میں رہنے والوں کا کہنا ہے کہ ایسا کرنے پر ان کے ''زندہ رہنے کا حق'' کی پامالی ہوگی۔ ان کی دلیل ہے کہ مفاد عامہ کے لیے صاف ستھرے شہر سے زیادہ زندہ رہنے کا حق اہم ہے۔ خیال کریں کہ آپ ایک منصف (جج) ہیں آپ ایک فیصلہ لکھیں اور طے کریں کہ اس کی ''مفاد عامہ رٹ'' میں مفاد عامہ کا مدعہ ہے یا نہیں؟

(i) عدالت جانے والے دو گروپ کون کون سے ہیں؟ 1

(ii) دونوں گروپوں نے مفاد عامہ کی بنیاد پر اپنی کون کون سی دلیل پیش کی؟ 2

(iii) اگر آپ منصف (جج) ہوتے تو کیا فیصلہ لیتے اور یہ معاملہ مفاد عامہ کا ہے یا نہیں؟ 2

## چھ نمبر والے سوالات

1۔ ہندوستانی عاملہ کی بناوٹی پراملڈ کی شکل کو بیان کیجیے۔

2۔ سپریم کورٹ کے دائرہ اختیار کو بیان کیجیے۔

3۔ مفاد عامہ رٹ کس طرح غریبوں کی مدد کر سکتی ہے؟

4۔ مفاد عامہ رٹ کو عاملہ کے لیے منفی پہلو کیوں سمجھا جاتا ہے؟

5۔ عدلیہ کی آزادی کے لیے اہم اقدام کی وضاحت کیجیے۔

6۔ عدلیہ کس طرح آئین کی محافظ ہے؟

7۔ عدالتی مستعدی کی وجہ سے عدلیہ پر بوجھ بڑھا ہے اس قول کی جانچ دلائل کے ساتھ کیجئے۔

8۔ ''جمہوری نظام کو صحیح طرح سے چلانے میں عدلیہ ایک اہم ستون ہے''۔واضح کریں۔

## ایک نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ فوجی عدالت

2۔ امریکہ

3۔ 65سال

4۔ دفعہ 134

5۔ (B)وہ لوک سبھا کی نظر میں باعزت جج ہو

6۔ سپریم کورٹ

7۔ کونسولیڈیٹ فنڈ

8۔ آزادی

9۔ صدر

10۔ دفعہ 124

-11 دلّی

-12 صحیح

-13 صحیح

-14 غلط

-15 غلط

-16 غلط

-17 صحیح

-18 سپریم کورٹ کے فیصلے

-19 مرکز اور صوبوں کے بیچ تنازعات

-20 مربوط عدالتی نظام کو اپنایا گیا ہے۔

-21 دیوانی، فوجداری، قانونی سوالوں سے جڑے ماتحت عدالتوں کے مقدموں پر اپیل سننے کا اختیار۔

-22 قانون کی نظر میں سب برابر ہیں اور قانون کے مطابق ہی کام ہوگا

-23 بدعنوانی ثابت ہونے یا نااہل ہونے کی صورت میں۔

-24 عوامی فلاح کے معاملے میں یا قانونی مسائل کے معاملے میں صدر کو مشورہ دینے کا اختیار۔

-25 سپریم کورٹ کے دیے گئے فیصلے مستقبل میں دیگر فیصلوں کے لیے نظیر ہوں گے۔

-26 سپریم کورٹ کسی بھی قانون کی آئینی حیثیت پر غور کر سکتا ہے۔

-27 ہاں عدالتیں اب زیادہ مستعد ہو کر اپنا کردار نبھا رہی ہیں اور انصاف قائم کر رہی ہیں۔

-28 مفاد عامہ کی رٹ کے تحت ایک شخص یا ایک گروپ مفاد عامہ کے رٹ داخل کر سکتا ہے۔

-29 25

-30 2.8 لاکھ

-31 30+1

32۔ پارلیمنٹ میں تحریک مواخذہ کے ذریعے۔

33.1۔ عدالتی مستعدی سے عدالتوں کے اختیارات کا دائرہ بڑھا ہے۔صاف ہوا، پانی اور اچھی زندگی پانا پورے سماج کا حق ہے۔ اس طرح کے حقوق پر مہر عدالتوں نے لگائی ہے جس سے عدالتی نظام کو زیادہ جمہوری بنایا ہے۔

33.2۔ عاملہ جوابدہ ہونے پر مجبور ہوئی ہے اور انتخابی نظام کو بھی زیادہ آزاد اور غیر جانبدار بننے میں مدد ملی ہے۔

33.3۔ عدالتوں میں انتخاب لڑنے والے امیدواروں کو اپنی جائیداد، آمدنی اور تعلیمی لیاقتوں سے متعلق حلف نامہ دینے کی ہدایت دی تاکہ لوگ صحیح معلومات کی بنیاد پر اپنے نمائندوں کو چن سکیں

33.4۔ عدالت مستعدی کی مثالیں ہیں ہوا اور شور کی آلودگی کو ختم کرنا اور بدعنوانی کے معاملات کی جانچ کر کے انتخابی سدھار کرنا۔

34.1۔ ہاں

34.2۔ حکم امتنائی، حکم تاکیدی، مسل طلبی (کوئی دو)

34.3۔ دفعہ 124 سے دفعہ 147

34.4۔ قول سے ہم متفق ہیں کہونکہ حاضری ملزم، حکم امتناعی، حکم تاکیدی، مسل طلبی وغیرہ جیسی رٹوں نے لوگوں کو بنیادی حقوق کی حفاظت کی ہے۔

## دو نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ جج پی۔این۔بھگوتی اور وی۔کے۔کرشنا ایر کے ذریعے

2۔ اخبار کی خبروں اور ڈاک کے ذریعہ حاصل شکایت کو بھی مفاد عامہ رٹ مانا جانے لگا۔

3۔ غریب، لاچار، کمزور، ان پڑھ لوگوں کو انصاف دلانے کے لیے

4۔ عدلیہ کے خود کے ذریعے دیے گئے فیصلے کی دوبارہ جانچ کرنا

5۔ عدلیہ سے بھی غلطی ہوسکتی ہے۔لوگوں کو سچا انصاف حاصل ہو۔

6۔ عدلیہ رٹ جاری کر کے حاضری ملزم اور ماتحت عدالت کے نام حکم نامہ جاری کرتی ہیں تاکہ سبھی کو جینے کا حق اور اطلاع کا حق حاصل ہو۔بنیادی حقوق کو دوبارہ لاگو کیا جاسکتا ہے۔

7۔ ہائی کورٹ رٹ جاری کرسکتا ہے۔کسی قانون کو غیر آئینی قرار دے سکتی ہے۔اسے لاگو ہونے سے روک سکتی ہے

8۔ (i) رٹ جاری کرنے کا اختیار

(ii) قانونی نظر ثانی کا اختیار

9۔ غریب، امیر، مرد، عورت، اگڑے، پچھڑے سبھی طبقوں کے لوگوں پر یکساں قانون لاگو ہو

10۔ عدلیہ مقنّنہ کے ذریعے پیش کیے گئے قانونوں کی آئین کی تشریح کرسکتی ہے

11۔ بنیادی حقوق کی حفاظت کے لیے سپریم کورٹ اور ہائی کورٹ حکم جاری کرتی ہے جو رٹ کہلاتی ہے۔

## چار نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ حاضری ملزم (یا کوئی اور تفصیل کے ساتھ)

2۔ (i) سرکار کو چھوٹ مل جاتی ہے

(ii) عدالتی رائے جان کر قانونی جھگڑوں سے بچا جاسکتا ہے

(iii) بل میں ترمیم کرسکتی ہے

(iv) مشکلات کا حل دانشوروں کے ذریعے

3۔ (i) عہدے سے برطرفی کے ذریعے

(ii) نااہلیت کا الزام لگنے پر

(iii) مخصوص مشترکہ رائے سے پر بل پیش کر کے

(iv) دونوں ایوانوں میں مشترکہ رائے کے بعد صدر کے دستخط کر کے

4۔ (i) سپریم کورٹ اور ہائی کورٹ کے ججوں کا تقرر ہندوستان کے چیف جسٹس کی صلاح پر وزیر اعظم کے ذریعے

(ii) جج کا تقرر نئے انتظام کے ذریعے سے

(iii) نئے انتظام میں ہندوستان کے چیف جسٹس اور دیگر چار اعلی ججوں کی صلاح سے صدر کے ذریعے کچھ نام پیش کیے گئے ناموں کے ذریعے تقرری کے عمل کو مشترکہ ذمہ داری کا اصول کہتے ہیں

5۔ (i) ہائی کورٹ کے فیصلے کے خلاف

(ii) ہائی کورٹ کے ذریعے کی گئی قانونی تشریح سے متعلق

(iii) کسی مجرم کے جرم سے آزادی کے فیصلے کو بدل کر دوبارہ پھانسی کی سزا۔ سپریم کورٹ...... ہائی کورٹ سے منگوا کر دوبارہ معائنہ کر سکتا ہے۔

## پانچ نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ (i) جج بھگوتی کے ذریعہ

(ii) بندھوا مکتی مورچہ بنام بھارت سرکار 1984

(iii) غریبوں کے لیے

(iv) غریبوں کے تئیں منصفانہ نظریہ طے کر کے مناسب فیصلہ کرنا

2۔ (i) ڈاک ہڑتال

(ii) عوامی سہولیات

(iii) مفاد عامہ سے متعلق اداروں کو ہڑتال نہیں کرنا چاہیے

(iv) عوام کو پریشانی

(v) روزمرہ کی ضروریات اثر انداز

3۔ (i)
- شہر کو خوبصورت بنانے کے لیے
- جھگّی بستی کو اجاڑنے سے روکنے کے لیے

(ii) شہر کو خوبصورت بنا کر سرمایہ کاری پر زور، دوسرا گروپ ''زندہ رہنے کے حق'' کی مانگ

(iii) زندہ رہنے کے حق کو ترجیح دینا، صفائی کا حکم دیا جانا۔

## چھ نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ سپریم کورٹ 1

ہائی کورٹ 24

ضلع کورٹ (سبھی ضلعوں کی سطحوں پر)

ماتحت عدالتیں

2۔ ابتدائی، بنیادی، اپیلی، رٹ جاری کرنا رائے دینا، تذکرہ

3۔ کسی شخص/آرگنائیزیشن(Organisation) کی شکایت

اخبار میں خبروں، ڈاک کے ذریعے شکایت کی بنیاد پر

4۔ (i) عاملہ پر کام کا بوجھ بڑھنا

(ii) ودھان سبھا کے کاموں کو عاملہ کے ذریعے کیا جانا

(iii) عاملہ کے پاس وقت کی کمی

(iv) ججوں کی کمی

5۔ (i) ججوں کی عہدہ پر رہنے کی عمر طے

(ii) اچھی تنخواہ

(iii) ججوں کے ذریعے دیئے گئے فیصلوں کو چنوتی نہیں

(iv) دیے گئے فیصلوں کے لیے ججوں کی زندگی کی حفاظت کا انتظام کرنا

(v) حکومت کے ذریعے ججوں کے کاموں میں رکاوٹ نہ پہنچانا

(vi) ججوں کے تقرّر میں ودھان سبھا کی دخل اندازی نہ کرنا

6۔ ہاں کیونکہ (i) یہ بنیادی حقوق کا تحفظ کرتی ہے۔(ii) عدالتی نظرِ ثانی کرتی ہے۔

(iii) عدالتی مستعدی (iv) سماجی اور اقتصادی انصاف

7۔ (i) عاملہ کے دائرہ اختیار میں عدالتی دخل اندازی۔

(ii) عدلیہ کے اس عمل سے عدالتوں کا بوجھ بڑھ گیا ہے لیکن پھر بھی عدالت آئین کے محافظ کا کردار ادا کرنے میں کامیاب ہوئی ہے۔

8۔ عدلیہ اہم ستون ہے کیونکہ

(i) جمہوری اقدار کو بنائے رکھنے میں معاون

(ii) سماجی اقتصادی انصاف کو یقینی بنانا

(iii) بنیادی حقوق کے نفاذ میں معاون

(iv) عدالتی مستعدی

# وفاقیت۔( ذہنی نقشہ Mind Map )

## حکومت کی سطح

- پورے ملک کیلئے ایک حکومت
  - ↓ مرکزی حکومت
- ریاستوں کے لیے الگ الگ حکومتیں
  - ↓ صوبائی حکومت

## وفاقیت کی خصوصیات

- دو یا تین سطحوں پر حکومتیں
- آئین کے ذریعے حکومتوں کی تشکیل
- ہر سطح پر عمل عدالت ہوتی ہے
- ترمیم/تبدیلی کرنا ہو تو ہر سطح کی رضامندی ضروری ہے
- اقتصادی خودمختاری
- دوہرا مقصد
- آزاد عدلیہ

## ہندوستان ایک وفاقی ریاست

مرکزی حکومت: ⟵ یونین لسٹ:۔مرکزی حکومت قانون بناتی ہے۔دفاع

صوبائی حکومت: ⟵ صوبائی فہرست:۔صوبائی حکومتیں قانون بناتی ہیں۔پولیس

مشترکہ فہرست: ⟵ مشترکہ:۔دونوں سطح کی حکومتیں قانون بناتی ہیں۔تعلیم۔

# باب-7
# وفاقیت

## سبق کے اہم نکات


| | |
|---|---|
| **وفاقیت کا مطلب** | وفاقیت سے مراد متحدر ہنے کا خیال ہے۔ دو یا دو سے زیادہ ریاستوں کے ایک ساتھ متحد رہنے کو ہی وفاقیت کہتے ہیں وفاقی نظام کی شروعات امریکہ سے ہوئی تھی۔ |

وفاقیت ایک ادارہ جاتی نظام ہے جس میں دو طرح کی سیاسی نظام پر مشتعل ہوتا ہے اس میں ایک مرکزی سطح اور دوسری صوبائی سطح کے سیاسی نظام پر مشتمل ہوتا ہے۔ سیاسی نظام کی ہر سطح خود مختار ہوتی ہے۔


مرکزی یا وفاقی حکومت کا دائرہ اختیار پورا ملک ہوتا ہے اور اس کی ذمہ داری قومی اہمیت کی حاصل ہے۔ مرکزی حکومت یونین کی فہرست کے مضامین کے بارے میں فیصلے کر سکتی ہے۔ مرکز اور ریاست کے مابین تنازعہ کو روکنے کے لیے قانون سازی آزاد عدلیہ تشکیل دیتی ہے۔


**ہندوستان میں وفاقیت:** ہندوستان کے آرٹیکل 1 میں ہندوستان کو ریاستوں کا اتحاد (Union of State) کہا گیا ہے۔

قومی تحریک کے دوران بہت سے رہنما یہ چاہتے تھے کہ ہندوستان جیسے بڑے ملک پر حکمرانی کرنے کے لیے اختیارات یا مضامین کو مرکزی اور صوبائی سطحوں میں بانٹنا ضروری ہوگا۔ ہندوستانی معاشرے میں علاقائی اور لسانی تنوع موجود ہیں لہٰذا ہر خطے کو لوگوں کو یہ حق حاصل ہوگا کہ خود حکومت کا موقع حاصل کر سکیں۔ ہندوستانی وفاقیت کے مطابق ہندوستان میں ایک وفاقی (مرکزی) حکومت۔ 28 ریاستوں اور 8 مرکزی علاقوں کی حکومتیں اپنے موضوعات پر کام کرتے ہیں۔ ہندوستانی آئین میں اختیارات کی واضح تقسیم موجود ہے۔



**اختیارات کی تقسیم:** ہندوستان کے آئین میں دوطرح کی حکومتوں کا بیان کیا گیا ہے۔پہلی مرکزی حکومت جس کے دائرے اختیار میں پورا ملک ہے اور دوسری حکومت ریاستی سطح کی حکومت ہے جس کا دائرہ اختیار صرف ریاست تک محدود ہے دونوں آئینی حکومتیں ہیں اوران کے دائرہ کار کی وضاحت کی جا چکی ہے۔




## ہندوستانی یونین میں مضبوط مرکزی حکومت کیوں؟

ہندوستان ایک بہت بڑا اور متنوع ملک ہے آئین بنانے والوں کوامید تھی کہ اتنے بڑے ملک کو صرف ایک مضبوط مرکزی حکومت کے ذریعے ہی کنٹرول کیا جاسکتا ہے۔ملک میں آزادی کے وقت 500 سے زیادہ دیسی ریاستیں تھیں جن کوضم ایک طاقت ورمرکزی حکومت کے ذریعے ہی کیا جاسکا تھا۔

## ہندوستانی وفاقی نظام میں تناؤ:۔

ہندوستانی آئین نے مرکزی حکومت کو بہت سارے اختیارات دیے ہیں جبکہ ریاستوں کی حکمرانی ریاستی حکومتوں کی ذمہ داری ہے اس

وجہ سے وقتاً فوقتاً ریاستیں زیادہ خودمختاری اور اختیارات کا مطالبہ کرتی رہتی ہیں جس کی وجہ سے مرکز اور ریاستوں میں تناؤ اور تنازعات پیدا ہورہے ہیں۔

## مرکز اور ریاست کا رشتہ:

(1) ریاستیں وقتاً۔فوقتاً مرکزی حکومت سے اور زیادہ اختیارات اور خودمختاری کا مطالبہ کرتے رہتے ہیں جو درج ذیل شکلوں میں ہیں۔

(i) **مالی خودمختاری:۔** ریاستوں کی آمدنی وسائل محدود ہیں اور وسائل پر کنٹرول بھی محدود ہے لہٰذا ریاستی حکومتیں آمدنی کے معاملات میں زیادہ مختاری کا مطالبہ کرتے رہتے ہیں۔

(ii) **انتظامی خودمختاری:۔** ریاستی حکومتیں روزانہ انتظامیہ کے معاملات میں زیادہ خودمختاری چاہتے ہیں ریاستیں مرکز سے اور زیادہ اختیارات اور حق چاہتے ہیں۔

(iii) **ثقافتی اور لسانی امور:۔** بہت سی ریاستیں ہندی زبان کی مخالفت کرتی رہتی ہیں اور اپنی ریاست میں اپنی ریاستی زبان کی حوصلہ افزائی کرتی ہیں۔

(2) **گورنر اور صدر کی حکمرانی کا کردار:** (i) صدر ریاستی حکومتوں سے مشورہ کے بغیر ہی گورنر کی تقرّری کر دیتے ہیں جو بعض اوقات ریاستوں کے روزمرّ ہ کے کاموں میں غیر ضروری مداخلت کرتے ہیں۔

(ii) مرکزی حکومت گورنر پر دباؤ ڈال کر ریاستوں میں آرٹیکل 356 کے ذریعے غیر منصفانہ صدارتی حکمرانی نافذ کر دیتے ہی۔

(3) **نئی ریاستوں کا مطالبہ:۔** ہندوستانی وفاقی نظام میں وقتاً۔فوقتاً ہی ریاستوں کا مطالبہ بڑھتا ہی جاتا ہے سیاسی وجوہات کی وجہ سے یونین اور ریاستوں میں تناؤ بڑھتا ہی جاتا ہے۔

(4) **بین صوبائی تنازعات:** (i) وفاقی نظام میں دو یا دو سے زیادہ ریاستوں میں تنازعات ہوتے رہتے ہیں۔ جیسے کرناٹک اور مہاراشٹر میں بیلگام کے بارے میں سرحدی تنازعہ

(ii) دو یا دو سے زیادہ ریاستوں میں ندیوں کے پانی کے بٹوارے کو لے کر تنازعہ ہوتا رہتا ہے۔ جیسے۔ کرناٹک اور تمل ناڈو میں کاویری دریا چل رہا ہے۔

5۔ **مخصوص دفعات:۔** آئین کے آرٹیکل 371 سے 371 (H) تک میں ناگا لینڈ۔ آسام۔ منی پور۔ آندھرا پردیس۔ سکم۔ میزورم۔ اروناچل پردیس اور گوا کو خاص درجہ دیا گیا ہے۔

# وفاقیت MCQ

1۔ ہندوستان میں کس طرح کی شہریت دی جاتی ہے؟

(a) دوہری شہریت (b) کثیر شہریت

(c) اکہری شہریت (d) مندرجہ بالا کوئی نہیں

2۔ مرکز صوبائی تعلقات کی جانچ کے لیے کس کمیشن کو مقرر کیا گیا تھا؟

(a) شاہ کمیشن (b) سرکاریہ کمیشن

(c) گوسوامی کمیشن (d) مندرجہ بالا کوئی نہیں

3۔ صوبائی اسمبلی کو تحلیل کرنے کی طاقت/اختیار کس کے پاس ہے؟

(a) وزیر اعلی (b) وزیر اعظم

(c) ہائی کورٹ (d) گورنر

4۔ بین ریاستی تنازعات کو حل کرنے کا اختیار کس کے پاس ہے؟

(a) گورنر (b) پارلیمنٹ

(c) سپریم کورٹ (d) صدر

5۔ قول:- ہندوستان کے صوبوں کو کسی بھی وقت آپس میں ملایا جاسکتا ہے۔

وجہ:- پارلیمنٹ کے پاس صوبوں کو آپس میں ضم کرنے کا اختیار ہے۔

(A) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں اور وجہ قول کی صحیح وضاحت ہے۔

(B) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں اور وجہ قول کی صحیح وضاحت نہیں ہے۔

(C) قول صحیح ہے لیکن وجہ غلط ہے۔

(D) قول غلط ہے لیکن وجہ صحیح ہے۔

6۔ قول:- ہندوستان میں حکومت کے تین سطح ہیں۔

وجہ:- ہندوستان میں وفاقی نظام امریکہ سے لیا گیا۔

(A) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں اور وجہ قول کی صحیح وضاحت ہے۔

(B) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں اور وجہ قول کی صحیح وضاحت نہیں ہے

(C) قول صحیح ہے لیکن وجہ غلط ہے

(D) قول غلط ہے لیکن وجہ صحیح ہے

خالی جگہ پر کریں

(1) ہندوستانی آئین میں وفاقیت کے لیے......................لفظ کا استعمال کیا گیا ہے۔

(2) وفاقیت کا مطلب......................ہے۔

(3) مرکز اور ریاستوں کے درمیان تنازعات کا حل......................ذریعے کیا جاتا ہے۔

(4) مشترکہ فہرست پر قانون بنانے کا حق......................ہے۔

(5) ریاستوں میں صدر کی حکمرانی کا استعمال آرٹیکل......................کے تحت ہے۔

## سوال 6 تا 10 کے جواب 20 لفظوں میں دیجیے۔

(6) ہندوستان میں وفاقی نظام کیوں اپنایا گیا؟

(7) سرکاریہ کمیشن کب بنایا گیا؟

(8) آرٹیکل 371 سے متعلق کسی ایک ریاست کا نام لکھیے۔

(9) ریاستی تنظیم نو کمیشن کا قیام کب عمل میں آیا؟

(10) خودمختاری کا کیا مطلب ہے؟

سوال نمبر 11 سے 15 تک جملوں میں صحیح یا غلط کی شناخت کریں۔

(11) جموں کشمیر کو خصوصی حیثیت حاصل ہے۔

(12) امریکہ دنیا میں سب سے پہلے وفاقی نظام کو اپنانے والا ملک ہے۔

(13) ہندوستان کے آئین میں مرکزی حکومت کی بجائے ریاستوں کو زیادہ اختیارات دیئے ہوئے ہیں۔

(14) پارلیمنٹ ہندوستان میں نئی ریاستوں کی تشکیل دے سکتی ہے۔

(15) ہندوستان میں دوہری شہریت کی فراہمی ہے۔

## دو نمبر والے سوالات

1۔ میسور اور مدارس کو کس ریاست میں ضم کیا گیا تھا؟

2۔ وفاقیت کس طرح ہندوستان میں کثرت میں وحدت کو بنانے میں معاون ہے؟

3۔ دفعہ 1 میں کیا بات بیان کی گئی ہے۔

4۔ اختیارات کی تقسیم سے کیا مراد ہے؟

5۔ باقی ماندہ اختیارات کون سے ہیں؟

6۔ ریاستیں خودمختاری کی مانگ کس بنیاد پر کرتے ہیں ہیں؟

7۔ سرکاریہ کمیشن کی دو تجاویز کیا تھیں؟

8۔ بین ریاستی مسائل کی دو مثالیں پیش کرو۔

9۔ سرکاریہ کمیشن کب اور کس لئے بنایا گیا تھا؟

## چار نمبر والے سوالات

1۔ زیادہ خودمختاری کی چاہ میں صوبوں/ علاقوں نے کون کون سی مانگیں اٹھائیں؟

2۔ ہندوستانی آئین کی کوئی چار وفاقی خصوصیات کا ذکر کریں۔

3۔ ہندوستانی آئین کی کوئی چار وحدانی خصوصیات کا ذکر کریں۔

4۔ بہت سے صوبے گورنر کے کردار سے زیادہ خوش کیوں نہیں ہیں؟

5۔ ریاستوں میں صدر راج کے انتظامات کا ذکر کریں۔

6۔ گورنر کے رول مرکز اور ریاستوں کے مابین ہمیشہ تنازعہ کا موضوع رہا ہے۔ گورنر منتخب عہدیدار نہیں ہوتا۔ زیادہ تر گورنر ریٹائر فوجی عہدیدار، سرکاری اعلی عہدے دار یا سیاستدان ہوتے ہیں اور گورنر کی تقرری مرکزی حکومت کے ذریعے ہوتی ہے۔ لہذا گورنر کے فیصلے کو اکثر ریاستی حکومت کے کاموں میں مرکزی دخل اندازی کے طور پر دیکھا جاتا ہے۔

(i) گورنر کی تقرری کون کرتا ہے؟

(ii) گورنر کا انتخاب کیسے ہوتا ہے؟

(iii) گورنر کس کا ایجنٹ ہوتا ہے؟

(iv) ریاست کا سربراہ کون ہوتا ہے؟

## پانچ نمبر والے سوالات

1۔ دیئے گئے اقتباس کو پڑھیے اور مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دیجئے۔

جہاں ایک جانب ریاستیں زیادہ خودمختاری اور آمدنی کے ذرائعوں پر اپنی حصے داری کے سوال پر مرکز کے ساتھ تنازعات کی حالت میں رہتے ہیں وہیں دوسری جانب وفاقی نظام میں حد سے زیادہ ریاستوں میں آپسی تنازعات کی بھی مثالیں ملتی ہیں۔ یہ صحیح ہے کہ قانونی تنازعات میں عدلیہ پنچ کا کردار ادا کرتی ہے۔ لیکن تنازعات کا روپ محض قانونی نہیں ہوتا۔ ان تنازعات کے سیاسی پہلو بھی ہوتے ہیں۔ لہذا ان کا دائمی حل صرف آپسی بات چیت اور ایک دوسرے پر یقین سے ہی ہو سکتا ہے۔

(i) مرکز اور صوبوں میں کس وجہ سے تنازعہ رہتا ہے؟

(ii) صوبوں میں آپسی تنازعات کی کوئی ایک مثال پیش کریں۔


(iii) قانونی تنازعات کا حل کون کرتا ہے؟ تنازعات کے سیاسی پہلو کو کس طرح سلجھایا جا سکتا ہے؟

2۔ کارٹون کا مطالعہ کریں اور دیے گئے سوالات کے جواب دیں۔


(i) گورنر کا تقرّر کیسے ہوتا ہے؟

(ii) کارٹون کے مطابق گورنر کا تقرّر سے کیا مراد ہے؟

(iii) کیا گورنر کا تقرّر ہمیشہ اسی طرح ہوتا ہے؟




3۔ نقشہ کا دھیان سے مطالعہ کریں اور پوچھے گئے سوالات کے جواب دیں۔



(i) ہندوستان کے 1947 کے نقشہ میں چار ریاستوں کے نام لکھ کر بتائے کہ موجودہ دور میں ان کن راستوں میں ضم کیا گیا ہے؟

(ii) چار ریاستوں کے نام لکھیے جن کا جنم نئے صوبے/ ریاست کے طور پر ہوا ہے۔

(iii) ایک غیر ہندی ریاست کا نام لکھیے۔

## چھ نمبر والے سوالات

1۔ ہندوستانی آئین کی نوعیت/ ہئیت وفاقی ہے مگر حقیقت میں اس کی روح وحدانی ہے۔

2۔ یونین لسٹ، صوبائی لسٹ اور مشترکہ لسٹ کا ذکر کریں۔

3۔ خودمختاری اور علیحدگی پسندی کا کیا مطلب ہے؟

## MCQ کے جوابات

1۔ (C) اکہری شہریت

2۔ (B) سرکاریہ کمیشن

3 (D) گورنر

4 (C) سپریم کورٹ

5 (A) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں اور وجہ قول کی وضاحت ہے

6 (C) قول صحیح ہے لیکن وجہ غلط ہے

## جوابات

(1) یونین۔

(2) مرکزی حکومت اور ریاستی حکومت آزادانہ طور پر کام کرتی ہے۔

(3) سپریم کورٹ/عدلیہ

(4) مرکز اور ریاست دونوں

(5) 356

(6) بے پناہ تنوع اور بڑی آبادی کی وجہ سے

(7) 1983

(8) منی پور

(9) 1954

(10) اپنی حکومت

(11) غلط

(12) صحیح

(13) غلط

(14) صحیح

(15) غلط

## دو نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ کرناٹک اور تامل ناڈو

2۔ مرکز اور صوبوں کا اپنا دائرہ اختیار

3۔ ہندوستان ریاستوں اور مرکزی علاقوں کی ایک یونین ہے

4۔ (i) عاملہ اور مقنّنہ کا اپنا اپنا دائرہ اختیار ہے

(ii) یونین، صوبائی اور مشترکہ لسٹ (فہرست) میں اپنے موضوعات ہیں جن پر مرکز اور صوبے قانون بناتے ہیں۔

5۔ ایسے موضوعات جن کا ذکر کسی فہرست میں نہیں ہے۔

6۔ صوبے خودمختاری کی مانگ زبان، آمدنی، مالی اختیارات اور انتظامی اختیارات کی بنیاد پر کرتے ہیں۔

7۔ 1954ء میں مرکز اور صوبوں کے مابین طاقت کے توازن کی بنیاد پر۔

8۔ سرحد اور پانی کے بٹوارے کو لے کر تنازعات۔ پنجاب اور ہریانہ

9۔ جون 1983 میں سپریم کورٹ کے ریٹائر جج راجندر سنگھ سرکاریہ کے ذریعے

## چار نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ ندی کے پانی کے بٹوارے کو لے کر تنازعات

سرحد تنازعات اور نئی ریاستوں کی مانگ

مالی/اقتصادی خود مختاری اور وسائل پر کنٹرول۔

2۔ اختیارات کی تقسیم

(i) آزاد عدلیہ

(ii) دو ایوانی مجلس قانون ساز

(iii) تحریری آئین

3۔ (i) اکہری شخصیت

(ii) مرکزی کا زیادہ با اختیار رہونا

(iii) متحدہ عدلیہ

(iv) مالی اعتبار سے بھی ریاستیں کمزور۔

4۔ صدر کے ذریعے تقرّری

مرکزی حکومت کے ذریعے انتظامات کو چلانا

صدر راج ماخذ کروانے کا حق

بل کے قانون بنانے پر تنازعات

مرکز کے ایجنٹ کے طور پر کام کرنا

5۔ دفعہ 356 ریاستوں میں اندرونی امن کے ختم ہونے پر، حکومت کے پاس اکثریت نہ ہونے پر یا مالی بحران آنے پر۔

6.1۔ صدر

6.2۔ وزیر اعظم کے مشورے سے صدر کے ذریعے

6.3۔ مرکزی حکومت کا

6.4۔ گورنر

## پانچ نمبر والے سوالوں کے جوابات

1۔ (i) اقتصادی/ مالی قانون بنانے کے موضوعات اور ایمرجنسی/ ہنگامی حالت کے اختیارات پر۔

(ii) ندی کے پانی کے بٹوارے کو لے کر تنازعات۔

(iii) عدلیہ، آپسی بات چیت اور آپسی اعتماد

2۔ صدر کے ذریعے

- جب چاہے جسے چاہے گورنر بنا دے جب چاہے ہٹا دے یا دیگر مقام پر بھیج دے۔

- ہاں گورنر کا تقرر صدر کی مرضی اور مرکزی حکومت کی خواہش سے عمل میں آتا ہے۔

3۔ (i)

| | ریاست | صوبہ |
|---|---|---|
| (A) | راجپوتانہ | راجستھان |
| (B) | جوناگڑھ | گجرات |
| (C) | میسور | کرناٹک |
| (D) | مدراس | تامل ناڈو |

(ii) اتراکھنڈ، جھارکھنڈ، چھتیس گڑھ، تلنگانہ

(iii) آندھرا پردیش، تامل ناڈو، کرناٹک (کوئی ایک)

# چھ نمبر والے سوالوں کے جوابات

1۔ **اکہری شہریت:** اختیارات کی تقسیم، صدر کے ہنگامی اختیارات، صوبوں/ ریاستوں پر دفعہ 356 کا استعمال۔

2۔ (i) **یونین لسٹ/فہرست:** قومی سطح کے موضوعات اس میں تقریباً 97 ویں موضوعات ہیں۔ جیسے دفاع، خارجہ معاملات، ریل بندرگاہ، بینک، معدنیات وغیرہ۔

(ii) **صوبائی لسٹ/ فہرست:** علاقائی اہمیت کے موضوعات اس میں 66 موضوعات ہیں۔ جیسے پولیس، انصاف، مقامی حکومت، آبپاشی، صحت وغیرہ۔

(iii) **مشترکہ فہرست:** تقریبا 47 / 52 موضوعات ہیں۔ جیسے فوجداری، قانونی عمل، سماجی تحفظ، تعلیم وغیرہ.

3۔ **خودمختاری:** (i) زیادہ حقوق حاصل کرنا۔ جبکہ علیحدگی پسندی مرکزی حکومت کے جانبدار رویہ کی وجہ سے۔

(ii) صوبوں کے کاموں میں مرکزی کی دخل اندازی کا نہ ہونا۔

(iii) علیحدگی پسندی کی وجہ مرکزی حکومت، صوبائی حکومت کے ذریعے مالی مدد نہ دینا، ترقیاتی منصوبے نہ بنانا وغیرہ۔

# مقامی حکومت -(ذہنی نقشہ Mind Map)

## مقامی حکومت

- **کیوں؟**
  - اختیارات کی لامرکزیت
  - حکومت میں عوام کی حصہ داری
- **معنی**
  - یہ وہ حکومت ہے جو دیہی اور ضلع کی سطح پر ہے
- **ہندوستان میں ارتقاء**
  - آزادی سے پہلے 1882
  - آزادی کے بعد 12 اکتوبر 1959 راجستھان میں
  - CDP یعنی کمیونٹی ڈویلپمنٹ پروگرام
- **آئینی انتظامات**
  - دفعہ (DP SP 40) اس کے مطابق دیہی پنچایتوں کا قیام
  - 73 ویں اور 74 ویں آئینی ترامیم اور مقامی
  - حکومت کو آئینی درجہ کا دیا جانا
    - 73 ویں ترمیم
      - پنچایتی راج ادارے
      - حصہ 9
      - شیڈول 11
      - موضوعات 29
    - 74 ویں ترمیم
      - شہری علاقائی ادارے
      - حصہ 9A
      - شیڈول 12
      - موضوعات 18
- **اہم انتظامات**
  1) سہ سطحی ڈھانچہ
  2) 1/3 نشستیں خواتین کے لیے مختص
  3) ریاستی انتخابی کمیشن کا قیام
  4) ریاستی مالیاتی کمیشن کا قیام

# باب-8

# مقامی حکومتیں

- **مقامی حکومتیں**

دیہی اور ضلعی سطح کی حکومت کو مقامی حکومت کہتے ہیں۔ یہ عام آدمی کے سب سے نزدیک کی حکومت ہے۔اس میں عوام کے روزمرّہ کے مسائل کا حل بہت تیزی سے اور کم خرچ میں ہوجاتا ہے۔ان کو آئینی درجہ حاصل ہے۔

- **جمہوریت کا مفہوم**

جمہوریت کا مفہوم ہے مثبت حصّہ داری اور جواب دہی۔زندہ اور مضبوط مقامی حکومت مؤثر حصّہ داری اور بامقصد جواب دہی کو طے کرتا ہے۔ جو کام مقامی سطح پر کیے جاسکتے ہیں وہ کام مقامی لوگوں اور ان کے نمائندوں کے ہاتھ میں رہنے چاہئیں۔عام لوگ ریاستی سرکر یا مرکزی سرکار سے کہیں زیادہ مقامی حکومت سے واقف ہوتے ہیں۔

- **ہندوستان میں مقامی حکومت کی ترقی**

قدیم ہندوستان میں اپنی حکومت خود چلانے والے گروہ ''سبھا'' کی شکل میں موجود تھے۔ نئے دور میں منتخب مقامی ادارے 1882 کے بعد وجود میں آئے۔اس وقت انھیں مقامی بورڈ کہا جاتا تھا۔1919 کے ہندوستانی سرکار قانون کے بننے پر کئی اضلاع میں گرام پنچایتیں بنیں۔جب آئین بنا تو مقامی حکومت کا موضوع ضلعوں کو سونپ دیا گیا۔آئین کے ریاست کے ہدایتی اصولوں میں بھی اس کا ذکر ہے۔

- **آزاد ہندوستان میں مقامی حکومت**


آئین کی 73 ویں اور 74 ویں ترمیم کے بعد مقامی حکومت کو مضبوط بنیاد ملی۔ اس سے پہلے 1952 کا ''سماجی ترقیاتی پروگرام'' (CDP) اس میدان میں ایک دیگر کوشش تھی۔اسی پس منظر میں دیہی ترقی پروگرام کے تحت ایک تین سطحی پنچایتی راج نظام کی شروعات کی سفارش کی گئی۔ یہ مقامی ادارے مالی مدد کے لیے ریاستی اور مرکزی سرکار پر بہت زیادہ منحصر تھے۔1987 کے مقامی حکومت کی تنظیموں کی گہری نظر ثانی کی شروعات ہوئی۔1989 میں پی۔کے۔تھنگن کمیٹی نے مقامی حکومت کے اداروں کو آئین میں درجہ دینے کی سفارش کی۔ برازیل کے آئین میں دفاتی ضلع اور نگر پالیکا پریشد کا نظام ہے۔

- آ ئین کی 73 ویں اور 74 ویں ترمیم

1992 میں پارلیمنٹ نے 73 ویں اور 74 ویں ترمیم پیش کی۔ 73 ویں ترمیم دیہات کی مقامی حکومت سے جڑی ہے۔ اس کا تعلق پنچایتی راج نظام سے ہے۔ 74 ویں ترمیم شہری مقامی حکومت سے جڑی ہے۔

- 73 ویں ترمیم: 73 ویں آ ئینی ترمیم کے کچھ نظریات

  - تین سطحی ڈھانچہ:— اب سبھی ضلعوں میں پنچایتی راج نظام کا تین سطحی ڈھانچہ ہے




- **چناؤ:**

پنچایتی راج تنظیموں کی تین سطحوں کے چناؤ عوام کرتی ہے۔ ہرادارے کی مدّت پانچ سال ہوتی ہے۔

- **ریزرویشن:**

  - عورتوں کے لیے 1/3 سیٹیں محفوظ
  - درج فہرست ذات اور درج فہرست قبائل کے لیے ان کی آبادی کے تناسب میں ریزرویشن
  - اگر ضلع کی سرکار چاہے تو دیگر پسماندہ طبقہ (OBC) کو نشستوں میں ریزرویشن دیا جاسکتا ہے۔

1 اس ریزرویشن سے یہ فائدہ ہوا ہے کہ آج عورتیں سرپنچ کے عہدے پر کام کر رہی ہیں۔ ہندوستان کے بہت سے علاقوں کے قبائلی آبادی والے علاقوں کو 73 ویں ترمیم کے معاملات سے دور رکھا گیا ہے لیکن 1996 میں ایک الگ قانون تشکیل دے کر پنچایتی راج کے معاملات میں ان علاقوں کو بھی شامل کرلیا گیا ہے۔

## ریاستی الیکشن کمشنر:

ریاستوں کے لیے یہ ضروری ہے کہ وہ ریاست کے لیے ایک اور ریاستی الیکشن کمشنر کا تقرّ رکرے۔اس الیکشن کمشنر کی ذمہّ داری پنچایتی راج اداروں کے انتخابات کرانے کی ہوگی۔

## ریاستی مالیاتی کمیشن:

ریاستی حکومتوں کے لیے ضروری ہے کہ وہ ہر پانچ سال کی مدت کے لیے ایک ریاستی مالیاتی کمیشن کی تشکیل کرنا ضروری ہے۔یہ کمیشن ریاست میں موجود مقامی اداروں کی معاشی حالت پر نظر رکھے گا۔

## 74ویں ترمیم:

آئین کی 74ویں کا تعلق شہری مقامی نظام سے ہے یعنی نگر پالیکا سے۔

شہری علاقہ (1) ایسے علاقے جہاں کم سے کم 5000 کی آبادی ہو

(2) کام کاجی مردوں میں کم سے کم 75 فی صدی زراعت سے علاحدہ کام کرتے ہوں

(3) آبادی کی کثافت کم سے کم افراد 400 فی مربع کلومیٹر ہو

- خصوصیات: بہت سے معاملات میں آئین کی 74ویں ترمیم میں 73ویں ترمیم کو دوہرایا گیا ہے۔لیکن یہ ترمیم شہری علاقوں سے متعلق ہے۔73ویں ترمیم کے تمام معاملات مثلاً بلاواسطہ انتخابات، ریزرویشن سے متعلق لین دین۔ ریاستی الیکشن کمشنر اور ریاستی مالیاتی کمیشن 74ویں ترمیم میں بھی شامل ہے اور نگر پالیکاؤں پر لاگو ہوتے ہیں۔


- 73ویں اور 74ویں ترمیم کو عملی جامہ (1994-2020)

اس مدّت میں ضلعوں میں مقامی اداروں کے چناؤ کم سے کم کئی مرتبہ ہو چکے ہیں۔مقامی اداروں کے چناؤ کی وجہ سے عوامی نمائندوں کی تعداد میں لگاتار بہت زیادہ اضافہ ہوا ہے۔عورتوں کے اختیارات اور خوداعتمادی میں کافی اضافہ ہوا ہے۔


- ## موضوع کا تبادلہ:

آئین کی ترمیم نے 29 موضوعات کو مقامی حکومت کے حوالے کیا ہے۔یہ سارے موضوعات مقامی ترقی اور فلاح و بہبود کی ضرورتوں سے متعلق ہیں۔

- **مقامی حکومت کے موضوعات**




- **مقامی حکومت کے مسائل**



# سوالات

## ایک نمبر والے سوالات

1۔ مقامی حکومت کے اداروں کو آئینی درجہ دینے کی سفارش کس کمیٹی نے کی اور کب؟

2۔ مقامی حکومت کا نظریہ کس ملک سے لیا گیا؟

3۔ آئین کی 73ویں اور 74ویں ترمیم پارلیمنٹ میں کب پیش ہوئی اور اسے کب لاگو کیا گیا؟

4۔ مقامی حکومت آئین کی کس فہرست کا موضوع ہے؟

5۔ تین سطحی ڈھانچے سے کیا مراد ہے؟

6۔ گرام سبھا کا ممبر کون شخص ہوتا ہے؟

7۔ گرام پنچایتوں اور نگر پالیکاؤں کے چناؤ..................سالوں کے لیے ہوتے ہیں؟

8۔ پنچایتی راج کی تنظیموں میں عورتوں کے لیے..................فی صد ریزرویشن کا انتظام کیا گیا ہے؟

9۔ آئین کے کس آرٹیکل کے ذریعہ گیارہویں درج فہرست کے موضوع ضلعی سرکار پنچایتوں کو دے سکتی ہے؟

10۔ پنچایتی راج تنظیموں کے چناؤ کی ذمہ داری کس عہدے دار کو دی گئی ہے؟

11۔ میونسپل کارپوریشن کے انتخاب کے لیے امیدوار کی کتنی عمر ہونی چاہئے؟

## MCQ برائے مقامی حکومت

12۔ ہندوستان کی پہلی ریاست جس نے 2 اکتوبر 1959 میں پنچایتی راج نظام کو اپنایا..............................تھی۔

(a) آندھرا پردیش (b) راجستھان

(c) بہار (d) اوڑیسہ

13۔ ''قومی پنچایتی راج کا دن'' ہر سال.............................. کو منایا جاتا ہے۔

(a) 10 اپریل (b) 14 اپریل

(c) 24 اپریل (d) 20 اپریل

14۔ مندرجہ ذیل میں سے کون سی آئینی دفعہ کا تعلق پنچایتی راج سے ہے؟

(a) دفعہ 243 (b) دفعہ 324

(c) دفعہ 124 (d) دفعہ 73

15۔ پنچایتی راج کا خاص مقصد کیا ہے؟

(a) زراعتی پیداوار میں اضافہ (b) ترقیاتی انتظامیہ میں لوگوں کی شمولیت کو یقینی بنانا

(c) معاشی ترقی (d) لوگوں میں سیاسی بیداری پیدا کرنا

16۔ ہندوستان میں مندرجہ ذیل میں سے پہلی میونسپل کارپوریشن کا قیام.............................میں عمل میں آیا تھا۔

(a) کلکتہ (b) مدراس

(c) ممبئی (d) دہلی

17 شہری مقامی حکومت کے ادارے سے متعلق مندرجہ ذیل کون سی ترمیم ہے۔

(a) 73ویں (b) 74ویں

(c) 92ویں (d) مندرجہ بالا کوئی نہیں

18۔ مندرجہ ذیل میں سے کون سی ریاست ہے جہاں پنچایتی راج ادارے نہیں ہیں؟

(a) ناگالینڈ (b) راجستھان

(c) بہار (d) تامل ناڈو

19۔ ضلع پریشد اور گرام پنچایت کے بیچ کون سا ادارہ ہوتا ہے؟

(a) منڈل پنچایت (b) بلاک سمیتی

(c) گرام سبھا (d) مندرجہ بالا کوئی نہیں

20۔ مندرجہ ذیل میں سے کون سا ادارہ سیدھے انتخاب کی بنیاد پر قائم کیا جاتا ہے؟

(a) گرام پنچایت (b) بلاک سمیتی کوئی نہیں

(c) A اور B دونوں (d) مندرجہ بالا کوئی نہیں

21۔ مندرجہ ذیل میں کون سا بیان صحیح نہیں؟

(a) گرام پنچایت کا سربراہ سرپنچ ہوتا ہے۔

(b) پنچایت سمیتی کا سربراہ چیئرمین کہلاتا ہے۔

(c) ضلع پریشد کا سربراہ چیئرمین کہلاتا ہے۔

(d) سرپنچ اور چیئرمین سیدھے عوام کے ذریعے منتخب ہوتے ہیں۔

22۔ مندرجہ ذیل میں کیا گرام پنچایت کی آمدنی کا ذریعہ نہیں ہے؟

(a) حکومت کا کرایا (b) مکان کا ٹیکس

(c) انکم ٹیکس (d) زمین پر مقامی ٹیکس

23۔ کس طبقے کے لیے 1/3 سیٹیں پنچایت میں ریزرو ہوتی ہیں؟

(a) پسماندہ طبقہ (b) درج فہرست قبائل

(c) درج فہرست (d) عورتیں

24۔ پنچایت کا الیکشن لڑنے کے لیے ایک امیدوار کی کم سے کم عمر ہونے چاہیے۔

(A) 21 سال (B) 18 سال

(C) 25 سال (C) 30 سال

25۔ پنچایتی راج کی آئینی سطحوں کے لیے سیدھے الیکشن کا انتظام 73ویں آئینی ترمیم کے بعد سب سے پہلے کس صوبے میں کیا گیا تھا؟

(a) آندھرا پردیش (b) راجستھان

(c) مدھیہ پردیش (d) کرناٹک

26۔ پنچایتی راج کی آمدنی کا خاص حصہ حاصل ہوتا ہے.............................. سے۔

(a) رضاکارانہ چندہ (b) جائیداد کا ٹیکس

(c) مقامی ٹیکس (d) سرکاری امداد

27۔ 73ویں آئینی ترمیم کے بعد ہندوستانی آئین میں کونسا شیڈول جوڑا گیا تھا؟

(A) 6 (B) 7واں (C) 9واں (D) 11واں

28۔ مندرجہ ذیل میں سے کسے ہندوستان میں مقامی حکومت کے فروغ کے لیے یاد کیا جاتا ہے؟

(a) لارڈ ولیم بنٹنک (b) لارڈ رپن

(c) لارڈ ڈفرن (d) لارڈ میو

29۔ 1989 میں پی۔ کے تھنگن کمیٹی نے کسے آئینی درجہ دینے کی سفارش کی تھی؟

(a) مقامی حکومت (b) الیکشن کمیشن

(c) لوک پال (d) مالیاتی کمیشن

30۔ مقامی حکومت کس سطح پر کام نہیں کرتی ہے؟

(a) ریاستی سطح (b) ضلعی سطح

(c) بلاک سطح (d) گاؤں کی سطح

31۔ مقامی حکومت کا خاص مقصد کیا ہے؟

(a) سیاست میں عورتوں کی حصّہ داری (b) لوگوں کو معلومات مہیّا کروانا

(c) اختیارات کی لامرکزیت (d) A اور C دونوں

## دو نمبر والے سوالات

1۔ ہندوستان میں مقامی حکومت کے زیادہ مضبوط نہ ہونے کی دو وجوہات بیان کیجیے۔

2۔ 'شہری علاقہ' سے کیا مراد ہے۔؟

3۔ گرام پنچایتوں کے کیا کیا کام ہیں؟ کسی دو کا بیان کیجیے۔

4۔ پنچایتی تنظیموں میں عورتوں کو جو ریزرویشن دیا گیا ہے، اس سے عورتوں کی سماجی حالت میں کیا تبدیلیاں رونما ہوئی ہیں؟ واضح کیجیے۔

5۔ مقامی حکومت سے عوام کو کیا فائدے ہوتے ہیں؟

6۔ مقامی حکومت اپنا کام اتنی مہارت سے نہیں کر پاتی، جس کے لیے اس کا قیام کیا گیا تھا؟ کیوں؟

7۔ ریاست کا مالی کمیشن کتنے سال کے لیے بنایا جاتا ہے اور اس کا اہم کام کیا ہے؟

8۔ ابھی حال میں نگر نگم کی کچھ خالی نشستوں پر چناؤ ہوئے ہیں۔ آپ کے خیال میں یہ چناؤ کرائے جانے کی کیا وجہ رہی ہوگی؟

9۔ پنچایتی اداروں کا انتظام ہمارے ملک میں قدیم زمانے میں بھی تھا۔ جدید زمانے میں ان کے کام کرنے کے طریقے میں کیا سدھار ہوئے ہیں؟

10۔ میونسپل کارپوریشن کا سربراہ کون ہوتا ہے۔ اس کی مدّت کتنی ہوتی ہے۔

## چار نمبر والے سوالات

1۔ مقامی حکومت کی کیا اہمیت ہے؟

2۔ نگر نگم اور نگر پالیکاؤں کے چار نام لکھیے۔

3۔ میئر کون ہوتا ہے؟

4۔ اس وقت دلی میں کتنے نگر نگم ہیں؟ اتنے نگموں کے بنائے جانے کی کیا وجوہات ہیں؟

5۔ نگر نگم عوام کے مسائل حل کرنے میں کہاں تک کامیاب رہے ہیں؟

6۔ پنچایتی راج تنظیموں کے سامنے کون کون سے مسائل ہیں؟

7۔ ''مقامی حکومتیں خودمختار نہیں ہیں اس لیے یہ مہارت کے ساتھ کام نہیں کر پاتیں'۔ آپ کے خیال میں یہ بات درست ہے؟ کیسے؟

8۔ ''جمہوریت تب ہی کامیاب ہوتی ہے جب شہریوں کی موثر حصہ داری ہوتی ہے' اس بات کو واضح کیجیے۔

9۔ ''مقامی حکومت میں عورتوں کے ریزرویشن کا فائدہ اصل میں مرد حاکم سماج لے رہا ہے''۔ کیا آپ اس بات سے متفق ہیں؟ دلائل دیجیے۔

10۔ ''جب بھی جمہوریت کو زیادہ کارگر بنانے اور طاقت سے محروم لوگوں کو طاقت دینے کی کوشش ہوگی تو سماج میں جدوجہد اور تناؤ کا ہونا طے ہے'' کیا آپ اس خیال سے متفق ہیں؟ واضح کیجیے۔

## چار نمبر والے سوالات

1۔ '' گاندھی جی کا ماننا تھا کہ گرام پنچایتوں کو مضبوط کرنا اقتدار کو لامرکزیت کرنے کا مؤثر طریقہ ہے۔ ترقی کی ہر پہل میں مقامی لوگوں کی حصّہ داری ہونا چاہیے تاکہ یہ کامیاب ہو سکے۔ پورے ہندوستان کی آزادی کی شروعات سب سے نچلی سطح سے ہونا چاہیے۔ اس طرح ریاست ایک جمہوری ریاست ہوگی۔''

(i) اقتدار کی لامرکزیت سے کیا مراد ہے؟ 1

(ii) جمہوری ریاست سے کیا مراد ہے؟ 1

(iii) پنچایتوں کو کس طرح مضبوط بنایا جاسکتا ہے؟ کوئی دو مشورے دیجیے۔ 2

(iv) ''آزادی کی شروعات سب سے نچلی سطح سے ہونی چاہیے' اس قول سے کیا مراد ہے؟ 1

## پانچ نمبر والے سوالات

2۔ تصویر کوغور سے دیکھیے اور سوالات کے جواب دیجیے۔



(i) اس تصویر میں جو تحریر ہے کیا آپ اسے سمجھ پا رہے ہیں؟ 1

(ii) مقامی حکومت کی مدد سے کیا مقصد حاصل کیا جا سکتا ہے؟ کیسے؟ 2

(iii) اس مقصد کے حصول میں کن کن دشواریوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے؟ 2

## چھ نمبر والے سوالات

1۔ مقامی حکومت سے کیا مراد ہے؟ اور اس کا شہریوں کی روزمرّہ کی زندگی پر کیا اثر پڑتا ہے؟

2۔ پنچایتی راج انتظام سے کیا مراد ہے؟ اگر آپ ضلع کلکٹر ہوتے تو آپ گاؤں کے کن کن مسائل کا حل کرتے؟

3۔ اگر مقامی ادارے نہ ہوتے تو شہریوں کے دن بہ دن کے مسائل کا حل ہو پاتا یا نہیں؟ کیوں؟

4۔ نگر نگم کو آمدنی کہاں سے حاصل ہوتی ہے؟ کیا یہ دولت شہریوں کے مسائل کے حل کے لیے کافی ہوتی ہے؟ کیوں؟

5۔ اگر آپ اپنے گاؤں کے سرپنچ ہوتے تو سماج آپ کے کاموں میں کس طرح رکاوٹ پیدا کرتا؟ تب آپ ان رکاوٹوں سے کس طرح چھٹکارا پاتے؟

# جوابات

## ایک نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ تھگن کمیٹی، 1989

2۔ برازیل

3۔ 1992 میں 1993 لاگو

4۔ ریاستی فہرست

5۔ گرام پنچایتیں نچلے سطح پر، بلاک سمیتی درمیانی سطح اور ضلع پریشداو پری سطح پر

6۔ وہ سبھی جو 18 سال کی عمر حاصل کر چکے ہیں۔ گرام پنچایت کے چناؤ میں ووٹ ڈالنے کا حق رکھتے ہیں۔

7۔ 5

8۔ ایک تہائی

9۔ آرٹیکل 243

10۔ ریاستی الیکشن کمیشن

11۔ 21 سال

12۔ (B) راجستھان

13۔ (C) 24 اپریل

14۔ (A) دفعہ 243

15۔ (B) ترقیاتی انتظامیہ میں لوگوں کی شمولیت کو یقینی بنانا

16۔ (B) مدراس

17۔ (B) 74 ویں آئینی ترمیم

18۔ (A) ناگالینڈ

19۔ (B) بلاس سمیتی

20۔ (A) گرام پنچایت

21۔ (D) سرپنچ اور چیئر مین سیدھے عوام کے ذریعے منتخب ہوتے ہیں۔

22۔ (C) انکم ٹیکس

23۔ (D) عورتیں

24۔ (A) 21سال

25۔ (A) آندھرا پردیش

26۔ (D) سرکاری مدد

27۔ (D) 11واں

28۔ (D) لارڈ میو

29۔ (A) مقامی حکومت

30۔ (A) ریاستی سطح پر

31۔ (D) A اور C دونوں

## دو نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ گٹ بازی، فرقہ پرستی

2۔ (i) آبادی کم سے کم 5000 (ii) 75% سے کام کاجی مرد زراعت سے الگ کام کرتے ہوں (iii) آبادی کی کثافت 400 افراد فی مربع کلومیٹر ہو۔

3۔ صفائی، بجلی، پانی کا انتظام، سڑکوں کی تعمیر، پیدائش اور وفات، رجسٹریشن

4۔ آج کئی عورتیں سرپنچ اور میئر جیسے عہدوں پر فائز ہیں۔ ان میں پہلے سے زیادہ اختیار اور خود اعتمادی آئی ہے۔ عورتوں کی سیاسی سمجھ میں اضافہ ہوا ہے۔

5۔ شہریوں کے مسائل کا حل بہت تیزی سے اور کم خرچ میں ہو جاتے ہیں۔ شہریوں کی سیاسی حصّہ داری میں اضافہ ہوا ہے۔

6۔ سرمائے کی کمی رہتی ہے۔ آمدنی کے تناسب میں خرچ زیادہ ہے اس لیے ریاستی سرکاروں اور مرکزی سرکار کی امداد پر منحصر ہونا پڑتا ہے۔

7۔ 5 سال کے لیے مقامی حکومت کی تنظیموں کی معاشی حالت کا اندازہ لگانا

8۔ یہ جگہیں کئی وجوہات سے خالی ہوئی ہوں گی۔

- کسی نگم کے کونسلر کی موت کی وجہ سے
- کسی نگم کے کونسلر کا دل بدلنے کے وجہ سے
- کسی نگم کے کونسلر کے ایم۔ایل۔اے بن جانے کی وجہ سے

9۔ قدیم زمانے میں بھی مقامی تنظیمیں تھیں۔ مگر وہ عوام کے لیے جوابدہ نہیں تھیں۔ آج یہ تنظیمیں زیادہ جوابدہ ہیں۔

10۔ میئر، ایک سال

## چار نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ مقامی حکومت کی ہماری زندگی میں بہت اہمیت ہے۔ اگر مقامی موضوع مقامی نمائندوں کے پاس رہتے ہیں تو شہریوں کی زندگی کے روزمرّہ کے مسائل کا حل زیادہ تیزی سے اور کم خرچ میں ہو جاتے ہیں۔ مقامی حکومت شہریوں کے سب سے نزدیک کی حکومت ہے۔ اس لیے اس کے مسائل کے حل کے لیے بھی سوچنے کا موقع ملتا ہے۔ اسے لگتا ہے کہ جیسے وہ بھی سیاست کا حصّہ دار ہے۔

2۔ صفائی کا انتظام، بجلی کا انتظام، پینے کے پانی کا انتظام، پیدائش اور موت کا رجسٹریشن، سڑکوں کی تعمیر اور مرمت، شمشان گھاٹ قبرستان کا انتظام وغیرہ۔

3۔ میئر، نگر نگم کا سربراہ ہوتا ہے۔ وہ نگر کا اولین شہری ہوتا ہے۔

4۔ کچھ وقت پہلے تک دلّی میں تین نگر نگم تھے۔ مشرقی دلّی، شمالی دلّی اور جنوبی دلّی نگر نگم۔ کیونکہ دلّی کی آبادی دن بدن بڑھتی جا رہی ہے اور ان کے مسائل بھی۔ ایک نگر نگم سب کے مسائل کا حل اتنی مہارت سے نہیں کر پا رہا تھا جتنا تین نگر نگم کر پا رہے ہیں۔ مگر اب اس میں ایک ہی نگر نگم کر دیا گیا ہے۔

5۔ نگر نگم عوام کے مسائل کا حل اسی حد تک نہیں کر پا رہے جتنا وہ کر سکتے ہیں۔ آج بھی سڑکیں ٹوٹی رہتی ہیں۔ کوڑے کے ڈھیر جگہ جگہ دیکھے جا سکتے ہیں۔ پانی، بجلی کی پریشانی کا حل کیا جا چکا ہے لیکن پھر بھی گرمی کے دنوں میں ان دونوں سے ہی عوام کو جوجھنا پڑتا ہے۔

6۔ سرمائے کی قلّت، عوام کا بیدار نہ ہونا، سیاسی دخل اندازی، آمدنی سے زیادہ خرچ ہونا۔

7۔ ہاں، اگر یہ تنظیمیں خودمختار ہو جائیں تو شہریوں کے مسائل جلد حل ہو جائیں گے اور یہ تنظیمیں عوام کے لیے جواب دہ بھی ہوں گی۔

8۔ شہریوں کی سیاسی حصّہ داری جمہوریت کی کامیابی کے لیے ضروری ہے۔ بیدار شہری ہی جمہوریت کی حصّہ داری کر سکتا ہے۔ تب ہی سرکار جواب دہ ہوگی۔

9۔ زیادہ تر معاملوں میں دیکھا گیا ہے کہ عورتیں اپنی موجودگی درج کرانے میں ناکام رہی ہیں یا عورت کو عہدے پر فائز کرا کر خاندان کا مکھیا یا مرد اس کے بہانے فیصلے لیتا رہتا ہے۔

10۔ ہاں، درج فہرست ذات اور درج فہرست قبائل کے ریزرویشن کو آئین نے ضروری بنا دیا تھا۔ اس کے ساتھ ہی زیادہ تر ضلعوں نے پسماندہ ذاتوں کے لیے بھی ریزرویشن کا انتظام کیا تھا۔ اس سے مقامی اداروں کی سماجی بناوٹ میں بھاری بدلاؤ آئے۔ کبھی کبھی اس سے تنازعہ پیدا ہوتا ہے اور حکومت کے لیے جدوجہد تیز ہو جاتی ہے۔

## پانچ نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ (i) اقتدار کی لامرکزیت کا مطلب ہے اقتدار عوام کے ہاتھوں میں ہو۔ جیسے گاندھی جی چاہتے تھے کہ دیہی حکومت نظریات کی لامرکزیت ہے۔ ''مقامی سطح کے مسائل مقامی سطح پر حل کیے جائیں''

(ii) جمہوریت سے مراد ہے جہاں ریاست کا سربراہ عوام کے ذریعہ چنا ہوا نمائندہ ہوتا ہے۔ اگر مقامی حکومت کو عوام تک پہنچایا جائے گا تو ہر گاؤں ایک جمہوریت بن جائے گا۔

(iii) انہیں سرمائے کی کمی نہیں ہونا چاہیے۔

(iv) اس کا مطلب ہے کہ مسائل کے حل مقامی عوام کے نمائندوں کے ذریعہ ہو سکیں۔ مقامی حکومتیں سب سے نچلی سطح پر آتی ہیں۔

2۔ (i) اس کا مطلب ہے کہ یہ ہمارا گاؤں ہے اور اس میں ہماری حکومت ہونا چاہیے۔

(ii) ہاں، کیوں کہ مقامی نمائندہ مقامی مسائل کا حل بہتر طریقے سے نکال سکتا ہے۔

(iii) مالی دشواریوں کا سامنا

## چھ نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ مقامی حکومت مقامی معاملوں کی دیکھ بھال کرتی ہے۔ شہریوں کے دن بہ دن کے مسائل کا حل تیزی سے اور کم خرچ میں کر سکتی ہے۔ اس سے شہری سماجی اور سیاسی طور پر حصہ دار بنتا ہے۔


2۔ دیہی مقامی حکومت کو پنچایتی راج کہا جاتا ہے اس کی تین سطحیں ہیں۔ (باقی طلبا خود کریں)

3۔ طلبا خود سوچ سمجھ کر لکھیں

4۔ نگر نگم بہت سے ٹیکس لگاتا ہے جیسے جائیداد ٹیکس، پانی ٹیکس، ہفتہ واری بازاروں میں سامان بیچنے والوں پر ٹیکس وغیرہ۔ ریاستوں سے امداد حاصل کر کے بھی نگر نگم ٹیکس حاصل کرتے ہیں۔ نہیں کیوں کہ آمدنی سے زیادہ خرچ کیا جاتا ہے اور ریاستی سرکاروں سے امداد حاصل کرنے کے لیے بہت دیر ہو جاتی ہے۔

5۔ طلبا خود اس کا جواب لکھیں۔

# سیاسی نظریہ-(ذہنی نقشہ Mind Map)



# باب-9
# سیاسی نظریہ

## یاد رکھنے لائق نکات

- **سیاست کیا ہے؟**

سیاست کومتعارف کرانے کے لیے دانشوروں کی الگ الگ رائے ہیں۔عام طور پر

- سیاست حکومت کرنے کا فن اور سائنس ہے۔
- سیاست کے ذریعے حکومت کے کام کاج کو صحیح طریقے سے چلانے کا سبق ملتا ہے۔
- سیاست حکومت چلانے میں تنازعات کے حل پیش کرتی ہے۔
- سیاست حصہ داری سکھاتی ہے۔لیکن عام آدمی کا سامنا سیاست کا مسلسل مخالف کردار ہوتا ہے۔آج ہم سیاسی نظریے میں کیا پڑھتے ہیں؟ سیاست کا مقصد آج ذاتی مفاد حاصل کرنا ہے۔سیاسی نظریے میں ہم زندگی کے مختلف پہلوؤں کا مطالعہ کرتے ہیں۔جیسے سماجی زندگی،حکومت اور آئین،آزادی،مساوات،انصاف جمہوریت،سیکولرزم عوامی بھلائی سے اس کا تعلق ہے۔
- سیاست کسی بھی سماج کا اہم لازمی عضو/ حصّہ ہے۔

- **سیاسی اصولوں کو برتاؤ میں لانا**

سیاست کی شکل وقت کے ساتھ ساتھ بدلتی رہتی ہے۔سیاسی اصولوں جیسے کہ آزادی اور مساوات کو برتاؤ میں لانا بہت مشکل ہے۔ہمیں اپنی جانبداری کو قربان کرکے انھیں اپنانا چاہیے۔سیاسی اصول کے مطالعہ کے ذریعے ہم سیاسی نظام کے بارے میں اور جذبات کا تجزیہ کر سکتے ہیں۔ہم یہ سمجھ سکتے ہیں کہ ایسے ملک کی ترقی کر سکتے ہیں۔سیاسی اصول کوئی شے نہیں ہے۔مثال کے طور پر مساوات کا مطلب سبھی کے لیے یکساں مواقع ہیں۔پھر عورتوں، بزرگوں یا معذوروں کے لیے الگ الگ انتظام کیا گیا ہے۔البتہ ہم کہہ سکتے ہیں کہ مکمل مساوات ممکن نہیں ہے۔بھید بھاؤ کا ہونا لازمی ہے۔

- **ہمیں سیاست کا مطالعہ کیوں کرنا چاہیے؟**
  - مستقبل میں آنے والی دشواریوں کے وقت ایک مضبوط فیصلہ لینے والا شہری بننے کے لیے
  - بنیادی اور عام معلومات کے لیے
  - ایک حقوق سے بھرپور اور بیدار شہری بننے کے لیے۔سیاسی بیداری پیدا کرنے کے لیے
  - ووٹ دینے کے لیے
  - سماج سے بدگمانی کو ختم کرنے اور مساوات قائم کرنے کے لیے
  - تحریکوں کو صحیح سمت دینے کے لیے
  - بحث ومباحثہ، نفع نقصان کا اندازہ کرنے کے بعد صحیح فیصلہ لینے کا فن سیکھنے کے لیے ہمیں سیاسی اصولوں کا مطالعہ کرنا چاہیے۔
  - حکومتی نظام کا علم حاصل کرنے کے لیے
  - پالیسی بنانے کے لیے
  - جمہوریت کے استعمال کا علم حاصل کرنے کے لیے
  - حقوق وفرائض کو سمجھنے کے لیے
  - لوگوں کے لیے پالیسی بنانے کے لیے
  - بین الاقوامی امن وتعاون کو بڑھاوا دینے کے لیے
  - مختلف حکومتی نظام کے لیے
  - ایک طالب علم ہونے کی وجہ سے

- سیاسی اصول کا اہم مقصد سیاست اور حکوت ہے۔ یہ آزادی، مساوات، انصاف اور جمہوریت جیسے نظریات کے مطلب کو واضح کرتی ہے۔سیاسی اصول کا مقصد شہریوں کو سیاسی سوالات کے بارے میں مناسب طریقے سے سوچنے اور سماجی سیاسی حادثوں کو صحیح طریقے سے سمجھنے کی تربیت دیتا ہے۔ریاضی کے برخلاف جہاں مثلث یا مربع کی مستقل تعریف ہے سیاسی اصول میں مساوات، آزادی یا انصاف کی مختلف تعریفوں سے روبرو ہوتے ہیں۔

ایسا اس لیے ہے کہ مساوات، انصاف جیسے الفاظ کا سروکار کسی شہ کے بجائے دیگر لوگوں کے ساتھ ہمارے تعلقات سے ہوتا ہے۔سیاسی اصول ہمیں سیاسی چیزوں کے بارے میں اپنے نظریات اور جذبات کے تجزیہ کے لیے اکساتا ہے۔

دوسری طرف سیاسیات اور سیاست دو الگ الگ خیالات ہیں۔ سیاسیات کی پیدائش سیاست سے ہوئی ہے۔ یہ اصولوں پر مبنی ہے۔ جبکہ سیاست موقع پر مبنی ہے اتنا ہونے پر بھی ان کو سکّے کے دو پہلو کی شکل میں مانا جاتا ہے۔

# سیاسی نظریہ MCQ

## ایک نمبر والے سوالات

1۔ قول: علم سیاسیات اور سیاست دو الگ الگ نظریات ہیں۔

وجہ: علم سیاسیات کی ابتدا سیاست سے پہلے ہوئی ہے یہ اخلاقیات پر مبنی ہے سیاست موقع اور سہولت پر مبنی ہے۔

(A) قول اور وجہ دونوں غلط ہیں

(B) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں۔ وجہ قول کی صحیح وضاحت ہے

(C) قول صحیح ہے اور وجہ غلط

(D) قول اور وجہ دونوں صحیح مگر وجہ، قول کی صحیح وضاحت نہیں ہے۔

2۔ قول: ہر انسان کی زندگی میں سیاسی نظریہ کی اہمیت ہے۔

وجہ: سیاسی نظریہ کے مطالعہ سے انصاف، مساوات کے بارے میں صحیح طرز فکر کو فروغ حاصل ہوتا ہے۔

(A) قول صحیح اور وجہ غلط ہے۔

(B) قول غلط اور وجہ صحیح ہے۔

(C) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں۔ وجہ قول کی صحیح وضاحت نہیں ہے۔

(D) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں۔ وجہ قول کی صحیح وضاحت ہے۔

3۔ سیاست کیا ہے؟

(a) حکومت کرنے کا فن (b) حکومت کو صحیح طور پر کام کرنے کی سیکھ دیتی ہے

(c) انتظامی معاملات کے موضوعات کا حل دیتی ہے (d) مندرجہ بالا سبھی۔

4۔ علم سیاسیات کا خاص موضوع کیا ہے؟

(a) حکومت اور شہری (b) شہری اور ووٹرز

(c) ریاست اور حکومت (d) مندرجہ بالا کوئی نہیں

5۔ برتاؤ پر مبنی سیاسی نظریہ کس صدی سے شروع ہوا؟

(a) 18ویں صدی (b) 20ویں

(c) 16ویں (d) 21ویں

6۔ ''دی ریپبلک'' کتاب کے مصنف ہیں۔

(a) ارسطو (b) مہاتما گاندھی

(c) ڈاکٹر امبیڈکر (d) افلاطون

7۔ تھیوری (Theory) لفظ کی اصل تھیوریاں (Theoria) لفظ سے ہوئی ہے۔ یہ کس زبان کا لفظ ہے۔

(a) سنسکرت (b) لاطینی

(c) یونانی (d) فرانسیسی۔

8۔ انسان انوکھا ہے کیونکہ وہ..............................

(a) سیاست میں حصہ لے سکتا ہے۔ (b) آپس میں لڑتے ہیں

(c) ان کے پاس ایک دوسرے سے بات کرنے کے لیے عقل اور زبان ہے

(d) مندرجہ بالا کوئی نہیں۔

9۔ سیاسی اصول سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

10۔ گاندھی جی کی تصنیف ''ہندسوراج'' میں کس مضمون پر روشنی ڈالی گئی ہے؟

11۔ سیاست کے بارے میں عام لوگوں کے نظریات کیا ہیں؟

12۔ علم سیاسیات اور سیاست میں کوئی ایک فرق بتائیے؟

13۔ ہمیں سیاسی اصول کا مطالعہ کیوں کرنا چاہیے؟

14۔ سیاسی اصول کا خاص موضوع کیا ہے؟

15۔ سیاست کیا ہے؟

16۔ سیاسی اصولوں میں ہم مطالعہ کرتے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔،۔۔۔۔۔۔۔۔۔،۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔
(چار پہلو)

جملہ کو صحیح کر کے لکھیے۔

17۔ ''جمہوریت کو صحیح طریقہ سے چلانے کے لیے شہریوں کا بیدار ہونا ضروری نہیں ہے''۔

18۔ سیاست اور سیاسی اصول دونوں الگ الگ نظریات ہیں. (صحیح/غلط)

19۔ سیاسی نظریہ مستقبل میں صحیح فیصلہ لینے میں مددگار ہے۔(صحیح/غلط)

## دو نمبر والے سوالات

1۔ لفظ ''سیاست'' کے معنی واضح کیجیے

2۔ سیاسی اصول کے کوئی دو شعبوں کو سمجھائیے۔

3۔ کنہیں چار سیاسی مفکرین کے نام لکھیے؟

4۔ سیاسی اصول میں ہم کن کن پہلوؤں کا مطالعہ کرتے ہیں؟

5۔ ہمیں اسی اصول کا مطالعہ کیوں کرنا چاہیے کوئی دو وجوہات لکھیے۔

## چار نمبر والے سوالات

1۔ ''علم سیاسیات ایک علم ہے بھی اور نہیں بھی'' اس بیان کو واضح کیجیے۔

2۔ ''کسی ملک میں جمہوریت کو کامیاب طریقے سے چلانے کے لیے سیاسی اصول لازمی ہیں''۔ کیسے؟ سمجھائیے۔

3۔ ''سیاست لوگوں کی روزمرہ کی زندگی کو قدم قدم پر متاثر کرتی'' کیجیے۔

## پانچ نمبر والے سوالات

1۔ دیے گئے کارٹون میں کارٹونسٹ سیاست کی کس تصویر کواجاگر کرنا چاہتا ہے؟ کوئی پانچ نکات بیان کیجیے۔



آپ کو سیاست سے فوراً توبہ کرلینی چاہیے۔آپ کی سرگرمیوں کا اس پر برا اثر مرتّب ہورہا ہے کہ جھوٹ بول کر اور دھوکہ دے کر وہ صاف بچ سکتا ہے

## چھ نمبر والے سوالات

1۔ سیاسی اصول میں ہم کیا کیا پڑھتے ہیں؟ تحریر کیجیے۔

2۔ سیاسی اصول کی خصوصیات کو بیان کیجیے۔

3۔ ہمیں سیاسی اصول کیوں پڑھنا چاہیے؟ تفصیل سے لکھیے۔

4۔ سیاسی اصول مساوات اور آزادی سے متعلق سوالات کو حل کرنے میں مددگار ہیں؟ کیسے؟ دلائل پیش کیجیے۔

## MCQ کے جوابات

1۔ (B) قول صحیح اور وجہ بھی صحیح ہے اور وجہ قول کی وضاحت کر رہی ہے۔

2۔ (D) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں۔ اور وجہ قول کی صحیح وضاحت کر رہی ہے۔

3۔ (D) مندرجہ بالا سبھی

4۔ (C) ریاست اور حکومت

5۔ (B) 20ویں صدی

6۔ (D) افلاطون

7۔ (C) یونانی

8۔ (C) اس کے پاس ایک دوسرے سے بات کرنے کے لیے عقل اور زبان موجود ہے۔

## ایک نمبر والے سوالات کے جوابات

9۔ سیاسی اصول ان نظریات اور پالیسیوں کو منظّم کرتے ہیں جس سے ہماری سیاسی زندگی سرکار اور آئین کو بنایا و اپنایا ہے۔

10۔ سوراج کے معنی پر غور و خوض

11۔ عام طور پر لوگ سیات کو اچھا نہیں مانتے۔

12۔ علم سیاسیات طے شدہ اصولوں پر منحصر ہے جب کہ سیاست خود غرضی اور مفاد پرستی پر منحصر ہے۔

13۔ اس سے سیاسی اصولوں کا علم حاصل ہوتا ہے۔ اپنے حقوق و فرائض کی معلومات حاصل ہوتی ہیں۔

14۔ ریاست اور حکومت

15۔ حکومت چلانے کا فن

16۔ آزادی، مساوات، انصاف اور جمہوریت (سبق میں ذکر کردہ کوئی اور نکتہ۔)

17۔ جمہوریت کو صحیح طریقے سے چلانے کے لیے شہریوں کا بیدار ہونا ضروری ہے۔

18۔ صحیح

19۔ صحیح

## دو نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ سیاست گریک لفظ POLIS (پولیس) سے ماخوذ ہے جس کے لفظی معنی شہری ریاست ہے۔

2۔ (i) ریاست اور سرکار کا مطالعہ

(ii) اختیارات اور سیاسی نظریات کا مطالعہ

3۔ کوٹلیہ، سقراط، پلیٹو، روسو، ارسطو اور مہاتما گاندھی اور بھیم راؤ امبیڈکر۔

4۔ سیاسی اصول میں عام طور پر سماجی زندگی، حکومت اور آئین، آزادی، مساوات، انصاف، جمہوریت، سیکولرزم وغیرہ کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔

5۔ (i) حکومتی نظام کی معلومات کے لیے

(ii) حقوق و فرائض کو سمجھنے کے لئے (کوئی اور نکتہ)

## چار نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ **علم سیاسیات ایک علم ہے:** جو مفکّر علم سیاسیات کو ایک علم مانتے ہیں ان کا کہنا ہے کہ علم ایک سلسلہ وار عمل ہوتا ہے لہٰذا علم سیاسیات کا مطالعہ بھی سلسلہ وار کرنا چاہیے۔ اس میں تجربات ممکن ہیں کام اور سبب میں فرق قائم کیا جاتا ہے اور اسکے اصول حقیقی ہوتے ہیں۔ اسمیں پیشین گوئی کرنے کی صلاحیت ہے۔ تاریخ اور تمام عالم کو اسکی تجربہ گاہ کی شکل میں پیش کیا جاسکتا ہے۔

**علم سیاسیات علم نہیں ہے:** جو لوگ علم سیاسیات کو علم نہیں مانتے ان کا کہنا ہے کہ علم سیاسیات کے اصول واضح نہیں ہے۔ سیاست میں ایک جیسے اسباب ہوتے ہوئے بھی علم سیاسیات میں نتائج ایک جیسے نہیں نکلتے۔ اس میں تجربہ کرنا بھی ممکن نہیں ہے اسکی کوئی حقیقی تجربہ گاہ بھی نہیں ہے۔ اس کے مطالعہ میں سائنسی عمل کو اختیار کیا جانا ممکن نہیں ہے۔

2۔ جمہوریت کو صحیح طریقے سے چلانے کے لیے سیاسی اصول لازمی ہیں۔

(i) جمہوری نظام حکومت کو راہ دکھاتا ہے

(ii) اس کے ذریعہ سے عوامی حصّہ داری کا تعین ہوتا ہے

(iii) جمہوری مقاصد مہیا کراتا ہے

(iv) حکومت کے کام کرنے کے طریقے کا تعیّن کرتا ہے

3۔ روزمرّ ہ کی زندگی میں انسان قدم قدم پر آزادی اور مساوات کے لیے جدوجہد کرتا نظر آتا ہے۔مثال کے طور پر کہیں پانی کے لیے عوامی نل پر پانی بھرنا ہے، چاہے یکساں طور پر مندر میں داخلے کو لے کر۔

## پانچ نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ کارٹون کو بغور دیکھیے اور خود اندازہ لگائیے۔( کارٹون سیاسی لیڈروں کے جھوٹ اور دھوکے کو اجاگر کرتا ہے )

## چھ نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ سیاسی اصول میں ہم سماج میں آئیں تبدیلیوں،تحریکوں،ترقی اور مختلف طرح کے نظام حکومتوں کا مطالعہ کرتے ہیں۔( دیگر کوئی وجوہات وضاحت کے ساتھ )

2۔ آزادی مساوات، جانبداری کو چھوڑنا، ملک کی ترقی،انسان کی مکمل ترقی کے لیے راہ ہموار کرنا وغیرہ ( دیگر نکات )

3۔ (i) بیدار کرنے کے لیے

(ii) مستقبل کی دشواریوں کے بہتر حل تلاش کرنا


(iii) سماج میں مساوات قائم کرنے کے لیے

(iv) دلائل کے ساتھ فیصلہ لینے کے لیے تیار کرنا وغیرہ

4۔ سیاسی اصول آزادی اور مساوات سے متعلق سوالات کے صحیح اور آسان جواب پیش کرتا ہے۔ یہ مکمل انسانی سماج کی تہذیب وتمدّن کی مثال پیش کرتا ہے۔اچھے شہری بنانے کے لیے راہ ہموار کرتا ہے اور غلط راستوں پر جانے کے نتائج سے روشناس کراتا ہے۔

یہ آزادی اور مساوات کو اپنانے والے ملکوں کی ترقی اور کامیابی کو کہانی کے ذریعے پوری دنیا سے غلامی اور عدم مساوات کو ختم کرنے کا راستہ دکھاتا ہے۔

# باب نمبر 10 آزادی -( ذہنی نقشہ Mind Map)



# باب-10
# آزادی

**یاد رکھنے لائق نکات: آزادی کا حق ہندوستانی آئین میں آرٹیکل 19 تا 22 میں کیا گیا۔**

## آزادی کیا ہے؟

- عام طور پر آزادی کو پابندیوں اور حدود کی کمی کا مدِمقابل مانا جاتا ہے۔اسے انسان کے ''جو چاہے سو کرے'' کے حق کا نعم البدل سمجھا جاتا ہے۔(باہری پابندیوں کا نہ ہونا)
- ہابس کے مطابق ''جو چاہو سو کرو'' کی حالت کو اجارہ (LICENSE) کی حالت کہا ہے۔جو قدرتی ماحول میں دستیاب ہوتی ہے۔
- دوسرے الفاظ میں آزادی کے معنی ہیں کہ فرد کو اس کام کو کرنے کا حق ہے جو وہ کرنے لائق ہے فرد میں ذاتی اظہار خیال، قابلیت کو فروغ دے سکے۔اور لوگ اپنے اندر چھپی لیاقتوں وتخلیقی صلاحیتوں کو فروغ دے سکیں۔
- وارکر کے مطابق فرد کی آزادی دیگر افراد کی آزادیوں کے ساتھ جڑی ہے۔

**آزادی:** شخصی ترقی کی سہولت + مناسب تعلقات

- آزادی کے پہلو:

آزادی کے معنی کے دو پہلو ہیں: منفی پہلو اور مثبت پہلو


(a) **منفی پہلو**: اس میں لوگوں کے کاموں پر کوئی پابندی نہیں ہوتی ہے۔خواہش کے مطابق کام کرنے کی آزادی ہوتی ہے۔

(حامی۔جان اسٹوارٹ مل اور ایف۔اے۔حائق)


(b) **مثبت پہلو**: قوانین وضوابط کے تحت کم سے کم پابندیوں کے ساتھ ایسا نظام جس سے انسان اپنی ترقی کر سکے

- اگر ریاست مفاد عامہ کا مقصد حاصل کرنا چاہتی ہے تو پابندی لازمی ہے
- انسان سماج میں رہتا ہے۔اس کے کام دیگر لوگوں کی آزادی کو متاثر کرتے ہیں۔اس لیے اس کی پابندیوں کی حدود کے مطابق ہونا چاہیے۔

- منطقی پابندیوں کی موجودگی
- ٹی۔ایچ گرین اور پروفیسر عیسیٰ برلن کی دلائل
- **پابندیوں کے ذرائع**




- **پابندیوں کی ضرورت**



# آزادی کی اقسام

| معاشی آزادی | سیاسی آزادی | شخصی آزادی | قدرتی آزادی |
|---|---|---|---|
| کوئی فائدے کا عہدہ پانے یا کاروبار کرنے کا حق<br>قلّت سے آزادی کا حق<br>چیزوں کی پیداوار اور تقسیم کرنے کا حق | ریاست کے کاموں میں حصہ لینے کا حق<br>ووٹ ڈالنے کی آزادی<br>آزادانہ اور غیر جانبدارانہ انتخاب لڑنے کا حق<br>حکومت کی پالیسیوں اور کاموں کی مخالفت اور حمایت کرنے کا حق | ذاتی معاملات میں متبادل آزادی<br>زندگی کا تحفظ<br>نظریات، اظہار خیال اور مذہبی آزادی | انسان کو اپنی خواہش کے مطابق سب کچھ کرنے کی مکمل آزادی<br>انسان کے کاموں پر کسی قسم کی کوئی پابندی نہ ہو |

- **اعتدال پسند اور سماجوادی (مارکسوادی) نظریہ**

■ تاریخی طور پر اعتدال پسندوں نے آزاد بازار اور ریاست کی کم سے کم تنخواہ کی حمایت کی ہے۔حالانکہ اب وہ فلاحی ریاستوں کے کردار کی حمایت کرتے ہیں اور مانتے ہیں کہ سماجی اور معاشی نابرابری کو کم کرنے کے طریقوں کی ضرورت ہے۔


■ مثبت اعتدال پسند (ہابس اور لاسکی) مانتے ہیں کہ قوانین لوگوں کی آزادی کی حفاظت کرتے ہیں۔مفاد عامہ میں اور لوگوں کو بہتر ترقی کے مواقع فراہم کرانے کے لیے مناسب پابندیوں کی حمایت کرتے ہیں۔

■ اعتدال پسند شخصی آزادی کو مساوات جیسی قدروں سے زیادہ اہمیت دیتے ہیں۔عام طور پر وہ سیاسی غلبہ کو شک کی نظر سے دیکھتے ہیں۔

■ سماجوادی (مارکسوادی) سماجی زندگی کے ڈھانچہ میں دستیاب معاشی آزادی کو اہمیت دیتے ہیں۔

■ آزادی کا مارکسوادی نظریہ سبھی لوگوں کے لیے اس کے یکساں مفادات کی خواہش ظاہر کرتا ہے۔طبقات کے بوجھ کے نیچے دبے بزرگ سماج میں اس کے مقاصد مختلف طبقات کے لیے مختلف ہوتے ہیں۔اس لیے جب تک سرمایہ دارانہ نظام کے مقام پر سماجوادی نظام قائم نہیں ہو جاتا تب تک حقیقی آزادی ناممکن ہے۔

- آزادی سے متعلق جے۔ایس۔مل کے خیالات




| غیر متعلق کام | متعلق کام |
| --- | --- |
| وہ کام جو کرنے والے کے علاوہ باقی لوگوں کو بھی متاثر کرتے ہیں۔ | وہ کام جن کے اثرات صرف ان کاموں کو کرنے والے لوگوں پر ہی پڑتے ہیں |
| ایسے کام جو دوسروں کو نقصان پہنچا سکتے ہیں ان پر ریاست باہری پابندی لگا سکتی ہے۔ | ان کاموں اور فیصلوں کے معاملات میں ریاست یا کسی خارجی طاقت کی کوئی مداخلت کرنے کی ضرورت نہیں |

- نقصان کا اصول

غیر متعلق کاموں سے کسی دوسرے کو نقصان پہنچ سکتا ہے اس وجہ سے اس پر پابندی لگائی جا سکتی ہے۔ ریاست کسی شخص کے کاموں اور خواہش کے خلاف پابندی لگانے کا مقصد کسی دیگر کو نقصان پہنچانا ہوتا ہے۔

- اظہار خیال کی آزادی

والٹیئر کے مندرجہ ذیل بیان سے اظہار خیال کی آزادی کی اہمیت کو سمجھا جا سکتا ہے۔

’’تم جو کہتے ہو میں اس کی حمایت نہیں کرتا لیکن میں مرتے دم تک تمھارے کہنے کے حق کی حفاظت کروں گا۔ اوبرائے مینن کی ’رامایَن ری ٹولڈ‘، می ناتھورام بولتے ناٹک، سلمان رشدی کی ’سیٹینک ورسس‘ اور فلم دی لاسٹ ٹیمٹیشن آف کرائسٹ کی سماج کے مختلف حلقوں میں زبردست مخالفت کی گئی جس کی وجہ سے ان پر پابندی عائد کر دی گئی۔ امن و سلامتی کے لیے پابندی آسان تو ہے لیکن جز وقتی حل ہے۔ ایک عادت کے طور پر اس کی نشو ونما غلط ہے۔‘‘

- چار دلائل:

  - کوئی بھی خیال پوری طرح سے غلط نہیں ہو سکتا۔ اس میں سچائی کا بھی کچھ حصہ ہوتا ہے

- سچ خود پیدا نہیں ہوتا بلکہ مخالف خیالات کے ٹکراؤ سے پیدا ہوتا ہے
- جب کسی خیال کے سامنے ایک مخالف خیال آتا ہے تو اس خیال کی حقیقت ثابت ہوتی ہے۔
- آج جو سچ ہے وہ ہمیشہ سچ نہیں رہ سکتا یا کئی مرتبہ جو خیال آج قابل قبول نہیں ہے وہ آنے والے وقت کے لیے قیمتی ہوسکتا ہے۔

- اظہار خیال کی آزادی پر کئی مرتبہ جز وقتی طور پر مسائل کا حل بن جاتے ہیں اور وقتی ضرورت کو پورا کر دیتے ہیں۔ لیکن سماج میں آزادی کی دور اندیش امیدوں کے مطابق بہت خطرناک ہے۔

- ## آزادی کی حفاظت کے طریقے

  - جمہوری نظام حکومت
  - بنیادی حقوق کا نظم
  - قانون کی حکومت
  - عدلیہ کی آزادی
  - لامرکزی اختیارات
  - طاقتور حزبِ مخالف جماعت
  - معاشی برابری
  - مخصوص حقوق کا نہ ہونا
  - بیدار عوام

## ایک نمبر والے سوالات

1۔ قول: کسی شخص کی آزادی اور عزت کے تحفظ کے لیے حقوق ضروری ہوتے ہیں۔
وجہ: ہندوستانی آئین میں شہریوں کو حقوق عطا کیے گئے ہیں۔

(A) قول غلط لیکن وجہ صحیح ہے۔

(B) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں۔ وجہ قول کی صحیح وضاحت ہے

(C) قول صحیح اور وجہ غلط ہے۔

(D) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں، وجہ قول کی صحیح وضاحت نہیں ہے۔

2۔ Liberty لفظ کی ابتدا/اصل کس زبان سے مانی جاتی ہے؟

3۔ منفی آزادی کے کیا معنی ہیں؟

4۔ مثبت آزادی سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

5۔ liber لفظ کے کیا معنی ہیں؟

6۔ آزادی کے دو پہلو کون سے ہیں؟

7۔ آزادی کے کیا معنی ہیں؟

8۔ مندرجہ ذیل کالم کو ملا کر صحیح جوڑے بناؤ۔

| | |
|---|---|
| A۔ نیلسن منڈیلا | (i) ہند سوراج |
| B۔ آنگ سان سوکی۔ | (ii) رامائن دی ٹولڈ |
| C۔ گاندھی جی | (iii) لانگ واک ٹو فیریڈم |
| D۔ جان اسٹورٹ مل | (iv) فریڈم فرام فیئر |
| E۔ اوبرے مینن | (v) آن لبرٹی |

9۔ آزادی کے لیے پابندیوں کی ضرورت کیوں ہے؟

10۔ پابندیوں کے ذرائع کیا ہیں؟

11۔ منفی آزادی سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

12۔ ایک شخص کے لیے آزادی ضروری کیوں ہے؟

13۔ جان اسٹوپورٹ مل نے انسان کے کاموں کو.................. تقسیم کیا ہے؟

14۔ نیل سن منڈیلا کی سوانح حیات کا عنوان کیا ہے؟

15۔ آن سان سوکی اپنے ملک میں آزادی کے لیے جدوجہد کر رہی ہیں؟

16۔ اعتدال پسندوں کے مطابق آزادی کا مطلب بیان کیجیے۔

17۔ ہندوستانی سیاسی نظریات میں آزادی کا یکساں نظریہ کیا ہے؟

18۔ تم جو کہتے ہو اس کی حمایت نہیں کرتا لیکن میں مرتے دم تک تمہارے کہنے کے حق کا بچاؤ کروں گا'' یہ قول کس کا ہے۔ اس میں کس طرح کی آزادی کی بات کہی گئی ہے؟

19۔ آزادی سے متعلق سبھاش چندر بوس کے نظریات کیا ہیں؟

20۔ ''سوراج'' لفظ سے کیا مراد ہے؟

21۔ آزادی کی کوئی ایک خوبی بیان کیجیے۔

22۔ لوک مانیہ تلک نے ''سوراج'' کے بارے میں کیا کہا تھا؟

23۔ سلمان رشدی کی کس کتاب پر پابندی لگائی گئی تھی؟

24۔ مندرجہ ذیل میں سے آزادی کی حفاظت کے لیے کون کون سے حل ہیں؟

(a) قانون کی حکمرانی (b) اقتصادی مساوات

(c) بیدار رائے عامہ (d) مندرجہ بالا سبھی

25۔ قول کو صحیح کر کے لکھو۔

''باوقار زندگی جینے کے لیے خوف سے آزاد ہونا ضروری نہیں ہے''۔

26۔ پابندیوں کے مندرجہ ذیل ذرائع ہیں۔

(a) فلاحی ریاست (b) دبدبہ اور باہری کنٹرول ہو

(c) طاقت کے زور پر اور قانون کے (d) سماجی عدم مساوات اور سبھی

27۔ ریاست کا کسی شخص کے کاموں میں مرضی کے خلاف پابندی لگانے کا مقصد کسی کو نقصان سے بچانا ہوتا ہے (صحیح / غلط)

28۔ نقصان کا اصول......................نے پیش کیا تھا۔

## دو نمبر والے سوالات

1۔ شخصی آزادی سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

2۔ سیاسی آزادی پر اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

3۔ قومی آزادی پر اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

4۔ شہری آزادی کے معنی بتائیے۔

5۔ معاشی آزادی کا مطلب واضح کیجیے۔

6۔ آزادی سے آپ کی کیا مراد ہے؟

7۔ فلم ساز دیپا مہتا کو کاشی میں بیواؤں پر فلم بنانے سے کس بنیاد پر روکا گیا؟ یہ کس آزادی کی پامالی تھی؟

## چار نمبر والے سوالات

1۔ منفی اور مثبت آزادی میں کوئی چار فرق بتائیے؟

2۔ سماجی پابندیوں سے کیا مراد ہے؟ کیا کسی قسم کی پابندی آزادی کے لیے ضروری ہے؟

3۔ آزادی کے چار نمایاں خصوصیات بیان کریں۔

4۔ جان اسٹورٹ مل کے ناقابل عمل اصول کو بیان کیجیے۔

## پانچ نمبر والے سوالات

1۔ مندرجہ ذیل اقتباس کا بغور مطالعہ کیجیے اور دیے گئے سوالات کے جواب دیجیے۔

مثبت آزادی کے ماہرین کا ماننا ہے کہ انسان صرف سماج کے اندر ہی آزاد رہ سکتا ہے، سماج کے باہر نہیں۔ اس لیے وہ ایسے سماج کی تشکیل چاہتا ہے جو اس کی ترقی کی راہوں کو زیادہ سے زیادہ ہموار کر سکے۔ جب کہ منفی آزادی کا تعلق عدم مداخلت سے ہے، سماجی حدود اور سماجی پابندیوں سے اس کا کوئی لینا دینا نہیں۔ ان حالات میں بلاشبہ منفی آزادی اپنے اس مختصر سے دائرے کو وسیع کرنے کی کوشش کرتی ہے۔ اس بات کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے کہ سماج کو کچھ تقویت ملے۔ عموماً دونوں قسم کی آزادیاں سماج میں بیک وقت اپنا وجود رکھتی ہیں اور ایک دوسرے کی حمایت بھی کرتی ہیں لیکن ایسا بھی ہو سکتا ہے کہ ایک جابر حکمراں مثبت آزادی کا سہارا لے کر اپنے اقتدار کو جائز قرار دینے کی کوشش کرے۔

(i) مثبت آزادی سے کیا مراد ہے؟

(ii) منفی آزادی کا نظریہ کیا ہے؟

(iii) اقتباس کے مطابق مثبت آزادی کی مخالفت میں کیا دلیل دی گئی ہے؟

(iv) کیا دونوں آزادیاں ساتھ ساتھ چلتی ہیں؟

## چھ نمبر والے سوالات

1۔ اظہار خیال کی آزادی کے کیا معنی ہیں، آپ کی رائے میں اس آزادی پر طے شدہ پابندیاں کیا ہوں گی؟

2۔ ہمیں پابندیوں کی عادت کو بڑھاوا کیوں نہیں دینا چاہیے۔ ایسی عادتیں کس طرح آزادی کو خطرے میں ڈال سکتی ہیں؟ تبصرہ کیجیے۔

## جوابات

# ایک نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ (B) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں۔ وجہ قول کی صحیح تشریح ہے۔

2۔ لاطینی

3۔ بندیشوں کی غیر موجودگی

4۔ معقول پابندیوں کے ساتھ آزادی

5۔ مکمل آزادی

6۔ منفی اور مثبت پہلو

7۔ آزادی کی حالت فیصلہ لینے کی طاقت، آزادی

8۔ A- (iii) (B) (iv) (C) (i) (D) (v) (E) (ii)

9۔ اگر آزادی پر پابندی نہیں ہوگی تو سماج بدنظمی کے بھنور میں پھنس جائے گا۔ لوگوں کے درمیان ٹکراؤ کے حالات پیدا ہو جائیں گے۔

10۔
- قانون، آئین، حقوق
- طاقت کی بنیاد پر

11۔ ایک ایسی حالت جس میں فرد بغیر رکاوٹ کے بہتر کردار ادا کر سکے۔

12۔ نجی اظہار خیال کی قابلیت کو وسیع کرنا اور قابلیت کو واضح کرنا

13۔ دو حصوں میں
- متعلق کام
- غیر متعلق کام

14۔ لانگ واک ٹوفریڈم (آزادی کے لیے لمبا سفر)

15۔ میانمار میں

16۔ اعتدال پسندوں کے مطابق آزادی کا مرکز انسان ہے۔انسان کو زیادہ معاشی،سماجی،سیاسی آزادی پر بل اور ریاست کے فلاحی کردار کو بڑھاوادینا

17۔ سوراج کا نظریہ

18۔ یہ قول وال ٹیئر کا ہے اوراس میں اظہار خیال کی آزادی کی بات کہی گئی ہے.

19۔ اس سے مراد ہے مکمل آزادی جو فرد اور سماج کی ہوامیر اور غریب کی ہو۔مردوں اور عورتوں کی ہواور تمام طبقوں کی ہو۔

20۔ سوراج کا مطلب ہے خود کی حکومت۔سوراج صرف آزادی نہیں ہے بلکہ ایسے ادارے سے آزادی جو اس کو اپنائیت سے محروم کرتی ہو۔

21۔ معقول پابندیوں کا ہونا۔

22۔ سوراج میرا پیدائشی حق ہے اور میں اس کو لے کر رہوں گا۔

23۔ دی سٹیانک ورسسز

24۔ (D) مندرجہ بالا سبھی

25۔ باوقار زندگی جینے کے لیے خوف سے آزاد ہونا ضروری ہے۔

26۔ سماجی عدم مساوات اور سبھی۔

27۔ صحیح۔

28۔ جے۔ایس۔مل

## دو نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ انسان کو ذاتی معاملات میں پوری طرح سے آزاد ہونا چاہیے۔کھانا،کپڑا،شادی بیاہ،رہن سہن وغیرہ معاملات میں ریاست کو دخل نہیں دینا چاہیے۔

2۔ اس سے مراد وہ آزادی ہے جس کے تحت شہری حکومت سازی میں حصہ لے سکتے ہیں، ووٹ ڈالتے اور انتخابات میں حصہ لیتے ہیں۔ رنگ، ذات، نسل، مذہب، جنس کی بنیاد پر کسی شہری کو اس کے سیاسی حقوق سے محروم نہیں کیا جا سکتا۔

3۔ ہر قوم کو غیر ملکی تسلّط سے آزادی حاصل ہے۔ ایک آزاد قوم ہی اپنے شہریوں کو حقوق اور آزادی فراہم کر سکتی ہے تا کہ شہری سماجی، ثقافتی، مذہبی، معاشی اور سیاسی طور پر ترقی کر سکیں۔

4۔ ایک شخص کو کسی ریاست کا شہری ہونے کی وجہ سے ملتی ہے۔ ایسی آزادی کو ریاست کے ذریعے حاصل کیا جاتا ہے۔ ریاست کے تحفظ میں ہی انسان اس آزادی کا استعمال اپنی مرضی کے لیے کرتا ہے کسی کی آزادی میں رکاوٹ ڈالے بغیر۔

5۔ (i) اپنی پسند اور اہلیت کے مطابق پیشہ اختیار کرنے کی آزادی

(ii) ملک میں صنعتیں قائم کرنے کی آزادی

(iii) بے روزگاری نہ ہو

(iv) سرمائے اور پیداوار کی تقسیم صحیح طریقے سے ہو

6۔ آزادی سے مراد انسان پر باہری پابندیوں کی کمی ہے۔ اس سے مراد انسان کی نجی اظہار خیال کی قابلیت کو اجاگر کرنا اور اس کی خواہشات کو ظاہر کرنا ہے جس سے انسان کی تخلیقی اور قابلیت کی ترقی ہو سکے۔

7۔
- ہندوستان کی حالت کو خراب دکھانا
- غیر ملکی سیاحت کی ضرورت کو پورا کرنے کے لیے
- کاشی شہر کی بدنامی ہوگی
- یہ اظہار خیال کی آزادی کی خلاف ورزی
- دیگر کوئی

## چار نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ منفی آزادی کے معنی اس آزادی سے ہیں جن کے تحت انسان پر کوئی پابندی نہیں ہے۔ انسان اپنی خواہش کے مطابق کام کرتا ہے۔ ہابس کے مطابق — ایسی آزادی کے معنی ہیں۔ سبھی طرح کی پابندیوں کا نہ ہونا'' جب کہ مثبت آزادی اصولوں اور قوانین کے تحت حاصل آزادی ہے۔ مختصراً کہا جائے تو منفی آزادی کے حامی ریاست کی کم سے کم مداخلت کے حق میں تھے۔ تا کہ انسان پر کسی طرح کا کنٹرول نہ ہو جب کہ مثبت آزادی کے حامی ریاست کو زیادہ سے زیادہ کام دینے کے حق

میں ہیں۔ان کے مطابق اس سے انسانوں پر کنٹرول نہیں ہوتا کہ بلکہ ریاست انسانوں کی ترقی کے لیے مناسب حالات عطا کرتی ہے۔

منفی آزادی مکمل آزادی ہے جب کہ مثبت آزادی قانو کرنے والی آزادی ہے۔

منفی آزادی میں سبھی طرح کے پابندیوں کی کمی ہوتی ہے جب کہ مثبت آزادی میں غیر مناسب پابندیوں کی کمی اور مناسب پابندیوں کا وجود ہے۔

منفی آزادی 18 ویں اور 19 ویں صدی کی آزادی ہے جب کہ مثبت آزادی جدید دور کی آزادی ہے۔

منفی آزادی میں ایک شخصی کچھ کہہ سکتا ہے۔کچھ کرسکتا ہے لیکن مثبت آزادی میں انسانی حدود میں رہ کر ہی کچھ کرسکتا ہے۔

2۔ سماجی پابندیوں سے مراد کسی گروہ، تنظیم،طبقات یا ریاست کے ذریعے فرد کو چننے، فیصلے یا کام کرنے کی آزادی پر پابندی لگانا۔ایسی پابندیاں جو ضروری ہوں۔جن سے فرد کی آزادی محفوظ ہو۔ بنا پابندیوں کے افراتفری پھیل جائے گی اور نظام پر قابو پانا مشکل ہوگا۔

سبھی طرح کی پابندیوں آزادی کے لیے ضروری نہیں ہیں۔ جو پابندیوں زبردستی یا طاقت کے زور پر لگائی جاتی ہیں۔جس سے حکمراں طبقے کے مفاد پورے پوتے ہیں۔ایسی پابندیاں آزادی کے لیے ضروری نہیں ہیں۔ جیسے تانا شاہی نظام ہیں۔ جب کہ جمہوری مما لک میں حکومت کے ذریعے عوام کی آزادی کی حفاظت کے لیے پابندیاں لگانا لوگوں کو مناسب حالات فراہم کرنا ہے۔لہٰذا وہ سماجی پابندیاں جو انسان کو چننے، فیصلہ یا کام کرنے کی آزادی دیتا ہے آزادی کے لیے ضروری ہے۔ ایسی پابندیاں آزادی کے لئے ضروری ہیں جو انفرادی گروہ یا قوم کے درمیان رشتوں پر لوگو ہوتی ہیں۔

3۔ آزادی کی نمایاں خصوصیات

(i) آزادی سبھی لوگوں کو مساوی شکل میں ملتی ہے۔

(ii) کرنے کے قابل کام کو کرنے کی طاقت ہی آزادی ہے۔

(iii) آزادی کنٹرول سے راحت نہیں۔دلاتی بلکہ فرد کی ترقی کے مواقع بھی فراہم کرتی ہے۔

(iv) آزادی سماج میں مل سکتی ہے سماجی کے باہر نہیں۔

(v) آزادی کا استعمال سماج کے خلاف نہیں کیا جاسکتا ہے۔

4۔ جان اسٹورٹ مل کا اصول یہ ہے کہ کسی کے کام کرنے کی آزادی میں انفرادی یا اجتماعی طور سے مداخلت کرنے کا واحد مقصد ذاتی بچاؤ ہے۔منظّم سماج کے کسی ممبر کی خواہش کے خلاف طاقت کے مناسب عمل کا ایک خاص مقصد کسی ریاست کو نقصان سے بچانا ہوسکتا ہے۔لہٰذا نقصان پہنچانے والے کاموں پر پابندی لگائی جاسکے۔اسے نقصان کا اصول کہتے ہیں۔

## پانچ نمبر والے سوال کا جواب

طلباء اپنی صلاحیت کی بنیاد پر خود دیں

## چھ نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ اپنے خیالات کا اظہار کرنے کی آزادی ہی اظہار خیالات کی آزادی ہے۔انسان اپنے خیالات کو کہہ کر، دیکھ کر یا کسی دوسرے ذریعے سے ظاہر کرسکتا ہے۔ بھارت کے آئین کے تحت آرٹیکل 19 کے ذریعے شہروں کو تقریر کرنے اور خیالات کا اظہار کرنے کی آزادی حاصل ہے۔اس آزادی پر مناسب پابندیاں ہیں۔کوئی بھی آزادی پابندیوں کے بغیر نہیں رہ سکتی۔ ان پابندیوں کے سبب ہی لوگوں کی آزادی قائم رہتی ہے۔اگر کوئی شخص اپنے خیالات کا اظہار کرتا ہے لیکن وہ کسی شخص کی بے عزتی نہیں کرسکتا یا کسی کو غلط الفاظ نہیں کہہ سکتا۔انسان اپنی مرضی کے مطابق آزادانہ طور پر کام تو کرسکتا ہے۔لیکن وہ اپنی من مانی نہیں کرسکتا ہے۔مثال کی طور پر بھارت کے آئین میں آرٹیکل 361-A کے مطابق اخبارات کو پارلیمنٹ مجلس قانون ساز کی کارروائی کو شائع کرنے کی مکمل آزادی ہے لیکن ریاست کو یہ اختیار دیا گیا ہے کہ وہ ملک کی سالمیت، یکجہتی، امن وامان اور اخلاقیات کو ذہن میں رکھتے ہوئے ان حقوق پر پابندیاں لگاسکتی ہے۔ریاست یہ بھی دھیان رکھتی ہے کہ پابندیاں اتنی بھی نہ ہوں کہ آزادی ہی برباد یا ضائع ہوجائے۔جمہوری ممالک کی حکومتیں عوام کی آزادی کی محافظ ہیں۔

2۔ طلبا اپنی دماغی صلاحیت کی بنیاد پر جواب دیں۔

# باب نمبر 11 مساوات -( ذہنی نقشہ Mind Map )

## مساوات

↓

بلا کسی تفریق کے سب کے ساتھ یکساں برتاؤ کرنا۔

## مساوات کی اقسام

- سیاسی مساوات
  ↓
  سبھی کو یکساں شہریت، ووٹ کا حق
- اقتصادی مساوات
  ↓
  سبھی کو یکساں مواقع مہیا کروانا
- سماجی مساوات
  ↓
  سبھی کو سماجی سہولیات مہیّا کروانا

## مساوات کو بڑھاوا کیسے دیا جا سکتا ہے

- مختلف طرح کے برتاؤ کے ذریعے مساوات
  ↓
  مخصوص ضروریات والے لوگوں کو مخصوص سہولیات دینا۔ جیسے معذوروں کے لیے اسکولوں میں ریمپ بنوانا۔
- مثبت کاروائی
  ↓
  عدم مساوات کی کھائی کو کم کرنے کے لیے کچھ مثبت قدم اٹھانا۔ جیسے S/C اور S/T کے لیے وظائف اور ریزرویشن

# باب-11
# مساوات

## یاد رکھنے لائق نکات

(i) مساوات کی اہمیت (ii) مساوات کیا ہے (iii) مساوات کے مختلف پہلو (iv) ہم مساوات کو کیسے بڑھاوا دے سکتے ہیں۔

- مساوات اور بنیادی حقوق میں حقوق زیادہ اہم ہیں۔ مساوات کا دعویٰ ہے کہ یکساں انسانیت کی وجہ سے سبھی انسان یکساں اہمیت اور عزت کے حقدار ہیں۔ یہی نظریہ کلّی طور پر انسانی حقوق کا جنم داتا ہے۔
- بہت سے ملکوں میں آئین میں مساوات کو شامل کیے جانے کے باوجود بھی سماج میں سرمائے، جائیداد، مواقع کام کے حالات اور اختیارات میں عدم مساوات نظر آتی ہے۔
- یکسانیت کے مطابق انسان کو حاصل مواقع پیدائش یا سماجی حالات کی بنا پر مقرر نہیں کیے جانے چاہئیں۔
- قدرتی عدم مساوات لوگوں میں ان کی مختلف قابلیتوں اور اہلیتوں کی بنا پر جب کہ سماج کی پیدا کردہ عدم مساوات، مواقع میں عدم یکسانیت واستحصال پیدا ہوتا ہے۔
- مساوات کے تین پہلو۔

**سیاسی مساوات:** سبھی شہریوں کو یکساں شہریت، سیاسی مساوات میں شامل ہے۔ یکساں شہریت اپنے ساتھ حق رائے دہی، تنظیم بنانا اور اظہار خیال، آزادی کے حقوق بھی لاتی ہے۔

**معاشی مساوات:** معاشی مساوات کا مقصد امیری اور غریبی کے درمیان کھائی کو کم کرنا ہے۔ یہ صحیح ہے کہ کسی بھی سماج میں دولت یا آمدنی کی تقسیم پوری طرح یکساں نہیں رہی لیکن جمہوریت میں یکساں مواقع فراہم کرا کر لوگوں کو اپنے حالات بہتر بنانے کا موقع ملتا ہے۔

**سماجی مساوات:** سیاسی مساوات اور یکساں حقوق مہیا کرانا اس مقصد کو حاصل کرنے کی سمت میں پہلا قدم تھا۔ ساتھ ہی سماج میں سبھی لوگوں کو زندگی گزارنے کے لیے لازمی چیزوں کے ساتھ بہتر طبی سہولیات، تعلیم، صحت مند غذا، کم سے کم تنخواہ کی گارنٹی کو بھی لازمی مانا ہے۔ سماج میں نظر انداز کیے گئے طبقات اور عورتوں کو مساوات کا حق دلانا بھی حکومت کی ذمہ داری ہے۔

- عدم مساوات اور مخصوص حقوق کا خاتمہ کر کے مساوات قائم کرنے کی کوشش کی گئی ہے

- لوگوں کے درمیان فرق کو دھیان میں رکھ کر امتیازی برتاؤ (ریزرویشن) کی پالیسی بنائی گئی ہے جس سے سماج کے سبھی طبقات کو یکساں مواقع فراہم ہوسکیں۔ کچھ ممالک میں اسے مثبت کارکردگی کی پالیسی کا نام دیا گیا ہے۔۔
- سماج واد اور مارکس واد کے مطابق معاشی عدم مساوات، سماجی رتبے یا مخصوص حقوق جیسی عدم مساوات کو بڑھاوا دیتی ہے۔ اس لیے یکساں مواقع سے آگے بڑھ کر معاشی وسائل پر نجی ملکیت نہ ہوکر عوام کا کنٹرول مقرّر کرنے کی ضرورت ہے۔
- اعتدال پسند سماج میں وسائل کی تقسیم کے معاملے میں مقابلہ آرائی کے اصول کی حمایت کرتے ہیں اور حکومت کی مداخلت کو لازمی مانتے ہیں۔
- عورتوں کے لیے یکساں حقوق کے لیے جدوجہد خاص طور پر تحریک نسواں سے منسلک ہے۔
- رخصتِ زچگی (Maternity Leave) جیسے مخصوص عورتوں کے لیے لازمی ہے۔
- امتیازی برتاؤ یا مخصوص حقوق کا مقصد منصفانہ اور یکساں سماج کو بڑھاوا دینا ہے۔ سماج میں مخصوص حقوق حاصل طبقے کو پھر سے قائم کرنا نہیں ہے۔

## مساوات کی اقسام

(i) قدرتی مساوات (ii) شہری مساوات (iii) سماجی اور قانونی مساوات (iv) سیاسی مساوات

(v) معاشی مساوات (vi) تعلیمی مساوات (vii) مواقع کی مساوات

# MCQ مساوات

## ایک نمبر والے سوالات

1۔ قول: قانون کے سامنے مساوات کا معاملہ ہندوستان کے صدر پر لاگو نہیں ہوتا ہے۔

وجہ: ہندوستان کے صدر کو آئین کے تحت مخصوص اختیارات حاصل ہیں۔

(A) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں، وجہ قول کی صحیح تشریح ہے۔

(B) قول صحیح اور وجہ غلط ہے۔

(C) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں وجہ قول کی صحیح تشریح نہیں ہے۔

(D) قول اور وجہ دونوں غلط ہیں۔

2۔ مساوات کے تین خاص پہلو ہیں۔

(a) سیاسی مساوات (b) اقتصادی مساوات

(c) سماجی مساوات۔ (d) مندرجہ بالا سبھی

3۔ ''مرد، عورت سے زیادہ طاقتور ہے''۔ یہ کس کی مثال ہے۔

(a) قدرتی عدم مساوات کی (d) یکساں مواقع کی

(c) تعلیمی عدم مساوات کی (d) مندرجہ بالا کوئی نہیں۔

4۔ مذہب، پیدائش، زبان، ذات وغیرہ کی بنیاد پر کسی بھی طرح کی تفریق نہ ہونا.......................کہلاتا ہے۔

(a) اخلاقی مساوات (b) سیاسی مساوات

(c) سماجی مساوات (d) ان میں سے کوئی نہیں

5۔ کم سے کم ضرورتوں کو پورا کرنے سے مراد ہے کہ.............................

(a) سماجی مساوات (b) اقتصادی مساوات

(c) قدرتی مساوات (d) ثقافتی مساوات۔

6۔ بلا کسی تفریق کے سبھی بالغوں کو ووٹ ڈالنے کا حق کس طرح کی مساوات میں آتا ہے؟

(a) سیاسی مساوات (b) مذہبی مساوات

(c) تعلیمی مساوات (d) مواقع کی مساوات

7۔ مساوات کی اہمیت کو بتائیے۔

8۔ کیا مساوات کا مطلب لوگوں سے ہر حالت میں سماج بہتر برتاؤ کرتا ہے؟

9۔ اٹھارویں صدی کے آخر میں ہوئے فرانسیسی انقلاب کا نعرہ کیا تھا؟

10۔ کیا سماج میں مساوات کے ساتھ ساتھ عدم مساوات زیادہ نظر آتی ہے؟

11۔ ہندوستانی سماج میں موجود ایک عدم مساوات کا تذکرہ کیجیے۔

12۔ نسوانیت سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

13۔ نظرانداز طبقہ سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

14۔ مساوات ہندوستانی آئین کی کن دفعات میں درج ہے؟

15۔ حکومت ہند نے معذوریت بل.................................سال میں پاس کیا تھا۔

16۔ قول کو صحیح کر کے لکھو

''مساوات کے تین پہلو ثقافتی مساوات، اقتصادی مساوات اور اخلاقی مساوات ہیں۔''

17۔ صحیح یا غلط کا نشان لگائیے

(i) سب کے ساتھ برابری یعنی ایک جیسا برتاؤ ہی مساوات ہے۔

(ii) سب کو نشوونما کے لئے یکساں مواقع فراہم کرنا مساوات ہے۔

(iii) مخصوص حقوق کی عدم موجودگی ہی حقیقت میں مساوات ہے۔

(iv) جیسا جو چاہے ویسا کرنے کی آزادی ہی دراصل مساوات ہے۔

18۔ فرد کی.......................نشوونما کے لئے مساوات نہایت اہم ہے۔

19۔ مساوات کو بڑھاوا دینے والے دو عوامل بتائیے۔

20۔ ایک ایسی عدم مساوات بتایئے جو آپ نے خود محسوس کی ہو۔

21۔ کیا اقتصادی عدم مساوات کو ختم کرنا ممکن ہے؟

## دو نمبر والے سوالات

1۔ منصفانہ اور غیر منصفانہ عدم مساوات سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

2۔ معاشی مساوات کا مطلب واضح کیجیے۔

3۔ مساوات کے اصول سے کیا مراد ہے؟

4۔ ''اختلافات پیدائشی نہ ہو کر بھی پیدائشی بنا دیے گئے ہیں''۔اس سے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

5۔ قدرتی اور سماج کی پیدا کردہ عدم مساوات سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

6۔ کیا ہمارا سماج مساوات پر مبنی سماج کی مثال ہو سکتا ہے؟

7۔ ''آپ کے مطابق سماجی مساوات ہندوستان میں سب سے اہم نظریہ ہے۔'' کیوں؟

8۔ مارکس واد سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

9۔ سماج واد کے نظریہ کو سمجھاتے ہوئے ہندوستان کے اہم سماجوادی مفکّر کا نام بتایئے۔

10۔ ''امتیازی سلوک (ریزرویشن) مساوات قائم کرنے کی سمت میں اہم قدم ہے'' کیسے؟

## چار نمبر والے سوالات

1۔ ''کیا قدرتی تنوع ہمیشہ غیر تبدیل شدہ ہوتی ہیں'' اس سے متعلق اپنے خیالات کا اظہار دلائل دے کر کیجیے۔

2۔ اعتدال پسند مساوات اور مارکسوادی مساوات میں فرق واضح کیجیے۔

3۔ ہم مساوات کو بڑھاوا کس طرح دے سکتے ہیں؟


4۔ ''سیاسی مساوات اور معاشی مساوات صرف ایک دھوکہ ہے'' جملے کو دھیان میں رکھ کر اپنے خیالات کا اظہار کیجیے

5۔ ریاست ہائے متحدہ امریکہ نے نسلی عدم مساوات سے نمٹنے کے لیے حکومت نے کیا اقدامات اٹھائے؟ کیا یہ کارگر ثابت ہوئے؟

6۔ ''ایک معلم اور ایک فیکٹری ملازم کی تنخواہ کے فرق کو آپ عدم مساوات مانتے ہیں؟ اگر نہیں تو کیوں؟

# پانچ نمبر والے سوالات

1۔ دی گئی تصویر میں مرد اور عورت مساوی ہیں یا غیر مساوی؟ اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔




2۔ مندرجہ ذیل اقتباس کا بغور مطالعہ کیجیے اور متعلقہ سوالات کے جواب دیجیے۔

ان میں بہت سے مسائل جو مساوات کے حصول سے متعلق ہیں تحریک نسواں نے بھی اٹھائے ہیں۔ انیسویں صدی میں خواتین نے برابری کے حقوق کے لیے جدوجہد کی انھوں نے کچھ مانگیں رکھیں۔ مثال کے طور پر ووٹ دینے کا حق، کالجوں اور یونیورسٹیوں میں ڈگری حاصل کرنے کا حق، اور کام کرنے کا حق۔ یعنی وہ حقوق جو سماج میں مردوں کو حاصل تھے۔ تاہم جیسے ہی وہ ملازمت کے بازار میں شامل ہوئیں انھیں احساس ہوا کہ انھیں ان حقوق کے استعمال کے لیے خصوصی سہولیات درکار ہیں۔ مثلاً انھیں ماں بننے کے دوران چھٹی، کام کرنے کی جگہوں کے آس پاس کریچ کی خدمات جیسی بعض سہولتوں کی ضرورت ہے۔ اس قسم کی مخصوص سہولتوں کے بغیر وہ ملازمت کے لیے سنجیدگی سے مقابلہ میں شامل نہیں ہوسکتیں یا ایک کامیاب پیشہ ورانہ اور ذاتی زندگی کا مزہ نہیں لے سکتیں بالفاظ دیگر انھیں بعض اوقات مردوں کی طرح برابر کے حقوق کا خاطر خواہ فائدہ اٹھانے کے لیے مختلف انداز کے سلوک کی ضرورت محسوس ہوئی۔

(i) نسوانیت سے کیا مراد ہے؟

(ii) مردوں کو یکساں حقوق حاصل ہونے کے باوجود عورتوں کو مخصوص حقوق کی ضرورت کیوں محسوس ہوئی؟

(iii) مخصوص حقوق مساوات کے اصول کے خلاف ہیں یا نہیں؟ سمجھائیے۔

(iv) مندرجہ بالا اقتباس کس مضمون کو ظاہر کر رہا ہے۔

## چھ نمبر والے سوالات

1۔ ''انسان زندگی کو عزت و احترام کے ساتھ چلانے کے لیے مساوات ضروری اور لازمی ہے''۔اس جملے کو دھیان میں رکھتے ہوئے مساوات کے تینوں پہلوؤں پر روشنی ڈالیے۔

2۔ امتیازی سلوک (ریزرویشن) مساوات کا مخالف نظریہ ہے۔آپ کے مطابق اس میں کیا مشورے یا اصلاحات ہونا چاہئیں۔

## MCQ جوابات

## ایک نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ (A) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں اور وجہ قول کی صحیح تشریح ہے۔

2۔ (D) مندرجہ بالا سبھی۔

3۔ (A) قدرتی عدم مساوات

4۔ (C) سماجی مساوات۔

5۔ (B) اقتصادی مساوات۔

6۔ (A) سیاسی مساوات۔

## ایک نمبر والے سوالات کے جوابات

7۔ مساوات کی بناپر سبھی لوگوں کو یکساں اہمیت اور عزّت کے حامل ہیں۔اسی نظریہ نے عالمی انسانی حقوق جیسے نظریہ کو جنم دیا۔

8۔ نہیں، بلکہ انسان کی صلاحیتوں کو دھیان میں رکھ کر مساوات کے مواقع فراہم کرانا ہے۔

9۔ آزادی، مساوات اور بھائی چارہ

10۔ ہاں، عالیشان کالونیوں کے ساتھ جھگی جھونپڑی، غذا کی بربادی کے ساتھ بھک مری وغیرہ سماج میں آسانی سے دیکھنے کو ملتی ہے۔

11۔ مرد اور عورت عدم مساوات کی بناپر لڑکیوں کو ماں کی کوکھ میں (Female Fetus) قتل سماج میں پھیلا ہوا ہے۔

12۔ نسوانیت عورت مرد کے یکساں حقوق کی حمایت لینے والا سیاسی اصول ہے۔

13۔ لمبے عرصے سے عدم مساوات واستحصال کے شکار لوگ جن پر پیدائشی اور ذات پات سے متعلق تفریق ظلم وستم ہوتے رہے ہیں.

14۔ دفعہ (18-14)

15۔ سال1995

16۔مساوات کے تین پہلو سیاسی مساوات، اقتصادی مساوات اور سماجی مساوات ہیں

17۔ (i) صحیح

(ii) صحیح

(iii) صحیح

(iv) غلط

18۔ مکمل

19۔ (i) رسمی مساوات کو قائم کر کے

(ii) عورتوں کو مختلف النوع پیشوں میں حصہ لینے کی اجازت دے کر۔

20۔ طلبہ اپنے تجربہ کی بنیاد پر جواب دیں۔

21۔ مواقع کی مساوات کے ذریعے۔

## دو نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ انسان کے کام کی اہمیت کی بنیاد پر عدم مساوات منصفانہ کہی جاسکتی ہے جیسے ملک کے وزیر اعظم اور فوج کے سربراہ (جنرل) کو مخصوص درجہ یا عزّت، جب کہ انسان کی پیدائش اور ذات پر مبنی عدم مساوات غیر منصفانہ ہوگی جیسے مندر و عوامی مقامات پر جانے پر پابندی

2۔ امیری اور غریبی کے درمیان کھائی کو کم کرنا اور یکساں مواقع فراہم کرانا

3۔ لوگوں کو حاصل مواقع یا سلوک پیدائش یا سماجی حالات سے متاثر نہیں ہونا چاہئیں۔

4۔ جب سماج میں کچھ تنوع لمبے عرصے تک موجود رہتی ہیں تو وہ قدرتی تنوع پر منحصر لگنے لگتی ہیں۔ جیسے قدیم دور سے ہی عورتوں کو کمزور اور مردوں کے مقابلے ڈرپوک مان کر انھیں یکساں حقوق سے محروم رکھنا بہتر مان لیا جاتا ہے۔

5۔ قدرتی عدم مساوات لوگوں کی قابلیت اور صلاحیت سے منسلک ہوتی ہیں۔ جب کہ سماج کی پیدا کردہ عدم مساوات، مواقع کی عدم مساوات اور استحصال سے جڑی ہوتی ہیں۔

6۔ اگرچہ آئین ہند کے بنیادی حقوق میں مساوات موجود ہے لیکن پھر بھی سماج میں امیری، غریبی، عورت مرد، ذات برادری عدم یکسانیت کی مثالیں روز بروز دیکھنے کو ملتی ہیں۔

7۔ ہاں، کیوں کہ ہندوستانی سماج ذات پات میں منقسم ہے۔ پیدائش کی بنیاد پر پھیلی عدم مساوات کو ختم کرنے کے لیے ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر نے ریزرویشن کا ذکر کیا تھا۔

8۔ سماجی عدم مساوات اور معاشی عدم مساوات کو ختم کرنے کے طریقے نجی ملکیت کو ختم کر کے معاشی وسائل پر عوام کا اختیار ہونا چاہیے۔

9۔ سماج واد کے معنی مساوات کو کم سے کم کر کے وسائل کی منصفانہ تقسیم کرنا۔ ہندوستان کے اہم سماجی مفکّر رام منوہر لوہیا

10۔ ہاں، کیوں کہ مساوات اور ترقی کی دوڑ میں پسماندہ رہ گئی ذاتوں کو مخصوص حقوق کی ضرورت ہے۔

## چار نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ نہیں، اس میں تبدیلی ہوسکتی ہے۔ طبّی تکنیک اور کمپیوٹر نا اہلیت کے خاتمے میں معاون ہوسکتے ہیں۔ مشہور ماہر طبیعیات اسٹیفن ہاکنس کا چلنے اور نہ بول پانے کے باوجود بھی سائنس میں بہت بڑا تعاون رہا۔

2۔ مارکس وادی معاشی وسائل پر عوام کا کنٹرول کر کے مساوات کو قائم کرنے کی کوشش میں یقین رکھتے ہیں۔ جب کہ اعتدال پسند کھلی مقابلہ آرائی کے ذریعہ سبھی طبقات سے قابل افراد کو باہر نکالنے میں یقین رکھتے ہیں۔

3۔ مخصوص حقوق طبقات کے خاتمے اور امتیازی سلوک کے ذریعے یکسانیت لانے کی کوششیں

4۔ کم سے کم ضروریات کو پورا نہ کر پانے میں لوگ اپنے سیاسی حقوق کی اہمیت کو نہیں سمجھ سکتے۔ جس سے سیاسی بدعنوانی میں اضافہ ہوتا ہے۔

5۔ 1964 میں سول رائٹ ایکٹ (Civil Right Act) حکومت کے ذریعے پاس کیا گیا۔ جس میں رنگ، نسل اور مذہب کی بنیاد پر یکسانیت کے قیام کی کوشش تھی۔ ایک سیاہ فام شخص براک حسین اوباما امریکہ میں سب سے بڑے عہدے پر

دومرتبہ فائز ہو چکے ہیں۔ جو رنگ بھید کی پالیسی کو مسترد کرنے کی مثال ہے۔لیکن پھر بھی سماج وقتاً فوقتاً سیاہ فام لوگوں کے خلاف تشدد کی گونج سنائی دیتی ہے۔

6۔ مساوات کے مطابق یکساں کام کی یکساں تنخواہ ہونا چاہیے۔ یہ کام دماغی اور جسمانی الگ الگ ہیں۔

## پانچ نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ سماج میں عدم مساوات کافی عرصے سے چلی آ رہی ہے اس لیے انھیں قدرتی تنوّع پر مبنی مان لیا گیا ہے۔ ہندوستان میں بھی مرد اور عورت تنوّع اس کی ایک مثال ہے۔ حقیقت میں یہ عدم مساوات سماج کی پیدا کردہ ہیں۔ عورتیں بھی وہ تمام کام کرنے لائق ہیں جو مرد کر سکتے ہیں۔ آج عورتیں زندگی کے سبھی میدانوں میں کامیابی حاصل کر چکی ہیں۔ محترمہ اندرا گاندھی، کلپنا چاولہ، ثانیہ مرزا اس کی بہترین مثالیں ہیں۔

2۔ (i) مرد کے یکساں حقوق کی حمایت کرنے والا اصول

(ii) کچھ ضروریات قدرت پر منحصر ہیں۔ جیسے بچے کی پیدائش اور اس کے بعد کی حالت میں عورتوں کو چھٹیوں کی ضرورت ہوتی ہے

(iii) نہیں، یہ مساوات کے اصول کے خلاف نہیں ہے کیوں کہ یہ قدرتی لازمیت ہے۔

(iv) خواتین سے متعلق

## چھ نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔
- سیاسی مساوات، مع تشریح
- سماجی مساوات، مع تشریح
- معاشی مساوات، مع تشریح

2۔ نہیں، ریزرویشن کا نظریہ مساوات کے مخالف نہیں ہے۔ لیکن مساوات کے قیام کے لیے ضروری ہے۔ طویل عرصے سے ترقی کی دوڑ میں پچھڑی اور استحصال کی شکار ذاتوں کو سہارے کے بغیر آگے نہیں لایا جا سکتا تھا۔

ریزرویشن ذات اور پیدائش کی بنیاد پر ہی نہ ہو کر معاشی پسماندگی کی بنیاد پر بھی ہونا چاہیے۔

# باب نمبر 12 انصاف (ذہنی نقشہ Mind Map)



**سماجی انصاف:** انفرادی زندگی اور روزمرّہ کی زندگی کو منظّم کرنے کے اصول اور طریقے سماجی فائدے اور سماجی ذمّہ داریوں کا بٹوارہ۔

**انصاف کے نظریات:** یکساں لوگوں کے ساتھ یکساں برتاؤ

(i) تناسبی انصاف

(ii) خاص ضرورتوں کا خاص خیال۔

## انصاف کے نظریات

| | | |
|---|---|---|
| (i) | یکساں لوگوں کے ساتھ یکساں برتاؤ | یکساں لوگوں سے یکساں برتاؤ کا نظریہ۔ |
| (ii) | تناسبی انصاف | لوگوں کو ان کی کوشش کے پیمانے اور قابلیت کے تناسب میں عطا کرنا۔ |
| (iii) | خاص ضرورتوں کا خاص خیال | خاص ضرورتوں/معذوریت والے لوگوں کو کچھ خاص معاملات میں غیر یکساں اور مخصوص امداد کے لائق سمجھنا۔ |

**انصاف پر مبنی بٹوارہ:-** اصول وقوانین کو غیر جانبدارانہ طور پر لاگو کروانا اور اشیاء اور خدمات کا منصفانہ بٹوارہ

**جان رالز کا انصاف کا نظریہ:-** جان رالز کا جواز 1۔

غیر جانبدارانہ اور منصفانہ اصول یہ ہے کہ اگر ہم خود کو ایسی حالت میں ہونے کا تصوّر کرتے ہیں جس سے یہ فیصلہ لینا ہے کہ سماج کو کیسے منظّم کیا جانا چاہیے یعنی لاعلمی کے پردے میں سوچنا۔

لاعلمی کے خیالی پردے کو اوڑھنا قوانین اور پالیسی کے عمل تک پہنچنے کا پہلا قدم ہے۔


**جان رالز کا جواز 2:** اخلاقیات نہیں بلکہ متحرّک فکر ہمیں سماج میں فائدہ اور ذمہ داریوں کی تقسیم کے معاملے میں غیر جانبدار ہو کر غور و فکر کرنے کی جانب مائل کرتی ہے۔

**سماجی انصاف کی تقلید:** معاشرے میں قائم امیر و غریب کے بیچ مستقل درجہ بندی کو ختم کرنا۔


**آزاد بازار بنام ریاست کی دخل اندازی:**

(i) حامیوں کا ماننا ہے کہ اگر بازاروں کو ریاست کے دخل سے آزاد چھوڑ دیا جائے تو بازار کے لین دین کا حاصل سماج میں فائدے اور فرائض مجموعی تقسیم کو لازمی طور پر کرے گا۔ حالانکہ کچھ حامی ریاست کی دخل اندازی کو قبول کرتے ہیں تا کہ یکساں اصول وضوابط کی بنیاد پر مقابلہ ہو سکے۔

(ii) نجی ایجنسیوں کو ان خدمات کو لوگوں کو خریدنے کے اہل بنانے کی کوشش کرنی چاہیے۔



''انصاف پر مبنی سماج وہ ہے جس میں آپسی عزت کا بڑھتا ہوا جذبہ اور بے عزّتی کم ہوتا ہوا جذبہ مل کر ایک شفقت سے پر سماج کی تعمیر کرے۔''
ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر



''انصاف میں ایسا کچھ پوشیدہ ہے جسے کرنا نہ صرف صحیح ہے اور نہ کرنا صرف غلط، جس پر بطور اپنے اخلاقی حقوق کے کوئی شخص ہم سے دعوی جتا سکتا ہے۔''
جے۔ ایس۔ مل

# باب-12

# انصاف (Justice)

## یاد رکھنے لائق نکات:

- انصاف کا ہماری زندگی اورعوامی زندگی سے جڑے اصولوں سے ہوتا ہے۔جس کے ذریعے سماجی مفاد اورفرائض کوتقسیم کیاجاتاہے۔
- قدیم ہندوستانی سماج میں انصاف مذہب کےساتھ جڑاہواتھا جس کوقائم رکھنا بادشاہ کااوّلین فریضہ تھا۔
- چینی فلاسفرکنفیوشس کے مطابق انصاف قائم کرنے کے لیےغلط کام کرنے والوں کوسزااوراچھے کام کرنے والوں کوانعام واکرام سےنوازہ جانا چاہیے۔
- افلاطون نے اپنی کتاب ریپبلک میں اپنے نظریات پیش کیے ہیں۔
- جرمن فلاسفر امانیول کانٹ کےمطابق ہرانسان عزت نفس رکھتا ہے۔اگرہم افرادکوان کا مقام ومرتبہ عطا کرتے ہیں تواس کے نتیجے میں انھیں صلاحیتوں کوبڑھانے اوراپنے پسندیدہ مقاصدکوحاصل کرنے کا موقع ملے گا۔

انصاف کےمختلف پہلو۔

### انصاف کے قیام کے تین اصول

- **ہم مرتبہ لوگوں کے ساتھ مساویانہ سلوک**: سبھی کے لیے مساوی حقوق اور مساویانہ سلوک لازمی ہے۔شہریوں کوان کے طبقات،ذات،نسل یاجنس کی بنیاد پرنہیں بلکہ ان کے کام اورسرگرمیوں کی بنیاد پر پرکھا جانا چاہیے۔اگرمختلف ذاتوں کے دولوگ ایک ہی کام کوکررہے ہیں توانھیں مساوی اجرت ملنی چاہیے۔

- **متناسب انصاف**: حالات کچھ ایسے بھی ہوسکتے ہیں جہاں مساوی سلوک غیرمنصفانہ ہوگا۔جیسے امتحان میں شریک ہونے والے سبھی طلبا کومساوی نمبر دیے جائیں۔یہ انصاف نہیں ہوسکتا۔اس لیے محنت،مہارت اورممکنہ خطرات وغیرہ کودھیان میں رکھ کرالگ الگ اجرت دیاجانا منصفانہ ہوگا۔

- **خصوصی مراعات**: جب فرائض اورمحنتانے کومقرّرکیاجائے تولوگوں کی مخصوص ضروریات کا خیال رکھا جانا چاہیے۔جولوگ

اہم معاملات میں مساوی نہیں ہیں ان کے ساتھ دیگر طریقے سے ان کا خیال رکھا جانا چاہیے۔

- **منصفانہ تقسیم:** سماجی انصاف کے معنی اشیا اور خدمات کی منصفانہ تقسیم سے بھی ہے۔ یہ تقسیم سماج کے مختلف گروپوں اور افراد کے درمیان ہوتی ہے تاکہ شہریوں کو زندگی گزارنے کے یکساں مواقع حاصل ہوسکیں جیسے چھوا چھات کا خاتمہ، ریزرویشن کا نظم اور کچھ ریاستی حکومتوں کے ذریعہ زمینی اصلاحات جیسے اقدامات ہیں۔

- **جان رالس کا نظریہ انصاف:** ''لاعلمی کے پردے'' کے ذریعے رالس نے انصاف کے اصول کو پیش کیا ہے۔ اگر انسان کو اس بات کا اندازہ نہ ہو کہ کسی سماج میں اس کی کیا حیثیت ہوگی اور اسے سماج کو منظّم کرنے، کام اور پالیسی طے کرنے کے لیے کہا جائے تو وہ حقیقت میں ایسی لاجواب پالیسی تیّار کرے گا جس سے سماج کے ہر طبقے کو بہترین سہولیات بہم پہنچائی جائیں۔

- **سماجی انصاف کو قائم کرنے کے لیے امیر غریب کے درمیان گہری کھائی کو کم کرنا**، سماج کے سبھی افراد کے لیے زندگی گزارنے کے لیے کم سے کم بنیادی ضرورتوں رہائش، صاف پانی، کم سے کم مزدوری، تعلیم وغذا مہیّا کرانا لازمی ہے۔

- **آزاد معیشت بنام ریاستی مداخلت:** آزاد معیشت آزادانہ مقابلہ آرائی کے ذریعے قابل اور ماہر افراد کو براہ راست فائدہ پہنچانے کے حمایتی ہے۔ آزاد معیشت کے حامی بازار کی پالیسیوں میں حکومت اور ریاست کی مداخلت کے مخالف ہیں۔ ایسے میں یہ بحث تیز ہو جاتی ہے کہ کیا غیر یقینی اور سہولیات سے محروم طبقات کی ذمّہ داری حکومت کی ہونی چاہیے۔ کیوں کہ کھلے بازار (فری مارکیٹ) کے مطابق مقابلہ آرائی نہیں کر سکتے۔

## ہندوستان میں سماجی انصاف کو قائم کرنے کے لیے اقدامات

- مفت اور لازمی ابتدائی تعلیم
- پنچ سالہ منصوبے
- کسان فصل بیما یوجنا
- کسانوں کی مدد
- انتیودے یوجنا
- بیٹی بچاؤ بیٹی پڑھاؤ
- محروم طبقات کو معاشی اور سماجی تحفظ
- بنیادی حقوق
- چھوا چھوت کا خاتمہ
- معاشی منصوبے
- ریاستی پالیسی کے ہدایتی اصول
- وزیر اعظم اجوالا یوجنا

# انصاف (سماجی انصاف)

## MCQ

## ایک نمبر والے سوالات

1۔ پورے معاشرے کو برابر اہمیت ملے اور قابلیت کے فروغ کے لئے یکساں مواقع ملنے کی حالت کو کیا کہتے ہیں؟

(a) مساوات (b) آزادی

(c) مذہب (d) انصاف

2۔ قدیم ہندوستانی سماج میں انصاف کے ساتھ کس کو جوڑ کر دیکھا جاتا ہے؟

(a) تعلیم (b) مذہب

(c) ثقافت (کلچر) (d) طبقہ

3۔ قدیم ہندوستانی سماج میں منصفانہ نظام قائم رکھنا کس کی ابتدائی ذمّہ داری تصوّر کی جاتی تھی؟

(a) عدالت (b) راجا

(c) وزیر (d) فوج

4۔ غلط کرنے والے کو سزا دے کر اور شریف لوگوں کو انعام دے کر راجہ کو انصاف قائم رکھنا چاہیے۔ یہ قول کس کا ہے؟

(a) افلاطون (b) کنفیوشس

(c) سقراط (d) ارسطو

5۔ دی ریپلک (The Republic) کتاب کے مصنف کون ہیں؟

(a) ارسطو (b) سقراط

(c) افلاطون (d) لاک

6۔ مندرجہ ذیل میں سے کون سقراط کے شاگرد ہیں؟

(a) ارسطو (b) لازمی

(c) روسو (d) گلاوکان

7۔ افلاطون کا تعلق۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔سے تھا۔

(a) ایران (b) عراق

(c) یونان (d) لبنان

8۔ اگر ایک اسکول میں مرد استاد کو عورت استاد سے زیادہ تنخواہ ملتی ہے تو یہ کس اصول/نظریہ کے خلاف ہے؟

(a) آزادی کے نظریہ کے خلاف

(b) یکساں لوگوں کے تیئں یکساں برتاؤ کے خلاف

(c) یکساں حیثیت والوں کے ساتھ یکساں برتاؤ کے نظریے کے خلاف

(d) مندرجہ بالا کوئی نہیں۔

9۔ کسی کام کے لیے مطلوبہ محنت، مہارت اور ممکنہ خطرات وغیرہ عوامل کو دھیان میں رکھتے ہوئے الگ الگ کام کے لیے الگ الگ معاوضہ/تنخواہ کو طے کرنا کہلائے گا؟

(a) غیر منصفانہ (b) منصفانہ

(c) یکساں لوگوں کے تیئں یکساں برتاؤ کے خلاف (d) مندرجہ بالا کوئی نہیں۔

10۔ جن لوگوں میں جسمانی معذوری ہو یا جن تک اچھی تعلیم یا صحت سے متعلق خدمات نہیں پہنچیں ان کو انصاف کس ذریعے سے دیا جا سکتا ہے؟

(a) یکساں لوگوں کے تیئں یکساں برتاؤ کے ذریعے۔ (b) حق مساوات کے ذریعے

(c) مخصوص ضرورتوں کے لیے مخصوص خیال کے ذریعے (d) مندرجہ بالا سبھی

11۔ ہندوستانی آئین میں سماجی مساوات کو بڑھاوا دینے کی کوشش........................

(a) چھوا چھوت کی رسم کا خاتمہ (b) زمین سے متعلق سدھار قوانین لاگو کرنا

(c) مندرجہ بالا دونوں۔ (d) مندرجہ بالا کوئی نہیں۔

12۔ ہندوستان میں سماجی انصاف قائم کرنے کے لیے تعلیمی اداروں میں یہ سرکاری نوکریوں میں ریزرویشن کی تجویز کس کمیشن نے دی تھی؟

(a) سرکاریہ کمیشن (b) منڈل کمیشن

(c) شاہ کمیشن (d) جین کمیشن۔

13۔ سقراط کون تھا؟

(a) سیاست داں (b) راجہ

(c) مفکّر (d) ماہر معاشیات

14۔ انصاف کے نظریات ہیں۔

(a) تناسبی انصاف (b) یکساں لوگوں کے تئیں یکساں برتاؤ

(c) مندرجہ بالا دونوں (d) مندرجہ بالا کوئی نہیں۔

15۔ ''انصاف پرمبنی سماج وہ ہے جس میں آپسی عزّت کا بڑھتا ہوا جذبہ اور بے عزّتی کا کم ہوتا ہوا جذبہ مل کر ایک شفقت سے پر سماج کی تعمیر کرتے ہیں''۔ یہ قول کس کا ہے؟

(a) مہاتمہ جوتی با پھولے (b) مہاتما گاندھی

(c) ڈاکٹر راجندر پرساد (d) ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر

16۔ جان رالز نے..........................کا نظریہ پیش کیا۔

(a) مساوات کا (b) انصاف کا

(c) جائیداد کا (d) آزادی کا

17۔ ''جہاں تک ممکن ہو لوگوں کو جائیداد حاصل کرنے کے لیے دوسروں کے ساتھ سمجھوتے میں شامل ہونے کے لئے آزاد رہنا چاہیے" مذکورہ خیال ہے..........................

(a) آزاد بازار کے حامیوں کا (b) سماج وادیوں کا

(c) مندرجہ بالا دونوں (d) مندرجہ بالا کوئی نہیں

18۔ سماج میں بے انتہاء دولت رکھنے والے اور محروموں کے بیچ گہری کھائی کس بات کی علامت ہے؟

(a) مواقع کی عدم دستیابی (b) سماجی انصاف کی غیر موجودگی

(c) مساوات کی غیر موجودگی (d) مندرجہ بالا کوئی نہیں۔

19۔ قول: ہندوستان میں سماجی انصاف قائم کرنے کے لیے ہدایتی اصولوں کا انتظام کیا گیا ہے۔

وجہ:- ہندوستانی آئین کی دفعہ 38 میں ریاست کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ سماجی، معاشی، اور سیاسی انصاف کے قیام کے ساتھ ساتھ بھلائی کو بڑھاوا دینے کی کوشش کرے گی۔

(A) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں اور وجہ قول کی صحیح وضاحت ہے۔

(B) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں لیکن وجہ قول کی صحیح وضاحت نہیں ہے۔

(C) قول غلط ہے لیکن وجہ صحیح ہے۔

(D) قول صحیح ہے لیکن وجہ غلط ہے۔

20۔ قول: انصاف کی دیوی کی آنکھ پر پٹی بندھی ہوتی ہے۔

وجہ: غیر جانبدارانہ اور شفاف انصاف دینے کے لئے انصاف کی دیوی کی آنکھ پر پٹی بندھی ہوتی ہے۔

(A) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں اور وجہ قول کی صحیح وضاحت کرتا ہے۔

(B) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں اور وجہ قول کی صحیح وضاحت نہیں کرتا ہے۔

(C) قول غلط ہے لیکن وجہ صحیح ہے۔

(D) قول صحیح ہے لیکن وجہ غلط ہے۔

21۔ انصاف (Justice) لفظ کی ابتداء کس زبان سے ہوئی ہے؟

22۔ ''انصاف وہ خصوصیت ہے جو دیگر صلاحیتوں کے بیچ تال میل میں قائم کرتا ہے۔'' یہ تعریف کس نے پیش کی تھی؟

23۔ انصاف پر مبنی قانون کا بنانا کس انصاف کا ایک پہلو ہے؟

24۔ جان رالز نے منصفانہ تقسیم کے انصاف کے نظریے کا ذکر اپنی کس کتاب میں کیا ہے؟

25۔ ہندوستان میں پچھڑے اور دلتوں کے استحصال کی مثالیں کس طرح کی ناانصافی ہے؟

26۔ سقراط نے کیا کہا تھا کہ انصاف نے تمام لوگوں کی.................................. پوشیدہ رہتی ہے۔

27۔ سچائی اور آزادی انصاف کی.................................. خصوصیات میں شامل ہیں۔

28۔ منصفانہ تقسیم کے انصاف کے نظریے کو.................................. نے پیش کیا تھا۔

29۔ ہندوستان کے آئین کی دفعہ.................................. فلاح کے فروغ کے لئے سماجی نظام بنائے گا۔ جس سے شہریوں کو سماجی، اقتصادی اور سیاسی انصاف حاصل ہو سکے۔

30۔ ''انصاف پر مبنی سماج وہ ہے جس میں آپسی عزت کا جذبہ فروغ لائے اور بے عزتی کا جذبہ کم ہوتا جائے ساتھ ہی محبت سے بھرے سماج کا قیام کرے۔'' یہ قول کس کا ہے؟

31۔ ''انصاف میں ایسا کچھ پوشیدہ ہے جسے کرنا نہ صرف صحیح ہے اور نہ کرنا صرف غلط۔ بلکہ جس پر اپنے اخلاقی حقوق کوئی شخص ہم سے دعویٰ کے طور پر مانگ سکتا ہے''۔ یہ قول کس کا ہے؟

32۔ مندرجہ ذیل اقتباس کو دھیان سے پڑھئے اور مندرجہ ذیل سوالات کے جواب دیں۔

آزاد بازار کے حامیوں کا ماننا ہے کہ جہاں تک ممکن ہو افراد کو جائیداد جمع کرنے کے لئے اور اصل مزدوری اور منافع کے معاملے میں دوسروں کے ساتھ ساتھ مقابلہ کرنے کی چھوٹ ہونی چاہیے۔ یہ آزاد بازار کا سادہ کردار ہے۔ آزاد بازار کے حامی مانتے ہیں کہ اگر بازاروں کو ریاست کی دخل اندازی سے آزاد کر دیا جائے تو بازاری سرگرمیاں کا حاصل سماج میں منافع اور فرائض انصاف پر مبنی تقسیم کو یقینی بنا دے گا۔

32.1۔ آزاد بازار سے کیا مراد ہے؟

32.2۔ بازاروں میں زیادہ سے زیادہ منافع کب حاصل کیا جا سکتا ہے؟

32.3۔ آزاد بازار کا سادہ کردار کیا ہے؟

32.4۔ آزاد بازار کو ریاستی دخل اندازی سے پاک کرنے سے کیا فائدے ہوں گے؟

33۔ مندرجہ ذیل قول کو صحیح کر کے لکھیے۔

''قدیم ہندوستان میں انصاف عدم فرائض سے جڑا ہوا تھا''۔

34۔ مندرجہ ذیل ہر قوم کے آگے صحیح یا غلط لکھیے۔

(i) سبھی تہذیبوں اور روایتوں کو انصاف کے سوال سے جھوجھنا پڑتا ہے۔

(ii) افلاطون نے اپنی کتاب دی ریپبلک میں اقتصادی مدعوں پر چرچا کی ہے۔

(iii) انصاف کے لیے ضروری ہے کہ تمام لوگوں کو مناسب اور برابری کی اہمیت دی جائے۔

(iv) پارلیمنٹ میں ایک تجویز زیر غور ہے کہ پارلیمنٹ کی کل سیٹوں میں سے دو تہائی عورتوں کے لیے ریزرو کردی جائے۔

(v) رالز میں انصاف کا نظریہ دیا ہے۔

35۔ قدیم ہندوستان میں انصاف سے متعلق نظریہ کیا تھا؟

36۔ عام الفاظ میں انصاف کے معنی سمجھایئے۔

37۔ انصاف کو فروغ دینے کا طریقہ کیا ہوسکتا ہے؟

38۔ یکساں لوگوں کے ساتھ یکساں برتاؤ سے کیا مراد ہے؟

39۔ کم سے کم ضروریات کا نظریہ کس پنچ سالہ منصوبے میں پیش کیا گیا تھا؟

40۔ سرکاری نوکریوں میں ریزرویشن کی تجویز کے خلاف جو تحریک چلی تھی اس کا کیا نام تھا؟

41۔ ہندوستان میں سماجی انصاف قائم کرنے کے لیے کس مفکّر کا سب سے زیادہ کردار ہے۔؟

42۔ کسی شخص کے زندگی کے لیے بنیادی ضروریات کون کون سی ہیں؟

43۔ ہندوستان میں بنیادی ضروریات تک پہنچ نہ ہونے کی وجہ سے کون سے طبقات کو سرکاری نوکریوں اور تعلیمی اداروں میں ریزرویشن دیا گیا ہے؟

## دو نمبر والے سوالات

1۔ سماجی انصاف..................اور..................میں ہم آہنگی ہے۔

2۔ رالس کے ''لاعلمی کے پردے'' سے کیا مراد ہے؟۔

3۔ مساوات اور سماجی انصاف کے مابین تعلقات کو واضح کیجیے؟

4۔ منصفانہ تقسیم سے کیا مراد ہے؟

5۔ منصفانہ سماجی نظریے سے کیا امید کی جاسکتی ہے؟

6۔ اقوام متحدہ (U.N.O) کی اکائیوں نے کم سے کم ضروریات میں کن سہولیات کا شمار کیا ہے؟

7۔ کھلے بازار (فری مارکیٹ) سے کیا مراد ہے؟

## چار نمبر والے سوالات

1۔ ''انصاف میں دیر ہونا اندھیر ہونا ہے'' متذکرہ جملے کا مطلب سمجھایئے؟

2۔ انصاف اپنے آپ میں مکمل سرگرمی ہے۔ پھر بھی ہندوستان میں سماجی انصاف پر خاص زور کیوں دیا گیا ہے؟

3۔ آزاد معیشت کی حمایت اور مخالفت میں دلائل دیجیے۔

4۔ ہر کسی کو اس کا حق دینے کا مطلب وقت کے ساتھ بدلا کیسے ہے؟

5۔ انصاف سے متعلق جرمن فلاسفر امانیول کانٹ کے نظریات کو بیان کیجیے۔

## پانچ نمبر والے سوالات

1۔ دیے گئے کارٹون کی بنیاد پر مندرجہ ذیل سوالات کے جواب دیجیے۔




(i) انصاف سے کیا مراد ہے؟

(ii) خاص ضرورتوں سے کیا مراد ہے؟

(ii) ''خاص ضرورتوں کا اصول انصاف کے راستے میں رکاوٹ پیدا کرتا ہے'' اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

## چھ نمبر والے سوالات

1۔ سماجی انصاف کے قیام کے لیے حکومت کے ذریعے نافذ کیے جانے والے تین اصولوں پر روشنی ڈالیے

2۔ رالس کے انصاف کے اصول کی وضاحت کیجیے۔

3۔ آزاد بازار (مارکیٹ) بمقابلہ ریاستی مداخلت سے کیا مراد ہے؟ تفصیل سے بیان کیجیے؟

4۔ انصات کے مختلف پہلو بتایئے۔

## MCQ جوابات

1۔ (D) انصاف

2۔ (B) مذہب

3۔ (B) راجا

4۔ (B) کنفیوشیس

5۔ (C) افلاطون

6۔ (D) گلاؤکان

7۔ (C) یونان

8۔ (C) یکساں حیثیت والوں کے ساتھ یکساں برتاؤ

9۔ (B) منصفانہ

10۔ (C) مخصوص ضرورتوں کے لیے مخصوص خیال

11۔ (C) مندرجہ بالا دونوں

12۔ (B) منڈل کمیشن

13۔ (C) مفکر

14۔ (C) مندرجہ بالا دونوں

15۔ (D) ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر

16۔ (B) انصاف کا

17۔ (A) آزاد بازار کے حامیوں کا

18۔ (B) سماجی انصاف کی غیر موجودگی

19۔ (A) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں اور وجہ قول کی صحیح وضاحت ہے

20۔ (A) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں اور وجہ قول کی صحیح وضاحت ہے

21۔ لاطینی زبان

22۔ افلاطون

23۔ قانونی انصاف

24۔ دی تھیوری آف جسٹس

25۔ سماجی ناانصافی

26۔ بھلائی

27۔ اہم

28۔ جان رالز

29۔ 38

30۔ ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر

31۔ جی۔ ایس۔ مل

32.1۔ آزاد بازار سے مراد ہے کہ پیداواری ادارے ریاستی کنٹرول سے آزاد رکھے جائیں گے۔

32.2۔ جب بازاروں پر ریاست/حکومت کا کنٹرول کم سے کم ہو۔

32.3۔ بازاروں کو زیادہ منافع حاصل کرنے کے لئے ایک دوسرے کے ساتھ مقابلہ کرنے کی چھوٹ ہونی چاہیے یہ آزاد بازار کا سادہ کردار ہے۔

32.4۔ اگر بازاروں کو ریاست کی دخل اندازی سے آزاد کر دیا جائے تو بازاری سرگرمیوں کا حاصل ملا کر سماج میں منافع اور فرائض کے انصاف پر مبنی تقسیم کو یقینی بنا دے گا۔

33۔ قدیم زمانے میں سماج میں انصاف دھرم (فرض) سے جڑا ہوا تھا۔

34۔ (i) صحیح (ii) غلط (iii) صحیح (iv) غلط (v) صحیح

35۔ قدیم زمانے میں انصاف دھرم کے ساتھ جڑا ہوا تھا اور انصاف پر مبنی سماجی نظام قائم کرنا راجہ کی ذمہ داری تھا۔

36۔ عام الفاظ میں انصاف کا مطلب ہے کہ ہر شخص کو اس کا جائز حصہ دیا جائے۔

37۔ معاوضہ یا فرائض کی تقسیم کرتے وقت لوگوں کی مخصوص ضروریات کا خیال رکھنے والا نظریہ انصاف کو بڑھاوا دینے والا مانا جا سکتا ہے۔

38۔ یکساں لوگوں کے ساتھ یکساں برتاؤ سے مراد ہے کہ لوگوں کے یکساں طبقات، ذات، نسل یا جنس کی بنیاد پر فرق نہ کیا جائے۔

39۔ کم سے کم ضروریات کا نظریہ پانچویں پنج سالہ منصوبے (79-1974) میں پیش کیا گیا تھا۔

40۔ منڈل کمیشن کی مخالفت کی تحریک 1990

41۔ ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر

42۔ کسی شخص کے زندگی میں بنیادی ضرورتوں سے مراد ہے خوراک، مکان، صاف پینے کا پانی مہیا کرانا۔ تعلیم صحت اور کم سے کم وسائل کی دستیابی۔

43۔ ہندوستان میں بنیادی ضروریات تک پہنچ نہ ہونے کی وجہ سے درج فہرست ذاتیں، قبائل اور دیگر پسماندہ طبقات کے لیے ریزرویشن کا انتظام کیا گیا ہے۔

## دو نمبر والے سوالات جوابات

1۔ شخصی حقوق، سماجی حقوق

2۔ ہم خود کو ایسے حالات میں ہونے کا تصوّر کریں جہاں ہمیں یہ فیصلہ لینا ہے کہ سماج کو کیسے منظّم کیا جائے اور ساتھ ہی ہمیں یہ بھی احساس نہ ہو کہ سماج میں ہمارا کیا مقام ہوگا تبھی ہم ایسا فیصلہ کر سکتے ہیں جو سبھی کے لیے مفید ہوگا۔

3۔ دونوں میں گہرا تعلق ہے۔ سماجی انصاف کے ذریعے مساوات اور مساوات کے ذریعے سماجی انصاف کا قیام عمل میں آتا ہے۔

4۔ سماجی انصاف کا تعلق اشیا اور خدمات کی منصفانہ تقسیم سے ہے۔ یہ تقسیم سماج کے مختلف گروہوں اور افراد کے درمیان ہوتی ہے۔ جس سے انھیں زندگی بسر کرنے کے لیے یکساں مواقع فراہم ہوسکیں۔

5۔ منصفانہ سماج کو لوگوں کے لیے کم سے کم بنیادی سہولیات پہنچانی چاہئیں۔ تا کہ صحت مند اور محفوظ زندگی کے ساتھ یکساں مواقع کے ذریعے اپنی مہارت کا ارتقاء کر سکیں۔

6۔ غذا، صاف پانی، رہائش، آمدنی اور تعلیم

7۔ آزاد مارکیٹ (Free Market) کے حامی کھلی مقابلہ آرائی کی حمایت کرتے ہیں۔ انسان کو جائیداد حاصل کرنے کے لیے قیمت اور مزدوری کے معاملے میں شخصی آزادی کی حمایت کرتے ہیں۔

## چار نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ انصاف میں دیری حقیقت میں اندھیر ہی ہے۔ اگر کوئی متاثرہ فرد طویل مدت تک انصاف کے لیے دردر کی ٹھوکریں کھاتا رہے تو اس کا انصاف (عدلیہ) سے یقین جاتا رہتا ہے۔ کبھی کبھی متاثر لوگ دنیا ہی سے کوچ کر جاتے ہیں۔

2۔ طویل مدت سے چلی آ رہی ذات پات سے متعلق نااتفاقی کی وجہ سے صحیح سے انصاف نہیں ہو پاتا۔ اسی لیے سماجی تانے بانے کو دھیان میں رکھ کر ہی انصاف کرنا چاہیے۔

3۔ حمایت: بازار، افراد کی ذات، مذہب یا جنس کی پرواہ نہیں کرتے۔ بازار صرف فرد کی قابلیت اور اہلیت کی پرواہ کرتے ہیں۔

4۔ بدلتے دور اور حالات کی وجہ سے انسان کی ضرورتوں میں تبدیلی رونما ہوئی ہیں۔ گلوبلائزیشن (عالمگیریت) اور تکنیک کی وسعت نے انسانی زندگی میں بڑی تبدیلیاں پیدا کر دی ہیں۔ انھیں کی وجہ سے زندگی کے ہر ایک شعبے کی ضروریات میں اضافہ ہوا ہے یا تبدیلی آئی ہے۔

5۔ امانیول کانٹ کے مطابق ہر انسان عزّتِ نفس رکھتا ہے اگر ہم ہر انسان کو اس کا مقام اور مرتبہ عطا کرتے ہیں تو اس کے بدلے میں انھیں اپنی صلاحیتوں کو بڑھانے اور اپنے پسندیدہ مقاصد کو حاصل کرنے کا موقع ملے گا۔

## پانچ نمبر والے سوالات کے جوابات

(i)۔ ہر فرد کو اس کا جائز حصہ ملنا چاہیے اور اپنی قابلیت، اہلیت اور ترقی کے لیے یکساں مواقع حاصل ہوں۔

(ii)۔ جو افراد کچھ اہم معاملات میں مساوی نہیں ہیں ان کے ساتھ الگ الگ طریقوں سے برتاؤ کرنا چاہیے

(iii)۔ نہیں، یہ انصاف کے راستے میں رکاوٹ نہیں بلکہ انصاف کو قائم کرتا ہے۔ مخصوص ضرورتوں اور اپاہج لوگوں کو کچھ خاص معاملات میں غیر مساوی اور خاص امداد کے قابل سمجھا جاسکتا ہے۔ بنیادی سہولیات تک رسائی کی کمی ذات پر مبنی سماجی نااتفاقی سے جڑے ہونے کی وجہ سے ہندوستان نے آئین میں سرکاری نوکریوں اور تربیتی اداروں میں ریزرویشن کا نظم قائم کر رکھا ہے۔

## چھ نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ (i) لوگوں کے درمیان مساوی برتاؤ،ضرورت مندوں کے لیے زندگی بسر کرنے کے لیے کم سے کم ضرورتوں اور مواقع فراہم کرنا

(ii) فائدہ طے کرتے وقت کوششوں اور ماہرتوں کو منظوری دینا

(iii) خاص ضرورتوں کا خیال: جو لوگ کچھ اہم معاملات میں مساوی نہیں ہیں ان کے ساتھ دیگر بہتر طریقے سے برتاؤ کرکے ان کا خیال رکھنا چاہیے

2۔ ''جان رالس'' نے انصاف حاصل کرنے کے لیے''لاعلمی کے پردے'' کا اصول دیا ہے۔اگر لاعلمی میں رہ کر یہ فیصلہ لیا جائے کہ سماج میں انصاف کیسا ہونا چاہئے۔کس طبقہ کے لیے کیا سہولیات ہونی چاہئیں۔تو فرد سب سے کمزور یا پسماندہ طبقے کے لیے بھی سب سے بہتر پالیسی کا انتخاب کرے گا کیوں کہ اسے یہ علم نہیں ہوگا کہ اس سماج میں اس کا مقام کہاں ہوگا۔

3۔ آزاد بازار کے حامی ریاست کی مداخلت کے مخالف اور کھلی مقابلہ آرائی کے حامی ہیں۔ان کے مطابق اس سے قابلیت اور ہنرمندی کے ماہر لوگوں کو اچھا پھل ملے گا جب کہ نا قابل لوگوں کو کم حاصل ہوگا۔

4۔ انصاف کے مختلف پہلو

(i) قانونی انصاف

(ii) سیاسی انصاف

(iii) سماجی انصاف

(iv) معاشی انصاف


# باب نمبر 13 حقوق (ذہنی نقشہ Mind Map)

**حقوق:** کسی شخص کے ذریعے کی گئی مانگ جسے عوامی بھلائی کو دھیان میں رکھتے ہوئے سماج قبول کرتا ہے ریاست اسے منظوری دیتی ہے۔

**حقوق کی ابتداء/اصل (Origin):-**


**1۔ قدیم دور میں:** قدرتی حقوق کا نظریہ (قدرت کے ذریعے دیے گئے/ پیدائش کی بنیاد پر حاصل ہونے والے حقوق) زندہ رہنے کا حق آزادی کا حق اور جائیداد کا حق (17 ویں اور 18 ویں صدی)

**2۔ جدید دور میں:** قدرتی حقوق نا قابل قبول۔ انسانی حقوق سماجی فلاح کے نکتۂ نظر سے زیادہ اہم۔




**قانونی حقوق:** (i) بنیادی حقوق (ii) سیاسی حقوق (iii) شہری حقوق
(iv) اقتصادی (معاشی) حقوق۔

**حقوق اور ریاست:**
(i) حقوق کا سر چشمہ ریاست
(ii) حقوق کی حفاظت ریاست کے ذمّہ داری
(iii) کسی حق کا کوئی وجود نہیں جب تک ریاست اسے منظوری نہ دے
(iv) ریاست حقوق کو طاقتور بھی بناتی ہے اور اس کے ناجائز استعمال کو بھی ہوتی ہے۔



# मानव अधिकार



دنیا کے تمام ممالک نے شہریوں کو مکمل حقوق دلوانے کے لیے 10 ستمبر 1948ء کو اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں انسانی حقوق کے عالمی اعلانیہ کو قبول کر کے اسے لاگو کیا تھا۔

# باب – 13

# حقوق

## یاد رکھنے لائق نکات:

- حقوق کے معنی: حقوق کسی انسان کے ذریعے کی گئی مانگ ہیں جیسے عوامی بھلائی کو دھیان میں رکھتے ہوئے سماج تسلیم کرتا ہے اور ریاست منظوری دیتی ہے تو وہ مانگ حقوق بن جاتی ہیں۔

سماج میں منظوری ملے بغیر مانگیں، حقوق کی شکل نہیں لے سکتیں

**انسان حقوق کا عالمی اعلان نامہ**

- دنیا کے تمام ملکوں کے شہریوں کو ابھی مکمل حقوق حاصل نہیں ہیں۔ اسی جانب 10/ دسمبر 1948 کو اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے انسان حقوق کا اعلان کو تسلیم کر کے لاگو کیا گیا ہے۔

یوم حقوق انسانی......10/ دسمبر

- **حقوق .......... کیوں لازمی ہیں ؟**
  - انسان کی آزادی اور عظمت کی حفاظت کے لیے
  - جمہوری حکومتوں کو مناسب ڈھنگ سے چلانے کے لیے
  - انسان کی صلاحیت اور حوصلے کو فروغ دینے کے لیے
  - انسان کی مکمل ترقی کے لیے

حقوق کے بغیر انسان .......... بند پنجرے میں پرندے کی مانند ہے

**حقوق کی شروعات:**

- قدرتی حقوق کا اصول: زندگی، آزادی اور جائداد–قدرتی حقوق (17 ویں اور 18 ویں صدی)
- جدید دور میں: قدرتی حقوق غیر تسلیم کیے گئے ہیں،

انسانی حقوق سماجی بھلائی کے نقطۂ نگاہ سے اہم


- حقوق کی اقسام

■ قدرتی حقوق: پیدائش کے وقت ملا حق — زندگی، آزادی اور جائداد

■ اخلاقی حقوق: انسان کے اخلاقی جذبات سے جڑے حقوق — والدین کی خدمت کرنا، اچھا برتاؤ، اچھا کردار، احترام کا جذبہ

■ قانونی حقوق: جنھیں ریاستوں نے قانونی منظوری دی ہے۔

## 3.1 بنیادی حقوق




## 3.2 سیاسی حقوق: جیسے

■ ووٹ دینے کا حق

■ منتخب ہونے (الیکشن لڑنے) کا حق

■ سرکاری عہدہ حاصل کرنے کا حق

## 3.3 شہری حقوق: جیسے

■ ملک میں کہیں آنے جانے کی آزادی

■ خیالات کا اظہار کرنے کی آزادی


- **معاشی حقوق**: جیسے
    - روزگار کا حق
    - جائیداد خریدنے کا حق

- حقوق کی دعوے داری


سبھی کے حقوق — تعلیم کا حق — اظہارِ خیال کی آزادی


**کچھ سرگرمیاں جنھیں حقوق نہیں ماناجاسکتا :**

— سماج کی صحت اور بھلائی (فلاح) کے لیے نقصاندہ ہیں۔




**نشیلی یا پابندی عائد دواؤں کا استعمال**






- اگر ریاست حقوق کی حفاظت کرتی ہے تو اسے یہ حق بھی حاصل ہے کہ وہ حقوق کے غلط استعمال کو روکے اس لیئے آئین کے آرٹیکل (2) 19 میں بنیادی فرائض کا بھی ذکر کیا گیا ہے۔
- حقوق اور فرائض سکّے کے دو پہلوؤں ہیں۔ ایک پہلو حق ہے تو دوسرا فرض سماجی میں جو ہمیں حقوق ملتے ہیں۔ ان کے بدلے میں ہمیں کچھ قرض ادا کرنا پڑتا ہے یہ قرض ہی ہمارے فرائض ہیں

## فرائض کی اقسام

### اخلاقی فرائض

- اپنے آس پڑوس کو صاف ستھرا رکھنے کا فرض
- بچوں کو مناسب تعلیم
- والدین و بزرگوں کی خدمت کرنا
- سماجی اصولوں پر عمل کرنا
- خاندان کی ضرورتوں کو پورا کرنا

### قانونی فرائض

- آئین کا احترام کرنا
- قومی جھنڈے اور قومی گیت کا احترام
- قانونی نظم و نسق بنائے رکھنا
- باقاعدہ طور سے ٹیکس ادا کرنا
- قومی جائیداد کی حفاظت

- ملک کی یکجہتی اور سالمیت کو برقرار رکھنا
- ملک کی حفاظت کرنا
- قدرتی وسائل کا سمجھداری سے استعمال
- اوزون پرت کی حفاظت کرنا

## کچھ نئے انسانی حقوق

ملک میں نئے خطرات اور چنوتیوں کے ابھرنے کے لیے نئے انسانی حقوق کی فہرست

- تازہ ہوا، محفوظ پینے کا پانی اور پائیدار ترقی کا حق
- اطلاع کے حق
- خواتین کی حفاظت کا حق
- سماج کے کمزور لوگوں کے لیے بیت الخلاء کا بندوبست
- بچّوں کی غذا، حفاظت اور تعلیم کا حق
- پرسکون زندگی بسر کرنے کے لیے لازمی حالات

## انسانی حقوق کی قیمت......انسان کی محتاط بیداری

- کسی بھی شخص کو من مانے طریقے سے گرفتار نہیں کیا جا سکتا۔ گرفتاری کے لیے مناسب معقول وجہ ضروری ہے۔
- ملزم سے جرم قبول کروانے کے لیے جبراً سزا دینا یا زیادتی کرنا مناسب نہیں۔
- شہریوں کے لیے یہ ضروری ہے کہ وہ ہوشیار رہیں۔ اپنی آنکھیں کھلی رکھیں۔ اپنے حقوق اور آزادی کی حفاظت کے لیے ہمیشہ بیدار رہیں۔

# MCQ

1۔ حق دراصل ایک ایسا.......................جس کا جواز ثابت ہے۔

(a) دعویٰ (b) مانگ

(c) فرض (d) حق

2۔ 17ویں اور 18ویں صدی میں سیاسی مفکّرین یہ دلیل دیتے تھے کہ حقوق ہمارے لئے................. عطا کردہ ہیں۔

(a) قدرت کے ذریعے (b) خدا کے ذریعے

(c) قدرت اور خدا دونوں کے ذریعے۔ (d) مندرجہ بالا کوئی نہیں

3۔ حالیہ سالوں میں قدرتی حقوق لفظ سے زیادہ.......................حقوق لفظ/اصطلاح کا استعمال ہوتا ہے۔

(a) سیاسی (b) سماجی

(c) معاشی (d) انسانی

4۔ زیادہ تر جمہوریتیں.....................حقوق کے اعلانیہ بنانے سے اپنی ابتدا کرتی ہیں۔

(a) سماجی (b) سیاسی

(c) معاشی۔ (d) ثقافتی

5۔ 10دسمبر................. کو اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے انسانی حقوق کے عالمگیر اعلانیہ کو قبول کیا اور لاگو کیا۔

(a) 1945 (b) 1947

(c) 1948 (d) 1960

6۔ جدید دور میں قدرتی حقوق....................... ہیں

(a) قابل قبول (b) نا قابل قبول

(c) قانونی (d) مندرجہ والا کوئی نہیں

7۔ انسانی حقوق سماجی اخلاقی نکتۂ نظر سے............................ ہیں

(a) اہم (b) غیر اہم

(c) عام (d) مخصوص/خاص

8۔ پیدائش سے حاصل حقوق کہلاتے ہیں؟

(a) قانونی (b) اخلاقی

(c) سیاسی (d) قدرتی

9۔ منتخب ہونے کا حق کس زمرے میں آتا ہے؟

(a) قدرتی حق (b) سماجی حق

(c) سیاسی حق (d) ثقافتی حق

10۔ ''کام'' کا حق ہے۔

(a) سماجی (b) اقتصادی

(c) سیاسی (d) اخلاقی

11۔ ہمیں خود کو محسوس کرنے اور اپنے بنیادی ہونے کا حق کس حق سے ملتا ہے۔

(a) مساوات کے حق سے (b) مذہبی آزادی کے حق سے

(c) اظہار خیال کے حق سے (d) استحصال کے خلاف حق سے

12۔ ہماری منطقی قوت کو فروغ دینے میں مدد کرنے والا حق ہے۔

(a) مساوات کا حق (b) تعلیم کا حق

(c) اظہارِ خیال کا حق (d) مذہبی آزادی کا حق

13۔ 17ویں اور 18ویں صدی میں سیاسی مفکّرین نے انسانوں کے کون سے حقوق کی نشاندہی کی تھی۔

(a) زندہ رہنے کے حق (b) آزادی کا حق

(c) جائیداد کا حق (d) مندرجہ بالا سبھی

14۔ سبھی لوگ بنی نوع انسان ہونے کے ناطے کچھ چیزوں کو پانے کے حق دار ہیں؟ یہ خاص نظریہ ہے۔

(a) انسان حقوق کا (b) اخلاقی حقوق کا

(c) سماجی حقوق کا (d) سیاسی حقوق

15۔ غلامی کے رواج کے خاتمے میں سب سے زیادہ اہم کردار کس طرح رہا ہے؟

(a) قدرتی حقوق کا (b) سماجی حقوق کا

(c) انسانی حقوق کا (d) سیاسی حقوق کا

16۔ خالص ماحول حاصل کرنے کا حق حقوق کے کس زمرے میں آتا ہے؟

(a) سماجی حقوق (b) اقتصادی حقوق

(c) ثقافتی حقوق (d) انسانی حقوق

17۔ کسی بھی جمہوری نظام کی بنیاد کی تعمیر ہوتی ہے

(A) شہری آزادی اور سیاسی حقوق کے ذریعے

(B) شہری آزادی اور اقتصادی حقوق کے ذریعے

(C) شہری آزادی اور سماجی حقوق کے ذریعے

(D) شہری آزادی اور سیاسی ثقافتی حقوق کے ذریعے

18۔ اپنی مادری زبان میں تعلیم حاصل کرنے کا حق، حقوق کے کس زمرے میں آتا ہے؟

(a) آزادی کا حق (b) مساوات کا حق

(c) استحصال کا حق (d) ثقافتی اور تعلیمی حقوق

19۔ جمہوری سماج کی بنیاد کی تعمیر کون کرتا ہے؟

(a) فرائض (b) حقوق

(c) دعوے (d) مندرجہ بالا کوئی نہیں

20۔ مشہور اور نامی عہدیدار کے بیچ کی بات چیت پر مبنی اسٹنگ آپریشن کو ٹیلی ویژن پر دکھانا کس حق کی خلاف ورزی ہے؟

(a) ذاتی حق (b) آزادی کے حق

(c) مساوات کا حق (d) اظہار خیال کی آزادی کا حق

21۔ قول: 18ویں صدی میں جرمنی میں عظیم مفکّر ایمائیل کانٹ تھے

وجہ: عظیم مفکّر ایمائیل کانٹ کے مطابق ہمیں دوسروں کے ساتھ ویسا ہی برتاؤ کرنا چاہیے جیسا ہم اپنے لئے دوسروں سے امید کرتے ہیں۔

(A) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں اور وجہ قول کی صحیح وضاحت ہے۔

(B) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں اور وجہ قول کی صحیح وضاحت نہیں ہے۔

(C) قول غلط ہے اور وجہ صحیح ہے۔

(D) قول صحیح ہے اور وجہ غلط ہے۔

22۔ قول: پوری دنیا میں استحصال کے شکار افراد عالمی حقوق کے اعلانیہ کا فائدہ اٹھا رہے ہیں۔

وجہ: عالمی برادری مشترکہ طور پر وقار اور عزّتِ نفس کے ساتھ زندگی گزارنا چاہتی ہے۔

(A) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں اور وجہ قول کی صحیح وضاحت ہے۔

(B) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں اور وجہ قول کی صحیح وضاحت نہیں ہے۔

(C) قول غلط ہے اور وجہ صحیح ہے۔

(D) قول صحیح ہے اور وجہ غلط ہے۔

23۔ قول: 1948 میں اقوام متحدہ کے جنرل اسمبلی نے انسانی حقوق کے عالمی اعلانیہ کو قبول کیا اور تمام عالم سے اس پر عمل کرنے کی اپیل کی۔

وجہ: انسانی حقوق کے دعووں کی اخلاقی اپیل کی کامیابی دنیا کے ممالک کی حکومتوں اور قوانین پر منحصر ہے۔

(A) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں اور وجہ قول کی صحیح وضاحت ہے۔

(B) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں اور وجہ قول کی صحیح وضاحت نہیں ہے۔

(C) قول غلط ہے اور وجہ صحیح ہے۔

(D) قول صحیح ہے اور وجہ غلط ہے۔

24۔ قول: حقوق صرف یہ نہیں بتاتے کہ ریاست کو کیا کرنا ہے وہ یہ بھی بتاتے ہیں کہ ریاست کو کیا نہیں کرنا ہے۔

وجہ: ریاست کسی شخص کو سلاخوں کے پیچھے کرنا چاہتی ہے تو اسے عدالت میں اس کی وجوہات بتانے پڑے گی۔

(A) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں اور وجہ قول کی صحیح وضاحت ہے۔

(B) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں اور وجہ، قول کی صحیح وضاحت نہیں ہے۔

(C) قول غلط ہے لیکن وجہ صحیح ہے۔

(D) قول صحیح ہے لیکن وجہ غلط ہے۔

25۔ قول: حقوق کا مقصد لوگوں کی فلاح کی حفاظت کرنا ہوتا ہے۔

وجہ: جمہوری حکومت عوام کے تئیں جواب دہ ہوتی ہے۔

(A) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں اور وجہ، قول کی صحیح وضاحت ہے۔

(B) قول اور وجہ دونوں غلط ہیں اور وجہ قول کی صحیح وضاحت نہیں ہے۔

(C) قول غلط ہے مگر وجہ صحیح ہے۔

(D) قول صحیح ہے لیکن وجہ غلط ہے۔

26۔ حقوق کسے کہتے ہیں؟

27۔ حقوق کن باتوں کو ظاہر کرتے ہیں؟

28۔ 17ویں اور 18ویں صدی میں سیاسی مفکّرین نے حقوق کی ابتداء کہاں سے بتائی ہے؟

29۔ حالیہ سالوں میں قدرتی حقوق کے مقام پر کس حق کا استعمال ہو رہا ہے؟

30۔ انسانی حقوق کے پیچھے خاص نظریہ کارفرما ہے؟

31۔ انسانی حقوق کا عالمی اعلانیہ کس نے بنایا تھا؟

32۔ عالمی انسانی حقوق کا دن کب منایا جاتا ہے؟

33۔ انسان کی زندگی میں حقوق کی کیا اہمیت ہے؟

34۔ ہندوستان کے آئین میں ذکر کردہ حقوق کی کیا اہمیت ہے؟

35۔ تعلیم کے حق کو کسی فرد کا عالمگیر حق کیوں کہا جاتا ہے؟

36۔ فرائض سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

37۔ بنیادی حقوق اور قدرتی حقوق میں کوئی ایک فرق بیان کریں؟

38۔ فرائض کتنے قسم کے ہوتے ہیں؟ نام لکھیے

39۔ کنہیں دو اخلاقی فرائض کے نام لکھیے۔

40۔ ''ہمیں دوسروں کے ساتھ ویسا ہی برتاؤ کرنا چاہیے جیسا ہم اپنے لیے دوسروں سے امید کرتے ہیں''۔ یہ قول کس مفکّر کا ہے؟

41۔ قدرتی حقوق سے کیا مراد ہے؟

42۔ قدرتی حقوق کی وکالت مندرجہ ذیل میں سے کس نے کی تھی؟

(a) کارل مارکس (b) لاک

(c) ارسطو (d) میکاولی

43۔ زندگی کا حق.................. ہے۔

44۔ ''حقوق وہ سماجی نظام کا نام ہے جن کے بغیر کوئی شخص مکمل طور پر نشو ونما نہیں کرسکتا'' یہ قول کس کا ہے؟

45۔ ووٹ دینے کا حق ایک.................. ہے۔

46۔ ..................سماجی زندگی کی وہ لازمی سہولیات ہے جو کسی شخص کی مکمل نشو ونما کے لیے ضروری/ لازمی ہیں۔

47۔ کام کا حق..................حق ہے۔

48۔ ہندوستان میں سیاسی حقوق........................سال کی عمر یا اس سے زیادہ عمر کے شہریوں کو حاصل ہوتے ہیں۔

49۔ کسان زرعی قوانین کے معاملے میں حکومت پر تنقید........................حق کے تحت کر رہے ہیں۔

50۔ ........................دسمبر........................کو اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے انسانی حقوق کے عالمی اعلانیہ کو قبول کیا تھا۔

51۔ مندرجہ ذیل اقتباس کو دھیان سے پڑھیں اور مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب دیں۔

''آج اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی، انسانی حقوق کے عالمی اعلانیہ کو سبھی تہذیبوں اور ممالک کے لئے ماحصل کے تمام پیمانے کے طور پر اپنانے کا اعلان کرتی ہے۔ ہر شخص اور سماج کا ہر ادارہ/عضو اس اعلانیہ کا دھیان رکھتے ہوئے ان حقوق اور آزادی کا مطالعہ اور تعلیم کے نظام کے ذریعے بڑھاوا دے گی۔ اور قومی و بین الاقوامی ذرائعوں کے ذریعے تمام عالم میں انہیں قبول کرائے گی عوام کے بیچ قائم کرے گی۔''

51.1۔ اقوام متحدہ کا قیام کب عمل میں آیا تھا؟

51.2۔ انسانی حقوق کے عالمی اعلانیہ کو اقوام متحدہ کے کس عضو نے قبول کیا تھا؟

51.3۔ اقوام متحدہ نہیں انسانی حقوق کو بڑھاوا دینے کے لئے صحیح ذریعہ سمجھا تھا؟

51.4۔ اقوام متحدہ نے انسانی حقوق کو کس کے بیچ قائم کرنے کی اپیل کی تھی؟

(a) ممبر ممالک عوام کے بیچ (b) غیر ممبر ممالک کے بیچ

(c) تعلیم کے ذریعے (d) مندرجہ بالا کوئی نہیں

52۔ مندرجہ ذیل اقوال کے آگے صحیح یا غلط لکھیے۔

(A) تعلیم حاصل کرنے کا حق ایک سماجی حق ہے۔

(B) کام حاصل کرنے کا حق ایک ثقافتی حق ہے۔

(C) تقریر کا حق ایک اقتصادی حق ہے۔

(D) انتخاب لڑنے کا حق ایک سیاسی حق ہے۔

(E) عزت کے ساتھ رہنے کے لئے کسی فرد کو کام کا حق حاصل ہونا ضروری ہے۔

## دو نمبر والے سوالات

1۔ سیاسی حقوق میں کون کون سے حقوق شامل ہیں؟

2۔ حقوق کی حفاظت کے کوئی دو طریقے بتائیے۔

3۔ ایک شہری کے ریاست کے تئیں کوئی دو فرض لکھیے

4۔ ایک شہری کو کون کون سے معاشی حقوق حاصل ہیں؟

5۔ مندرجہ ذیل کے صحیح جوڑے بنایئے

| | | | |
|---|---|---|---|
| (i) | معاشی حقوق | (a) | حق رائے دہی |
| (ii) | شہری حقوق یا سماجی حقوق | (b) | آزادی کا حق |
| (iii) | سیاسی حقوق | (c) | کم سے کم اجرت |
| (iv) | ثقافتی حقوق | (d) | مادری زبان میں تعلیم حاصل کرنے کا حق |

## چار نمبر والے سوالات

1۔ ''فرائض اور حقوق ایک ہی سکّے کے دو پہلو ہیں''۔ کیا آپ اس بات سے متفق ہیں؟ سمجھایئے۔

2۔ شہری کے کوئی چار سیاسی حقوق کا تذکرہ کیجیے۔

3۔ حقوق ریاست کے اقتدار پر چند حدود لگاتے ہیں۔ دلائل کے ساتھ سمجھایئے۔

## پانچ نمبر والے سوالات

1۔ مندرجہ ذیل تصویر کے ساتھ دی گئی بات چیت کا بغور مطالعہ کیجیے اور متعلقہ سوالات کے جواب دیجیے۔




1.1۔ مندرجہ بالا تصویر کس حق کا دعویٰ کر رہی ہے؟ 1

1.2۔ سماج میں کسی بھی کام میں دیری کی وجہ سے پریشان شخص کیا محسوس کرتا ہے؟ اسے راحت کون دیتا ہے؟ 2

1.3۔ حقِ اطلاعات سے کیا مراد ہے؟ 2

## چھ نمبر والے سوالات

1۔ فرائض کسے کہتے ہیں؟ ایک اچھے شہری کے فرائض کی وضاحت کیجیے۔

2۔ حقوق کتنے قسم کے ہوتے ہیں؟ مثال دے کر سمجھائیے۔

3۔ حقوق اور فرائض میں کیا تعلق ہے؟

4۔ حقوق اور دعوے میں فرق واضح کیجیے۔

# MCQ

## ایک نمبر والے سوالوں کے جوابات

1۔ (A) دعویٰ

2۔ (C) قدرت اور خدا کے ذریعے

3۔ (D) انسان

4۔ (B) سیاسی

5۔ (C) 1948

6۔ (B) ناقابل قبول

7۔ (A) اہم

8۔ (D) قدرتی

9۔ (C) سیاسی حق

10۔ (B) اقتصادی

11۔ (C) اظہار خیال کا حق

12۔ (B) تعلیم کا حق

13۔ (D) مندرجہ بالا سبھی

14۔ (A) انسانی حقوق کی

15۔ (C) انسانی حقوق کی

16۔ (D) انسانی حقوق کی

17۔ (A) شہری آزادی اور سیاسی حقوق کے ذریعے

18۔ (D) ثقافتی اور تعلیمی حقوق

19۔ (B) حقوق

20۔ (A) ذاتی حق کا

21۔ (A) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں اور وجہ،قول کی صحیح وضاحت ہے۔

22۔ (B) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں اور وجہ،قول کی صحیح وضاحت نہیں ہے۔

23۔ (B) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں اور وجہ قول کی صحیح وضاحت ہے۔

24۔ (A) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں اور وجہ قول کی صحیح وضاحت ہے۔

25۔ (B) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں اور وجہ قول کی صحیح وضاحت نہیں ہے۔

26۔ حقوق کسی شخص کے ذریعے کی گئی مانگ یا دعوے ہیں جو سبھی کی فلاح کو دھیان میں رکھتے ہوئے سماج قبول کرتا ہے اور ریاست اسے منظوری دیتا ہے تو یہ مانگ حق بن جاتی ہے۔

27۔ حق ان باتوں کا اظہار ہے کہ زندہ رہنے اور عزّتِ ووقار کے ساتھ زندگی بسر کرنے کے لئے اہم اور لازمی ہیں۔

28۔ 17ویں اور 18ویں صدی میں سیاسی اصول کے ماہرین یہ جواز پیش کرتے تھے کہ حقوق قدرت کے ذریعہ عطا کردہ ہوتے ہیں۔

29۔ حالیہ سالوں میں قدرتی حقوق کی جگہ انسانی حقوق لفظ کا استعمال کیا جاتا ہے۔

30۔ انسانی حقوق کے پس پردہ یہ اصول کارفرما ہے کہ سبھی لوگ،انسان ہونے کے ناطے کچھ چیزوں کو حاصل کرنے کا حق رکھتے ہیں۔ایک انسان کے طور پر ہر شخص خاص اور یکساں اہمیت کا حامل ہے۔

31۔ انسانی حقوق کا عالمی اعلانیہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے پاس کیا تھا۔

32۔ ہر سال 10 دسمبر کو۔

33۔ انسان کی مکمل نشو ونما کے لیے بہت اہم ہیں۔

34۔ ہندوستان کے آئین میں ذکر کردہ حقوق بنیادی حقوق کہلاتے ہیں۔

35۔ کیونکہ تعلیم انسان کی زندگی کے ہر پہلو کی نشو ونما میں مددگار ہوتی ہے اس لیے اس حق کو عالمگیر حق کہا گیا ہے۔

36۔ حقوق حاصل کرنے کے عوض نبھائی جانے والی ذمّہ داری فرض کہلاتی ہے۔

37۔ بنیادی حقوق آئین کے ذریعے دیے جاتے ہیں جبکہ قدرتی وقتِ پیدائش سے حاصل ہوتے ہیں۔

38۔ فرائض خاص طور پر دو طرح کے ہوتے ہیں۔

(a) اخلاقی فرائض (b) قانونی فرائض

39۔ اخلاقی فرائض

(i) سماجی اصولوں پر عمل کرنا

(ii) بزرگوں کی دیکھ بھال کرنا

40۔ کانٹ کا

41۔ وہ حقوق جو کسی شخص کو قدرت نے عطا کیے ہیں۔

42۔ (B) لاک

43۔ سماجی حق

44۔ لاسکی کا

45۔ سیاسی

46۔ حق

47۔ اقتصادی حق

48۔ 18

49۔ سیاسی حق

50۔ 10 دسمبر 1948

51.1۔ 24 اکتوبر 1945

51.2۔ جنرل اسمبلی

51.3۔ تعلیم کے ذریعے

51.4۔ (A) ممبر ممالک کی عوام کے بیچ

52۔ (A) صحیح

(B) غلط

(C) غلط

(D) صحیح

(E) صحیح

## دو نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ (i) ووٹ دینے کا حق (ii) الیکشن لڑنے کا حق

2۔ ریاست کے ذریعے

آزاد عدلیہ کے ذریعے

3۔ (i) آئین کا احترام

(ii) قانون و نظم و نسق بنانے رکھنے میں مدد

4۔ (i) پیشہ اختیار کرنے، روزگار کا حق

(ii) جائیداد خریدنے کا حق

5۔ معاشی حقوق: کم سے کم اجرت

سماجی حقوق: آزادی کا حق

سیاسی حقوق: ووٹ دینے کا حق

ثقافتی حقوق: اپنی مادری زبان میں تعلیم کا حق

## چار نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ حقوق اور فرائض میں قریبی تعلق ہے۔ حقوق انسان کی شخصیت کو مکمل نہیں کر سکتے جب تک انسان سماج کے تئیں اپنے فرائض کو ادا نہیں کرتا۔ فرائض ایک ذمہ داری ہے جو دوسروں کو اپنے حقوق استعمال کرنے کی آزادی فراہم کراتا ہے۔

2۔ حق رائے دہی (ووٹ دینے کا حق)، انتخاب لڑنے کا حق، سیاسی جماعت تشکیل دینے کا حق، سرکاری نوکری حاصل کرنے کا حق

3۔ ■ ریاست حقوق پر قابض نہیں ہو سکتی

■ عوام کے مفاد کا دھیان ریاست کے ذریعہ — کیوں کہ عوام ہی جمہوری ممالک میں حکومت کا انتخاب کرتی ہیں۔

■ حقوق ہی ریاست کو کچھ خاص طریقوں سے کام کرنے کی ذمہ داری دیتے ہیں۔ حقوق یہ طے کرتے ہیں کہ ریاست انسان کی زندگی اور آزادی کی جدوجہد کی خلاف ورزی کیے بغیر کام کرے۔

## پانچ نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ (i) اطلاع کا حق

(ii) غیر محفوظ اور لاچار۔ حقوق راحت دیتے ہیں۔

(iii) کسی بھی موضوع پر جانکاری یا اعداد و شمار حاصل کرنا یا اس کی اطلاع حاصل کرنا

## چھ نمبر والے سوالات کے جوابات

(صرف اشارات طلبا تفصیل سے بیان کریں)

1۔ فرائض ایک طرح کی ذمہ داری ہے۔ ہم ایک دوسرے کے تئیں فرائض کو ادا کرتے ہیں۔ جس سے سماج کی ترقی ہوتی ہے۔

فرائض:
- جسم اور دماغ کو صحت مند رکھنا
- تعلیم
- والدین کی خدمت
- حب الوطنی
- ملک کی حفاظت
- قومی پرچم اور قومی ترانے کا احترام

2۔ قدرتی — زندگی، آزادی

اخلاقی — والدین کی خدمت، بچوں کی تعلیم

قانونی — بنیادی، سماجی، معاشی، سیاسی

3۔ گہرے طور پر جڑے ہیں۔ ایک ہی سکّے کے دو پہلو، فرائض کے بغیر حقوق لاگو نہیں ہو سکتے۔ اپنا حق ہی پہلا فرض

4۔ (i) سبھی دعوے حق نہیں ہوتے لیکن سبھی حقوق دعوے ہوتے ہیں۔


(ii) سبھی حقوق دعوے ہیں جو ریاست کے ذریعے منظور شدہ ہوتے ہیں۔ سبھی دعووں کو ریاست کے ذریعے منظوری نہیں ملتی

(iii) دعوے: ریاست کے آئین کے ذریعے گارنٹی نہیں


(iv) بنیادی حقوق ریاست کے آئین کے ذریعے

# باب نمبر 14۔ شہریت (ذہنی نقشہ Mind Map)

**شہریت:** شہریت سے مراد ایک سیاسی طبقہ کی مکمل اور مساوی رکنیت سے ہے۔ جس میں کوئی تفریق نہیں ہوتی۔




**مکمل اور یکساں رکنیت**






**شہریت حاصل کرنے کے طریقے:**

(i) رجسٹریشن (ii) قومیانہ

(iii) نسلی تسلسل (iv) کسی خطہ کو ملک میں شامل کرنا عالمگیر شہریت / عالمی شہریت



# باب-14
# شہریت

## یاد رکھنے لائق نکات

- شہریت سے مراد ہے کہ کسی سیاسی سماج کا مکمل اور برابر کا رکن ہونا۔جس سے کوئی اختلاف نہیں ہوتا۔عصر حاضر میں دنیا میں ریاستیں اپنے تمام باشندوں کو مجموعی سیاسی شناخت فراہم کرتی ہے اور ساتھ ہی انھیں کچھ حقوق بھی عطا کرتی ہیں۔اسی بنیاد پر ہم اپنے آپ کو ہندوستانی، جاپانی یا جرمن سمجھتے ہیں۔
- زیادہ تر جمہوری ممالک میں آج کل کچھ سیاسی حقوق جیسے ووٹ دینے کا حق، شہری حقوق جیسے آزادیٔ رائے یا عقیدے کی آزادی اور بعض سماجی و معاشی حقوق جن میں کم سے کم اجرت پر کام کرنے یا تعلیم حاصل کرنے کا حق بھی شامل ہے۔
- شہری آج جن حقوق کا استعمال کرتے ہیں یہ تمام حقوق ایک لمبی جدوجہد کے بعد ہی حاصل ہوئے ہیں جیسے 1789 میں فرانس کا انقلاب اور افریقہ کی نوآبادیاتیوں میں برابری کی شہریت کے حقوق کی مانگ کے لیے طویل جدوجہد
- شہریت میں شہریوں کے باہمی تعلقات بھی شامل ہیں۔اس میں شہریوں کے ایک دوسرے کے تئیں اور سماج کے تئیں مقرّرہ ذمّہ داریاں شامل ہیں۔
- شہریوں کو ملک کی ثقافت اور قدرتی وسائل کا وارث اور متولی بھی سمجھا جاتا ہے۔
- **مکمل اور مساوی رکنیت**

اس سے مراد ہے کہ شہریوں کو پورے ملک میں جہاں چاہے آباد ہونے، تعلیم حاصل کرنے، کام کرنے کے مساوی مواقع حاصل ہونا چاہئیں۔اس کا مطلب یہ ہے کہ:

- تمام شہریوں کو چاہے وہ امیر ہوں یا غریب، بعض بنیادی حقوق اور سہولتیں ملنی چاہئیں۔
- غیر مقیم: کام کی تلاش میں لوگ ملک کے ایک شہر سے دوسرے شہر کی جانب نقل مکانی کرتے ہیں۔تب وہ غیر مقیم کہلاتے ہیں۔
- غریب مہاجروں کو ہمیشہ اسی انداز میں خوش آمدید نہیں کہا جاتا جیسا کہ ہنرمند اور صاحب ثروت تارکین وطن کا کیا جاتا ہے۔

- احتجاج کرنے کا حق: آزادی رائے کا ایک ایسا پہلو ہے جس کی ضمانت ہمارے آئین میں دی گئی ہے۔ شرط یہ ہے کہ احتجاج سے دوسرے افراد کی زندگی یا ملکیت یا ریاست کونقصان نہ پہنچے۔

- احتجاج کے طریقے: شہریوں کو یہ آزادی حاصل ہے کہ وہ جماعتیں تشکیل کر کے، مظاہروں کے ذریعے، ذرائع ابلاغ کا استعمال کر کے، سیاسی جماعتوں سے درخواست کر کے یا عدالتوں کے فیصلے سے رائے عامہ اور حکومتوں کی پالیسی پر اثر انداز ہونے کی کوشش کر سکتے ہیں۔

- مساوی حقوق: زیادہ تر شہروں میں جھگیوں میں رہنے والوں اور بلا استحقاق زمین پر قبضہ کرنے والوں کی ایک بہت بڑی تعداد ہے۔ اگر یہ لوگ کچھ ضروری اور کار آمد کام انجام دیتے ہیں ان کے بغیر ایک دن بھی نہیں گزارا جا سکتا جیسے صفائی کرنے والے، پھیری والے، گھریلو نوکر، نل کی مرمت کرنے والے وغیرہ۔

- سرکار: غیر سرکاری ادارے بھی ان لوگوں کے تئیں بیدار ہو رہے ہیں۔ جنوری 2004 میں ایک قومی پالیسی وضع کی گئی جس سے لاکھوں فٹ پاتھی دوکانداروں کو آزادی سے کاروبار چلانے پر زور دیا گیا۔

- اسی طرح ایک اور طبقہ ہے جس کو نظر انداز کیا جاتا ہے۔ قبائلی اور جنگلات میں رہنے والے لوگ۔ ان لوگوں کو اپنا طرزِ زندگی برقرار رکھنے کے لیے جنگلوں اور دیگر قدرتی وسائل تک رسائی پر انحصار کرنا پڑتا ہے۔

- شہریوں کے لیے مساوی حقوق کا مطلب ہے کہ پالیسیاں بناتے وقت الگ الگ لوگوں کی الگ الگ ضروریات کا اور دعوؤں کا خیال رکھا جائے۔

- شہری اور قوم

کوئی بھی شہری اپنی قومی شناخت بعض علامتوں جیسے قومی ترانہ، قومی جھنڈا، قومی گیت یا بعض سرکاری رسومات وغیرہ سے ظاہر کر سکتا ہے۔ جمہوری ریاست عام طور پر قومی شناخت کی تعریف کی کوشش میں جتنا ہو سکے زیادہ سے زیادہ وسعت دینے کی کوشش کرتی ہے تا کہ تمام شہریوں کو اپنی قومی شناخت میں آسانی ہو۔ مثال کے طور پر فرانس جو کہ نہ صرف یورپی نژاد لوگ ہیں بلکہ وہ شہری بھی شامل ہیں جو دیگر خطوں جیسے شمالی افریقہ سے آ کر یہاں آباد ہوئے ہیں۔ انھیں وہ اپنے میں شامل کرتا ہے۔ اسے ریاستی شہریت کہتے ہیں۔

- نئے درخواست دہندگان کوشہریت عطا کرنے کا طریقہ ہر ملک میں الگ الگ ہے۔اسرائیل یا جرمنی جیسے ملکوں میں شہریت دیتے وقت مذہب یانسل جیسے عوامل کوترجیح دی جاتی ہے۔

- ہندوستانی آئین نے انتہائی مختلف النوع کے گونا گوں معاشرے میں وحدت اور مطابقت پیدا کرنے کی کوشش کی ہے۔ آئین نے ان گروہوں کو جو درج فہرست قبائل اور درج فہرست ذاتوں (ایس۔سی اور ایس۔ٹی) سے بھی مختلف ہیں مکمل اور مساویانہ شہریت کا حق عطا کرنے کی کوششیں کی ہیں۔انڈومان ونکوبار جزائر کے دورافتادہ گروہوں کو جن کا جدید تہذیب سے تھوڑا واسطہ ہے اور کئی دیگر گروہوں کو شہریت کا درجہ عطا کیا ہے۔

- آئین کے تیسرے حصّے میں شہریت کے متعلق دفعات درج کی گئی ہیں اور اس کے بعد پارلیمنٹ کے منظور کردہ قوانین ہیں۔

- **شہریت کے طریقے**
  - رجسٹریشن
  - کسی زمینی حلقہ کا ملک سے منسلک ہونا
  - خاندانی روایت
  - قومیانہ

- **بین الاقوامی شہریت**

ہم اکثر یہ فرض کر لیتے ہیں کہ ریاست کی مکمل شہریت ان سب کو ملنی چاہیے جو اس ملک میں عام حالات میں رہتے ہیں اور کام کرتے ہیں اور ان کو بھی جنھوں نے اس کے لیے درخواست گزاری کی ہے۔اگر چہ متعدد ریاستیں آفاقی اور سب کی شمولیت والی شہریت کے تصوّر کی حامی ہیں۔لیکن ہر ریاست نے شہریت عطا کرنے کا اپنا الگ الگ طریقہ کار وضع کر رکھا ہے۔اس سے متعلق دفعات عموماً آئین میں اور اس ملک کے قوانین میں درج ہوتی ہیں۔ریاستیں غیر پسندیدہ اور غیر مطلوب افراد (پردیسیوں) کو باہر کرنے کے لیے اپنے اختیارات کا استعمال کرتی ہیں۔

- **ھجرت کی وجوھات:**۔جنگ،ظلم استبداد،خشک سالی یا دیگر وجوہات

- **مھاجر کا مطلب:** ہجرت کی وجہ سے جو لوگ نہ تو گھر لوٹ سکتے ہیں اور نہ ہی کوئی ملک انھیں اپنانے کو تیار رہتا ہے اور وہ آبائی وطن واپس نہیں لوٹ سکتے۔اس صورت میں وہ غریب الوطن یا پناہ گزیں بن جاتے ہیں۔

- **عالمگیر شہریت:** آج ہم ایک ایسی دنیا میں رہتے ہیں جو ایک دوسرے سے باہم مربوط ہیں۔ مواصلات کے نئے وسائل مثلاً انٹرنیٹ، ٹیلی ویژن، موبائل فون وغیرہ نے دنیا کے بارے میں ہماری سمجھ کو بڑی تبدیلیوں سے دوچار کیا ہے۔ ایشیائی سونامی اور دوسری بڑی سماجی آفات کے موقع پر دنیا کے تمام حصّوں سے بڑے پیمانے پر امداد فراہم کرنا اور ان کے ساتھ اظہار ہمدردی کرنا ایک عالمگیر معاشرے (سوسائٹی) کے ظہور کی علامت ہے۔ اسی کو عالمگیر شہریت کہا جاتا ہے۔ یہ عالمی گاؤں نظام کی بنیاد بھی ہے۔

- **عالمگیر شہریت کافائدہ:** عالمگیر شہریت کے تصور کا ایک قابل رشک پہلو یہ ہے کہ مسائل کو حل کرنے کی زیادہ بہتر صلاحیت رکھتا ہے جس سے قومی سرحدوں سے بالاتر سبھی ریاتیں دوچار ہیں۔ چنانچہ اس پر عمل درآمد کے لیے ملک کی حکومتوں اور عوام کے درمیان باہمی اشتراک پیدا کرنے کی ضرورت ہے۔ بطور مثال اس کے ذریعہ مہاجرین اور شہریت سے محروم لوگوں کے مسئلہ کا ایک قابل قبول حل تلاش کرنے میں آسانی پیدا ہو جائے گی۔

# MCQ

## ایک نمبر والے سوالات

1۔ ایک سیاسی طبقہ کی اور مساوی رکنیت کیا کہلاتی ہے؟

(a) سیاسی رکنیت (b) شہریت

(c) شہری حقوق (d) سماجی رکنیت

2۔ شہریت کی راہ کی دشواریاں ہیں۔

(a) غربت (b) جہالت

(c) علاقائیت (d) مندرجہ بالا سبھی

3۔ شہریت کی خصوصیت نہیں ہے۔

(a) قوّتِ برداشت (b) بہتر کردار

(c) فرائض پروری (d) علیحدگی پسند

4۔ یوروپ میں مساوی شہریت حاصل کرنے کے لئے پہلا انقلاب کب آیا؟

(a) 1785 (b) 1789

(c) 1885 (d) 1889

5۔ جنوبی افریقہ میں مساوی شہریت حاصل کرنے کے لئے افریقہ کی عوام کو کس کے برخلاف طویل جدوجہد کرنی پڑی؟

(a) افریقی فوج کے خلاف (b) افریقی بادشاہ کے خلاف

(c) افریقہ میں برسر اقتدار گوری اقلیت کے خلاف (d) مندرجہ بالا سبھی

6۔ 17ویں صدی سے........................ صدی کے درمیان گورے لوگوں نے جنوبی افریقہ کے لوگوں پر اپنا تسلّط قائم رکھا۔

(a) 19ویں صدی (b) 20ویں صدی

(c) 21ویں صدی (d) مندرجہ بالا کوئی نہیں

7۔ مارٹن لوتھر کنگ جونیئر کا تعلق.................ملک سے تھا۔

(a) روس (b) جرمنی

(c) اٹلی (d) امریکہ

8۔ 1950 امریکہ کے جنوبی صوبوں میں.................اور.................آبادی کے بیچ شہری حقوق تحریک کا گواہ ہے۔

(a) شمالی-جنوبی (b) مشرقی-مغربی

(c) گوری-کالی (d) میدانی-پہاڑی

9۔ سال............میں فٹ پاتھ کے دوکانداروں کے لیے قومی پالیسی تیار کی گئی ہے۔

(a) 2004 (b) 2006

(c) 2001 (d) 2008

10۔ انگریز ماہر سماجیات ٹی۔ایچ۔مارشل نے ''شہریت اور سماجی طبقات'' نامی کتاب سال............میں لکھی۔

(a) 1960 (b) 1918

(c) 1950 (d) 1980

11۔ قومی شناخت کو واضح کیا جا سکتا ہے............کے ذریعے۔

(a) قومی ترانہ (b) پرچم

(c) قومی زبان (d) مندرجہ بالا سبھی

12۔ ماہر سماجیات ٹی۔ایچ۔مارشل نے شہریت میں کون سے تین طرح کے حقوق ضروری قرار دیے ہیں؟

(a) شہری، اقتصادی اور سماجی حقوق (b) سماجی، تعلیمی اور شہری حقوق

(c) شہری، سیاسی اور سماجی حقوق (d) شہری، سیاسی اور ثقافتی حقوق

13۔ فرانس.................ملک ہے۔

(a) مذہبی رواداری (b) شمولیتی

(c) مندرجہ بالا دونوں (d) مندرجہ بالا کوئی نہیں

14۔ شہریت سے متعلق انتظامات/شق کا ذکر ہندوستانی آئین کے کس حصے میں ہے۔

(a) حصہ ایک (b) حصہ دو

(c) حصہ تین (d) مندرجہ بالا کوئی نہیں

15۔ شہریت دینے کے لئے اسرائیل میں ترجیح دی جاتی ہے۔

(a) مذہب کو (b) ذات کو

(c) مندرجہ بالا دونوں (d) مندرجہ بالا میں سے کوئی نہیں

16۔ ہندوستان میں شہریت حاصل ہوتی ہے۔

(a) پیدائش سے (b) نسلی تسلسل سے

(c) رجسٹریشن سے (d) مندرجہ بالا سبھی

17۔ شہریت دینے کی شرائط اکثر ممالک کے آئین اور..................میں لکھی ہوتی ہے۔

(a) قوانین (b) شرائط

(c) دستاویز (d) مندرجہ بالا کوئی نہیں

18۔ کسی ایک ملک کے شہری دوسرے ملک میں بغیر شہریت حاصل کئے رہتے ہیں انھیں کہتے ہیں۔

(a) کام گار (b) پناہ گزیں

(c) غلام (d) ان میں کوئی نہیں

19۔ ایک ملک کے شہری کام کے تلاش میں دوسرے ملک جاتے ہیں انھیں کہتے ہیں۔

(a) پناہ گزیں (b) مہاجر

(c) شہری (d) مندرجہ بالا کوئی نہیں

20۔ مہاجر اور بے ریاست لوگوں کے مسائل کا حل آسان ہوسکتا ہے۔

(a) عالمی شہریت دے کر (b) اقتصادی مدد دے کر

(c) روزگار دے کر (d) سماجی تحفظ دے کر

21۔ قول: شہریوں کو حاصل حقوق کی فطرت مختلف ممالک میں مختلف ہو سکتی ہے۔

وجہ: شہری آج جن حقوق کا استعمال کرتے ہیں ان سبھی کو طویل جدوجہد کے بعد حاصل کیا گیا ہے۔

(A) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں اور وجہ، قول کی صحیح وضاحت ہے۔

(B) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں اور وجہ، قول کی صحیح وضاحت نہیں ہے۔

(C) قول غلط اور وجہ صحیح ہے۔

(D) قول صحیح اور وجہ غلط ہے۔

22۔ قول: یورپ میں 1789 میں نے فرانسیسی انقلاب آیا۔

وجہ: فرانسیسی انقلاب کی طرزِ سے پیدائش اور افریقہ کے مختلف نوآبادیات میں یکساں شہریت کی مانگ کے لیے جدوجہد ہوئی۔

(A) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں اور وجہ، قول کی صحیح وضاحت ہے۔

(B) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں اور وجہ، قول کی صحیح وضاحت نہیں ہے۔

(C) قول غلط اور وجہ صحیح ہے۔

(D) قول صحیح اور وجہ غلط ہے۔

23۔ قول: ہمارے ملک کے مختلف حصّوں میں ماہر اور غیر ماہر مزدوروں کے لیے بازار کشادہ ہوئے ہیں۔

وجہ: اطلاعات اور تکنیک کے میدان میں بینگلورو شہر کی جانب ماہر کامگار جا رہے ہیں۔

(A) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں اور وجہ، قول کی صحیح وضاحت ہے

(B) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں اور وجہ، قول کی صحیح وضاحت نہیں ہے۔

(C) قول غلط اور وجہ صحیح ہے۔

(D) قول صحیح اور وجہ غلط ہے۔

24۔ قول: مارٹن لوتھر کنگ جونیئر امریکہ کے صفِ اوّل کے سیاہ نام لیڈر تھے

وجہ: مارٹن لوتھر کنگ نے دلیل دی ہے کہ علیحدگی کی رسم گورے طبقے کی کیفیت کو بڑھاتی ہے۔

(A) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں اور وجہ، قول کی صحیح وضاحت ہے

(B) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں اور وجہ، قول کی صحیح وضاحت نہیں ہے۔

(C) قول غلط اور وجہ صحیح ہے۔

(D) قول صحیح اور وجہ غلط ہے۔

25۔ قول: ہندوستان کے ہر شہر میں بہت بڑی آبادی جھونپڑ پٹی اور غیر قانونی قبضے کی زمین پر بسے لوگوں کی ہے۔

وجہ: شہر کی زیادہ تر آبادی جھونپڑ پٹی والوں کو بن بلائے مہمان کی طرح دیکھتی ہے۔

(A) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں اور وجہ، قول کی صحیح وضاحت ہے

(B) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں اور وجہ، قول کی صحیح وضاحت نہیں ہے۔

(C) قول غلط اور وجہ صحیح ہے۔

(D) قول صحیح اور وجہ غلط ہے۔

26۔ شہریت کی تعریف بیان کریں۔

27۔ ''شہری وہ شخص ہے جس کو ریاست کے قوانین سے متعلق اور غور و خوص اور انصاف کے نظام میں حصّہ لینے کا حق ہے۔'' یہ قول کس مفکّر کا ہے؟

28۔ جنوبی افریقہ میں یکساں شہریت حاصل کرنے کے لئے افریقہ کی سیاہ فام عوام کو اس کے لیے جدّ و جہد کس کے خلاف کرنی پڑی۔

29۔ شہری کی کوئی ایک خصوصیت لکھیے؟

30۔ ہندوستانی آئین کے کس حصہ میں شہریت سے متعلق ذکر ملتا ہے؟

31۔ مہاجر کسے ہیں؟

32۔ ''ممبئ۔ ممبئ کر کے لئے'' نعرہ کا کیا مطلب ہے؟

33۔ باہری لوگوں سے کیا مراد ہے؟

34۔ شہری غریب سے کیا مراد ہے؟

35۔ ''عالمی شہریت'' کا مرکزی خیال کیا ہے؟

36۔ شہری حقوق کے لیے پہلا انقلاب..................انقلاب تھا۔

37۔ یوروپ کے گورے لوگوں نے جنوبی افریقہ میں کالے لوگوں پر اپنی حکومت..................تک قائم رکھی۔

38۔ ریاستہائے متحدہ امریکہ میں کالی اور گوری آبادی کے بیچ تفریق کے خلاف شہری حکومت تحریک..................دہے تک چلی۔

39۔ مندرجہ ذیل میں سے کون سا ذریعہ شہریت کا ذریعہ ہے؟

(a) لمبا قیام (b) سرکاری نوکری

(c) شادی (d) مندرجہ بالا سبھی

40۔ مندرجہ ذیل میں سے کون سا ذریعہ شہریت کھونے کا ذریعہ ہے؟

(a) لمبا قیام (b) لمبی غیر حاضری

(c) شادی (d) سرکاری نوکری

41۔ مندرجہ ذیل قول کو صحیح کر کے لکھیے۔

''علیحدہ کرنے والے قوانین کے خلاف ہوئی تحریکوں میں امریکہ کے ابراہیم لنکن جونیئر صفحہ اول کے سیاہ فام (کالے) لیڈر تھے۔''

42۔ مندرجہ ذیل اقتباس کو دھیان سے پڑھئے اور مندرجہ ذیل سوالات کے جواب دیں۔

شہریت محض ایک قانونی نظریہ نہیں ہے اس کا مساوات اور حقوق کے وسیع مقاصد سے بھی گہرا تعلق ہے۔ اس کی وضاحت انگریز ماہر سماجیات ٹی۔ ایچ۔ مارشل نے کی ہے۔ اپنی کتاب ''شہریت اور سماجی طبقات'' میں مارشل نے شہریت کو کسی فرقہ کی مکمل رکنیت کی عزّت کے روپ میں واضح کیا ہے۔ اس عظمت کو قبول کرنے والے لوگ وقار کے ساتھ حقوق اور فرائض کے معاملے میں برابر ہوتے ہیں۔ مارشل شہریت کی کنجی مساوات کو مانتا ہے۔ مارشل شہریت میں تین اقسام کے حقوق کو شامل مانتا ہے۔ شہری سیاسی اور سماجی حقوق۔ مارشل نے سماجی طبقات کو ''عدم مساوات کا نظام'' کے طور پر واضح کیا ہے۔

42.1۔ ٹی۔ ایچ۔ مارشل............ ہے

42.2۔ شہریت اور سماجی طبقات نامی کتاب کے مصنف کون ہیں؟

42.3۔ شہریت کی مارشل کے مطابق کنجی کیا ہے؟

42.4۔ مارشل شہریت میں کتنے قسم کے حقوق کو شامل مانتے ہیں؟

43۔ ہندوستان کے آئین کی دفعہ............ سے دفعہ............ میں شہریت سے متعلق انتظامات کا ذکر کیا گیا ہے۔

44۔ زیادہ تر جمہوری ممالک میں شہریوں................. کو حقوق دیئے جاتے ہیں۔

45۔ کام کی تلاش میں لوگ ایک شہر سے دوسرے شہر یا ایک دیش سے دوسرے دیش میں جاتے ہیں تب وہ............ کہلاتے ہیں۔

46۔ مختلف ممالک میں شہریت دینے کے اصول................. ہوتے ہیں۔

47۔ ہندوستانی سماج کو................. بنانے اور اسے ایک دھارا میں لانے کی کوشش کی گئی ہے۔

48۔ مندرجہ ذیل اقوال کے آگے صحیح یا غلط لکھیے۔

(a) شہری لفظ انگریزی کے Citizen لفظ کا اردو ترجمہ ہے۔

(b) مقامی لوگ باہری لوگوں سے مقابلہ آرائی سے ناراض ہوتے ہیں۔

(c) 1960 کے دہے میں امریکہ تفریق کے خلاف شہری حقوق تحریک کا گواہ بنا۔

(d) مارٹن لوتھر کنگ جونیئر صفِ اوّل کے گورے لیڈر تھے۔

(e) عالمی شہریت کا نظریہ ''واسودیوکُٹمبھ باکم'' پر مبنی ہے۔

## دو نمبر والے سوالات

1۔ ایک شہری کا دوسرے شہری کے تئیں کیا فرض ہے؟

2۔ رنگ بھید کی پالیسی سے کیا مراد ہے؟

3۔ مساویانہ رکنیت سے کیا مراد ہے؟

4۔ شہری کس کس طریقے سے احتجاج کر سکتے ہیں؟

5۔ قبائلی یا جنگلات میں رہنے والے لوگوں کے کیا حقوق ہیں؟

6۔ ''کئی مرتبہ مذہبی علامات اور رسومات زندگی میں داخل ہو جاتی ہیں'' اس قول کا مطلب واضح کیجیے۔

7۔ شہریت حاصل کرنے کے کوئی دو طریقے بتائیے۔

8۔ شہریت ختم ہو جانے کے کوئی دو طریقے بتائیے۔

9۔ لوگ ہجرت کیوں کرتے ہیں؟ کوئی دو وجہ بتائیے۔

10۔ ہندوستان میں ترقیاتی منصوبوں سے ہجرت کرنے والے لوگوں کے ذریعے کی گئی جدوجہد کا تذکرہ کیجیے۔

## چار نمبر والے سوالات

1۔ ایک شہری اور غیر ملکی میں کیا فرق ہے؟

2۔ ایک مثالی شہری میں کیا خوبیاں ہونی چاہئیں؟

3۔ عالمگیر شہریت سے کیا مراد ہے؟ کچھ مہاجر لوگوں کی مثالیں دیجیے۔

4۔ عالمی شہریت آج ایک پرکشش وجہ بنی ہوئی ہے کیسے؟

5۔ ہندوستان میں ذات پات سے متعلق اور ایک ماحولیاتی تحریک کا تذکرہ کیجیے۔

6۔ پناہ گزینوں کو کن کن مسائل سے دوچار ہونا پڑتا ہے؟


7۔ ''خارجی اور داخلی'' مسائل کا تذکرہ کیجیے۔

8۔ آج دنیا ایک ''عالمی گاؤں'' کی طرح تبدیل ہو رہی ہے۔ کیسے؟

9۔ شہری اور سماجی حقوق کیا ہیں؟ بیان کیجیے۔

10۔ شہر میں رہنے والے غریبوں کے حقوق کی حفاظت کے لیے ہندوستانی سرکار نے کیا اقدامات اٹھائیے ہیں؟

## پانچ نمبر والے سوالات



مہاجر مزدوروں کے بغیر ہندوستان کے متوسط طبقے کی زندگی کا ایک دن۔

(A) مہاجر کسے کہتے ہیں۔

(B) مہاجر شہروں میں کون کون سے کام کرتے ہیں۔

(C) مہاجرین کے بغیر شہری لوگوں کی زندگی کیسے متاثر ہوسکتی ہے؟ مثالوں سے واضح کریں۔

## چھ نمبر والے سوالات

1۔ ''شہروں کو آج جو بھی حقوق حاصل ہیں وہ سخت جدوجہد کا نتیجہ ہیں'' ثابت کیجیے

2۔ ''مساوی رکنیت ملنے کا یہ مطلب نہیں کہ سبھی اس کا یکساں استعمال کرسکیں'' کیا آپ اس قول سے اتفاق کرتے ہیں؟ مناسب مثال دیجیے۔

3۔ ''جمہوریت کا یہ بنیادی اصول ہے کہ تنازعات کا حل طاقت کے استعمال کے بجائے معاہدوں اور بات چیت کے ذریعے نکالا جائے'' آپ کے مطابق یہ طریقہ کیا عالمی شہریت کو تقویت دے گا۔

4۔ ''ہندوستان ایک جمہوری اور سیکولر ملک ہے'' کیسے؟

# MCQ جوابات

1۔ (B) شہریت

2۔ (D) مندرجہ بالا سبھی

3۔ (D) علیحدگی پسندی

4۔ (B) 1789

5۔ (C) افریقہ میں برسراقتدار گوری اقلیت کے خلاف

6۔ (B) 20ویں

7۔ (D) امریکہ

8۔ (C) گوری-کالی

9۔ (A) 2004

10۔ (C) 1950

11۔ مندرجہ بالا دونوں

12۔ (C) شہری سیاسی اور سماجی حقوق

13۔ (C) مندرجہ بالا سبھی

14۔ (B) حصہ دو

15۔ (C) مندرجہ بالا دونوں

16۔ (D) مندرجہ بالا سبھی

17۔ (A) قوانین

18۔ (B) پناہ گزیں

19۔ (B) مہاجر

20۔ (A) عالمی شہریت دے کر

21۔ (B) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں اور وجہ قول کی صحیح وضاحت نہیں ہے۔

22۔ (B) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں اور وجہ قول کی صحیح وضاحت نہیں ہے۔

23۔ (A) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں اور وجہ قول کی صحیح وضاحت ہے۔

24۔ (D) قول صحیح ہے لیکن وجہ غلط ہے۔

25۔ (A) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں اور وجہ قول کی صحیح وضاحت ہے۔

26۔ شہریت ایک سیاسی طبقہ کی مکمل اور مساوی رکنیت ہے۔

27۔ ارسطو

28۔ جنوبی افریقہ میں مساوی شہریت پانے کے لیے افریقہ کی سیاہ فام (کالی) آبادی کو برسر اقتدار گوری اقلیتی فرقہ کے خلاف لمبی جدوجہد کرنی پڑی۔

29۔ شہریوں کو ریاست کی جانب سے حقوق ملے ہوتے ہیں۔ جن کا وہ اپنی اور سماجی فلاح کے لئے استعمال کرتے ہیں۔

30۔ ہندوستانی آئین کے حصہ دو (دفعہ 5 سے 11) میں شہریت سے متعلق شق ہیں۔

31۔ سوکھا قدرتی آفات یا جنگ کی وجہ سے بے گھر ہوئے لوگ مہاجر کہلاتے ہیں

32۔ ''ممبئی۔ممبئی کرکی'' نعرے کا مطلب ہے کہ ممبئی میں صرف ممبئی کے لوگ ہی رہیں گے باہری نہیں۔

33۔ جن لوگوں کو سماج اور حکومت کی منظوری حاصل نہیں ہوتی انہیں باہری کہا جاتا ہے۔

34۔ شہری علاقے میں غیر قانونی قبضہ کی زمین پر بسے لوگ یا جھگی جھونپڑیوں میں رہنے والے لوگ جو اکثر کم مزدوری پر کام کرتے ہیں انہیں شہری غریب کہا جاتا ہے۔

35۔ عالمی شہریت کے نظریہ کا خاص پہلو یہ ہے کہ اس سے قومی سرحدوں کے دونوں جانب ان مسائل کا مقابلہ کرنا آسان ہوسکتا ہے جس میں ملکوں کی حکومتیں اور عوامی کی مشترکہ کارروائی ضروری ہوتی ہے۔

36۔ فرانسیسی

37۔ 20ویں صدی

38۔ 1950 کے

39۔ (D) مندرجہ بالا سبھی

40۔ (B) لمبی غیر حاضری

41۔ علیحدگی کے قوانین کے خلاف ہوئے امریکی تحریک میں مارٹن لوتھر کنگ جونیئر صفِ اوّل کے لیڈر تھے۔

42.1۔ ماہر سماجیات

42.2۔ ٹی ایچ مارشل

42.3۔ مساوات

42.4۔ سماجی، سیاسی، اقتصادی حقوق

43۔ دفعہ 5 سے 11 تک

44۔ اظہار خیال کا حق / ووٹ کا حق / عقائد کی آزادی کا حق / تعلیم کا حق / کم سے کم اجرت حاصل کرنے کا حق۔

45۔ مہاجر

46۔ الگ الگ

47۔ تکثریت والا سماج

48۔ (A) صحیح

(B) صحیح

(C) غلط

(D) غلط

(E) صحیح

## دو نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ شہریوں کا فرض ہے کہ وہ دوسرے شہریوں کے حقوق کی عزّت کریں۔ روزمرّہ کی زندگی میں انھیں شامل ہونے اور تعاون کرنے کی ذمّہ داری شامل ہے۔

2۔ گورے اور سیاہ فام لوگوں کے درمیان بھید بھاؤ جنوبی افریقہ اس کی مثال ہے۔

3۔ حکومت کے ذریعے سبھی شہریوں کو چاہے وہ امیر ہوں یا غریب کچھ بنیادی حقوق کی گارنٹی دینا۔

4۔ گروپ بنا کر، احتجاج، دھرنا، میڈیا کا استعمال، سیاسی جماعتوں سے اپیل یا عدالتی سہارا اور سرکاری پالیسیوں کو پرکھنا اور متاثر کرنا۔

5۔ انھیں گزر بسر کے لیے جنگل اور دوسرے قدرتی وسائل کے ساتھ رہنے کا حق، اپنی ثقافت اور رسومات کو برقرار رکھنے کا حق۔

6۔ طلبا اس کا جواب اپنی سوجھ بوجھ کی بنیاد پر دیں۔

7۔ (i) شادی کے ذریعے

(ii) ملازمت کے ذریعے

(iii) درخواست کے ذریعے

8۔ (i) باغی سرگرمیوں کے ذریعے

(ii) شادی کے ذریعے

9۔ خشک سالی، سیلاب، سونامی، مہلک بیماری جیسے مسائل کی وجہ سے

10۔ سردار سرور ڈیم کا تذکرہ

## چار نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ شہری: ملک کے سیاسی حقوق کا استعمال کرتا ہے، وہ ووٹ دیتا ہے، انتخاب لڑنا، سرکاری ملازمت حاصل کرنے کا حق رکھتا ہے

غیر ملکی: غیر ملکی کو یہ حقوق حاصل نہیں ہیں

2۔ طلبا اس کا جواب اپنی سوجھ بوجھ کی بنیاد پر لکھیں

3۔ کسی ملک کی مکمل رکنیت، سبھی کو میسّر ہونا چاہیے۔ جو عام طور پر اس ملک میں رہتے ہیں اور کام کرتے ہیں۔ اور جو شہریت کے لیے درخواست دیتے ہیں۔ مثال طلباء خود دیں۔

4۔ اس سے ملکوں کی سرحدوں کے دونوں طرف ان دقتوں کا سامنا کرنا آسان ہوسکتا ہے جس سے بہت سے ملکوں کی حکومتوں اور لوگوں کی مشترکہ کارروائی ضروری ہوتی ہے۔ وجے مالیا کی مثال

5۔ ذات پات سے متعلق تحریک......دلت پینتھرس

ماحولیاتی تحریک......چپکو تحریک، نرمدا بچاؤ تحریک

6۔ (i) کوئی ملک انھیں منظور نہیں کرتا

(ii) وہ پناگزیں خیموں میں یا غیر قانونی طریقے سے رہنے پر مجبور کیے جاتے ہیں

(iii) وہ اپنے بچوں کو تعلیم نہیں دلا سکتے

(iv) ملکیت حاصل نہیں کر سکتے

7۔ داخلی ...... جو سماج سے منظوری حاصل کر لیتے ہیں اور سرکار سے شہریت کا حق

خارجی ...... جو سماج اور سرکار سے منظوری حاصل نہیں کرتے

8۔ عالمی گاؤں: ہم سب مواصلات کے نئے ذرائع جیسے ٹیلی ویژن، انٹرنیٹ وغیرہ کے ذریعے ایک دوسرے سے جڑتے ہیں۔ آج کی تمام قوموں میں آپسی بھائی چارے کا جذبہ نشوونما پا رہا ہے۔

9۔ شہری حقوق......عقیدے اور آزادی کا حق، سماجی حقوق، کم سے کم مزدوری، تعلیم حاصل کرنے کا حق، ملک کے کسی بھی حصّے میں گھومنے پھرنے کی آزادی۔

10۔ (i) 2004 میں ایک قومی پالیسی بنائی گئی تاکہ فٹ پاتھ والے دوکانداروں کو پولیس اور انتظامیہ کی پریشانیوں کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

(ii) آئین کی دفعہ 21 میں زندہ رہنے کے حق کی گارنٹی دی گئی ہے جس میں زندگی گزارنے کا حق بھی شامل ہے۔

## پانچ نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ (A) کام کی تلاش میں لوگ ایک شہر سے دوسرے شہر یا ایک ملک سے دوسرے ملک جاتے ہیں انھیں مہاجر کہا جاتا ہے۔

(B) مہاجر لوگ شہروں میں گھریلوں نوکری، صفائی اخبارات بانٹنا، ریڈی پٹی لگانا، سامان بیچنا، ہفتہ وار بازاروں میں سامان وغیرہ بیچنے کا کام کرتے ہیں۔

(C) مہاجرین کے بغیر شہری زندگی بہت متاثر ہوگی۔ چھوٹے چھوٹے کاموں کے لیے شہری لوگ مہاجرین پر منحصر ہوتے ہیں۔

## چھ نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ (i) بہت سے یوروپین ممالک میں ایسی جدوجہد ہوئیں جیسے 1789 میں فرانسسی انقلاب۔

(ii) ایشیا، افریقہ میں بھی مساوی شہریت کی مانگ، جدوجہد سے ہی حاصل ہوئی۔

(iii) جنوبی افریقہ میں سیاہ فام آبادی کو اقتدار میں گورے اقلیتوں کے خلاف طویل جدوجہد کی۔

2۔ زیادہ تر سماجوں میں لوگوں کی قابلیت اور اہلیت کی بنیاد پر جماعتیں پائی جاتی ہیں۔ لوگوں کی معاشی، سماجی، ماحولیاتی اور بنیادی ضرورتوں اور سہولیات کے نقطہ نظر سے الگ ہو سکتے ہیں۔ اگر لوگوں کو برابر کرنا ہے تو پالیسیوں کو تیار کرتے وقت لوگوں کی مختلف ضرورتوں کو دھیان میں رکھنا چاہیے۔

3۔ ہاں، جمہوریت میں عوام کی حصّہ داری لازمی ہے۔ اس کے لیے شہریوں کا بیدار ہونا لازمی ہے۔ آگے کا مرحلہ سرکار مخالف ہوسکتا ہے۔ لیکن شرط یہ ہے کہ دیگر شہریوں اور سرکار کو، زندگی اور جائیداد کو نقصان نہیں پہنچنا چاہیے۔ مخالفت کی سرگرمی سست ہوسکتی ہے۔ مگر بات چیت کے ذریعہ یا معاہدے کے ذریعے مسائل کا حل نکالا جاسکتا ہے۔

4۔ آزادی کی تحریک کی بنیاد وسیع تھی اور مختلف مذہب، علاقے اور تہذیبوں کے لوگوں کو آپس میں ایک ہوکر کوششیں کرنا پڑیں۔ تقسیم ہند کو روکا تو نہیں جا سکا لیکن آزاد ہندوستان میں سیکولرازم کے کردار کو قائم رکھا گیا۔ یہ بات آئین میں شامل کی گئی ہے۔ درج فہرست ذات، درج فہرست قبائل، خواتین، انڈومان نیکوبار جزائر کے کچھ دور افتادہ گروہوں اور کئی دیگر گروہوں کو شہریت دینے کی کوشش کی گئی۔

# باب نمبر 15۔ قومیت/قوم پرستی (ذہنی نقشہ Mind Map)

**قوم پرستی:**

قوم پرستی کا مطلب ہے ایک جغرافیائی خطہ میں رہنے والے سبھی لوگوں میں اپنائیت کے جذبہ کا ہونا۔



**قوم پرستی کیا ہے؟**

- ایک سیاسی نظریہ ہے جس کا مطلب ہے ایک ملک جو کسی کے ماتحت نہ ہو بلکہ اپنے ہی باشندوں کے ذریعے چلایا جاتا ہو۔
- قوم پرستی خود ایک آزاد ریاست قائم کرنے کی بات کرتا ہے۔
- اس کا مرکزی نظریہ یہ ہے کہ ریاست اپنے فیصلے خود لیتی ہو۔
- اس کا مقصد ہوتا ہے کہ ملک کو خود ہی تشکیل دیا جائے۔

# باب۔15

# قوم پرستی

## یاد رکھنے لائق نکات

- قوم پرستی کیا ہے؟ عام طور پر اگر عوام کی رائے لیں تو اس میں قومی جھنڈا، حبّ الوطنی، ملک کے لیے قربانی جیسی باتیں سننے کو ملیں گی۔ دہلی میں یوم جمہوریہ کی پریڈ ہندوستانی قوم پرستی کی بہترین مثال ہے۔

- گزشتہ دو صدیوں یا اس سے بھی زیادہ عرصے کے دوران قوم پرستی کا تصور ایک سب سے زیادہ بااثر سیاسی عقیدہ کے طور پر سامنے آیا ہے۔ جس نے تاریخ میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ اس نے استبدادی نظام سے نجات دلانے میں مدد کی ہے تو اس کے ساتھ ہی یہ جنگوں، تلخیوں اور جھگڑوں کا بھی سبب رہی ہے۔

- قوم پرستی بڑی بڑی سلطنتوں اور ریاستوں کے ٹوٹنے اور بکھرنے کا بھی سبب رہی ہے۔ قوم پرستی کا نظریہ 20 ویں صدی کے اوائل میں یوروپ کی بڑی بڑی سلطنتوں جیسے آسٹریا، ہنگری اور روسی مملکتوں اور اس کے ساتھ ساتھ ایشیا اور افریقہ میں برطانوی، فرانسیسی، ڈچ اور پرتگالی سامراجیت کو ختم کرنے کا باعث بنی۔

- اسی کے ساتھ ساتھ قوم پرستی کی وجہ سے 19 ویں صدی کے یوروپ میں اس کے زیر اثر چھوٹی چھوٹی سلطنتوں کے انضمام سے عظیم تر قومی ریاستیں وجود میں آئیں۔

## قومیں اور قوم پرستی

- قوم: قوم کے طور پر ہم قوم کے زیادہ تر افراد فرداً فرداً نہیں جانتے ہیں نہ اس کی ضرورت ہوتی ہے۔ نہ ہی ان سے نسبی رشتہ قائم کرنے کے ضرورت ہوتی ہے اس کے باوجود قومیں اپنا وجود اور حیثیت رکھتی ہیں اور اس کے ارکان اس پر فخر کرتے ہیں۔

- قوم پرستی (قومیت): قوم دراصل ایک ''قیاسی'' گروہ ہے جو اس کے ارکان کو اجتمائی عقائد، اعتقادات، امنگوں، آرزوؤں اور تصّورات کے دھاگے میں باندھتا ہے۔ اس کی بنیاد بعض مفروضات پر ہے جس میں لوگ اجتماعی طور پر اپنی ایک پہچان بناتے ہیں۔

- مشترکہ عقائد: ایک قوم کا وجود تبھی قائم رہ سکتا ہے جب اس کے افراد کو یہ یقین (عقیدہ) ہو کہ وہ ایک دوسرے کے ساتھ ہیں۔

- تاریخ: جو لوگ خود کو ایک قوم تصّور کرتے ہیں وہ اپنی تاریخی شناخت کو بھی برقرار رکھنے کا شعور و احساس رکھتے ہیں۔اسی لیے قومیں نہ صرف ماضی میں جھانکتی ہیں بلکہ وہ اپنے مستقبل کے بھی منصوبے بناتی ہیں۔اپنی تاریخ کے مختلف گوشوں جیسے تاریخی واقعات، اجتماعی یادگاروں اور عظیم داستانوں کے حوالے سے اپنی قوم کی شناخت کو پیش کرنے کی کوشش کرتی ہیں۔

- علاقہ: ایک مخصوص علاقہ میں ایک طویل عرصہ سے ساتھ ساتھ رہنے اور مشترکہ تاریخ جو لوگوں کو ایک اجتماعی شناخت کا شعور عطا کرتی ہیں۔قومیں اپنے اپنے علاقوں کی تعبیر وتشریح اپنے اپنے انداز میں کرتی ہیں جیسے مقدس سرزمین، مادر وطن یا پدر وطن وغیرہ القاب سے دہراتے ہیں۔

## مشترکہ سیاسی شناخت

افراد کو ایک لڑی میں پرو کر ایک قوم بنانے کے لیے ایک مشترکہ ثقافتی پہچان جیسے ایک مشترکہ زبان یا مشترکہ نسب کو بروئے کار لانا ہوگا۔ایسے ہمارے نظریات، مذہبی اعتقادات، سماجی رسم ورواج مشترکہ ہو جاتے ہیں۔حقیقت میں کسی مخصوص مذہب، نسل یا زبان سے وابستگی کی جگہ ایک مجموعہ اقدار کے تئیں اعتقاد کی ضرورت ہوتی ہے۔

## قومی خود مختاری یا حق خود ارادیت

- قومیں سماجی طبقات گروہوں کے برخلاف، خود مختاری اور اپنا مستقبل خود طے کرنا چاہتی ہیں۔دوسرے الفاظ میں وہ اپنی تقدیر کا فیصلہ خود کرنے کے لیے حقِ خود ارادیت کا مطالبہ چاہتی ہیں۔اس حق کے تحت بین الاقوامی برادری اس کی جداگانہ سیاسی حیثیت یا ریاست کو تسلیم کرے اور اسے منظور دی جائے۔

- یوروپ میں 19 ویں صدی کے دوران موخرالذکر نوعیت کے مطالبات بڑی کثرت سے پیش کیے جارہے تھے۔اس زمانے میں ایک کلچر اور ایک ریاست کا خیال قبولِ عام کا درجہ حاصل کر چکا تھا۔اور ورسائے کے معاہدے کے نتیجے میں ایک بڑی تعداد میں چھوٹی چھوٹی آزاد ریاستیں وجود میں آئیں۔لیکن اس وقت اس معاہدے کی رو سے حق خود ارادیت کے تمام مطالبات کے تحت ریاست کی سرحدوں کے از سرنو تعین کرنے کی وجہ سے تمام ریاستوں میں وسیع پیانے پر انسانی آبادیوں کا انخلا ہوا۔ بہت سے افراد فرقہ وارانہ تشدد کا شکار بھی بنے۔

- اس کوشش کے باوجود بھی جو نئی ریاستیں وجود میں آئیں ان میں بھی اس امر کو یقینی بنانا ممکن نہیں تھا کہ اس میں صرف ایک ہی نسلی گروہ کے لوگ آباد ہوں۔

- حیرت کی بات یہ کہ ہمارے سامنے قومیت پر مبنی ریاستوں کی ایک ایسی عجیب وغریب صورت حال آئی ہے جنھوں نے خود استعماری طاقتوں کے خلاف جدو جہد کر کے آزادی حاصل کی۔لیکن آج وہ اپنی ریاستوں میں آباد اقلیتوں سے برسرپیکار ہیں جو حق خود ارادیت کا مطالبہ کر رہی ہیں۔حق خود ارادیت کی تحریکوں سے کس طرح نمٹا جائے ،مسائل کا حل نئی ریاستوں کی تشکیل میں نہیں ہے بلکہ موجودہ ریاستوں کو مزید جمہوری اور مساوات کا علمبردار بنانے میں ہے۔اس کے لیے ضروری ہے کہ ایک ملک میں آباد مختلف ثقافتی اور نسلی گروہوں کے درمیان ہم آہنگی اور بقائے باہم کا جذبہ پیدا کرنے کے لیے انھیں برابر کے شہریوں کا درجہ دیا جائے۔

## قومیت اور تکثیریت

- ''ایک ثقافت،ایک ریاست'' کے تصّور کو ترک کرنے کے بعد جمہوری ملکوں نے آج اپنے یہاں موجودہ اقلیتی گروہوں کی ثقافتی شناخت کو تسلیم کرنے اور ان کے حقوق کے تحفظ کے لیے کئی اقدامات پیش کرنے کا جواز پیش کیا ہے۔ ہندوستان کے آئین میں بھی مذہبی،لسانی اور ثقافتی اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے کئی اقدامات کیے ہیں۔
- اگر چہ یہ توقع کی جاتی ہے کہ اقلیتی گروہوں کی حیثیت تسلیم کر کے اور انھیں تحفظ فراہم کر کے ان کی خواہشات کی تکمیل ہوگی لیکن اس کے باوجود بعض گروہ اب بھی علاحدہ ریاست کے مطالبے کر سکتے ہیں۔ایک ایسے دور میں جب عالمگیریت کی لہر تیزی سے پھیل رہی ہے یہ بات بڑی عجیب وغریب نظر آتی ہے۔لیکن آج بھی قوم پرستانہ جذبات گروہوں اور طبقوں کو متحرّک کر رہے ہیں اور علاحدہ ریاست کے قیام کے لیے تحریکیں چلا رہے ہیں۔اس طرح کے مطالبات کو جمہوری انداز میں حل کرنے کے لیے آج ان ملکوں کو حکمت وتدبّر کشادہ دلی سے کام لینے کی ضرورت ہے۔

# قوم پرستی۔MCQ

1۔ کون ساعنصر قوم پرستی میں شامل نہیں ہے؟

(a) ایک جیسی تاریخ (b) مشترکہ خطّہ

(c) عام نظریہ (d) مشترکہ مذہب

2۔ مندرجہ ذیل میں سے کس معاہدے نے نئی ریاستوں کی تشکیل کی؟

(a) وارسا کا معاہدہ (b) لندن کا معاہدہ

(c) پیرس کا معاہدہ (d) نیویارک کا معاہدہ

3۔ کس نے کہا تھا کہ قوم پرستی ہماری آخری منزل نہیں ہوسکتی ہے؟

(a) پنڈت نہرو (b) مہاتما گاندھی

(c) رابندر ناتھ ٹیگور (d) اروند گھوش

4۔ ''قوم Nation'' کس زبان سے لیا گیا؟

(a) یونانی (b) فرانسیسی

(c) لاطینی (d) روسی

5۔ قوم پرستی کی راہ میں رکاوٹ ہے۔

(a) مضبوط تاریخی وراثت (b) فرقہ پرستی

(c) جذباتی یکجہتی (d) یکساں تہذیب

6۔ قول: اٹلی اور جرمنی کے اتحاد میں قوم پرستی اہم عنصر تھا۔

وجہ: اٹلی اور جرمنی کے اتحاد میں بڑے پیمانے پر تشدّد دیکھا گیا۔

(A) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں اور وجہ قول کی صحیح تشریح ہے۔

(B) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں اور وجہ قول کی صحیح تشریح نہیں ہے۔

(C) قول صحیح مگر وجہ غلط ہے۔

(D) قول غلط ہے مگر وجہ صحیح ہے۔

7۔ قول: موجودہ دور میں قوم پرستی کا نظریہ زیادہ اہم نہیں ہے۔

وجہ: پوری دنیا ایک عالمی گاؤں کی طرف بڑھ رہی ہے۔

(A) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں اور وجہ قول کی صحیح تشریح ہے۔

(B) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں اور وجہ قول کی صحیح تشریح نہیں ہے۔

(C) قول صحیح مگر وجہ غلط ہے۔

(D) قول غلط ہے مگر وجہ صحیح ہے۔

8۔ جرمنی اور اٹلی کے اتحاد میں کس جذبے کا دخل تھا؟

9۔ ''ڈسکوری آف انڈیا'' نامی کتاب کے مصنف کون ہیں؟

10۔ خود فیصلہ لینے کی تحریکوں سے کیسے سے ہٹا جاسکتا ہے؟

سوال نمبر 11 سے 15 تک کے آگے صحیح یا غلط لکھیے۔

11۔ قوم کافی حد تک ایک خیالی طبقہ/فرقہ ہے۔

12۔ پہلی جنگ عظیم کے بعد ریاستوں کو دوبارہ قائم کرنے میں ایک ثقافت ایک ریاست کے اصول کو اپنایا گیا۔

13۔ نئی قائم شدہ ریاستوں میں ایک ہی نسل کے لوگ رہتے ہیں۔

14۔ روبندرناتھ ٹیگور نوآبادیاتی نظام حکومت کے سخت مخالف تھے۔

15۔ قوم پرستی کا بڑے بڑے ممالک کے زوال اور اتحاد میں کوئی رول نہیں رہا ہے۔

## ایک نمبر والے سوالات

1۔ قوم پرستی سے کیا مراد ہے؟

2۔ 'قوم' لفظ سے کیا مراد ہے؟

3۔ ''قوم'' کی تعبیر میں تاریخ کا کیا تعاون رہا ہے؟

4۔ زمینی علاقے کو لے کر لوگ اسے کیا کیا نام دیتے ہیں؟

5۔ ''قومی خودمختاری یا حق خودارادیت'' کے اصول سے کیا مراد ہے؟

6۔ حقیقی مساوی سماج سے کیا مراد ہے؟

7۔ ''ایک ثقافت ایک ریاست'' کے اصول کا کیا مطلب ہے؟

## دو نمبر والے سوالات

1۔ ''قوم پرستی نے لوگوں کو متحد کیا ہے اور ساتھ ہی تقسیم بھی کیا ہے'' کیسے؟

2۔ ''قوم پرستی سلطنتوں کے زوال کے لیے ذمّہ دار رہی ہے'' کیسے؟ چند مثالیں دیجیے

3۔ لفظ ''قوم'' اور ''قوم پرستی'' میں کیا فرق ہے؟

4۔ ''مشترکہ عقائد'' کس طرح قوم پرستی کی ترقی میں معاون ہے؟

5۔ مشترکہ سیاسی تصّورات سے کیا مراد ہے؟

6۔ کیا قومی خودمختاری یا حق خودارادیت کی مانگ ہم عصر دنیا میں اختلافات کی حامی رہی ہے؟

7۔ قومی شناخت کے لیے شمولیت کی پالیسی کے ذریعہ کام کرنے کا کیا مطلب ہے؟

8۔ تکثیریت سے کیا مراد ہے؟

## چار نمبر والے سوالات

1۔ ''قوم پرستی نے ملکوں کو جوڑا بھی ہے اور منتشر بھی کیا ہے'' کیسے؟

2۔ ''عالم کاری کے دور میں قومی خواہشات سر اٹھاتی رہتی ہیں'' اس مسئلے کا حل کیسے ممکن ہے؟

3۔ ''ایک ثقافت ایک ریاست'' اس پالیسی سے کیا مراد ہے؟ کیا اس پالیسی کا استعمال ممکن ہے؟

4۔ ''خودمختاری کے اصول کے ذریعے جن اقوام نے آزادی حاصل کی، اب وہ ہی اپنے علاقوں میں قومی خودمختاری کے حق کی مانگ کی مخالفت کرتے ہیں''۔ کیوں؟

5۔ قوم پرستی کی راہ میں آنے والی دشواریاں کون کون سی ہیں؟

6۔ ''قومی یکجہتی کے لیے ضروری ہے کہ اپنی حکومت میں اقلیتی گروہوں کے حقوق اور ثقافتی پہچان کا احترام کیا جائے''۔ کیا آپ اس بات سے متفق ہیں؟

7۔ قوم کافی حدتک ایک خیالی فرقہ ہوتا ہے جو اپنے ممبران کے مشترکہ عقائد، امیدوں اور تخیّل کے سہارے اسے متحد رکھتے ہیں۔ یہ کچھ خاص رواجوں پر مبنی ہوتا ہے جنھیں لوگ اس شمولیاتی فرقہ کے لئے بناتے ہیں جس سے وہ اپنی پہچان قائم کرتے ہیں۔

7.1۔ قوم پرستی کیا ہے؟

7.2۔ قوم پرستی کی حدود لکھیں۔

7.3۔ قوم پرستی کی تشکیل میں تاریخ کا کیا رول رہا ہے؟

7.4۔ قوم کیا ہے؟

## پانچ نمبر والے سوالات

1۔ اگر چہ بظاہر لوگوں کے درمیان گونا گوں اور ہر قسم کا لامحدود تنوّع پایا جاتا ہے اس باوصف ملک کے ہر خوشہ میں کثرت میں وحدت اور یکجہتی کا متاثر کن منظر نظر آتا ہے۔ یہی چیزیں صدیوں سے ہم سب کو متحد رکھے ہوئے ہیں چاہے ہم پر سیاسی اعتبار سے کتنا ہی برا وقت یا کوئی آفت کیوں نہ آئی ہو'۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جواب دیجیے۔

(i) مندرجہ بالا قول کس کا ہے؟

(ii) مصنّف کس تکثیریت اور تنوّع کی بات کر رہا ہے؟

(iii) سیاسی بدنصیبی سے مصنف کی کیا مراد ہے؟

2۔ ''حب الوطنی ہماری روحانی پناہ گاہ نہیں ہوسکتی ہے: انسانیت میری پناہ گاہ ہے میں ہیروں کی قیمت کے عوض شیشہ نہیں خریدوں گا اور میں جب تک زندہ ہوں تب تک حب الوطنی کو انسانیت پر غالب آنے نہیں دوں گا''


مندرجہ ذیل سوالات کے جواب دیجیے۔

(i) مصنف حب الوطنی کے بجائے انسانیت کو ترجیح کیوں دے رہا ہے؟

(ii) ''حب الوطنی کو انسانیت پر ترجیح نہ دینے'' سے کیا مراد ہے؟

(iii) ''ہیروں کی قیمت پر شیشہ نہیں خریدوں گا'' اس قول میں مصنّف نے ہیرہ اور شیشہ کسے کہا ہے؟

3۔




(i) عموماً لوگ قوم پرستی سے کیا مطلب نکالتے ہیں؟

(ii) تصویر میں قوم پرستی کس طرح دکھائی گئی ہے؟

(iii) ایک اچھے شہری میں کیا خوبیاں ہوتی ہیں؟

## چھ نمبر والے سوالات

1۔ قوم پرستی کو بڑھاوا دینے والے مختلف عناصر کو بیان کیجیے۔

2۔ قوم پرستانہ معاملات سے نمٹنے میں کس طرح آمرانہ حکومتوں کے مقابلے میں جمہوری حکومتیں زیادہ موثر ثابت ہوسکتی ہیں؟ کیسے؟

3۔ قوم پرستی کے دائرے (حدود) کیا کیا ہیں؟ واضح کیجیے۔

# MCQ کے جواب

1۔ (D) مشترکہ مذہب

2۔ (A) وارسا کا معاہدہ

3۔ (C) رابندرناتھ ٹیگور

4۔ (C) لاطینی

5۔ (B) فرقہ پرستی

6۔ (C) قول صحیح ہے لیکن وجہ غلط ہے

7۔ (A) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں اور وجہ قول کی صحیح وضاحت ہے

8۔ قوم پرستی

9۔ جواہر لال نہرو

10۔ ریاستوں کو اور زیادہ جمہوری اور مساویانہ بنا کر۔

11۔ صحیح

12۔ صحیح

13۔ غلط

14۔ صحیح

15۔ غلط

## ایک نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ قومی پرچم، حب الوطنی، ملک کے لیے قربانی وغیرہ

2۔ قوم کے رکن کے طور پر اپنی قوم کے زیادہ تر افراد کو نا تو بلواسطہ طور پر کبھی جان پاتے ہیں اور نہ ہی ان کے ساتھ نسبی تعلق ہوتا ہے۔ پھر بھی ہم قوموں کا احترام کرتے ہیں۔

3۔ افراد اپنے آپ کو ایک قوم مانتے ہیں۔ جب ان کے اندر ایک تاریخی پہچان کا جذبہ ہوتا ہے۔

4۔ مادر وطن، پدر وطن یا مقدّس سرزمیں۔

5۔ سماجی گروہوں سے جب قومیں اپنی حکومتیں خود چلانے اور مستقبل کو طے کرنے کا حق چاہتی ہیں۔

6۔ مختلف ثقافت اور نسلوں کے لوگ ملک میں یکساں شہریوں اور دوستوں کی مانند رہ سکیں۔

7۔ ایک ریاست میں ایک ہی تہذیب کے لوگ آباد ہوں گے۔

## دو نمبر والے سوالات کے جوابات:

1۔ قوم پرستی نے مکمل وفاداری کے ساتھ ساتھ گہرے تعصّب کو ترجیح دی۔ اس نے عوام کو یکجا کیا ہے اور تقسیم بھی کیا ہے۔

2۔ بیسویں صدی کی ابتدا میں یوروپ میں آسٹریا، ہنگری اور روس جیسی سلطنتوں کے زوال اور ان کے ساتھ ساتھ ایشیا اور افریقہ میں فرانسسی، برطانوی، ڈچ اور پرتگالی سلطنتوں کی تقسیم میں قوم پرستی ہی تھی۔

3۔ قوم: اتفاقی طور پر جمع ہونے والے لوگوں کے کسی گروہ یا طبقہ کا نام نہیں ہے۔ یہ خاندان سے مختلف ہے۔ قوم کے رکن کے طور پر ہم اپنی قوم کے زیادہ تر افراد کو بلواسطہ طور پر نہ کبھی جان پاتے ہیں اور نہ ان کے ساتھ نسبی تعلق جوڑ پانے کی ضرورت محسوس کرتے ہیں۔

قوم پرستی (قومیت): قوم دراصل ایک قیاسی گروہ ہے۔ جو اس کے ارکان کو اجتمائی عقائد، اعتقادات، امنگوں، آرزوؤں اور تصوّرات کے دھاگے میں باندھتا ہے۔ اس کی بنیاد بعض مفروضات پر ہے۔ جس میں لوگ اجتماعی طور پر اپنی ایک پہچان بناتے ہیں۔

4۔ مشترکہ عقائد: قوم کی تشکیل عقائد کی بنیاد پر ہوتی ہے۔ قوم ایسی عمارتیں نہیں ہیں جنھیں ہم چھوسکیں اور نہ ہی ایسی شے ہے جن کا لوگوں کے عقائد سے آزاد وجود ہو۔ قوم کا موازانہ ایک ٹیم سے کیا جاسکتا ہے۔

5۔ مشترکہ سیاسی شناخت: زیادہ تر سماج ثقافتی طور پر تنوّع سے بھرے ہیں۔ ایک علاقے میں مختلف مذاہب اور زبانوں کے لوگ مل جل کر زندگی بسر کرتے ہیں۔ اس لیے بہتر ہوگا کہ ہم قوم کا تصوّر سیاسی لغت میں کریں نہ کہ ثقافتی طور پر۔ جمہوریت میں کسی مخصوص مذہب، نسل یا زبان سے وابستگی کی جگہ ایک مجموعہ اقدار کے تئیں اعتقاد کی ضرورت ہوتی ہے۔

6۔ قومی خودمختاری یا حق خود ارادیت: اس وقت مختلف لگتا ہے جب ہم ان قوموں کو جنھوں نے خود جدوجہد کے ذریعے آزادی حاصل کی لیکن اب وہ اپنے علاقوں میں قومی خومختاری کے حق کی مانگ کرنے والی اقلیتی گروہوں کا تارتار کر رہی ہیں۔

7۔ شمولیت کی پالیسی سے مراد ہے جو قوموں کے تمام افراد کی اہمیت اور ان کے بے شمار تعاون کو منظوری دے سکیں یعنی اقلیتی گروہوں اور ان کے افراد کی ثقافت زیادہ اور مذہب کے تحفظ کے لیے قانونی حقوق مہیا کرائیں۔

8۔ تکثیریت: جب ایک ہی ثقافت ایک ہی قوم کے نظریہ کو چھوڑ دیا جائے۔ اس کے بعد نیا نظام جہاں مختلف ثقافتیں اور طبقات ایک ہی ملک میں ایک ساتھ پھل پھول سکیں۔ ہندوستان کے آئین میں لسانی، مذہبی اور ثقافتی اقلیتوں کی حفاظت کے لیے بہتر انتظامات کئے گئے ہیں۔

## چار نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ قوم پرستی نے انیسویں صدی کے یوروپ میں کئی چھوٹی چھوٹی ریاستوں کے الحاق سے عظیم سلطنتوں کے قیام کی راہ ہموار ہوئی۔ آج کے جرمنی اور اٹلی کا الحاق اور شمولیت کی اس سرگرمی کے تحت ہوا تھا۔

لیکن قوم پرستی بڑی بڑی سلطنتوں کے زوال کی بھی وجہ بنی۔ بیسویں صدی کی ابتدا میں یوروپ آسٹریا، ہنگری اور روسی سلطنت اور ان کے ساتھ ساتھ ایشیا اور افریقہ میں فرانسیسی، برطانوی، ڈچ اور پرتگالی سلطنت کی تقسیم کی بنیاد قوم پرستی ہی تھی۔

2۔ عالمگیریت: عالمگیریت کا دور چل رہا ہے دوسری طرف کچھ قومی خواہشات سر اٹھا رہتی ہیں۔ ایسی خواہشات سے نمٹنے کا واحد طریقہ جمہوریت ہے۔ اس سے نمٹنے سے متعلق ملک مختلف طبقات کے ساتھ ساتھ اعتدال پسندی اور کارکردگی کا ثبوت دیں۔ لیکن اس کا یہ مطلب بالکل نہیں ہے کہ ہم قومیت کے عدم رواداری ایک نسلی لوگوں کے ساتھ ہمدردی کا جذبہ رکھیں۔

3۔ ایک کلچر ایک ریاست کے خیال کی شروعات یوروپ میں انیسویں صدی کے دوران ہوئی۔ نتیجتاً پہلی عالمی جنگ کے خاتمہ کے بعد ریاست کی سرحدوں کے ازسرِنو تعین کرنے کے خیال سے اس نظریہ کو آزمایا گیا۔ لیکن خودمختاری کی سبھی مانگوں کو ماننا ممکن نہیں تھا۔ آج بھی اس پالیسی کو مشاہدہ میں لانا ممکن نہیں ہے تبھی تکثیریت کا چلن ہے۔ یعنی بہت سے طبقات اور ثقافتوں کے لوگ ایک ہی ملک میں پھل پھول سکیں۔

4۔ خودمختاری/حق خودارادیت: کیوں کہ اس سے بڑی آبادی انخلا، سرحدوں پر جنگ اور تشدد کے واقعات ہوتے رہتے ہیں۔ پہلی عالمی جنگ کے خاتمہ کے بعد جتنی بھی نئی ریاستیں وجود میں آئیں ان کے نتیجے کے طور پر کثیر تعداد میں آبادی کا انخلا ہوا۔ لاکھوں لوگ اپنے گھروں سے اجڑ گئے اور انھیں ان علاقوں سے بے دخل کر دیا گیا جہاں وہ کئی نسلوں سے آباد تھے۔

5۔ (i) فرقہ پرستی (ii) لسانیت (iii) نسل واد

(iv) علاقائیت (v) ذات پات

6۔ جو ریاستیں اپنے دور حکومت میں اقلیتی گروہوں کے حقوق اور ثقافتی پہچان کا احترام نہیں کرتیں اس کے لیے اپنے عوام کا یقین حاصل کرنا مشکل ہو جاتا ہے۔ اس کے لیے ریاستوں کو جمہوری اور حقیقی طور پر برابری لانا ہوگی تا کہ علاحدہ علاحدہ ثقافت اور نسل کے لوگ ملک میں مساوی شہریوں اور دوستوں کی طرح رہ سکیں۔

7.1۔ قوم بہت حد تک خیالی فرقہ ہوتا ہے جو اپنے ممبران کے مشترکہ عقائد، امیدوں اور تصوّرات کے سہارے ایک ڈور میں بندھے ہوتے ہیں۔

7.2۔ قوم پرستی لوگوں کو ایک خطّہ تک محدود کر دیتی ہے جس سے عالمی گاؤں کا جذبہ ادھورا رہ جاتا ہے۔ اور عالم کاری ممکن نہیں ہو پاتی۔

7.3۔ قوم میں رہنے والے تمام لوگوں کے اندر ایک تاریخی پہچان کا جذبہ ہوتا ہے۔

7.4۔ ایک ہی فرقہ کے لوگ جو ایک طے شدہ خطّہ زمین میں رہتے ہیں۔

## پانچ نمبر والے سوالات کے جوابا ت

1۔ (i) پنڈت جواہر لعل نہرو

(ii) ملک میں بہت سے مذاہب، زبانیں، نسلیں وغیرہ ہونے کے باوجود ایک نظر آتے ہیں

(iii) ہیرہ انسانیت کو اور شیشہ کو حب الوطنی کو کہا گیا ہے۔

2۔ (i) ریاستوں کی سرحدیں نہیں ہونا چاہئیں۔ سبھی کو انسانیت کی بھلائی کے لیے کام کرنا چاہیے تاکہ پوری دنیا ایک نظر آئے۔

(ii) حب الوطنی کی وجہ سے بہت بڑی بڑی سلطنتوں کا زوال ہوا ہے۔ انسانیت کو ترجیح دینا چاہیے

(iii) ہیرا انسانیت کو اور شیشہ حب الوطنی کو کہا گیا ہے

3۔ (i) عام طور پر لوگ قومی پرچم، قومی ترانہ، حب الوطنی ملک کے لیے قربانی وغیرہ مطلب نکالتے ہیں

(ii) قوم پرستی کو ووٹ ڈالنے، ٹیکس ادا کرنے، قانون کا احترام، ٹیم کو جیتنے وقت اس کی ہمت افزائی دکھایا گیا ہے۔

(iii) ایک اچھا شہری۔ قانونوں پر عمل کرنا، ووٹ ڈالنا، وقت پر ٹیکس کی ادائیگی، ملک کا باشندہ ہونے پر فخر، تاریخی عمارتوں کی حفاظت کرنا وغیرہ۔

## چھ نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ (i) مشترکہ تاریخ

(ii) مشترکہ عقائد

(iii) مشترکہ علاقہ

(iv) مشترکہ سیاسی شناخت

(v) مشترکہ سیاسی اصول


2۔ **جمہوری حکومتیں:** حقیقی برابری اور شامل ہونے کے لیے جدوجہدی طاقتوں سے نمٹنے کے لیے کافی ہوتی ہیں۔ بجائے آمرانہ حکومتوں کے۔آج دنیا عالمی گاؤں کا خواب دیکھ رہی ہے ان حالات میں جدوجہدی طاقتیں اس خواب میں رکاوٹیں پیدا کر رہی ہیں۔ان حالات میں جمہوری ملک ہی حل تلاش کر سکتے ہیں۔اور اس سے متعلقہ ملک کو اپنی اہلیت اور اختیارات کا ثبوت دینا چاہیے۔

یہ لازمی ہے کہ ہم قومی پہچان کے ان دعووں کی سچائی پر یقین کریں اس کا مطلب یہ بالکل نہیں ہے کہ ہم قوم پرستی کی عدم رواداری اور ایک نسلی نظریہ کے ساتھ کوئی ہمدردی برتیں۔

3۔ (i) علاقہ پرستی (ii) اخلاقی قدروں کا خاتمہ (iii) مذہبی تنوّع

(iv) معاشی خصوصیات (v) کثیرلسانیات

# باب نمبر 16۔ سیکولرازم (ذہنی نقشہ Mind Map)




سیکولرازم کے معنی

بلاکسی تفریق کے سبھی ہندوستانی شہریوں کو اپنے مذہب کو ماننے اوراس کی تبلیغ کی آزادی ہے۔

مذہب کے اندر سبقت لینے کی فطرت
(مسلک کی بنیاد پر میں اعلیٰ کا کلچر۔)

مذاہب کے بیچ سبقت لینے کی فطرت ہے
(میں اعلیٰ کا کلچر۔)

سیکولر ریاست
ریاست کا اپنا کوئی سرکاری مذہب نہیں۔

سیکولرازم کا یورپی اورامریکی ماڈل۔

سیکولرزم کا ہندوستانی ماڈل
بنیادی حقوق کے ذریعے۔
42ویں ترمیم کے ذریعے
1976 میں سیکولر لفظ کو جوڑا گیا۔


سیکولرزم کے ہندوستانی ماڈل پر تنقید۔
مذہبی پہچان کا خطرہ۔
مغربی ممالک سے ادھار لیا ہوا

# باب-16


# سیکولرازم

## یاد رکھنے لائق نکات

- سیکولرزم کا مطلب ہے بغیر کسی امتیاز کے سبھی مذاہب کے لوگوں کو کوئی بھی مذہب اختیار کرنے اوراس کی تبلیغ کرنے کی آزادی ہے۔یعنی اس سے یہ مراد ہے کہ ریاستیں کسی بھی مذہب کو لے کرکوئی امیتاز نہ برتیں۔
- ہندوستان تنوّع والا ملک ہے جمہوری نظام کو قائم رکھنے کے لیے سبھی کو یکساں مواقع فراہم کرانے کا کام بہت دشوار کن ہے۔اس لیے ہندوستانی آئین کی 42ویں ترمیم کے ذریعے سیکولرازم کوشامل کیا گیا ہے۔آئین اعلامیہ میں مذہبی علبہ کی مخالفت کرنا، مذہب کے اندر پوشیدہ غلبہ کی مخالفت کرنا اور مختلف مذاہب کے درمیان اوران میں برابری کو بڑھاوادیناوغیرہ کا اعلان کرتا ہے۔
- بین مذہبی غلبہ: ہر ہندوستانی شہری کوملک کے کسی بھی حصے میں گھومنے پھرنے اور رہنے کا حق ہے۔پھر بھی امتیازات پائے جاتے ہیں جس کی وجہ سے درون مذہبی غلبہ میں اضافہ ہوا کیوں کہ لوگ اپنے مذہب کواعلیٰ مانتے ہیں۔




- درون مذہبی غلبہ




- **سیکولرریاست**
  - وہ ریاست جہاں سرکار کی طرف سے کسی بھی مذہب کوقانونی منظوری نہ دی گئی ہو۔
  - سبھی مذاہب کے نظریات کو یکساں اہمیت
  - مذہبی گروہ کے غلبہ کوروکنا
  - مذہبی اداروں اور سرکاری اداروں کے درمیان واضح فرق ہونا چاہیے تبھی امن وامان آزادی اور مساوات قائم رہے گی
  - کسی بھی قسم کے مذہبی الحاق سے پرہیز
  - ایسے مقاصد اور اصولوں کے تئیں پابند ہونا چاہیے جو امن، مذہب، مذہبی آزادی، بربریت امتیازات سے آزادی کو اہمیت دیں
- **سیکولرازم کا مغربی ماڈل**
  - امریکی ماڈل: مذہب اور ریاست کے درمیان علاحدگی اور باہمی رضامندی سے وجود میں آئی ہے یعنی ریاست مذہبی امور میں کوئی مداخلت نہیں کرے گی۔ ہر ایک کو اپنا اپنا آزادانہ دائرہ اختیار رہے۔
  - سیکولرازم کا عام تصوّر ''فرد کو عمل کی آزادی اور برابری کا حق'' آئینہ دار ہے۔
  - سیکولرازم میں کسی بھی ریاست کو مذہبی اصلاحات میں حمایت کرنے کی کوئی وجہ نہیں بنتی۔
- **سیکولرازم کا ہندوستان ماڈل**
  - ہندوستانی سیکولرازم صرف مذہب اور ریاست کے درمیان تعلقات قطع کرنے پر زور نہیں دیتا
  - اقلیت اور سبھی افراد کو کوئی بھی مذہب اپنانے کی آزادی دیتا ہے
  - ہندوستانی ریاست مذہبی جبر کے تدارک کے لیے اس مذہب کے ساتھ صحیح طریقے سے پیش آسکتی ہے
  - ہندوستانی آئین میں اقلیتوں کو اپنے مسائل کو خود حل کرنے کا اختیار ہے اور انھیں ریاست سے تعاون بھی مل سکتا ہے

- ہندوستان کے آئین کی تمہید میں 42 ویں ترمیم (1976) کے ذریعہ سیکولرازم لفظ کو شامل کر دیا گیا ہے۔
- بنیادی حقوق میں مذہبی آزادی کا حق، مساوات کا حق، تعلیم و ثقافت کا حق دے کر سبھی مذاہب کو یکساں مواقع فراہم کیے ہیں۔

## ● مذہبی آزادی کا حق

دفعہ 25 سے 28 تک

## ● ہندوستانی سیکولرازم پر تنقیدیں




● مذہب مخالفین کے مطابق سیکولرازم مذہب مخالف ہے اور مذہبی پہچان کے لیے خطرہ پیدا کرتا ہے۔

- مغرب سے درآمد شدہ
- اقلیتوں کے حقوق کی پیروی کرتی ہے۔ اقلیت نوازی کا الزام لگایا جاتا ہے۔
- مداخلت
- ووٹ بینک کی سیاست کو بڑھادیتی ہے

- **ناقابل عمل منصوبہ**

سیکولرازم کی پالیسی بہت کچھ کرنا چاہتی ہے لیکن یہ منصوبہ حقیقت سے دور ہے جو ناممکن ہے۔ بہت سی تنقیدوں کے باوجود بھی ہندوستان کی سیکولرازم کی پالیسی مستقبل کی دنیا کے لیے ایک آئینہ کی حیثیت رکھتی ہے۔

ہندوستان میں جس عظیم تجربہ پر عمل ہو رہا ہے اسے پوری دنیا میں بڑی گہرائی اور بڑی دلچسپی سے دیکھا جا رہا ہے۔ یورپ اور امریکہ نیز مشرق وسطی کے بعض ملک تہذیبی اور مذہبی کثرت سے ہندوستان کی طرح نظر آنے لگے ہیں۔

# سیکولرازم MCQ

## ایک نمبر والے سوالات

1۔ قول: دفعہ 25 میں کیا کہا گیا ہے کہ سبھی افراد کو کسی بھی مذہبی عقائد کو ماننے اور اس تبلیغ کرنے کا حق ہے۔

وجہ: ریاست مذہبی رسوم سے جڑی اقتصادی، سیاسی یا دیگر مذہبی کارکردگی کو کنٹرول کرنے یا پابندی نہیں لگا سکتی۔

(A) قول صحیح ہے مگر وجہ غلط۔

(B) قول غلط ہے مگر وجہ صحیح۔

(C) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں اور وجہ قول کی صحیح وضاحت ہے۔

(D) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں مگر وجہ قول کی صحیح وضاحت نہیں ہے۔

2۔ سیکولرازم کے کیا معنی ہیں؟

3۔ سیکولر ریاست کسے کہتے ہیں؟

4۔ کیا ہندوستان ایک سیکولر ریاست ہے؟

5۔ ہندوستانی آئین میں مذہبی آزادی کونسی دفعات کے تحت دی گئی ہے؟

6۔ فرقہ واریت سے کیا مراد ہے؟

7۔ مصطفیٰ کمال پاشا نے اپنا نام کیا رکھا تھا؟

8۔ اتاترک کا کیا مطلب ہے؟

9۔ ہندوستانی آئین میں سیکولرازم لفظ کو کب شامل کیا گیا؟

10۔ ہندوستانی جمہوریت کو فرقہ واریت سے کیا خطرہ ہے؟

11۔ ہندوستان کس طرح کی ریاست ہے؟

(a) ہندو ریاست (b) مسلم ریاست

(c) مذہبی ریاست (d) سیکولر ریاست

12۔ سیکولر ریاست کی ایک خصوصیت بتائیے۔

13۔ ہندوستانی آئین کی کونسی دفعات کے ذریعے مذہبی آزادی ہندوستانی شہریوں کو دی گئی؟

14۔ سیکولر ریاست سے کیا مراد ہے؟

15۔ ہندوستان کے آئین میں سیکولر لفظ کس آئینی ترمیم کے ذریعہ جوڑا گیا تھا؟

16۔ سیکولر ریاست کی خاصیت ہے۔

17۔ آزاد ہندوستان میں ''سبھی مذہبوں کو ریاست کے ذریعے تحفظ'' ہے یہ قول کس کا ہے؟

18۔ ہندوستانی سیکولرازم پر سب سے بڑی تنقید کی وجہ ہے کہ......................

19۔ سیکولرازم کی راہ میں..........................رکاوٹ ہے۔

20۔ مندرجہ ذیل قول کو پڑھے اور صحیح کر کے لکھیے۔

''آزادی کا حق ہندوستانی آئین کے حصہ چار سے متعلق ہے''۔

21۔ مندرجہ ذیل اقتباس کو پڑھیئے اور مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب دیجیے۔

جواہر لال نہرو خود کسی کی پیروی نہیں کرتے تھے۔ خدا میں ان کا یقین ہی نہیں تھا۔ لیکن ان کے نزدیک سیکولرازم کا مطلب مذہب کے تئیں نفرت نہیں تھی۔ اس معاملے میں نہرو ترکی کے اتاترک سے کافی مختلف تھے۔ ساتھ ہی مذہب اور ریاست کے بیچ مکمل قطع تعلق کے بھی وہ حق میں نہیں تھے۔ ان کے مطابق سماج میں سدھار کے لئے سیکولر حکومت مذہبی معاملات میں دخل دے سکتی ہے۔ ذات کی تفریق، جہیز کا رواج، اور ستی کی رسم کے خاتمہ کے لیے قانون بنوانے اور ملک کی عورتوں کو قانونی حق اور سماجی آزادی مہیا کروانے میں نہرو نے بہت اہم کردار ادا کیا تھا۔

21.1۔ نہرو جی کے تئیں سیکولرازم کے کیا معنی ہیں؟

21.2۔ نہرو جی کس مذہب کی پیروی کرتے تھے؟

21.3۔ نہرو جی کا ترکی کے اتاترک سے کیا تعلق تھا؟

21.4۔ مذہب اور ریاست کے بیچ تعلقات پر نہرو جی کے کیا خیالات تھے؟

22۔ سیکولر ریاست اسے کہتے ہیں جو کسی ................ پر مبنی نہ ہو۔

23۔ سیکولر ریاست میں سبھی لوگوں کو مذہب کی ................ حاصل ہوتی ہے۔

24۔ ہندوستانی آئین کی دفعہ ................ کے مطابق شہریوں کو کسی بھی مذہب کو ماننے کی آزادی ہے۔

25۔ 1976 میں ................ ترمیم کے ذریعے آئین کی تمہید میں سیکولر لفظ جوڑ کر ہندوستان کو صاف طور پر سیکولر ریاست بنادیا گیا۔

26۔ نہرو جی ہندوستانی سیکولرازم کے ................ تھے۔

27۔ مندرجہ ذیل اقوال کے آگے صحیح یا غلط لکھیئے

(A) ہندوستان ایک مذہبی ملک ہے۔

(B) پاکستان ایک مذہبی ملک ہے۔

(C) ہندوستان میں الگ الگ ذاتوں اور طبقات کے ساتھ الگ الگ برتاؤ کیا جاتا ہے۔

(D) 1928 میں نئی ترکی حروف تہجی تو بدل کر لاطینی روپ میں اپنالیا گیا۔

(E) فرقہ پرستی سماج کی ترقی میں رکاوٹ بنتی ہے۔

## دونمبر والے سوالات

1۔ مذہب لفظ کے کیا معنی ہیں؟

2۔ سیکولرازم کو قائم رکھنے کے کوئی دو طریقے بتائیے۔

3۔ ہندوستانی سیکولرازم کی کیا خوبیاں ہیں؟

4۔ سیکولرازم اور مذہبی آزادی میں فرق واضح کیجیے۔

5۔ مذہب میں ریاست کی نظریاتی دوری سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

6۔ بیسویں صدی میں ترکی میں کس طرح سیکولرازم کو اپنایا گیا؟

7۔ درون مذہبی غلبہ کے معنی واضح کیجیے۔

8۔ سیکولرازم کے مغربی ماڈل سے کیا مراد ہے؟ یہ ................ کی مثال کیسے ہے؟

9۔ کسی اقلیتی طبقہ کو اپنے علیحدہ تعلیمی ادارے قائم کرنے کی اجازت ہونا کیا سیکولرازم ہے؟ وجہ بتائیے۔

## چار نمبر والے سوالات

1۔ مغربی سیکولرازم اور ہندوستانی سیکولرازم میں فرق واضح کیجیے۔


2۔ فرقہ پرستی کے کیا معنی ہیں؟ اسے روکنے کے طریقے بتائیے۔

3۔ ہندوستان میں سیکولرازم کو اپنانے کی کیا وجوہات ہیں؟

4۔ سیکولر ملک کو تنقید کا نشانہ کیوں بنایا جاتا ہے؟

## پانچ نمبر والے سوالات

1۔




(i) فرانسیسی سرکار نے تعلیمی اداروں پر کس طرح کی پابندی لگا دی؟

(ii) کیا فرانس سیکولر ملک ہے؟

(iii) سیکولرازم کے نظریہ سے فرانس اور ہندوستان میں کیا فرق ہے؟

## چھ نمبر والے سوالات

1۔ ہندوستانی سیکولرازم کی تنقید پر بحث کیجیے۔

2۔ ہندوستانی سیکولرازم کا زور مذہب اور ریاست کی علیحدگی پر نہیں بلکہ اس سے بھی زیادہ کچھ اور باتوں پر ہے۔ اس بیان کو سمجھائیے۔

3۔ کیا سیکولرازم مندرجہ ذیل باتوں کے لیے انصاف پسند ہے۔

(i) اقلیتی طبقہ کے مقدّس مقامات کے لیے معاشی امداد بہم پہچانا

(ii) سرکاری دفاتر میں مذہبی پروگرام منعقد کرنا

## ایک نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ (C) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں اور وجہ قول کی صحیح وضاحت ہے۔

2۔ سیکولرازم ایک ایسا نظریہ ہے جو ریاست کی یہ ذمّے داری طے کرتی ہے کہ وہ شہریوں کے بیچ مذہب کی بنیاد پر فرق نہ کرے اور سب کو یکساں مواقع فراہم کرے۔

3۔ ایسی ریاست جو اپنے شہریوں کے بیچ مذہب کی بنیاد پر فرق نہیں کرتی اور اس کا کوئی سرکاری مذہب نہیں ہوتا۔

4۔ ہاں ہندوستان ایک سیکولر ریاست ہے کیونکہ آئین کی تمہید میں لکھا گیا ہے کہ ہر بھارتی شہری کو مذہبی آزادی ہے۔

5۔ دفعہ 25 سے 28 تک۔

6۔ فرقہ واریت سے مراد ہے کسی شخص کی وہ تنگ نظری جو مذہب اور فرقے کے نام پر پورے سماج اور قوم کے مفادات پر مذہب کے مفادات کو ترجیح دے۔

7۔ مصطفیٰ کمال پاشا نے اپنا نام بدل کر ''کمال اتاترک'' رکھ لیا تھا۔

8۔ ''اتاترک'' کا مطلب ہوتا ہے ''بابائے ترک''

9۔ ہندوستانی آئین میں سیکولرازم لفظ 1976 میں 42 ویں ترمیم کے ذریعے شامل کیا گیا تھا۔

10۔ ہندوستان میں شر پسند عناصر کے ذریعے فرقہ وارانہ فسادات کروائے جاتے ہیں تو ہندوستان کی جمہوریت متاثر ہوتی ہے۔اور سماجی ترقی متاثر ہوتی ہے۔

11۔ (D) سیکولر ریاست

12۔ جو کسی مذہب پر مبنی نہ ہو۔

13۔ دفعہ 25 سے 28 تک

14۔ جو کسی بھی مذہب پر مبنی نہ ہو

15۔ 42ویں

16۔ ریاست کا کوئی مذہب نہیں ہوتا، مذہبی آزادی اور سبھی مذاہب میں مساوات۔

17۔ جواہر لعل نہرو۔

18۔ اقلیتوں کے حقوق کی پیروی کرتی ہے۔

19۔ فرقہ پرست سیاسی جماعتیں، فرقہ پرستی اور ذات پرستی۔

20۔ مذہبی آزادی کا حق ہندوستانی آئین کے حصہ تین سے متعلق ہے۔

21.1۔ ریاست کے ذریعے سبھی مذاہب کو مساوی تحفظ۔

21.2۔ جواہر لعل نہرو خود کسی مذہب کی پیروی نہیں کرتے تھے۔

21.3۔ ان کے خیالات اتاترک سے مختلف تھے۔

21.4۔ نہرو جی مذہب اور ریاست کے بیچ بالکل قطع تعلق کے حق میں نہیں تھے۔

22۔ مذہب

23۔ آزادی

24۔ دفعہ 25

25۔ 42ویں

26۔ مفکّر

27۔ (A) غلط

(B) صحیح

(C) غلط

(D) صحیح

(E) صحیح

## دو نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ ■ فرائض پر عمل

■ مذہب کے کئی پنتھ شامل ہوتے ہیں

2۔ ■ حکومت چلانے والے کا کسی مذہب سے تعلق نہیں ہونا چاہیے۔

■ کسی بھی مذہب کی حمایت نہیں

3۔ ■ بنا کسی مذہبی بھید بھاؤ کے سبھی کو اپنا مذہب اختیار کرنا آئین میں مساوات کا حق

■ قانون کی نگاہ میں یکسانیت بنا کسی مذہب کی پرواہ کے

4۔ ■ سیکولرازم میں بلاتفریق کسی بھی مذہب کو اپنانے کی آزادی

■ مذہبی آزادی میں اپنے مذہب کے بارے میں تبلیغ اور اشاعت کی آزادی

5۔ مذہب اور ریاست دونوں کے میدان الگ الگ ہیں اور دونوں کو ایک دوسرے کے معاملات میں دخل نہیں دینا چاہیے۔

6۔ (i) کمال پاشا سے کمال اتاترک

(ii) مسلمانوں کو ایک مخصوص طرح کی ٹوپی پہننے پر پابندی

(iii) مغربی پوشاک پہننے پر زور

7۔ (i) مخصوص مذہب میں کسی خاص فرقہ کا بول بالا یا من مانی کروانا

(ii) خواتین اور دلتوں کا استحصال وتفریق

8۔ (i) مذہب اور حکومت کا تعلق علیحدہ علیحدہ

(ii) دونوں ایک دوسرے میں مداخلت نہیں کر سکتے

(iii) انٹرنیٹ کا استعمال، مغربی پوشاک پہننا، میک ڈونالڈ کا کھانا پینا جیسی لاکھوں چیزوں کا چلن غلبہ کہلاتا ہے۔

9۔ ہاں، سیکولرازم ہے۔ کیوں کہ دفعہ 29 کے مطابق اقلیتوں کو اپنی مخصوص زبان، رسم الخط اور تہذیب کو برقرار رکھنے کا حق حاصل ہے۔

دفعہ 31 کے مطابق اقلیتیں اور دیگر سبھی اپنی مرضی کی تعلیم حاصل کر سکتے ہیں۔

## چار نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ (i) ہندوستان میں مذہبی رواداری لیکن مغربی ممالک میں نہیں

(ii) کسی کے ساتھ تفریق نہیں، اقلیتوں کا تحفظ

2۔ (i) اپنے مذہب کو اعلیٰ سمجھنا اور دوسرے مذاہب کو کم تر

(ii) تفریق کرنے والی سیاسی جماعتوں کی منظوری ختم کرنا

(iii) افسران کو سزا دینا

(iv) تعلیمی سرگرمیوں میں تبدیلی

(v) تفریق یا تشدّد پیدا کرنے والی خبروں پر پابندی

3۔ مختلف زبانوں، ذاتوں، نسلوں، مذاہب کے لوگوں میں بھائی چارہ، مساوات، یکجہتی قائم رکھنے کے لیے

4۔ (i) سیکولرازم ایک نا قابل عمل منصوبہ مانا جاتا ہے

(ii) ووٹ بینک کی سیاست کو بڑھاوا دینا

(iii) اقلیتوں کو معاشی امداد جو مساوات کے حق کے خلاف

## پانچ نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ (i) پگڑی پہننے پر، اسکارف پہننے پر، مذہبی علامات پر پابندی

(ii) فرانس سیکولرازم کا یوروپین ماڈل ہے

(iii) فرانس مذہبی علامات پر پابندی لگاتا ہے ہندوستان نہیں

(iv) ہندوستان میں اپنے اپنے مذاہب کی تبلیغ واشاعت کر سکتے ہیں لیکن فرانس میں نہیں۔

## چھ نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ مذہب مخالف، مغرب سے درآمد شدہ، اقلیت نوازی، مداخلت، ووٹ بینک کی سیاست، ایک نا قابل عمل منصوبہ

2۔ لوگوں میں پیار ومحبت، بھائی چارہ، یکجہتی کا جذبہ پیدا کرنا، سالمیت کا بچاؤ، اقلیتوں کی تہذیب وثقافت، زبان کی ترقی

3۔ (i) ہاں، یہ منصفانہ ہے تاکہ اقلیتیں اپنے مذہب کی اشاعت وتبلیغ کر سکیں، معاشی طور پر پسماندہ لوگوں کے جذبات کی قدر

(ii) نہیں، یہ سیکولرازم کے خلاف ہے۔ کیوں کہ کسی سرکاری دفتر میں کسی مخصوص مذہب کو ترجیح دینا دیگر مذاہب کی مخالفت ہے۔

# علم سیاسیات
# سیمپل پیپر (2022-23)

## جماعت۔XI

کل وقت: 3 گھنٹے — کل نمبر = 80

**ھدایات:**

1۔ سبھی سوال لازمی ہیں۔
2۔ سوال نمبر 1 سے 12 تک 1 نمبر والے ہیں اور کثیر متبادل والے ہیں۔
3۔ سوال نمبر 13 سے 18 تک 2 نمبر والے ہیں۔ ہر ایک کا جواب 50 الفاظ سے زائد نہ ہو۔
4۔ سوال نمبر 19 سے 23 تک 2 نمبر والے ہیں۔ ہر ایک کا جواب 100 الفاظ سے زائد نہ ہو۔
5۔ سوال نمبر 24 سے 26 پیراگراف، کارٹون اور نقشہ پر مبنی ہیں۔ ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔
6۔ سوال نمبر 27 سے 30 تک 6 نمبر والے ہیں۔ ہر ایک کا جواب 170 الفاظ سے زائد نہ ہو۔

## Section–A
## حصّہ۔(الف)

1۔ ہندوستانی آئین کا مندرجہ ذیل میں سے کون سا حصہّ بغیر کسی بحث ومباحثہ کے پاس کر دیا گیا تھا؟

(a) بالغ حق رائے دہی کا تعارف (b) بنیادی حقوق
(b) ریاستی پالیسی کے رہنما کے اصول (c) پارلیمانی جمہوریت

2۔ آئین ساز اسمبلی کے ممبران تھے۔

(a) بلاواسطہ (Direct) منتخب (b) کانگریس اور مسلم لیگ کے ذریعے نامزد
(c) بلواسطہ (Indirect) منتخب (d) گورنر جنرل اور گورنر کے ذریعے مقررہ کردہ

3۔ انتخابات (Elections) کے لیے اعلان جاری کرنے والا بااختیار ہے۔

(a) وزیراعظم (b) صدر

(c) گورنر (d) چیف الیکشن کمشنر

4۔ ووٹنگ مکمل ہونے کے بعد ووٹوں کی گنتی کس کی نگرانی میں کی جاتی ہے؟

(a) الیکشن کمیشن (b) ووٹنگ افسر

(c) ریٹرننگ آفسر اور نگراں (d) پیسر یسائڈ نگ افسر

5۔ ..................ان دوران پارلیمنٹ کے ممبران کسی بھی اہم مدّعے کو اٹھانے کے لیے آزاد ہیں۔

(a) تحریکِ التواء (b) سوالات کا گھنٹہ

(c) عدم اعتماد تحریک (d) وقفہ صفر

6۔ اعتماد یا عدم اعتماد کو صرف لایا جاسکتا ہے........................میں۔

(a) راجیہ سبھا (b) لوک سبھا

(c) پلاننگ کمیشن (d) تخمینہ کمیٹی

7۔ ہندوستان کے وزیراعظم کے طور پر سب سے لمبا وقفہ کس کا تھا؟

(a) جواہرلعل نہرو (b) چرن سنگھ

(c) وی۔پی۔سنگھ (d) لال بہادر شاستری

8۔ صدر کو..................کے ذریعہ ہٹایا جاسکتا ہے۔

(a) راجیہ سبھا (b) لوک سبھا

(c) الیکٹرولر کالج (d) تحریک مواخذہ

9۔ سپریم کورٹ کے ججوں کی تعداد طے کی جاتی ہے................. کے ذریعے۔

(a) پارلیمنٹ (b) وزیراعظم

(c) صدر (d) کیبینٹ

10۔ ...........حکومت عام لوگوں کے سب سے زیادہ قریب ہوتی ہے۔

(a) مقامی (b) وفاقی

(c) ریاستی (d) علاقائی

11۔ "ہندسوراج" کے مصنف کی پہچان کیجیے۔

(a) جواہرلعل نہرو (b) ڈاکٹر رادھا کرشنن

(c) مہاتما گاندھی (d) گوپال کرشن گوکھلے

12۔ امبیڈکر اور گاندھی دونوں نے اچھوتوں کی حمایت کی مگر وہ اس پر سہمت نہیں ہوسکے۔

(a) نجی شعبہ میں ریزرویشن (b) ریزرویشن

(c) عدلیہ کا رول (d) گھریلو صنعتوں کا رول

## Section–B

## حصّہ۔(ب)

13۔ مکمل آزادی سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

14۔ تناسبی نمائندگی سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

15۔ عالمگیر حق بالغ رائے دہی سے کیا مراد ہے؟

16۔ نسلی تفریق (Apartheid) کیا ہے؟ شہریت پر اس کے اثرات کی چرچا کریں۔

17۔ تکثیریت (Pluralism) سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

18۔ ''سیکولرازم کا مغربی نکتۂ نظر'' کی خصوصیات بیان کریں۔

## Section–C
## حصّہ۔(ج)

19۔ آزادی کے لئے پابندیاں کیوں ضروری ہیں؟

20۔ سیاسی نظریہ کے میدان (Area) کی وضاحت کریں۔

21۔ مساوات کے مثبت پہلوؤں کے لازمی عناصر کون سے ہیں؟

22۔ ریزرویشن سماجی انصاف میں کیسے مدد کرتا ہے؟

23۔ ہندوستانی آئین میں بیان کردہ بنیادی حقوق کے نام لکھیے۔

## Section–D
## حصّہ۔(د)

24۔ نیچے دیے گئے پیراگراف کا بغور مطالعہ کریں اور پوچھے گئے سوالات کے جواب دیں۔


''الیکشن کمیشن کے پاس خود بہت محدود عملہ ہے یہ انتظامی نظام کی مدد سے انتخاب کرواتا ہے حالانکہ ایک بار الیکشن کا عمل شروع ہوجانے کے بعد انتخابات سے متعلق کاموں کے انتظام میں الیکشن کمیشن کا کنٹرول ہوتا ہے۔ انتخابی عمل کے دوران ریاست اور مرکزی حکومتوں کے عملے کو انتخابی ڈیوٹی سونپی جاتی ہے۔ اور اس سے متعلق الیکشن کمیشن کا ان پر پورا کنٹرول ہوتا ہے۔ الیکشن کمیشن، افسران کا تبادلہ کرسکتا ہے یا ان کا تبادلہ روک سکتا ہے۔ غیر جانبدارانہ طریقہ سے کام کرنے میں ناکام ہونے پر ان کے خلاف کارروائی کرسکتا ہے''۔

24.1۔ الیکشن کمیشن انتخاب کیسے کرواتا ہے؟

24.2۔ انتخابی عمل کے دوران, انتخابی کام کسے سونپے جاتے ہیں؟

24.3۔ الیکشن کمیشن کے اختیارات کیا ہیں؟

25۔ ذیل میں دیئے گئے کارٹون کا بغور مطالعہ کریں اور دیے گئے سوالوں کے جواب دیں۔




3 April 1955

The Parliament is the boss and the ministers are looking very humble here. That is the effect of the Parliament's power to sanction money to different ministries.

25.1۔ کارٹون کیا بتا رہا ہے؟

25.2۔ پارلیمنٹ، اقتصادی طور پر عاملہ پر کس طرح کنٹرول کرتی ہے؟

25.3۔ کونسا ایوان مالی بل پاس کرسکتا ہے؟

26۔ دیئے گئے اقتباس کو بغور پڑھیں اور مندرجہ ذیل سوالات کے جواب دیں۔

''ہندوستانی نوکر شاہی آج ایک نہایت الجھا ہوا نظام ہے۔ اس میں آل انڈیا خدمات، صوبائی خدمات، مقامی حکومتوں کے کارکنان اور سرکاری شعبہ کو چلانے والے تکنیکی اور انتظامی صلاحیت کے کارکنان شامل ہیں۔ ہمارے آئین ساز غیر جانبدار اور پیشہ ور نوکر شاہوں کی اہمیت سے واقف تھے۔ وہ چاہتے تھے کہ سول سروس یا نوکر شاہوں کو قابلیت کی بنیاد پر چنا جائے۔ اس لئے یونین پبلک سروس کمیشن کو ہندوستانی سول سرونٹس کی بھرتی کے عمل کو پورا کرنے کا ذمّہ سونپا گیا ہے۔ اسی طرح کے پبلک سروس کمیشن صوبوں میں بھی قائم کئے جاتے ہیں۔ پبلک سروس کمیشن کے ممبران کی تقرّری ایک طے شدہ مدّت کے لیے کی جاتی ہے۔ ان کی برطرفی سپریم کورٹ کے کسی جسٹس کے ذریعے گہری تحقیقات کے ذریعے ہی ممکن ہے''۔

26.1۔ نوکر شاہی سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

26.2۔ ہندوستانی نوکر شاہی میں کیا شامل ہے؟

26.3۔ سول سرونٹس کا تقرّر کس طرح کیا جاتا ہے؟

26.4۔ سول سرونٹس کو کس طرح ہٹایا جا سکتا ہے؟

## Section–E

## حصّہ۔(ہ)

27۔ عدالتی مستعدی بنیادی حقوق کے تحفّظ سے کس طرح منسلک ہے؟ کیا اس سے بنیادی حقوق کا دائرہ وسیع کرنے میں مدد ملی ہے؟

28۔ ہندوستانی آئین کی چار خصوصیات کی فہرست بنایئے جو صوبوں کے مقابلے میں مرکز کو زیادہ اختیارات دیتے ہیں؟

29۔ ہندوستانی سیکولرازم کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

30۔ خود فیصلہ سازی (Self-determination) کے حق کی وجہ سے قوم کے بیچ قوموں کی مانگ پر چرچا کریں۔

# علم سیاسیات
# سیمپل پیپر (2022-23)

## جماعت۔XI

کل وقت: 3 گھنٹے | کل نمبر= 80

**ھدایات:**

1۔ سبھی سوال لازمی ہیں۔

2۔ سوال نمبر 1 سے 12 تک 1 نمبر والے ہیں اور کثیر متبادل والے ہیں۔

3۔ سوال نمبر 13 سے 18 تک 2 نمبر والے ہیں۔ ہر ایک کا جواب 50 الفاظ سے زائد نہ ہو۔

4۔ سوال نمبر 19 سے 23 تک 2 نمبر والے ہیں۔ ہر ایک کا جواب 100 الفاظ سے زائد نہ ہو۔

5۔ سوال نمبر 24 سے 26 پیراگراف، کارٹون اور نقشہ پر مبنی ہیں۔ ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔

6۔ سوال نمبر 27 سے 30 تک 6 نمبر والے ہیں۔ ہر ایک کا جواب 170 الفاظ سے زائد نہ ہو۔

## Section–A
## حصّہ۔(الف)

1۔ آئین کی تمہید کا نظریہ.................آئین سے لیا گیا تھا۔

(a) کناڈا (b) برطانیہ

(c) امریکہ (d) فرانسیسی

2۔ ریاستی پالیسی کے رہنما اصول کا نظریہ.................کے آئین سے ہندوستانی آئین میں لیا گیا تھا۔

(a) آئرلینڈ (b) کناڈا

(c) برطانیہ (d) جنوبی افریقہ

3۔ .................لفظ ہندوستانی آئین میں نہیں ہے۔

(a) اقتدارِاعلیٰ (b) وفاق

(c) بھائی چارہ (d) جمہوریہ

4۔ ہندوستان کے آئین کو کس نے بنایا تھا؟

(a) برطانوی پارلیمنٹ (b) برطانیہ کے بادشاہ

(c) ہندوستانی پارلیمنٹ (d) آئین ساز اسمبلی

5۔ ''ہندوستانی آئین خالصاً نہ تو وفاقی ہے اور نہ ہی وحدانی ہے مگر ان کا امتزاج ہے''۔ یہ قول کس کا ہے؟

(a) ہیملٹن (b) ڈی-ڈی-باسو

(c) ہربرٹ سیموول (d) سی۔ایف۔اسٹرانگ

6۔ ذیل میں دو جملے درج ہیں ایک قول اور دوسرا وجہ۔ مندرجہ ذیل میں صحیح متبادل کو چنیئے۔

قول:- ہندوستانی آئین میں بہت سی باتیں دنیا کے دیگر آئینوں سے لی گئی ہیں۔

وجہ:- ہندوستانی آئین ٹھوس اور لچکدار دونوں طرح کا ہے۔

(a) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں اور وجہ قول کی صحیح وضاحت ہے۔

(b) قول اور وجہ دونوں صحیح ہیں اور وجہ قول کی صحیح وضاحت نہیں ہے۔

(c) قول صحیح ہے مگر وجہ غلط ہے۔

(d) قول غلط ہے مگر وجہ صحیح ہے۔

7۔ مندرجہ ذیل میں سے کون سی آئینی دفعہ ہندوستان کو ''ریاستوں کا وفاق'' (Union of States) کہتی ہے؟

(a) دفعہ 1 (b) دفعہ 10 (c) دفعہ 4 (d) دفعہ 2

8۔ عام لوگوں کے سب سے نزدیک حکومت.................حکومت ہوتی ہے۔

(a) مقامی (b) وفاقی (c) صوبائی (d) علاقائی

9۔ دیہی مقامی حکومت کا تعلق کس آئینی ترمیم سے ہے؟

(a) 72 (b) 73 (c) 74 (d) 76

10۔ ہندوستانی آئین میں مندرجہ ذیل میں کون سی لسٹ آئین کا حصہ نہیں ہے؟

(a) مقامی (b) یونین (c) صوبائی (d) مشترکہ

11۔ ''ہنگ ہاؤس (Hung House)'' کا مطلب ہے۔

(a) کسی بھی جماعت کو الیکشن میں اکثریت حاصل نہیں ہوئی۔

(b) ایوان بغیر عوام کی منظوری کے قائم ہوا۔

(c) ایوان دو عمارتوں کے بیچ لٹکا ہوا ہے۔

(d) کسی جماعت کو 50% سے زیادہ ووٹ حاصل نہیں ہوئے ہیں۔

12۔ لوک سبھا کے پہلے اسپیکر................. تھے۔

(a) روی کمار (b) جی۔وی ماؤلنکر

(c) بلرام جھاکڑ (d) سردار جی۔ایس ڈھنلو

## Section–B
## حصّہ۔(ب)

13۔ ہندوستانی آئین کی کوئی دو خصوصیات بتایئے۔

14۔ ''عاملہ پر مؤثر کنٹرول رکھنے کے علاوہ لوک سبھا وہ پلیٹ فارم بھی ہے جہاں لوگوں کی امیدوں اور خواہشات کا اظہار کیا جاتا ہے''۔کیا آپ سہمت ہیں اس قول سے؟ وجوہات کریں۔

